ہندی اردو لغت

ہندی زبان کا بہت ہی بسیط اور نہایت جامع لغت ہے

جسمیں

ادبی ۔ علمی ۔ تاریخی ۔ مذہبی ۔ سیاسی ۔ معاشرتی ۔ صحافتی کتب ، رسائل اور مخازن کے تمام الفاظ کی حقیقت ظاہر کرکے انکے کل معنے اور مفہوم بڑی تحقیق و تدقیق اور شرح و بسط کیساتھ لکھے گئے ہیں

جو اِس فن اور اِس طرز کا پہلا لغت ہے

اس لغت کی

ہجائی ترتیب اور رسم الخط دونوں اردو ہیں تاکہ مسلم اور ہندو اصحاب یکساں فائدہ حاصل کرسکیں اور صحیح تلفظ کے لئے الفاظ پر نہایت صحت و انضباط کیساتھ کامل اعراب لگائے گئے ہیں

جسکو

راجہ جیسور راؤ اصغر (ورما) والی ہمشادوم کنڈہ مؤلف و مترجم کتب متعددہ نے مدوّن فرمایا ہے

سنہ ۱۹۳۸ء

بسہولت عوام رام کشن لیتھو گرافر و پبلشر نے زندہ طلسمات فائن آرٹ پریس میں چھپوا کر شایع کیا ۔

Rs. 7-8-0

شد الحمد کہ آں چیز کہ خاطر می خواست

آخر آمد زپس پردهٔ تقدیر پدید

قاموس الہند

یہ اردو (فارسی، عربی و ہندی) کا نہایت ہی معتبر، مستند و جامع اور ادبی و علمی لغت ہے جو بہ ترتیب ہجائی، اساس تاریخی پر عام فہم اور اردو زبان میں لکھا گیا ہے۔ اس میں ہر ہر لفظ کے صحیح اعراب و تشکیل، تلفظ بالحروف (چہرہ) لسانی تصریح (اردو، فارسی عربی، ہندی، سنسکرت، ترکی، انگریزی، پہلوی، مُوَرّد، مُفَرّس، مُعَرّب، مُہنّد اور مُوَلّد و دخیل وغیرہ)، اقسام کلام (اسم، صفت فعل، حرف، متعلق فعل وغیرہ) اور ان کی ذیلی تقسیم (اسم کی صورت میں مذکر، مؤنث، واحد یا جمع فعل کی حالت میں لازم متعدی، حقیقی یا جعلی وغیرہ)۔ اصلیت و حقیقت (لغوی تحلیل و ترکیب مادہ، ماخذ، اشتقاق صوری تبدل و تغیر وغیرہ حقیقی و مجازی معانی (اور ان کے مختلف مفاہیم) کے علاوہ مرکبات، محاورات، مقولات، امثال وغیرہ کا بیان نہایت تحقیق و تدقیق اور توضیح و تصریح کے ساتھ کیا گیا ہے۔ علمی، ادبی، و اصطناعی اصطلاحات اور قانونی، سیاسی و صحافی الفاظ کی تعریفات صحیح و موجز ہیں یا الفاظ کی تشریح میں تمام متمدن و مرتقی قدیم و جدید السنۂ عالم کا تقابل تماثل و توافق، لسانی تخطیط اور لغوی فلسفہ کے اصول کے بموجب کیا گیا ہے، الفاظ کا تولد، تدریجی ارتقا و تنزل بہت حسن و خوبی کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ اردو، فارسی و عربی اصطلاحات کے مترادفات، ہندی و سنسکرت میں اور اس کے بالعکس بتائے گئے ہیں فصیح و غیر فصیح، مبتذل و مبتذل اور مستعمل و متروک الفاظ کا امتیاز اچھی طرح ذہن نشین کرایا ہے۔ صرفی قواعد اور لسانی ضوابط کے لحاظ سے ہزارہا اغلاط و تسامحات کی تصحیح و تصویب کر دی گئی ہے۔ الغرض قاموس الہند پہلا لغت ہے جو لسانی استقرا اور ادبی انتقاد کے بعد، اردو، فارسی، ہندی میں اس قدر کثرت الفاظ اور غزارت مواد کے ساتھ تالیف ہوا ہے۔

اس لغت کی تدوین سے پہلے لغوی، ادبی، علمی، فنی و اصطلاحی مباحث کے متعلق تمام معتمد و موثق کتابیں فراہم کی گئیں اور الفاظ و محاورات کا کامل استقصا کر لیا گیا۔ اس استشہادی کتاب کی تالیف میں کامل چالیس برس کی مسلسل دماغی محنت شاقہ کے علاوہ کثیر رقم صرف ہوئی ہے۔

اس محیر العقول اور انقلاب آفریں لغت کے اعتبار و استناد اور وثوق و اعتماد کے متعلق صرف اس قدر ظاہر کرنا کافی ہے کہ اس کے مؤلف دکن کے مشہور و معروف جناب راجہ راجیسور راؤ بہادر متخلص بہ اصغرؔ ہیں، عالم ادبی میں جن کے تعارف یا تقریب کی کوئی ضرورت نہیں، آپ نے اپنی تمام عمر گراں مایہ اردو، فارسی و ہندی (فلسفۂ لغویہ) اور علم لسانیات

بقیہ مضمون ٹائیٹل کے تیسرے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

اِھدا

اِس کتاب (ہندی اردو لغت) کی تدوین و تالیف کا آغاز نواب عماد الملک کے ارشاد سے ہوا تھا۔ چنانچہ دورانِ تالیف میں نواب ممدوح نے مسودہ کو متعدد دفعہ ملاحظہ بھی فرمایا۔ مگر افسوس کہ اِس کے اتمام کو پہنچنے سے پہلے ہی وہ بزرگِ قوم، مرجعِ اصحابِ علم و ادب، خلد نشیں ہوگئے۔ اِس لئے مولف مرحوم و مغفور کے فرزند ارجمند و خلف سعادت مند ذوابتہ العزو الشرف عالیجناب فضائل انتساب **نواب مہدی یار جنگ بہادر** وزیر محاکم سیاسیات و وزیر محاکم معارف عالیہ و عمومیہ دولتِ علیہ آصفیہ کے "اسمِ گرامی سے باجازت معنون کرنے کی عزت حاصل کرتا ہے فقط

خاکسار

راجیسور راؤ

کے ساتھ بیان کئے جائیں۔

(۲) اِملا اور تلفظ نہایت صحیح ہو۔

(۳) الفاظ کا اشتقاق اور اصلیت بخوبی ظاہر کی جائے۔

(۴) مترادفات اور اضداد بھی بیان کئے جائیں۔

مختصر یہ کہ کسی زبان کا لغت کیوں نہ ہو اِس کے بولنے والوں کے معلومات و اطلاعات کا صحیح و کامل مترجم ہوتا ہے۔ ان جملہ اصول کے لحاظ سے میں نے تمام معتمد و مستند اَدبی۔ علمی۔ تاریخی۔ قانونی۔ مذہبی۔ تجارتی صنعتی کتب کے علاوہ رسائل اخبارات اور تمثیلات کا غائر مطالعہ کرکے الفاظ کے اِستقراء و اِستقصاء کے بعد نہایت تحقیق کے ساتھ، برسوں محنت شاقہ اُٹھا کر یہ (ہندی اردو لغت) تالیف کیا ہے۔ جس میں الفاظ کی ہجائی ترتیب اور رسم الخط دونوں اُردو ہونے کے علاوہ معنے بھی اُردو زبان اور اردو حروف میں نہایت شرح و بسط کے ساتھ دئے ہیں تا کہ مُسلم و ہندو اصحاب یکساں فائدہ اٹھا سکیں۔ الفاظ کا اشتقاق و ماخذ تحلیل و ترکیب اصلیت و حقیقت اصولِ لغت کے موافق لکھی گئی ہے۔ صحیح تلفظ کے لئے الفاظ پر بہت ہی صحت کے ساتھ کامل اعراب لگائے گئے ہیں۔ تصریحاتِ بالا سے واضح خاطر ہوگا کہ اِس نوعیت کا یہ پہلا لغت ہے۔ آجتک کسی نے اِس طریق پر نہیں لکھا۔ صاف ظاہر ہے کہ اردو داں اصحاب کیلئے اِس سے زیادہ تفہیم و سہولت کسی اور لغت سے نہیں ہو سکتی۔ اور ہندی ادب و تاریخ کے متعلمین و معلمین و دفتروں اور عدالتوں کے معتمدین۔ اور عملہ و فعلہ غرض عام و خاص سب شائقین کیلئے بہت ہی مفید و ضروری ہے۔

(رموز کی تصریح) ہر لفظ کے اوپر اعراب لگا کر صحیح طور پر پڑھنے کے قابل بنانے کی کوشش کیگئی ہے۔ چونکہ دوسری زبانوں کے الفاظ کا صحیح تلفظ اُن لوگوں کیلئے مشکل ہے جو اِس زبان کو نہ جانتے ہوں۔ خاصکر سنسکرت اور ہندی زبان کے الفاظ کا۔ اسلئے یہ کوشش کیگئی تھی کہ اِن تمام الفاظ کے ساتھ ساتھ دیوناگری حروف میں بھی اِن کا تلفظ بتلایا جائے۔ مگر لیتھو کی طباعت میں یہ حروف اُردو کے ساتھ ٹھیک نہیں آسکتے۔ سوائے اِسکے اکثر اردو دان دیوناگری حروف سے ناواقف ہوتے ہیں ایسی صورت میں یہ طریقہ اختیار کرنا نہ کرنیکے برابر ہے۔ لہذا مجبوراً یہ ارادہ ترک کرکے حتی الامکان صحیح اعراب لگانے کی کوشش کیگئی ہے یقین ہے کہ ناظرین ذراسی کوشش اور توجہ سے صحیح طور پر پڑھ سکیں گے۔ اردو۔ فارسی اور عربی لغات عموماً تلفظ سے معرا ہوتے ہیں۔ حالانکہ تلفظ ہی کے بطن سے معانی پیدا

ہوتے ہیں۔ پس جسطرح لغات کے معنوں کا سمجھنا لابد ہے اُسیطرح بلکہ اُس سے بھی زیادہ صحیح تلفظ کا ادا کرنا ضروری ہے
ورنہ غلط تلفظ سے لفظ مہمل ہوجاتا ہے مثلاً فَسَادْ، مَرَضْ اور غَرَضْ کو فِسَادْ، مَرْض اور غَرْض پڑھنا۔ علاوہ بریں
اختلافِ تلفظ سے اختلافِ معانی لازم ہے جیسے عَرْض (مقابل طول) کو عَرَضْ (مقابل جوہر) یا اسکے برعکس کہنا،
اسی طرح حَمَلْ (مینڈھا)، حَمْلْ (برداشت، گابھ)، حِمْلْ (بوجھ، گناہ) اِسی طرح ہندی الفاظ کا حال ہے۔ غرض
صحیح تلفظ کے نہ معلوم ہونے سے مفہوم و معنے میں غلط فہمی، اشکال اور احتمال پیدا ہوجاتے ہیں۔ نیز یہ بھی واضح رہے
حرکات ثلاثہ یعنی (فتح) زبر۔ (کسرہ) زیر۔ (ضَمّہ) پیش اور سکون تو ہر کوئی جانتا ہے لیکن (ضمّہ معکوس) جو اس
کتاب میں مستعمل ہوا ہے اُس سے کوئی واقف نہیں ہے یہ اسلئے تجویز کیا گیا ہے کہ واو اور یاے معروف و مجہول میں
تمیز خاطر خواہ ہوسکے۔ جیسے (نوِبدَنْ) اِس میں ضمّہ معکوس واو مجہول کے لئے۔ اور (تُوپُرْ) میں ضمّہ مستقیم واو
معروف کے لئے ہے۔ اسیطرح یاے معروف و مجہول کا حال ہے۔ پس ناظرین مطالعہ کے وقت اِن امور کا
ضرور خیال رکھیں تاکہ الفاظ کا تلفظ ٹھیک ہوسکے۔ اور یہ بھی کہدینا بیجا نہ ہوگا کہ ترتیب قائم رکھنے کے لئے بلالحاظ
ہندی اور سنسکرت (وہ الفاظ جو عام طور پر ہندی میں مستعمل ہیں) حسب موقع مُسلسل لکھے گئے ہیں۔ اگر ایسا نہ کیا جاتا
تو ترتیب کا قائم رکھنا ناممکن تھا جو لغت کے لئے ضروری ہے۔ اور یہ ظاہر کردینا ضروری ہے کہ ازروئے قاعدہ
حروف ذیل کے تلفظ میں اختلاف ہوا کرتا ہے۔ جیسے اکثر حرف (واو) کی جگہ ہندی میں (ب) لکھا اور بولا جاتا
ہے۔ جیسے (وَانَرْ) (بَانَرْ) میں۔ علیٰ ہذا۔ لفظ (یَاتْرَا) (جَاتْرَا) میں۔ (یَتْنْ) (جَتْنْ) میں۔ (کْشیتْر)
(چھیتْر) وغیرہ میں ملاحظہ کریں وہاں موجود ہوگا۔

مخفی نہ رہے کہ اِس (ہندی اردو لغت) کے سوا ایک اور (اردو ہندی لغت) بھی تیار ہے۔
یعنی اُردو الفاظ کے مترادفات ہندی زبان کے ساتھ اردو رسم الخط میں تبلائے گئے ہیں۔
جیسی کہ یہ کتاب ہے۔ اگر پبلک اِس کتاب کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھے گی۔ تو انشاء اللہ اِس کو بھی عرصہ قلیل
میں طبع و شائع کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

(معذرت) عموماً کسی کتاب کے طبع کے وقت تالیف و تصنیف سے بھی زیادہ مشکلات درپیش
ہوا کرتے ہیں (جو لوگ اِس قسم کا کام کرچکے ہیں وہ اچھی طرح جانتے ہیں)۔ کچھ تو کاتب کی عنایت اور کچھ سنگساز

کی مہربانی سے غلطیاں ہوجاتی ہیں۔ انکی درستی کے لئے کاپی کا پڑھنا اور درست کرنا اسکے بعد پروف کا دیکھنا اور اصلاح کرنا ہر شخص کا کام نہیں ہے خصوصاً ایسی کتاب کا جو غیر زبان کے الفاظ میں ہو از بس مشکل ہے۔ با این ہمہ میں نے معمولی غلطیوں کو فروگذاشت کر کے اہم غلطیوں کا صحت نامہ شامل کر دیا ہے" بعض اوقات چند دیگر کتابوں کے ساتھ ایسا بھی ہوا ہے کہ غلط نامہ کے لئے ایک اور غلطنامہ کی ضرورت داعی ہوئی ہے مگر شکر ہے کہ یہاں ایسا نہیں ہے" پس ناظرین سے امید ہے کہ استعمال سے قبل اسکے مطابق درست کرنیکی تکلیف گوارا فرمائیں گے۔

بالآخر یہ کہدینا بیجا نہو گا کہ اِس لغت کی تالیف و تدوین میں جو کچھ جد و جہد کیگئی ہے وہ (مَن دانم و دانم دِلِ مَن) کا حال ہے۔ تاہم بڑی مصیبت یہ ہے کہ جہاں اجتماعی زندگی کا شیرازہ ہر معاملہ میں بکھرا ہوا ہے وہاں ہماری زبان بھی اِس پراگندگی اور انتشار سے بچی ہوئی نہیں ہے۔ نکتہ چینوں کو ہر جدید کام کی بجا اور بیجا تردید کے لئے کوئی نہ کوئی موافق اور ناموافق مطلب کی چیز حاصل کرنیکی کوشش ہوا کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب کوئی مصنف یا مؤلف سالہا سال خون جگر کھا کر ملک کی خدمت کرتا ہے تو اپنے مساعی شاقہ کا کوئی خوشگوار صلہ پانے کے بجائے اُس کو اُلٹا معترضین کا ہدف ملامت بننا پڑتا ہے فقط

قطعہ

بے خردے چند از خود بے خبر — عیب پسندند برغم ہنر
باد شوند از بچراغے رسند — دود شوند از بدماغے رسند

(وَالعُذرُ عِندَ کِرَامِ النَّاسِ مَقبُولٌ)

۲۲ اردی بہشت ۱۳۲۷ف

راقم احقر

راجیسور راؤ۔ اصغر

(اوما باغ) اسٹیشن روڈ

حیدرآباد دکن

الف ممدودہ

اَ ۔ سنسکرت اور ہندی حروف تہجی کا پہلا حرف ہے جس کے معنی نہ۔ نہیں۔ غیر۔ نفی۔ مخالف۔ فرق۔ تھوڑا۔ چھوٹا۔ بد۔ رحم۔ عنایت۔ مثال۔ ایک۔ تک۔ ابتدا۔ ہوا۔ باپ۔ مرشد۔ محافظ۔ قدرت۔ خداوند تعالیٰ کے ہیں۔ واضح ہو کہ یہ حرف اسما کے پہلے آکر نفی کے معنے دیتا ہے۔ جیسے (دھرم۔ ادھرم۔) (نیائے۔ انیائے) وغیرہ۔ اور بعض اوقات یہ حرف لفظ کے معنوں کو کم کر دیتا ہے۔ جیسے (بھاگا۔ ابھاگا) (کال۔ اکال)۔ وغیرہ ہندی حروف تہجی کے سولہ[16] ابتدائی حروف کے ساتھ جو الفاظ آتے ہیں ان کے آگے (ا) کی جگہ (اَن) لگایا جاتا ہے جیسے (اُدھکار۔ اَن اُدھکار) (آچار۔ اَن آچار) وغیرہ

آ ۔ رنج یا تکلیف کو ظاہر کرنے والا لفظ۔ آہ۔ نیز بمعنی سے۔ تک۔ تلک۔ لگ۔ کچھ۔ کچھ ایک۔ سا۔ پہلے۔ چاروں طرف سے بڑھا۔ جہادیوجی۔

آبدِک ۔ سالانہ۔

آبھا ۔ چمک۔ بھڑک۔ زینت۔ نور۔ روشنی۔ جلال۔ خوبی۔

آبھار ۔ ذمہ داری۔ احسان۔

آبھارا ۔ ذمہ دار۔ احسانمند۔

آبھاس ۔ روشن ہونا۔ سماجانا۔ عکس۔ جھلک۔ سایہ۔ مشابہ ظلّ۔ تمہید۔ پیش بندی۔

آبھاس واد ۔ بیدانت کا وہ مذہب جو مایا میں برہم کا عکس پڑنا مانتا ہے۔

آبھاش ۔ گفتگو۔ بات چیت۔ دیباچہ۔

آبھاشن ۔ کہنا۔ بولنا۔ بات چیت کرنا۔ دیباچہ لکھنا۔

آبھجاتیہ ۔ صاحب خاندان۔ اعلیٰ خاندان والا۔ علیم۔

آبھرن ۔ زیور۔ گہنا۔ آراستگی۔ زیب و زینت۔ واضح ہو کہ بارہ قسم کے زیور مشہور ہیں۔ نوپر[1]۔ کنکنی[2]۔ ہار[3]۔ چوڑی[4]۔ انگشتری[5]۔ کنگن[6]۔ بازوبند[7]۔ کنٹھ مالا[8]۔ بیر[9]۔ بندی[10]۔ تلک[11]۔ شیش پھول[12]۔

آبھگیہ ۔ آگاہ۔ واقف۔

آبھمکھیہ ۔ روبرو۔ سامنے۔ مخاطب۔

آبھوشن ۔ دیکھو (آبھرن)

آبھیاسک ۔ عادت کرنے والا۔

آبھیر ۔ اہیر۔ گوالا۔ گوپ۔

آبھیری ۔ اہیرن۔ گوالن۔ گوپن۔

آپ
آپہ } پانی۔ آب۔ گناہ۔

آپا دھاپی ۔ اپنی اپنی فکر۔ نفسی نفسی۔ خود غرضی۔

آپاک ۔ پجاوا۔ آوا۔ مٹی کے برتنوں کے پکانے کی جگہ۔

آپان ۔ شراب کی دوکان۔ متوالوں کی جماعت۔

آپت ۔ آفت۔ مصیبت۔ تکلیف۔

آپت کال ۔ آفت کا زمانہ۔ مصیبت کا وقت۔

آپت گراہی ۔ خود غرض۔ بخیل۔

آپت ورگ ۔ رشتہ دار۔ لواحقین۔

آچاریہ۔ روحانی مرشد۔ کسی فرقہ کا بانی معلم۔ اُستاد۔ پیر۔ رہنما۔ پجاری۔ پنڈت۔ علماء کا ایک لقب۔

آچرِت۔ مان لیا گیا۔ تسلیم کیا ہوا۔ مقبول۔

آچرن۔ رسوم مذہبی۔ طریقہ زندگی۔ چال چلن۔ دستور۔ رواج۔ عادت۔ روش طرزِ عمل۔

آچرنیہ۔ کرنے کے قابل۔ لائق استعمال۔

آچمن۔ مذہبی رسومات وغیرہ ادا کرنے اور کھانا کھانے کے قبل تین بار ہتھیلی میں پانی لیکر بطور پاکی کے منتر پڑھتے ہوے مُنہ میں ڈالنا۔ مُنہ دھونا۔ کُلی کرنا۔

آچھادِت / آچھن۔ ڈھکا ہوا۔ چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔

آچھادک۔ ڈھکنے والا۔ چھپانے والا۔ رازدار۔

آچھادن۔ کسی چیز کا سایہ۔ ڈھکنا۔ لحاف۔ پوشاک۔ جامہ۔ چادر۔ لباس۔

آچھن۔ ڈھکا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ محفوظ۔

آچھنا۔ ہونا۔ موجود ہونا۔ باقی رہنا۔ بسنا۔

آچھنّہ۔ ڈھکا ہوا۔ چھپا ہوا۔ لپٹا ہوا۔ پھیلا ہوا۔

آچھیدنہ۔ کاٹنا۔ چھیدنا۔ سوراخ کرنا۔

آچھیپ۔ اکڑ۔ تشنیع۔ ملامت۔ طعن۔ استہزا۔ الزام۔ دشنام۔

آد۔ اول۔ پہلا۔ اگلا۔ اولین۔ نخستین۔ آغاز۔ ابتدا۔ اصل۔ شروع۔ کُل۔ پورا۔ سارا۔ برتر۔ افضل۔ مقدم۔ سب سے بڑھ کر۔ واضح ہو کہ یہ کلمہ دوسرے کلمہ کے آخر میں ملکر معنے وغیرہ کے دیتا ہے۔

آدان۔ لینا۔ پانا۔ قبول کرنا۔ منظور کرنا۔

آدان پردان۔ لینا دینا۔ لین دین۔ داد وستد۔

آدانت / آدانت۔ ابتدا سے انتہا تک۔ از اول تا آخر۔ سرتاپا۔ سراپا۔ آغاز و انجام۔ مسلسل۔ ہمیشہ۔ دائم۔

آدبھاگ۔ حصۂ ابتدائی۔

آدپُرش۔ پہلا آدمی۔ جدِ اعلیٰ۔ خداوند تعالیٰ۔

آدتو۔ تقدم۔ ترجیح۔

آدِتی۔ پندرھواں اُپ پُران۔

آدِتیہ۔ سورج۔ آفتاب۔ دیوتا۔

آدِتیہ منڈل۔ کرۂ شمس۔

آدِتیہ وار۔ آدِتیہ بمعنے آفتاب۔ وار بمعنی روز یعنے یوم الشمس۔ اتوار۔ یکشنبہ۔

آدر۔ عزت۔ تعظیم۔ حُرمت۔ قدر و منزلت۔ احترام۔ خاطر مدارات۔ توقیر۔ آؤ بھگت۔ تواضع۔

آدر بھاؤ۔ احترام۔ عزت۔ ادب۔

آدرِت۔ عزت کیا گیا۔ احترام کیا گیا۔

آدرش۔ نمونہ۔ مثال۔ آئینہ جس کی نقل کی گئی ہو۔

آدرشن۔ آئینہ۔ شرح۔ نقل۔ اظہار۔ علامت۔ نمائش۔ دستخط۔

آدرمان۔ عزت و توقیر۔ تعظیم و تکریم۔ شہرت۔

آدرنا۔ عزت دینا۔ تعظیم کرنا۔

آدرنیہ۔ قابل احترام۔ محترم۔ محتشم۔ معزز۔

آدروَنت۔ صاحب عزت۔ مودب۔ پارسا۔ دیندار۔

آدریوگیہ۔ (جوگیہ) قابل عزت۔ محترم۔ معزز۔ بزرگ۔

آدِسِکشا۔ (شِکشا) ابتدائی تعلیم۔ تعلیم رشدیہ۔

آدِشٹ۔ جس کو حکم دیا گیا ہو۔ محکوم۔

آدِک۔ ابتدا سے علاقہ رکھنے والا۔ پہلے سے تعلق رکھنے والا۔ پہلا۔ اولین۔ نخستین۔ دوسرا۔ دیگر۔ وغیرہ۔ اور باقی۔

آدِ کارَن ۔ سبب اول ۔ سبب اصلی ۔ علۃ العلل ۔

آدِم ۔ پہلا ۔ ابتدائی ۔

آدِمہ ۔ ابتدائی ۔ وہ چیز جو پہلے پیدا ہوئی ہو ۔

آدَو ۔ پہلے پہل ۔ ابتدا میں ۔ آغاز میں ۔

آدھ ۔ فکر ۔ اندیشہ ۔ سوچ بچار ۔ معاملہ ۔ موقع ۔ مقام ۔

آدھار ۔ سہارا ۔ ذریعہ ۔ وسیلہ ۔ آسرا ۔ مدد ۔ خوراک ۔ کھانا ۔ بسر اوقات ۔ مُربّی ۔ معین ۔

آدھاری ۔ زندگی بسر کرنے والا ۔ کھانے والا ۔

آدھان ۔ پیٹ ۔ شکم ۔ حمل ۔ دفینہ ۔ امانت ۔ ضمانت ۔ باربرداری ۔ رہن ۔ دھروت ۔

آدھِپت ۔ مالک ۔ آقا ۔ فرمانروا ۔ خداوند ۔

آدھِپتیہ ۔ اختیار ۔ حکومت ۔ مالکیت ۔ سیاست ۔ سلطنت ۔

آدھِکیہ ۔ / آدھِکیہ تا ۔ } بہتایت ۔ کثرت ۔ زیادتی ۔ فراوانی ۔ بیشی ۔

آدھوت ۔ پریشان ۔ متحرک ۔

آدھورَن ۔ مہاوت ۔ فیلبان ۔

آدھونین ۔ راہ رو ۔ زاد راہ ۔

آدھی ۔ دل کی پریشانی ۔ فکر ۔ اُداسی ۔

آدھیاپک ۔ اُستاد ۔ مدرس ۔ معلم ۔

آدھیاتمک ۔ روح سے تعلق رکھنے والی بات ۔ نہانی ۔

آدھیان ۔ فکر ۔ خیال ۔ خیالِ فاسد ۔

آدھی بھوت ۔ مادی ۔

آدھی بھوتک ۔ جسم کثیف ۔

آدھی بھوتک دُکھ ۔ وہ رنج و تکلیف جو شیر یا سانپ وغیرہ کے کاٹنے یا گھر وغیرہ گرنے سے ہو ۔

آدھی پتیہ ۔ حکومت ۔ مالکیت ۔

آدھینیتا ۔ بیوپاری ۔ مہاجن ۔ دلال ۔

آدھی دَیوِک ۔ متعلق بہ دیو ۔ متعلق بہ عقل ۔

آدھی دَیوِک دُکھ ۔ آفات سماوی ۔

آدھین ۔ مطیع ۔ فرمانبردار ۔ تابعدار ۔ سہارا ۔ قابو ۔ اختیار ۔ عاجز ۔ قبضہ ۔ ممنون ۔ محتاج ۔

آدھینتا ۔ غیر اختیاری ۔ فروتنی ۔ عاجزی ۔ انکسار ۔

آدھینتائی ۔ عاجزی ۔ فروتنی ۔ مسکینی ۔

آدھیئیہ ۔ رکھنے کے قابل ۔ جو چیز رکھی جائے ۔

آدی ۔ پہلا ۔ شروع ۔ جڑ ۔ ابتدائی ۔ اولیہ ۔ اول ۔ سابق ۔ ازلی ۔

آدی بھوت ۔ ناسوت ۔

آدی بھوتک ۔ متعلق بہ بھوت ۔

آدی دیو ۔ ملکوت ۔

آدی دَیوِک ۔ اندریوں کے دیوتا ۔ مافوق العادت ۔ دیوتاؤں سے تعلق رکھنے والی بات ۔

آدی سرشٹی ۔ ابتدائی آفرینش ۔

آدیش ۔ حکم ۔ ارشاد ۔ اجازت ۔ تعلیم ۔ فرمان ۔ پیشین گوئی ۔ مبادلہ جز ۔ مبادلہ جز ۔ خدا حافظ ۔ جوگیوں کا سلام ۔

آدیشی ۔ حاکم ۔

آدی کارَن ۔ ابتدائی سبب ۔ سبب اصلی ۔

آدی ناتھ ۔ مالک ازلی ۔

آدینت ۔ دیکھو (آدانت)

آدیوپانت ۔ اول سے آخر تک ۔ از ابتدا تا انتہا ۔

آدیہ ۔ اگلا ۔ پہلا ۔

آڈمبر ۔ ظاہری ٹھاٹ باٹ ۔ شور و غوغا ۔ غرور ۔ تکبر ۔ خوشی ۔ غصہ ۔

آسُر / اُسر } ہنود کے ازدواج کا ایک طریقہ یعنے دولہا دلہن کے باپ یا رشتہ داروں کو جس قدر کہ دولت وہ دے سکتا ہے دیکر اپنی خوشی سے حاصل کرتا ہے۔ عفریت۔

آشرت۔ / آشریت۔ } وہ جو دوسروں کے زیر پرورش ہو۔ پناہ گیر۔ پناہ گزیں۔ خادم۔ وابستہ۔ دامنگیر۔ پیرو۔

آشرم۔ سکونت گاہ۔ قیام گاہ۔ مقام۔ جگہ۔ مکان۔ گھر۔ مسکن۔ حجرہ۔ صومعہ۔ زاویہ۔ دائرہ۔ مدرسہ۔ کالج۔ ڈیرہ۔ حالت۔ زمانہ۔ عابدوں کے رہنے کا مقام واضح ہو کہ انسان کی زندگی کے چار آشرم (مدارج) ہیں۔ (۱) برہمچرج یعنی تجرد و تحصیل علوم کا زمانہ۔ (۲) گرہستھ یعنی تاہل و کسب معاش کا زمانہ۔ (۳) بان پرستھ یعنی حصول تزکیہ روحانی و مشاہدات و تجربات کی تکمیل کا زمانہ (۴) سنیاس۔ خدمت ابنائے جنس کرنے اور ڈنڈا اور کمنڈل کو اختیار کرنے کا زمانہ۔ بعد ازاں پرم ہنس کے لقب سے ملقب ہوتا ہے۔

آشرن۔ درماندہ۔ بیچارہ۔

آشرنا۔ پناہ لینا۔ حذر کرنا۔

آسُری۔ آسُر سے متعلق بد ذاتی۔ شیطانی۔ عفریتی۔

آشرے۔ دیکھو (آشرا)

آشریت۔ اُمیدوار۔ بھروسا رکھنے والا معتقد۔

آشریہ۔ آسرا۔ پناہ۔ امید۔ توقع۔ جائے پناہ۔

آشِش۔ دعاگوئی۔ فہمائش۔ نصیحت۔ برکت۔ تعلیم۔ تربیت۔

آسکت۔ کاہلی۔ سستی۔ گرانی۔ غنودگی۔ لیت و لعل۔ تاخیر۔ دیر۔ جمہائی۔

آسکت۔ / آشکت۔ } لگا ہوا۔ پھنسا ہوا۔ چپال۔ آرزومند۔ عادی۔ آمادہ۔ مائل۔ برگرم۔ پیرو۔ فریفتہ۔ مشتاق۔ عاشق۔ خوگر۔

آسکتی۔ سست۔ کاہل۔ نکما۔ بیمار۔ رنجور۔ ڈھیلا۔ ٹھنڈا۔ خواہش۔ محبت۔ پیار۔ تعلق۔ لگاؤ۔ شوق۔ سرگرمی۔

آسمنتات۔ چاروں طرف۔ اردگرد۔ گرداگرد۔ بالکل۔ تمام۔

آسن۔ ران۔ نشست۔ سادھ۔ طریقہ مباشرت۔ ڈھنگ۔ مارک۔ اسٹال۔ خوانچہ۔ نشست گاہ۔ کرسی۔ تخت۔ مسند۔ وہ کپڑا جس پر بیٹھ کر پوجا پاٹ کرتے ہیں۔ جوگیوں کی ایک قسم کی نشست۔

آسن پاٹی۔ بیٹھنے کا کپڑا۔

آسنگ۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ واسطہ۔ اعانت۔ قوت۔ لیاقت۔ زور۔ صحبت۔ ملاپ۔

آسنّہ۔ نزدیک۔ قریب۔ پاس۔ آخر۔ بقیہ۔

آسنی۔ (آسن کی تصغیر) چھوٹی شطرنجی یا چٹائی۔ ہرن کا چمڑا یا ریشمی کپڑا جس پر بیٹھ کر عبادت کرتے ہیں۔

آسواد۔ / آسوادن۔ } مزہ۔ ذائقہ۔ رس۔ چاٹ۔ چسکا۔

آسوادک۔ ذائقہ لینے والا۔ مزہ چکھنے والا۔

آسواس۔ آرام۔ چین۔ آسائش۔ راحت۔ تسلی۔ تسکین۔ دلاسا۔ تکمیل۔ موقوفی۔ التواء۔ اختتام۔

آشوج۔ / آسوِن۔ / آسِن۔ } ہندی سال کا چھٹا مہینہ۔ کنوار جو ۱۵ ستمبر سے ۱۴ اکتوبر تک مطابق ہے۔

آسوِن۔ دیکھو (آشوج)۔

آسے۔ آرامگاہ۔ نشست گاہ۔ مسکن۔ مُراد۔ ارادہ۔ مقصد۔ مضمون۔ موضوع۔ مطلب۔ منشاء۔ معنی۔ مضمون۔ اندیشہ۔ جائے پناہ۔ گھر۔ خانہ۔

آسیر واد (باد) }
آسیر وچن (دچن) } دعائے نیک۔ دعائے خیر

آسیش۔ دعا۔ سلام کا جواب جو اعلیٰ کی جانب سے ادنیٰ کو ہو۔

آسین۔ بیٹھا ہوا۔ نشستہ۔

آشیہ ۔ مُنہ۔ چہرہ۔

آشُ۔ جلدی سے تیزی سے۔ فوراً۔

آشُ۔ } آس۔ بھروسا۔ امید۔ توقع۔ اعتبار۔ سہارا۔ بچاؤ۔
آشا۔ } خواہش۔ چاہ۔ آرزو۔ آسرا۔ طرف۔ سمت۔ تکیہ۔ حل۔

آل اولاد۔ وہ آواز جس سے گوئیے کو ساتھ والے سہارا دیتے ہیں۔ خواہ آواز سے ہو خواہ ساز سے۔

آشا بھنگ۔ مایوس۔ نا اُمید۔

آشا پراپت۔ مقصد ور۔ کامیاب۔

آشا تیت ۔ اُمید سے زیادہ۔

آشاڈھ۔ }
آساڈھ۔ } ہندی سال کا تیسرا مہینہ۔

آشاڈھا۔ ایک نچھتر کا نام۔

آشا رہت۔ نا اُمید۔ بے توقع۔

آشاوان۔ }
آشاونت۔ } اُمیدوار۔ خواہشمند۔ متوقع۔

آشاہین ۔ نا اُمید۔ ہراساں۔ مایوس۔

آش توش۔ جلد خوش ہونے والا۔ آسانی سے مان جانیوالا۔

آشچریہ ۔ (آشچرج) حیرت۔ تعجب۔ اچنبھا۔ اچرج۔ انوکھا۔

آشرا ۔ عذر۔ معذرت۔ فریب۔ دغا۔ دھوکا۔ ٹھکانا۔ مسکن۔

آشرت۔ دیکھو (آسرت)

آشرم۔ رشیوں اور منیوں کے رہنے کا مقام۔ مٹھ۔ واضح ہو کہ آشرم کے چار مدارج ہیں۔ (۱) برہمچریہ (۲) گرہستھ (۳) وانپرستھ۔ (۴) سنیاس۔ مگر کلجگ میں صرف (گرہستھ) اور (سنیاس) یہ دو آشرم ہیں۔

آشرے۔ آسرا۔ پناہ۔ سہارا۔ بھروسہ۔ اُمید۔ توقع۔ مدد۔ اعانت۔ اعتبار۔ اعتماد۔ ذریعہ۔ پناہ گاہ۔ حفاظت۔ بچاؤ۔ وسائل زندگی۔ وسیلہ۔ سایہ۔ گھر۔ خانہ۔ جگہ۔ مربی۔ حامی۔ نزدیکی۔

آشکت۔ دیکھو (آسکت)

آشگ۔ جلد چلنے والا۔ تیر۔ ہوا۔ دل۔

آشلیش۔ جُڑنا۔ ملنا۔ بغل گیر ہونا۔ معانقہ کرنا۔

آشلیشا۔ ایک نچھتر کا نام۔

آشمسا۔ التجا۔ چاہ۔ خواہش۔ شک۔ گمان۔

آشن۔ دیکھو (آسن)

آشنکا۔ خوف۔ ڈر۔ شک۔ گمان۔ شبہ۔ خطرہ۔

آشو ۔ جلد۔ زود۔ جھٹ پٹ

آشواس۔ اُمید۔ بھروسہ۔ اُمید دلانا۔ ہوشیار۔ سانس۔ دم۔ حصۂ کتاب۔

آشوج۔ ہندی ایک مہینہ کا نام۔

آشون ۔ ہندی سال کا چھٹا مہینہ۔ کنوار۔ آسوج۔

آشئے۔ منشا۔ مطلب۔ ذریعہ۔ دل۔ جگہ۔

آشیہ ۔ منشا۔ مقام۔

آکار ۔ روپ۔ صورت۔ شکل۔ شباہت۔ چہرہ۔ جسم۔ مورت۔ ہیئت۔ وضع۔ ڈول۔ مجسمہ۔ بُت۔ علامت۔ نشان۔ اشارہ تصویر۔ ظہور۔ حرف (آ)

آکارانت۔ جس کے آخر میں آکار یعنی (آ) ہو۔

آکاش ۔ } آسمان ۔ فلک ۔ خلا ۔ فضا ۔ حدِ بصر ۔ ایتھر ۔ فراخ ۔ کرۂ باد
آکاش ۔ } واضح ہو کہ ہندی فلاسفہ کے رو سے یہ پانچواں عنصر ہے

آکاش آگن گولا ۔ شہاب ثاقب ۔

آکاش وانی ۔ (بانی) غیبی آواز ۔ ندائے ہاتف ۔ الہام ۔
القا ۔ مکاشفہ ۔

آکاش بیل ۔ }
آکاش ولی ۔ } افتیمون ۔

آکاش دھری ۔ محور کرۂ فلکی ۔

آکاش دیا ۔ }
آکاش دیپ ۔ } وہ چراغ جو کاتک کے مہینے میں اونچے بانسوں
آکاش دیوا ۔ } پر لٹکا دیتے ہیں ۔ چراغوارہ ۔

آکاش گامی ۔ آسمان میں چلنے والا ۔

آکاش گنگا ۔ کہکشاں ۔ بہشت کی ایک ندی ۔

آکاش گولا ۔ آسمانی گولہ ۔ کرۂ فلکی ۔ کرۂ سماوی ۔

آکاش مکھی ۔ شیومت کے بیراگی جو سورج کی طرف ٹکٹکی باندھتے

آکاش منڈل ۔ کرۂ باد ۔ کرۂ سماوی ۔

آکاش وانی ۔ (بانی) وہ آواز جو آسمان سے سنائی دے ۔

آکاش ورت ۔ (برت) متوکلانہ زندگی بسر کرنے والا ۔

آکاش ورتی ۔ غیر معین گزران ۔ بے وسیلہ ۔ بے سہارا ۔

آکاش وست ۔ (بست) اجرام فلکی ۔ چاند ۔ سورج ۔ ستارے ۔

آکاشی ۔ متعلق بہ آکاش یعنی فلکی ۔ آسمانی ۔ ہوائی ۔

آکال ۔ اکال ۔ قحط

آکالک ۔ غیر موسمی ۔ وہ جو بے موسم پیدا ہو ۔ وہ جو بے وقت
نمودار ہو ۔

آکانکشا ۔ خواہش ۔ تمنا ۔ آرزو ۔ چاہ ۔ توقع ۔ امید ۔ غرض ۔ مقصد ۔

آکانکشت ۔ چاہا ہوا ۔ خواہش کیا ہوا ۔ آرزو کیا ہوا ۔

آکانکشک ۔ چاہنے والا ۔ خواہشمند ۔ آرزومند ۔

آکانکشی ۔ خواہشمند ۔ امیدوار ۔ آرزومند ۔ سائل ۔ اسی طرح ۔

آکر ۔ اجتماع ۔ ذخیرہ ۔ مجموعہ ۔ منبع ۔ چشمہ ۔ معدن ۔ مخزن ۔
پتھر ۔ سنگستان ۔ قدیم باشندے ۔

آکرانت ۔ گھیرا ہوا ۔ حملہ کیا گیا ۔ تھکا ہوا ۔

آکرت ۔ شکل ۔ صورت ۔ وضع ۔ جسم ۔ تصویر ۔ شباہت ۔ نوع ۔ قسم ۔

آکرتی ۔ شکل ۔ صورت ۔ جسم ۔ عضو ۔ ڈول ۔

آکرش ۔ کھینچنا ۔ اینچنا ۔ بٹورنا ۔

آکرشت ۔ کھینچا گیا ۔ کشش کیا گیا ۔ جذب کیا گیا ۔

آکرشک ۔ کھینچنے والا ۔ جاذب ۔ قوت جاذبہ ۔ قوت مقناطیسی ۔
سنگ مقناطیس ۔ چمبک پتھر ۔

آکرشن ۔ کھینچ ۔ تان ۔ کشش ۔ تناؤ ۔ جاذبیت ۔ تشنج ۔ مروڑ ۔ اینٹھن ۔
مقناطیس ۔ میل ۔ ملاپ ۔

آکرشن شکتی ۔ قوت جاذبہ ۔

آکرشی ۔ کھینچنے والا ۔ جاذب ۔

آکرم ۔ آغاز ۔ دخول ۔ عروج ۔ صعود ۔ فضیلت ۔ برتری ۔
سبقت ۔ ترجیح ۔ حملہ ۔ چڑھائی ۔ غلبہ ۔ قبضہ ۔ زبردستی ۔

آکرمن ۔ حملہ ۔ دخول ۔ چڑھائی ۔ محاصرہ ۔ قبضہ ۔ عروج ۔ زیادتی ۔
بہتات ۔

آکرنت ۔ سنا گیا ۔ مسموع ۔

آکرند ۔ }
آکرندن ۔ } رونا ۔ گریہ کرنا ۔ چلانا ۔

آکروش ۔ غصہ ۔ بددعا ۔ رونا ۔ گریہ و زاری کرنا ۔

آکرید ۔ گھر کے پاس کا باغ ۔ خانہ باغ ۔ شکارگاہ ۔

آکریڈن ۔ شکار صید۔

آکسمات ۔ فوراً یکایک ۔ ناگاہ ۔ اچانک ۔ بلا تامل ۔ غیر متوقعانہ۔

آکسمک / آکسمک } بے وجہ ۔ بلا سبب ۔ بلا توقع ۔ اچانک ۔ فوراً ۔ دفعتہً۔

آکشیپ ۔ پھینکنا ۔ گنوانا ۔ ضائع کرنا ۔ تشنج ۔ اینٹھن ۔ ملامت ۔ سرزنش ۔ الزام ۔ طعن ۔ طنز ۔ دشنام ۔ اعتراض ۔ شکایت ۔ عیب

آکل ۔ حیران ۔ پریشان ۔ دکھی ۔ متفکر ۔ بیاکل ۔ بے چین ۔ بے قرار ۔ بے آرام ۔ گھبرایا ہوا ۔ مصیبت زدہ۔

آکلانت ۔ تھکا ہوا ۔ مجبور ۔ شرمندہ۔

آکلت ۔ رنجیدہ ۔ متفکر ۔ بے چین ۔ حیران ۔ پریشان ۔ مضطر۔

آکلتا ۔ اضطراب ۔ بے چینی ۔ پریشانی ۔ حیرانی ۔ بے قراری۔

آکمپت ۔ کانپتا ہوا ۔ تھرتھراتا ہوا ۔ کپکپاہٹ۔

آکمپن ۔ کانپنا ۔ تھرتھرانا۔

آکن ۔ گھانس پھوس ۔ گھانس پات۔

آکنچن ۔ سکڑنا ۔ مختصر کرنا ۔ ٹیڑھا کرنا ۔ ترچھا ۔ بانکا۔

آکنچن ۔ مفلسی ۔ بے دولتی ۔ غریبی ۔ احتیاج ۔ محنت ۔ سعی ۔ کوشش ۔ تردد۔

آکوت ۔ ارادہ ۔ مقصد ۔ خواہش ۔ آرزو۔

آکھ ۔ چوہا ۔ موش ۔ چور ۔ دزد۔

آکھر ۔ عموماً جنگلی جانوروں خصوصاً شیر وغیرہ درندوں کا غار۔

آکھر ۔ (اکشر) حرف۔

آکھل ۔ شوخ ۔ گستاخ ۔ چنچل۔

آکھو ۔ چوہا ۔ موش

آکھنڈ ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ تمام ۔ پورا ۔ سالم۔

آکھوٹ ۔ اخروٹ جو ایک میوہ ہے۔

آکھیا / آکھیہ } نام ۔ اسم ۔ علامت ۔ خطاب ۔ لقب ۔ شہرت۔

آکھیات ۔ گنا ہوا ۔ شمار کیا ہوا ۔ کہا ہوا ۔ مذکور ۔ مصرحہ ۔ مبینہ۔

آکھیان ۔ بات ۔ نام ۔ اسم ۔ علامت ۔ قصہ ۔ تاریخ ۔ فسانہ ۔ ماجرا ۔ بیان ۔ حالت۔

آکھیانک ۔ ناول ۔ کہانی ۔ لکچر۔

آکھیایکا ۔ کہانی ۔ قصہ ۔ تاریخ ۔ فسانہ ۔ روایت ۔ لکچر ۔ قصہ در قصہ

آکھیٹ ۔ اہیر ۔ شکار ۔ صید ۔ تعاقب ۔ خوف ۔ ڈر۔

آکیرن ۔ بھرا ہوا ۔ پھیلا ہوا ۔ کشادہ ۔ ملا ہوا ۔ پورا۔

آگاودھ ۔ اتھاہ ۔ نہایت عمیق۔

آگار ۔ گھر ۔ خانہ ۔ مقام ۔ جگہ ۔ مسکن ۔ حجرہ ۔ ظرف ۔ منبع۔

آگامی ۔ آنے والا ۔ آیندہ ۔ مستقبل ۔ ہونے والا۔

آگت ۔ آیا ہوا ۔ پہنچا ہوا۔

آگتِ ۔ پہنچ ۔ آمد ۔ تعلق۔

آگتو ۔ تعلق ۔ واسطہ ۔ ضرورت۔

آگر ۔ معدن نمک۔

آگرتان ۔ انگشتانہ۔

آگرہ ۔ پکڑنا ۔ چھیننا ۔ لینا ۔ کسنا ۔ چھیڑنا ۔ گھیرنا ۔ ضد کرنا ۔ کوشش کرنا ۔ آفت ۔ مصیبت ۔ عنایت ۔ احسان ۔ خواہش۔

آگرہاین ۔ ایک مہینے کا نام ۔ مرگسرا گہن۔

آگستت ۔ ایک ستارے کا نام ۔ ایک رشی کا نام۔

آگم ۔ آنے والا ۔ آیندہ ۔ داخلہ ۔ آمدنی ۔ حصول ۔ استقبال ۔ زمانہ آیندہ ۔ آخرت ۔ عقلی ۔ شاستر ۔ وید مقدس ۔ دستاویز ۔ تمسک ۔ مشرق ۔ زندگی بعد الموت ۔ تنتر شاستر جس میں منتروں کا ذکر ہے۔

آمِشنک ۔ حصہ دار ۔ صاحب قدرت ۔ صاحب رونق ۔

آمشُول ۔ بائی گولا ۔

آملاَ ۔ } آنولا ۔ آملج ۔
آولاَ ۔

آملہ ۔ کھٹا ۔ تُرش ۔

آمنائے ۔ بید ۔ شاستر ۔ تلقین ۔ آباواجداد ۔

آمنترِت ۔ بُلایا ہوا ۔ طلب کیا ہوا ۔

آمنترن ۔ بُلاوا ۔ طلبی ۔ دعوت ۔

آمواَت ۔ ریچی آماس ۔

آمود ۔ خوشبو ۔ خوشی ۔ دل لگی ۔ دل بہلاؤ ۔

آمودِت ۔ خوش ۔ مسرور ۔ بشاش ۔ خوشبودار ۔

آمودِی ۔ خوش ہونے والا ۔

آمول ۔ جڑسے ۔ ابتدا سے ۔ پہلے سے ۔ ابتدا سے انتہا تک ۔

آمئے ۔ } روگ ۔ بیماری ۔ تکلیف ۔ مرض ۔
آمیہ ۔

آن ۔ اور ۔ جُدا ۔ الگ ۔ دوسرا ۔ اقرار ۔ عہد ۔

آنب ۔ آم ۔ انبہ ۔ امبج ۔

آنپُوروہ ۔ مسلسل ۔ یکے بعد دیگرے ۔

آنپُوروِی ۔ طریقہ ۔ رواج ۔

آنترک ۔ دلی ۔ اندرونی ۔ پیارا ۔ محب ۔

آنترکش ۔ آسمان ۔ فلک ۔

آنترِکش ۔ خلائی ۔ فضائی ۔ فلکی ۔ سماوی ۔

آنٹ ۔ گانٹھ ۔ دشمنی ۔ عداوت ۔

آنچلاَ ۔ چلّو ۔

آنجن ۔ دیکھو (انجن)

آنجنیہ ۔ انجنا کے فرزند یعنی ہنومان ۔

آنچی ۔ آنچل ۔ کور ۔ کنارہ ۔

آنچر ۔ } انچل ۔ پلّو ۔ کور ۔ کنارہ ۔ دامن ۔ پستان زن ۔
آنچل ۔

آندول ۔ جھولا ۔ بادبیچ ۔

آندولن ۔ چلنا ۔ ہلنا ۔ ڈولنا ۔ جھولنا ۔ کانپنا ۔ خیال ۔ بار بار ۔

آندھرہ ۔ وہ ملک جسے اب تلنگانہ کہتے ہیں ۔

آنڈ ۔ فوطہ ۔ خصیہ ۔ خایہ ۔ بیضہ ۔

آنرتت ۔ کانپنے والا ۔ ناچنے والا ۔

آنک ۔ ڈھپ ۔ نقارہ ۔ مردھنگ ۔ ڈنکا ۔ گرجنے والا ابر ۔

آنک ۔ علامت ۔ نشان ۔ عدد ۔ رقم ۔ علامت کرنا ۔ تعداد کرنا ۔

آنکش ۔ انکس ۔ آنکڑی ۔

آنگولیہ ۔ مدد ۔ امداد ۔

آنگ ۔ دیکھو (آنگ)

آنگن ۔ (آنگن) انگنائی ۔ صحن ۔

آنگیرس ۔ ایک ستارے کا نام ۔

آنمانک ۔ شبہہ سے دریافت کیا ہوا ۔ حکمت سے پایا ہوا ۔
قرین قیاس ۔ اغلب ۔

آنن ۔ منہ ۔ چہرہ ۔ بدن ۔ جسم ۔

آننتریہ ۔ بعد ہونے والا ۔ قریب میں ہونے والا ۔ بقیہ ۔

آننتیہ ۔ بے انتہا ۔ بے شمار ۔

آنند ۔ خوشی ۔ سُکھ ۔ آرام ۔ چین ۔ تسکین ۔ کیف ۔ سرور سرمدی ۔
سرور بالذات ۔

آنند آشرو ۔ خوشی کے آنسو ۔

آنند بھک ۔ آنند کا بھوگنے والا ۔ سرور سرمدی کا پانے والا ۔

آنند پُورنہ ۔ نہایت خوشی۔ ہر طرح کی بشاشت۔

آنند پُورَوَک ۔ خوشی کے ساتھ۔

آنندِت ۔ خوش۔ مسرور۔ بشاش۔ آرام۔

آنندِتا ۔ خوشی۔ شادمانی۔ بشاشت۔

آنند چِت ۔ بشاش۔ مسرور۔

آنند دائی ۔ خوشی دینے والا۔

آنند سُکھ ۔ سُرور سرمدی۔

آنند کَر ۔ خوش کرنے والا۔ آرام دینے والا۔

آنند کَند ۔ خوشی کی بیخ و بنیاد۔ اصل راحت۔ چشمۂ راحت۔

آنند مَے کوش ۔ آتما کے پانچ کوشوں میں سے ایک۔ خواب۔

آنندی ۔ خوشی کے ساتھ۔

آنہِک ۔ روزمرہ۔ روزانہ کرنے کا کام۔ جیسے سنان۔ سندھیا۔ ترپن۔ وغیرہ۔

آنیت ۔ لایا ہوا۔

آنیتا ۔ لانے والا۔

آنین ۔ لے آنا۔ لانا۔ آنا۔

آواس ۔ گھر۔ خانہ۔

آواگمن ۔ / آواگون ۔ } (آواگون) آنا جانا۔ آمد و رفت۔ مرکر پھر پیدا ہونا۔ تناسخ۔

آواہن ۔ عزت سے بلانا۔ دعوت دینا۔ پوجا یا ہوم کے وقت دیوتاؤں کو منتروں سے بلانا۔

آوبھاو ۔ عزت۔ توقیر۔

آوبھگت ۔ خاطر تواضع۔ تعظیم و تکریم۔ پاسداری۔

آوبھگتی ۔ / آوبھگت ۔ / آوبھگتی } تعظیم و تکریم۔ تواضع۔

آوِربھاو ۔ ظاہر۔ نمودار۔ روشن۔ پیدائش۔ شہرت۔

آوِربھوت ۔ اُترنا۔ پیدائش۔ روشن۔ شہرت۔ نمودار۔ ظاہر۔

آوَرت ۔ بھنور۔ گرداب۔ چکر۔ پیچ۔ پھیر۔ گھماؤ۔

آوُرت ۔ گھِرا ہوا۔ ڈھکا ہوا۔ پوشیدہ۔ طریقہ۔ تکرار۔ ارادہ۔ استقلال۔

آوُرتی ۔ بار بار کہنا یا کرنا۔ دہرانا۔ یکے بعد دیگرے کرنا۔ چمچہ۔

آوُرجن ۔ پھینکنا۔ منع کرنا۔ روکنا۔

آوَرن ۔ پردہ۔ لحاف۔ حصار۔ ڈھکنا۔ پوشش۔ ڈھال۔ سپر۔ قفل۔ حفاظت۔ روک۔

آوستھ ۔ گھر۔ خانہ۔ مکان۔

آوِشٹ ۔ بیٹھا ہوا۔ گھسا ہوا۔ جوش میں آیا ہوا۔ آسیب زدہ۔

آوِشکار ۔ ظاہر ہونا۔ ایجاد کرنا۔

آوِشکرت ۔ ظاہر کیا ہوا۔ ایجاد کیا ہوا۔

آوشیک ۔ / آوشیہ ۔ } کرنے کے قابل۔ ضروری۔

آوشیکتا ۔ درکار۔ ضرورت۔ حاجت۔ خواہش۔

آوشیہ ۔ ضرور۔ ضرورتاً۔ ناگزیر۔ درحقیقت۔ لازمی۔ یقیناً۔

آوک ۔ بیمہ۔ اِنشورنس۔

آولی ۔ سلسلہ۔ قطار۔ زنجیر۔ سطر۔ خاندان۔

آوَن ۔ آمد۔ آنا۔

آویدن ۔ اطلاع کرنا۔ یاد دلانا۔ گزارش کرنا۔

آویش ۔ گھسنا۔ داخل ہونا۔ خواہش۔ غرور۔ غصہ۔ طلوع۔

آویشن ۔ داخل۔ کارخانہ۔

آہار ۔ کھانا۔ غذا۔ خوراک۔ خورش۔ طعام۔ نشاستہ۔ کانجی۔

آہاریہ ۔ قابل خوردنی۔ آیا ہوا۔

آہاو ۔ چوبچہ ۔ حوض ۔ تالاب ۔

آہت ۔ رکھا ہوا ۔ دیا ہوا ۔ دفن کیا ہوا ۔

آہت ۔ ہوم کی چیزوں کو گھی میں ملا کر آگ پر ڈالنا ۔

آہتی ۔ ہوم کرنے کا سامان ۔ منتر پڑھتے ہوئے دیوتاؤں کیلئے ہوم کا سامان آگ میں ڈالنا ۔

آہر ۔ چھوٹا تالاب ۔ اُپلیوں کا ڈھیر ۔ نمک کا غار ۔

آہرتا ۔ لانے والا ۔

آہر جاہر ۔ آنا جانا ۔ آمد و رفت ۔ ایاب و ذہاب ۔

آہرن ۔ چھین لینا ۔ لوٹنا ۔ کھسوٹنا ۔

آہلا ۔ طغیانی ۔ طوفان ۔ سیلاب ۔

آہلاد ۔ خوشی ۔ شادمانی ۔ مسرت ۔

آہلادت ۔ خوش ۔ شاد ۔ بشاش ۔

آہلادجنک ۔ خوشی کا دینے والا ۔

آہلادک ۔ مسرت بخش ۔ خوش کن ۔

آہنک ۔ روزانہ کاروبار ۔ روزمرہ ۔ یومیہ ۔ مذہبی رسومات ۔

آہو ۔ خودی ۔ خود کی تعریف ۔

آہو ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ جگیہ ۔

آہوان ۔ دعوت ۔ طلب ۔ بلاوا ۔ پکار ۔

آہوت ۔ بلایا گیا ۔ طلب کیا گیا ۔

آہوتی ۔ دیکھو (آہتی)

آہونیہ ۔ جگیہ کی تین آتشوں میں سے ایک کا نام ۔

آہی تاگنی ۔ جس نے اگنی ہوتر کے لئے آگ قائم کی ہو ۔

آہی تنڈک ۔ سانپ پکڑنے والا ۔ مکار ۔

آیات ۔ آیا ہوا ۔ پہنچا ہوا ۔

آیاس ۔ تکلیف ۔ محنت ۔ مصیبت ۔ کوشش ۔ تردد ۔ کلفت ۔

آیام ۔ لمبا ۔ طویل ۔ کشادہ ۔ چوڑا ۔ دور ۔

آیت ۔ بڑا ۔ لمبا ۔ چوڑا ۔ پھیلا ہوا ۔

آیتن ۔ جگیہ کرنے کا مقام ۔ مندر ۔ گھر ۔ جگہ ۔ بڑا ۔ کشادہ ۔ چوڑا ۔

آیتی ۔ زمانہ آیندہ ۔

آیدھ ۔ (آجدھ) ہتیار ۔ سلاح ۔ شاستر ۔

آیدھاگار ۔ سلاح خانہ ۔ ہتیار گھر ۔

آیدھک ۔ / آیدھیہ ۔ } ہتیار بند ۔ مسلح ۔

آیربل ۔ / آیروائے ۔ } عمر ۔ سن ۔ حیات ۔ زندگی ۔ مدت زندگی ۔ زمانہ حیات ۔

آیروید ۔ (بید) علم طب ۔

آیس ۔ حکم ۔ فرمان ۔

آیسو ۔ حکم ۔ اجازت ۔

آیش ۔ / آیشیہ ۔ } دوران حیات ۔ زمانہ زندگی ۔

آیشکار ۔ عمر بڑھانے والا ۔

آیشمان ۔ زمانہ دراز تک زندہ رہنے والا ۔

آیشمتی ۔ بڑی عمر والی عورت ۔

آیو ۔ عمر ۔ مدت حیات ۔ زندگی ۔

آیوجن ۔ لینا ۔ تیاری ۔ کوشش ۔

آیودھن ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔

آیوہ ۔ عمر ۔ زندگی ۔

آیہ ۔ آمدنی ۔ فائدہ ۔ نفع ۔

الف مقصورہ

اَ ۔ محافظ ۔ باپ ۔ مرشد ۔ ہوا ۔ عنایت ۔ قدرت ۔ مالک ۔ وشنو ۔ برہما ۔ شیو ۔

اَاُوت ۔ لاولد ۔ نالایق ۔ مُردہ ۔

اَبادھا ۔ (اَ نفی کا) غیر مانع ۔ بلا قید ۔ بے روک ٹوک حقیقی ۔

اَبادھیہ ۔ (اَ نفی کا) تعلیم ۔ علم موضوعہ ۔

اُبار ۔ چھٹکارا ۔ رہائی ۔

اُبارنا ۔ رہا کرنا ۔ بری کرنا ۔ آزاد کرنا ۔ محفوظ کرنا ۔ باقی رکھنا ۔

اَباک ۔ (اَ واک) گونگا ۔ بے زبان ۔ گنگ ۔ چُپ ۔

اَباک ۔ نیچے ۔ زیر ۔ نیچے کی طرف

اُبانا ۔ بونا ۔ نصب کرنا ۔ اُگانا ۔ زرخیز کرنا ۔

اَبج ۔ چاند ۔ قمر ۔ کنول ۔ ناقوس ۔ چودہ جواہر جو سمندر سے

اَبجا ۔ کنول ۔ نیلوفر ۔ چاند ۔ ماہ ۔ ناقوس ۔

اَبچار ۔ (اَ نفی کا) عدم توجہی ۔ بے فکری ۔ بے انصافی ۔ بے لحاظی ۔ بے امتیازی ۔

اَبچارن ۔ (اَ نفی کا) بے انصاف مرد یا عورت ۔

اَبچاری ۔ (اَ نفی کا) بے توجہ ۔ عدیم الفکر ۔ غیر منصف ۔

اَبچل ۔ (اَ نفی کا) بے حس وحرکت ۔ غیر متحرک ۔ ساکن ۔ مستقل ۔ مضبوط ۔ مستحکم ۔ قائم ۔

اَبد ۔ ابر ۔ بادل ۔ برس ۔ سال ۔ سنہ ۔

اَبدھ ۔ (اَ نفی کا) بے سمجھ ۔ احمق ۔

اَبدھ ۔ (اَ نفی کا) بیوقوف ۔ ناتربیت یافتہ ۔ معصوم ۔ خورد سال ۔

اَبدھ ۔ (اَ ودھ ۔ اَ نفی کا) ناقابل کشتن ۔ بے زوال ۔ مقدس ۔

اَبدھمان ۔ (اَ نفی کا) بیوقوف ۔ بے عقل ۔ بے خرد ۔

اَبدھوت ۔ (اَ وَدھوت) ایک قسم کا زاہد جو شیوجی کا معتقد ہے

اَبِدیا ۔ (اَ وِدیا ۔ اَ نفی کا) بے علمی ۔ نادانی ۔ اَن پڑھ ۔ بے علم ۔ احمق ۔ اشیا کی حقایق سے ناواقفیت ۔ مایا ۔

اَبدھی ۔ (اَ نفی کا) بے عقلی ۔ بے سمجھی ۔ نادانی ۔

اَبدھی ۔ (اَ نفی کا) بے زوال ۔ لایزال ۔ جو موت کے سزاوار نہ ہو ۔ مقدس ۔

اَبدھی ۔ سمندر ۔ دریا ۔ بحر ۔ سات کی گنتی

اَبر ۔ اب ۔ ابھی ۔ بالفعل ۔

اَبراگ ۔ (اَ وِراگ ۔ اَ نفی کا) ضد بیراگ ۔ شہوانیت ۔

اَبرودھ ۔ (اَ وِرودھ ۔ اَ نفی کا) غیر مخالفت ۔ اطمینان ۔ امن ۔ تسکین ۔ خاموشی ۔

اَبرودھی ۔ (اَ وِرودھی ۔ اَ نفی کا) غیر مخالف ۔ خاموش ۔ ساکن ۔

اَبھشیک ۔ / اَبکھیک ۔ } منتر پڑھتے ہوئے گنگا جل وغیرہ کسی متبرک چیز پر چھڑک کر پاک کرنا ۔ نہلانا ۔ تخت نشینی

اَبل ۔ (اَ نفی کا) کمزور ۔ بے طاقت ۔ ناتوان ۔

اَبلا ۔ (اَ نفی کا) کمزور ۔ مجازاً نوع زن ۔ عورت ۔ واضح ہو کہ آخر میں الف تانیث ہے ۔

اَبلتا ۔ (اَ نفی کا) کمزوری ۔ بے طاقتی ۔

اَبلمب ۔ (اَ وِلمب ۔ اَ نفی کا) بے درنگ ۔ جلدی ۔ تیزی ۔

اَبلی ۔ (اَ نفی کا) بے طاقت ۔ کمزور ۔ ناتوان ۔

اَبندو ۔ (اَ نفی کا) بے قطرہ ۔ بے نقطہ ۔ بے نشان ۔

اَبندھت ۔ (اَ نفی کا) جو مقید نہ ہو ۔ خود مختار ۔

اَبوجھ ۔ (اَ نفی کا) ناسمجھ ۔ نافہم ۔ بے خرد ۔ احمق ۔

اَبوجھا ۔ (اَ نفی کا) سمجھ سے باہر ۔ ناقابل فہم ۔ غیر مدرک ۔

خارج از قیاس۔

اَبُوُدھ ۔ (اَنفی کا) بے عقل۔ احمق

اَبُوُدھ گمیہ ۔ / اَبُوُدھنیہ ۔ } (اَنفی کا) قوت ادراک سے باہر۔ بعید القیاس۔ غیر

اِبھ ۔ ہاتھی۔ فیل۔

اُبھ ۔ اوپر۔ دو (۲)

اَبھاجن ۔ (اَنفی کا) بدظرف۔ ناقابل۔

اَبھار ۔ (اَنفی کا) ہلکا۔ سبک۔ بے وزن۔

اَبھاگ ۔ (اَنفی کا) بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ کم بختی۔

اَبھاگا ۔ / اَبھاگیہ ۔ } (اَنفی کا) بدقسمت۔ بدنصیب۔ کم بخت۔

اَبھاگی ۔ (اَنفی کا) بدقسمت۔ بدنصیب۔

اَبھال ۔ ابر۔ بادل۔

اُبھانا ۔ ڈرانا۔ پریشان کرنا۔ بے چین کرنا۔

اَبھاوُ ۔ (اَنفی کا) عدم موجودگی۔ تباہ۔ برباد۔ عدم۔ نیستی۔ فنا۔ موت۔ اِنکار۔ قلت۔ محنی۔ مفلسی۔ احتیاج۔

اَبھاوَنیہ ۔ ناقابل امتیاز۔ ناقابل غور۔

اَبھِبھاوُک ۔ محافظ۔ نگہبان۔ مدد دینے والا۔

اَبھِبھَو ۔ ہار۔ مات۔ فرار۔ نیچے دیکھنا۔

اَبھِبھُوت ۔ مطیع کیا گیا۔ ہارا ہوا۔ تابع فرمان۔ مغلوب۔

اَبھِپرائے ۔ دل کی بات۔ منشا۔ ارادہ۔ مقصد۔ خواہش۔ چاہ۔ مطلب۔ منصوبہ۔ غرض۔ معنی۔ رائے۔ خیال۔ مفہوم۔

اَبھِپتر ۔ اقرار نامہ۔ معافی نامہ۔

اَبھِپریت ۔ خواہش۔ تمنا۔ آرزو۔ مراد۔ مقصد۔

اَبھت ۔ (اَنفی کا) بے فائدہ۔

اَبھِجات ۔ جبلی۔ طبعی۔ شریف۔ حسین۔ مناسب۔ عاقل۔ عالم۔

اَبھِجت ۔ چاند کا بائیسواں نچھتر۔ ایک دن کا آٹھواں حصہ۔ بہادر۔ فاتح۔

اَبھِدھا ۔ / اَبھِدھان ۔ } علامت۔ نام۔ اسم۔ لغت۔ فرہنگ۔ فہرست۔

اَبھر ۔ ابر۔ بادل۔ آسمان۔ فلک۔

اَبھِرام ۔ خوبصورت۔ پیارا۔ دلکش۔ خوشنما۔ دلچسپ۔ دلاویز۔ منور۔

اَبھرک ۔ ابرق۔ طلق۔

اَبھرم ۔ ابر۔ بادل۔ سحاب۔

اَبھرم ۔ (اَنفی کا) بے اعتبار۔ بے قدر۔ بے عزت۔

اَبھرہ ۔ ابر۔ بادل۔ سحاب۔

اَبھری ۔ عبیر جو مشہور چیز ہے۔

اَبھسار ۔ وہ مرد جو اپنی معشوقہ سے ملنے کے لئے مقام مقررہ پر خودبخود چلا جائے۔ طاقت۔ حملہ۔ مقابلہ۔ مدد۔ جنگ۔

اَبھسارِکا ۔ وہ عورت جو اپنے شوہر یا عاشق سے ملنے کیلئے مقام مقررہ پر خودبخود چلی جائے۔ زن فاحشہ۔

اَبھساری ۔ چوری چھپی سے آشنائی کرنے والا۔

اَبھسر ۔ ساتھی۔ ہمراہی۔ مطیع۔ مددگار۔ دوست۔

اَبھسمپات ۔ غصہ۔ دعائے بد۔ دشمنی۔ لڑائی۔ تباہی۔

اَبھسندھی ۔ خوب میل۔ دھوکا۔

اَبھسندھان ۔ ملاپ۔ کپٹ۔

اَبھشکت ۔ غسل کیا ہوا جس کی تخت نشینی ہوئی ہو۔

اَبھشنگ ۔ بغلگیری۔ مخالفت۔ بیعزتی۔

اَبھشیک ۔ گنگا وغیرہ کا متبرک پانی چھڑک کر پاک کرنا تخت نشینی کے وقت منتر پڑھتے ہوئے نہلانا۔ مسند نشینی مخصوص کرنا

اَبھک ۔ کسی ایک کام میں مشغول رہنا۔ خواہشمند۔ عیاش۔

اَبھکت ۔ (اَ نفی کا) بے اعتقادی۔ بے توجہی۔ بے ایمانی۔ بے پروائی۔

اَبھکتمان ۔ (اَ نفی کا) بے دین۔ بے ایمان۔ بے پروا۔

اَبھکتی ۔ (اَ نفی کا) بے دینی۔ بے ایمانی۔ الحاد۔

اَبھکشیہ ۔ (اَ نفی کا) نہ کھائے جانے کے قابل۔ جس کا کھانا ممنوع ہو۔ حرام غذا۔

اَبھکھیا ۔ زینت۔ رونق۔ خوبصورتی۔ نام۔ اسم۔

اَبھگمن ۔ نزدیک جانا۔ پاس جانا۔

اَبھگیان ۔ وہ علامت جس کے دیکھنے سے کوئی اور بات یاد آئے

اَبھگیہ ۔ جاننے والا۔ واقف کار۔ پنڈت۔ عالم۔ دانا۔

اَبھگیہ تا ۔ علم۔ عقل۔ چالاکی۔

اَبھلاش ۔ / اَبھلاشا ۔ (اَبھلاکھ) خواہش۔ تمنا۔ ارادہ۔ چاہ۔ اشتیاق۔ آرزو۔ ارمان۔ رغبت۔ میلان خاطر۔ شوق۔ مرضی۔ محبت۔ اُلفت۔

اَبھلاشک ۔ / اَبھلاشی ۔ چاہنے والا۔ خواہشمند۔ آرزومند۔ متمنی۔ مشتاق۔ شایق۔ حریص۔

اَبھلشت ۔ خواہش۔ ارادہ۔

اَبھمان ۔ اہنکار۔ غرور۔ گھمنڈ۔ نخوت۔ کبر۔ خودی۔ پندار۔ شیخی۔ عزت۔ لحاظ۔ خیال۔ خودپسندی۔ خودبینی۔

اَبھمانتا ۔ تکبر۔ غرور۔ نخوت۔ پندار۔ کبر۔ لحاظ۔

اَبھمانی ۔ گھمنڈی۔ مغرور۔ خودپسند۔ سرکش۔ دیکھنے والا یعنی بینندہ۔

اَبھمت ۔ چاہا ہوا۔ مانا ہوا۔ پسند کیا ہوا۔ قبول کیا ہوا۔ انتخاب کیا ہوا۔ مقبول منظور مُسلّمہ۔ محب۔

اَبھمتتا ۔ خواہش۔ تمنا۔ آرزو۔ محبت۔ تسلیم۔ انتخاب۔ منظوری۔ پسندیدگی۔

اَبھمرشن ۔ صحبت۔ مجامعت۔ چھونا۔

اَبھمکھ ۔ آگے۔ سامنے۔ روبرو۔ پیش۔ بالمشافہ۔ بالمواجہ۔ حاضر۔ ظاہر۔ برملا۔ مقابل۔

اَبھمکھتا ۔ حضوری۔ حاضری۔ پیشی۔ قربت۔ نزدیکی۔ تقرب۔

اَبھن ۔ (اَ نفی کا) غیر منقسمہ۔ ناشکستہ۔ عدد صحیح یا غیر مکسر۔

اَبھنگو ۔ (اَ نفی کا) جو ٹوٹ نہ سکے۔ ناشکستنی۔ غیر فانی۔

اَبھنندن ۔ عزت کرنا۔ تعریف کرنا۔ خوشنود کرنا۔

اَبھنندن پتر ۔ اڈریس۔

اَبھنو ۔ نیا۔ نو۔ تازہ۔ جدید۔ بالکل نیا۔

اَبھنویش ۔ شغف۔

اَبھنّہ ۔ (اَ نفی کا) جو جدا نہو۔ ملا ہوا۔

اَبھنیہ ۔ / اَبھنے ۔ سوانگ بھر کر کسی کے کئے ہوئے کام کی پورے طور پر نقل کر کے دکھلانا۔ ناٹک کا کھیل۔

اَبھواد ۔ گالی۔ دشنام۔ سلام بندگی۔

اَبھوادن ۔ تعریف۔ تعظیم۔ ڈنڈوت۔ سلام۔ تسلیم۔ کورنش۔ بندگی۔

اَبھوت ۔ (اَ نفی کا) ایسی شے جس کا کوئی وجود نہ ہو۔ معدوم۔ غیر موجود۔ غیر حاضر۔ گزرا ہوا۔

اَبھوت پُورُو ۔ (اَ نفی کا) جو اس وقت تک نہ ہوا ہو۔ انوکھا۔ عجیب۔

اَبھوج ۔ (اَ نفی کا) ناقابل خورش۔ وہ جو کھانے کے لائق نہو

اَبھوجن ۔ (اَ نفی کا) روزہ دار۔ پرہیزگار۔

اُپادھی کارک ۔ جھگڑالو۔ مفسد۔ فسادی۔

اَپار ۔ (اَ نفی کا) بے کنارہ۔ ناپید اکنار۔ ناممکن العبور۔ بے حد۔ بے اندازہ۔ بے انتہا۔ بے شمار۔ بےحساب۔ لامحدود۔

اَپارتھ ۔ اکارت۔ برباد۔ بیکار۔ ضائع۔

اُپارجِت ۔ کمایا ہوا۔ جوڑا ہوا۔ کمائی۔ فائدہ کرنا۔ اضافہ کرنا۔

اُپارجن ۔ نفع۔ فائدہ۔ کمائی۔ پیدائش۔ تحصیل۔ اکٹھا کرنا۔

اُپاڑنا ۔ اکھاڑنا۔

اُپاس ۔ بے غذا رہنا۔ روزہ۔ فاقہ۔

اُپاسک ۔ خدمت کرنے والا۔ پرستش کرنے والا۔ روزہ رکھنے والا۔ عبادت گزار۔ معتقد۔ عابد۔ مرتاض۔ زاہد۔ سالک۔ غلام۔ ملازم۔ نوکر۔

اُپاسن ۔ نوکری۔ عبادت گزاری۔

اُپاسنا ۔ پوجنا۔ عبادت کرنا۔ پرستش۔ عبادت۔ خدمت۔ احترام۔ شغف۔ تعظیم۔ مراقبہ۔ خداپرستی۔ عشق حقیقی میں مشغول رہنا۔

اُپاسی ۔ خدمت گزار۔ پرستش کرنے والا۔ عبادت کرنے والا۔ پجاری۔ عابد۔ مرتاض۔ روزہ دار۔ گرسنہ۔

اُپاسیہ ۔ قابل تعظیم۔ قابل پرستش۔ قابل عزت۔ لائق خدمت۔ وہ شے جس پر دھیان کیا جائے۔ احترام۔

اَپاشریہ ۔ بے بس۔ بے پناہ۔ بے وسیلہ۔ محتاج۔ ناچار۔ عاجز۔ بے یار و مددگار۔

اَپاک ۔ (اَ نفی کا) ناپاک۔ کچا پن۔ بدہضمی۔

اَپاکرم ۔ بھاگنا۔ چھوٹنا۔

اُپاکھیان ۔ پرانی کہانی۔ قصہ۔ افسانہ۔ داستان۔ تاریخ۔

اُپالمبھ ۔ تاخیر کرنا۔ استعمال ناجائز۔ گالی۔ دشنام۔ گلہ شکایت۔ باتیں۔

اُپالمبھن ۔ لعنت۔ ملامت۔ جھڑکی۔ زجر۔

اَپام ندھی ۔ سمندر۔ دریا۔ بحر۔

اَپان ۔ سانس اندر کھینچنے کی طاقت۔ جسم کے پانچ ہواؤں میں سے ایک جو مقعد سے نکلتی ہے یعنی گوز۔ پینے کے ناقابل

اُپانا ۔ تدبیر کرنا۔ مہیا کرنا۔ پیدا کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ حاصل کرنا۔ تبنی کرنا۔ تیار کرنا۔ ایجاد کرنا۔ چارہ جوئی کرنا۔ کمانا۔ سوچنا۔ اپنا بنانا۔

اَپانگ ۔ گوشۂ چشم۔

اُپانگ ۔ جسم کے چھوٹے عضو۔ بید کے حصے جو چھ ہیں۔

اَپانگ درشن ۔ ترچھی نظر سے دیکھنا۔

اُپانہ ۔ جوتا۔ پاپوش۔ کفش۔

اُپاو ۔ تدبیر۔ حکمت۔ علاج۔ اصلاح۔

اَپاون ۔ (اَ نفی کا) ناپاک۔ میلا۔ کثیف۔ غلیظ۔

اُپاہت ۔ شکستہ۔ خستہ۔

اَپاہج ۔ (اَ نفی کا) لنگڑا۔ لولا۔ مجازاً سست۔ کاہل۔

اُپائی ۔ چارہ ساز۔ قاصد۔ مدبر۔ کوشش کرنے والا۔ کھوجنے والا۔ کمانے والا۔

اُپائے ۔ تدبیر۔ تردد۔ چارہ۔ علاج۔ کوشش۔ ترکیب۔ حکمت۔ محنت۔ فکر۔ اندیشہ۔ اصلاح۔ تجویز۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ راستہ۔ تجربہ۔ ذریعہ۔ حرکت۔ کمائی۔ حیلہ۔

اَپائے ۔ (اَ نفی کا) خطرہ۔ حادثہ۔ متضرر۔ مُہلک۔ ہلاکت۔ موت۔ ضرر۔ نقصان۔ بگاڑ۔ جدا ہونا۔

اُپاین ۔ بھینٹ۔ نذر۔ پاس جانا۔

اُپَبَس ۔ خود مختار۔

اُپَبھرَمْش ۔ عامیانہ زبان۔ بازاری زبان کسی ایک زبان سے بگڑ کر بنا ہوا لفظ۔

اُپاوَن ۔ کسب۔ ذریعہ۔ جمع کرنا۔ حکمت۔ اندوختہ۔

اُپَپَت ۔ وہ شخص جو غیر منکوحہ عورت کو اپنے گھر رکھے۔ یار۔ عاشق۔ آشنا۔ داشتہ۔

اُپ پُران ۔ پُرانوں کی تفسیر۔ واضح ہو کہ یہ اٹھارہ ہیں۔

اَپَت ۔ (اَنفی کا) گنہگار۔ بدنام۔ بے عزت۔

اُپتاپ ۔ رنج۔ درد۔ بیماری۔ گرمی۔

اَپُتر ۔ (اَنفی کا) جس کے اولاد نہو۔ بے اولاد۔ لاولد۔

اَپُترک ۔ (اَنفی کا) لاولد۔ لاوارث۔

اَپِتُو ۔ بلکہ۔

اَپَتھ ۔ (اَنفی کا) بے راہ۔ گمراہ۔ بدراہ۔ غلطی۔

اَپَتھیہ ۔ (اَنفی کا) وہ غذا جس سے بیماری کی ترقی ہو۔

اَپَتی ۔ مصیبت۔ بے عزتی۔

اَپَتیا ۔ (اَنفی کا) بے ایمان۔ دغا باز۔ بے وفا۔ مکار۔

اَپَتی وَرتا ۔ (اَنفی کا) بے عصمت والی عورت۔ فاحشہ۔ قحبہ۔

اَپتیہ ۔ بیٹا۔ اولاد۔ نسل

اُپتیکا ۔ پہاڑ کے قریب کی زمین۔ ترائی۔

اَپَٹ ۔ (اَنفی کا) بدنما۔ بے ڈول۔ غیر فصیح۔ اناڑی۔ بیمار۔

اَپَنگ ۔ (اَنفی کا) بے دست و پا۔ اپاہج۔ شل۔ لولا۔ مفلوج۔

اَپٹو ۔ احمق۔ مریض۔

اَپَٹھ ۔ } ناخواندہ۔ بے علم۔ جاہل۔
اَپٹھت ۔

اَپٹی ۔ قنات۔

اُپَج ۔ پیداوار۔ تحریک۔ بغیر سوچے کوئی بات فوراً کہدینا یا کچھ گانا۔ قوت امتیاز۔ خیال۔ ایجاد۔ اُگنا۔ نکلنا۔ نئی بات۔ نئی تان۔

اُپجاؤ ۔ زرخیز۔ سیر حاصل۔ سرسبز۔

اُپجایک ۔ پیدا کرنے والا۔ اُگانے والا۔

اُپجت ۔ پیدا کیا ہوا۔ پہنچایا ہوا۔ ایصال کیا ہوا۔

اُپچار ۔ تدبیر۔ علاج۔ چارہ۔ بدلہ۔ سربراہی۔ خدمت گزاری۔ نصیحت۔ طبابت۔ حکمت۔ رشوت۔

اَپچھ ۔ (اَنفی کا) بے دُم۔ دُم بُریدہ۔

اَپَد ۔ (اَنفی کا) لنگڑا۔ بیکار۔ سانپ۔

اُپدا ۔ ملاقات۔ نذر۔ پیشکش۔ رشوت۔

اَپدارتھ ۔ (اَنفی کا) بیکار چیز۔

اُپَدَر ۔ } حادثہ۔ مصیبت۔ آفت۔ بیماری۔ مرض۔ بگاڑ۔ ضرر۔
اُپدرو ۔ } ستم۔ ظلم۔ جفا۔ بلوہ۔ بغاوت۔ سختی۔ زبردستی۔ بے انصافی۔ زیادتی۔ بے عزتی۔ شگون بد۔

اُپدمش ۔ سوزاک۔ خرابی۔

اُپدویپ ۔ ٹاپو۔ جزیرہ۔

اُپدھان ۔ تکیہ۔ بالش۔ سرہانا۔

اَپدھرم ۔ گنہگار۔ ناستک۔

اُپدھی ۔ مکر۔ فریب۔ رتھ کا چاک۔

اُپدیش ۔ تعلیم۔ ہدایت۔ نصیحت۔ صلاح۔ تلقین۔ منتر سکھانا۔

اُپدیشٹا ۔
اُپدیشک ۔ } تعلیم دینے والا۔ اوستاد۔ مرشد۔ ناصح۔
اُپدیشی ۔

اَپَر ۔ اور۔ دوسرا۔ دیگر۔ علیحدہ۔ جُداگانہ۔ رُوبرو۔ ایکبار۔

ثانی۔ اونی۔ مقابل۔ ایک اور۔ دوسرا کوئی۔

اُپَرا ۔ دوسرا ۔ دیگر۔ ثانی۔ دوبارہ ۔ مقابل۔ رو برو۔ کرر۔

اَپْرَاپْت۔ (اَنفی کا) نایافتہ۔ غیر مقسوم۔ لاحاصل۔ بے حصول۔

اَپْرَاتْ ۔ بھرا ہوا۔ پُر۔ دور گیا ہوا۔

اَپْرَاجِت۔ (اَنفی کا) جس کو کوئی جیت نہ سکے۔ غیر مفتوح ۔

غیر مغلوب۔ وہ جو غلطی نہ کرے۔ وشنو بھگوان کا لقب۔

اَپْرَاجَے ۔ فتح ۔ کامیاب۔ ظفر۔ نصرت۔

اَپْرَاچِیْن۔ (اَنفی کا) حال کا۔ نیا۔ جدید۔ حاضر۔ موجود۔

اُپْرَاوَرِی۔ جنگ جو۔ ستیزہ گر۔ جھگڑالو۔

اَپْرَادْھ ۔ قصور۔ جُرم۔ تقصیر۔ خطا۔ گناہ۔ غلطی۔ ظلم۔ الزام۔

اَپْرَادِھی ۔ صاحب تقصیر۔ قصوروار۔ گنہگار۔ خطاوار ۔

مجرم۔ پاپی۔

اَپْرَادِھیْن ۔ (اَنفی کا) جو دوسروں کے ماتحت نہ ہو۔ خود مختار۔

اُپْرَاگ ۔ رنج۔ حادثہ۔ گرہن گہن۔

اُپْرَام ۔ نتیجہ۔ رہائی۔ سُکھ۔ آرام۔ فراغت۔ ختم۔ ترک دینا۔

اُپْرَانْت ۔ پیچھے۔ بعد۔ اس کے بعد۔ من بعد۔ پھر۔ بس۔ بعدازاں۔

علاوہ ازیں۔ بالائی۔ باہری۔

اَپْرَاہْنَہ ۔ تیسرا پہر۔ سہ پہر۔ بعد نصف النہار۔

اَپْرَبھَا۔ (اَنفی کا) بے رونقی۔ تاریکی۔ اندھیرا۔ دھندلاپن۔

اَپْرَپَائی۔ (اَنفی کا) بے ڈھنگا۔ بے قاعدہ۔ خلاف راہ و رسم۔

اَپْرَپَکْوَہ ۔ (اَنفی کا) نہ پکا ہوا۔ کچا۔ خام۔ جو چالاک نہ ہو۔

اَپْرَتاپ ۔ (اَنفی کا) بے رونق۔ بے قدرت ۔ بدنصیبی۔ ناتوانی۔

بدقسمتی۔ سُستی۔ کاہلی۔ کمینگی۔ ادبار۔

اَپْرَتاپِی ۔ (اَنفی کا) غیر مقتدر۔ بدقسمت۔ کمزور۔ ناتوان۔

سُست۔ بھدا۔ کمینہ۔

اَپْرَتِشْٹھت ۔ (اَنفی کا) غیر معروف۔ غیر مشہور۔ ذلیل۔ گمنام۔

اَپْرَتِشْٹھا ۔ (اَنفی کا) بے عزتی۔ بدنامی۔ بے ادبی۔ بُرائی۔

اَپْرَتِم ۔ (اَنفی کا) بے نظیر۔ لاثانی۔ بے جوڑ۔ آسمان۔

اَپْرَتھا۔ (اَنفی کا) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ اخفا۔ راز۔ جو رائج نہ ہو۔

بے دستوری۔ غیر آئینی۔

اَپْرَتِیت ۔ (اَنفی کا) بے اعتبار۔ بے قدر۔ بے بھروسہ۔

اَپْرَتِیتی ۔ (اَنفی کا) جو محبت کے قابل نہ ہو۔ جو اعتماد کے لائق نہو۔

مشکوک۔ غیر معروف۔ مشتبہ۔ کاہل۔

اَپْرَتْیکْش۔ (اَنفی کا) جو نظر نہ آئے۔ نظر سے غائب۔ مخفی۔

غیر ظاہر۔ پوشیدہ۔

اَپْرَتْییہ۔ (اَنفی کا) شک۔ شبہ۔ بے محبت۔

اَپْرَچارِت۔ (اَنفی کا) چلن سے باہر۔ غیر مروج۔

اَپْرَچِیت ۔ (اَنفی کا) ناواقف۔ غیر محدود۔ غیر محسوس۔

اَپْرَچَلِت۔ (اَنفی کا) غیر مروّج۔ متروک۔

اَپْرَچَنْڈ ۔ (اَنفی کا) بے وقار۔ بے عزت۔ کمزور۔ ناتوان۔

اَپْرَچَے ۔ (اَنفی کا) نامعلوم۔ نیا۔ جدید۔

اَپْرُدھ ۔ قیدی۔ متفکر۔

اَپْرَدھَان ۔ (اَنفی کا) جو اعلیٰ نہ ہو۔ کمینہ۔ ناتوان۔ حقیر۔ خورد۔

ماتحت۔ ادنیٰ۔ کم اقتدار۔

اَپْرَس ۔ (اَنفی کا) وہ حالت جو نہانے اور پرشِش یا کھانے کے

مابین لاحق ہوتی ہے۔ اس اثنا میں کسی کو چھونا ناجائز ہے۔

پرشِش کے پہلے کھانا کھانا۔ غسل کے بعد طہارت کی حاجت۔

اَپْرَسادْ۔ (اَنفی کا) نارضامندی۔ ناخوشی۔ ناپسندیدگی۔

ناموافقت۔ ترک۔

اَپْرَسادِی۔ (اَنفی کا) وہ چیز جو منظور معبود حقیقی نہ ہوئی ہو۔

وہ چیز جو دیوتاؤں کے سامنے پیش نہ کی جاسکتی ہو۔

اَپْرَسِدھ۔ (اَنفی کا) غیر مشہور۔ غیر معروف۔ نامعلوم۔ گمنام۔
پوشیدہ۔ خفیہ۔

اَپْرَسَنْ۔ (اَنفی کا) ناخوش۔ نامہربان۔ ناموافق۔ ناپسند۔
ناپاک۔ رنجیدہ۔ مخالف۔ اُداس۔ ناراض۔

اَپْرَسَنّتَا۔ (اَنفی کا) ناخوشی۔ نارضامندی۔ بے اطمینانی۔

اَپُرشْ۔ (اَنفی کا) نامرد۔ مخنث۔

اَپَرشُکار۔ میلا۔ ناپاک۔

اَپْرَکاشْ۔ (اَنفی کا) غیر ظاہر۔ غیر مشہور۔ غیر مرئی۔ مخفی۔ پنہاں۔

اَپْرَکاشِت۔ (اَنفی کا) بے رونق۔ تاریک۔

اَپْرَکَٹ۔ (اَنفی کا) نا آشکارا۔ غیر ظاہر۔ غیر معروف۔ پوشیدہ۔

اَپَرَکشا۔ (اَپَرچھّا) اَنفی کا۔ ناآزمودہ۔ ناثابت۔

اَپَرَگ۔ عیاش۔

اُپَرلا۔ ظاہر کا۔ بیرونی۔ بالائی۔ غیر عمیق۔ سطحی۔ بسیط۔

اَپْرَما۔ (اَنفی کا) عالم غیر محقق۔

اَپْرَمان۔ (اَنفی کا) غیر مدلل۔ بے ثبوت۔ بے نظیر۔ جھوٹ
دروغ۔ شاستر کے خلاف۔

اَپْرَمانِک۔ (اَنفی کا) غیر مستند۔ غیر متحقق۔ غیر معتبر۔ بلا اختیار۔

اَپْرَمانیہ۔ (اَنفی کا) عدم ثبوت۔

اَپْرَم پار۔ (اَنفی کا) اپار۔ بے حد۔ لاانتہا۔ غیر محدود۔
بے کنار۔ جس کا کوئی انجام نہو۔ نامتناہی۔

اَپْرَمِت۔ (اَنفی کا) بے اندازہ۔ بے انتہا۔ بے حد۔
بے شمار۔ نہ ناپا ہوا۔

اَپْرَمیہ۔ (اَنفی کا) جو نہ ناپا جاسکے۔ اَپار۔ بے انتہا۔

اَپْرَنچ۔ علاوہ ازیں۔ اس کے سوا۔ مزید براں۔

اَپَرنا۔ ڈوپٹا۔ اوڑھنی۔

اَپْرَروپ۔ (اَپ نفی کا) بے ڈول۔ بدشکل۔ نادر۔ نایاب۔
کمیاب۔ عجیب۔

اُپَروَدھ۔ طرفداری۔ مدد۔ مہربانی۔ عنایت۔ روک۔ مزاحمت۔
مداخلت۔ نقصان۔ جانبداری۔ ضرر۔ حفاظت۔
سہارا۔ آسرا۔ خوشنودی۔ رضامندی۔

اُپَروہِت۔ خاندانی مرشد۔ پروہت۔

اُپَروُکت۔ اوپر کہا ہوا۔ مذکورہ بالا۔

اُپَروُکتا۔ پہلے کہا ہوا۔ متذکرہ بالا۔

اَپَروکش۔ (اَنفی کا) روبرو۔ سامنے۔ بالمواجہ۔ بالمشافہ۔
ظاہر۔ حاضر۔ برملا۔ نمودار۔

اَپَروکش گیان۔ (اَنفی کا) اپنی آنکھ سے آپ دیکھنے کی قدرت۔

اُپَروَنچھا۔ رومال۔ صافی۔ توال۔ غیر عمیق۔ سطحی۔ بسیط۔

اَپَروین۔ (اَنفی کا) بے ہنر۔ ناواقف۔ ناتجربہ کار۔
بے وقوف۔ جاہل۔

اَپَروینتا۔ (اَنفی کا) بے ہنری۔ بے وقوفی۔

اُپَری۔ اوپر کا۔ اوپر والا۔ بالائی۔ غیر حقیقی۔

اَپَری۔ (اَنفی کا) نفرت کیا گیا۔ ناپسندیدہ۔ ناموافق۔ نامہربان۔

اَپَریاپت۔ (اَنفی کا) تھوڑا۔ ناکافی۔

اُپَری اُپَری۔ بار بار۔ متواتر۔

اَپَریت۔ (اَنفی کا) ناپسندیدگی۔ نفرت۔ دشمنی۔
بغض۔ کینہ۔ مخالفت۔

اَپَریتی۔ (اَنفی کا) بے محبت۔ دشمنی۔ عداوت۔ بے ذائقہ۔

اَپَریچت۔ (اَنفی کا) بے جان پہچان۔ انجان۔ اجنبی۔

اَپَریم۔ (اَنفی کا) محبت کا نہ ہونا۔ دشمنی۔ عداوت۔ مخالفت

بغض کینہ نفرت۔

اُپرِ مَیَہ ۔ غیرِ مادّی۔

اَپرِیَہ ۔ (اَنفی کا) دشمن۔ عدو۔ ناپسند۔ ناگوار۔

اَپرِیَہ وَچَن ۔ (وچن ۔ اَنفی کا) سخت کلامی۔ بدگوئی۔

اُپُس ۔ بدبو۔ تعفن۔ بوسیدگی۔

اُپستھ ۔ چوتڑ۔ پیڑ۔ جسم کا زیرین یا درمیانی حصّہ۔ اندام نہانی۔

اُپستھان ۔ موجودگی۔ نزدیکی۔ حاضری۔ تعریف۔ پرستش۔
نزدیک ہونا۔ سامنے کھڑے ہونا۔

اُپستھت ۔ تیار۔ نزدیک۔ سامنے۔ روبرو۔ حاضر۔ آمادہ۔ چھپا
موجود۔ سروست۔ آیا ہوا۔ وارد شدہ۔ مہمان۔ آیا یا
ٹھیرا ہوا۔

اُپستھتی ۔ حاضری۔ موجودگی۔

اَپسرا ۔ جنت کی رقاصہ۔ نُوری فردوس۔ حُور۔ نہایت حسین عورت

اَپسرا سُوَر ۔ اپسرا کی طرح کا گیت۔ راگ یا آواز۔

اُپسرگ ۔ وہ کلمہ جو مادّے سے پہلے ملحق کیا جائے حرف جار۔
بدشگون ۔ بدفال۔ بیماری۔ تکلیف۔ آفت ناگہانی۔

اَپسمار ۔ مرگی کی بیماری۔ صرع۔ بیہوشی۔

اِپسُو ۔ خواہشمند۔ بخیل۔

اُپشائی ۔ سویا ہوا۔ خفتہ۔

اَپُشپ ۔ (اَنفی کا) بے پھول کا درخت۔ درخت بے گل۔

اَپُشٹ ۔ (اَنفی کا) پوشیدہ۔ مخفی۔ غیر واضح۔

اَپُشٹ ۔ (اَنفی کا) دبلا۔ لاغر۔ پوشیدہ۔ مخفی۔

اَپشکن ۔ (اَپ ۔ نفی کا) بدشگون۔

اُپشم ۔ تشفی۔ برابری۔

اَپک ۔ (اَنفی کا) خام۔ کچا۔ نارسیدہ۔ ناپختہ۔ ناقص۔ ناتمام۔

اُپکاج ۔ اپنا کام۔ کارِ خود۔

اُپکار ۔ بھلائی۔ امداد۔ احسان۔ فیاضی۔ مہربانی۔

اُپکارک ۔ احسان کرنے والا۔ (مرد) مدد کرنے والا۔ بھلائی

اُپکاری ۔ کرنے والا۔ چالاک۔ تیز۔

اُپکارِکا ۔ / اُپکارِنی ۔ احسان کرنے والی۔ (عورت)

اُپکاریا ۔ بادشاہوں کا محل۔ کھانا رکھنے کا مقام۔

اُپکرت ۔ احسان کیا ہوا۔ جس کی مدد کی گئی ہو۔

اُپکرم ۔ کسی کام کو بعد غور و تامل آغاز کرنا۔ شروع۔ ابتدا۔
تتمہ۔ ضمیمہ۔ تمہید۔ دیباچہ۔ تردد۔ فریب۔ دھوکا۔
سرانجام۔ اہتمام۔ حیلہ و تدبیر۔ اطلاع۔ عبادت۔

اُپکرن ۔ سامان۔ اسباب۔ راجاؤں کے نشانات۔ راجگی۔

اُپکش ۔ سہارا۔ شک۔ مکر۔ فریب۔ ذریعہ۔ تاکنا۔

اَپکھش ۔ (اَنفی کا) بے بال و پر۔ بے یار و مددگار۔ بے پناہ۔
بے اعانت۔ غیر محفوظ۔

اَپکوہ ۔ (اَنفی کا) کچا۔ ناپختہ۔ خام۔

اُپگا ۔ ندی۔ دریا۔

اُپگت ۔ وعدہ کیا گیا۔ اقبال کیا گیا۔ مقبول۔ نزدیک لایا ہوا
حاصل کیا ہوا۔ چسپاں۔ موعود۔ منظور۔

اُپگرہ ۔ بندی۔ قیدی۔ محبوس۔ مقید۔ ترغیب۔ اعانت۔
ہمت افزائی۔ کرۂ ارض کے گرد پھرنے والے سیارے
جیسے چاند جو دنیا کا (اُپگرہ) ہے۔

اُپگم ۔ رضامندی۔ وعدہ۔ قربت۔ تعلق۔ معاملہ۔

اُپل ۔ چٹان۔ جوہر۔ گوہر۔ زیور۔ ایک قیمتی پتھر۔

اُپلبدھ ۔ حاصل کیا ہوا۔ تجربہ کیا ہوا۔ فائدہ۔

اُپلَسٹ ۔ سنگ مرمر۔

اَپلَو ۔ نہانا ۔ غسل۔

اُپما } مشابہت۔ تشبیہہ۔ مماثلت۔ قیاس۔ مطابقت۔
اُپمان } برابری۔ ہمسری۔ نظیر۔ مثال۔ تمثیل۔ استعارہ۔ مشبہ بہ۔ مقابلہ۔ مثنیٰ۔ جواب۔ وہ طرز دلیل جس میں سے کام لیا جائے۔ ایک صنعت شعری کا نام۔

اُپماتا ۔ دودھ پلانے والی عورت۔ دایہ۔ نرس۔

اَپمان } بے عزتی۔ بے اعتباری۔ بے توقیر۔ بے قدری۔
اَومان } ذلیل۔ ہتک۔ عزت ریزی۔ حقارت۔ خفت۔ ذلت۔ توہین۔

اَپمپرا ۔ بے انتہا۔ بے حد۔

اُپمت ۔ مشابہت۔ مماثلت۔ عکس۔ تصویر۔ شبیہہ۔ مقابلہ۔

اُپ نام ۔ لقب۔ عرف۔ تخلص۔ خاندانی نام۔ چھوٹا نام۔

اَپنائیت ۔ رشتہ داری۔ خویشی۔ قرابت۔

اَپنپا ۔ اپنا۔ اپنے آپ کو۔ واضح ہو کہ اس کا استعمال حالت مفعولی میں ہوتا ہے۔

اَپنتھ ۔ (نفی کا) گمراہی۔ ضلالت۔ کفر۔ بدعت۔ راہ بد۔ غلط راستہ۔ الحاد۔

اَپنتھی ۔ (نفی کا) گمراہ۔ راہ گم کردہ۔ کافر۔ ملحد۔

اُپندھی ۔ دفینہ۔

اُپنشد ۔ وید کا آخری حصہ یا بیدانت شاستر جس میں علم معرفت کا بیان ہے۔ بید کے نظری و استدلالی حصص۔ کلام توحید۔ کلام ربانی۔ تصوف۔

اُپنگ ۔ ایک قسم کا باجا۔

اُپنیہ } جگیوپوت۔ رسم زنار بندی جو ہندوؤں کے ابتدائی
اُپنین } تین فرقوں میں رائج ہے۔ جنیو پہنانا۔ نزدیک جانا۔ مہیا کرنا۔ کام میں لانا۔

اُپنیاس ۔ نصیحت۔ ذکر۔ لکچر۔ کہنا۔ بولنا۔

اُپنیت ۔ ہٹایا گیا۔ دور کیا گیا۔

اُپنیت ۔ جس کی رسم زنار بندی ادا کی جا چکی ہو۔ نزدیک آیا ہوا۔

اُپنیتر ۔ چشمہ۔ عینک۔

اُپنیہ ۔ بے فیض۔ تنگدلی۔ غیر مقدس۔ لامذہب۔ شریر۔

اَپواد ۔ (اپباد) بدنامی۔ ملامت۔ الزام۔ نالش۔ شکایت۔ دشنام۔ برائی۔

اَپوادی ۔ (اپبادی) بدنام کرنے والا۔ شاکی۔ مدعی۔ مغتری۔ فریادی۔ دادخواہ۔

اُپواس ۔ (اپباس) برت۔ اُپاس۔ روزہ۔ فاقہ۔ ایک خاص عرصہ تک عبادتاً بھوکے رہنا۔

اَپواہن ۔ ایک ملک سے دوسرے ملک میں جا کر بسنا۔

اُپوت ۔ (اپبیت) جنیو۔ زنار۔

اَپوت ۔ (نفی کا) لاولد۔ ناخلف۔ خلف۔ ناپاک۔

اَپوتر ۔ (اپبتر) نفی کا۔ ناپاک۔ ناصاف۔ غیر خالص۔ غلیظ۔ میلا۔ نجس۔

اَپوترتا ۔ (اپبترتا) نفی کا۔ ناصافی۔ ناپاکی۔ نجاست۔

اَپوت ۔ (نفی کا) پاک۔ خالص۔ بے میل۔

اَپوج ۔ (نفی کا) وہ جو لائق پرستش نہ ہو۔

اَپوجک ۔ (نفی کا) ناخدا ترسی۔ بے دینی۔ لامذہبی۔

اُپودگھات ۔ آغاز۔ ابتدائی بیان۔ دیباچہ۔ انجام۔

اَپورش ۔ (نفی کا) بے ہمت۔ نامرد۔ بزدل۔

بغض کینہ۔نفرت۔

اُپریمیہ۔غیر مادی۔

اَپریہ۔(اَنفی کا) دشمن۔عدو۔ناپسند۔ناگوار۔

اَپریہ وچن۔(وچن۔اَنفی کا) سخت کلامی۔بدگوئی۔

اُپس۔بدبو۔تعفن۔بوسیدگی۔

اُپستھ۔چوتڑ۔پیڑ۔جسم کا زیرین یا درمیانی حصہ۔اندام نہانی۔

اُپستھان۔موجودگی۔نزدیکی۔حاضری۔تعریف۔پرستش۔
نزدیک ہونا۔سامنے کھڑے ہونا۔

اُپستھت۔تیار۔نزدیک۔سامنے۔روبرو۔حاضر۔آمادہ۔جہیا
موجود۔سروست۔آیا ہوا۔وارد شدہ۔مہمان۔ آیا یا
ٹھیرا ہوا۔

اُپستھتی۔حاضری۔موجودگی۔

اَپسرا۔جنت کی رقاصہ۔ٹولی فردوس۔حور۔نہایت حسین عورت

اَپسرا سوَر۔اپسرا کی طرح کا گیت۔راگ یا آواز۔

اُپسرگ۔وہ کلمہ جو مادے سے پہلے ملحق کیا جائے حرف جار۔
بدشگون۔بدفال۔بیماری۔تکلیف۔آفت ناگہانی۔

اَپسمار۔مرگی کی بیماری۔صرع۔بیہوشی۔

اِپسو۔خواہشمند۔بخیل۔

اُپشائی۔سویا ہوا۔خفتہ۔

اَپشپ۔(اَنفی کا) بے پھول کا درخت۔درخت بے گل۔

اَپشٹ۔(اَنفی کا) پوشیدہ۔مخفی۔غیر واضح۔

اَپُشٹ۔(اَنفی کا) دبلا۔لاغر۔پوشیدہ۔مخفی۔

اَپشکن۔(اَپ۔نفی کا) بدشگون۔

اُپشم۔تشفی۔برابری۔

اَپک۔(اَنفی کا) خام۔کچا۔نارسیدہ۔ناپختہ۔ناقص۔ناتمام۔

اُپکاج۔اپنا کام۔کار خود۔

اُپکار۔بھلائی۔امداد۔احسان۔فیاضی۔مہربانی۔

اُپکارک۔ } احسان کرنے والا۔(مرد) مدد کرنے والا۔بھلائی
اُپکاری۔ } کرنے والا۔چالاک۔تیز۔

اُپکارکا۔ }
اُپکارنی۔ } احسان کرنے والی۔(عورت)

اُپکاریا۔بادشاہوں کا محل۔کھانا رکھنے کا مقام۔

اُپکرت۔احسان کیا ہوا۔جس کی مدد کی گئی ہو۔

اُپکرم۔کسی کام کو بعد غور و تامل آغاز کرنا۔شروع۔ابتدا۔
تتمہ۔ضمیمہ۔تمہید۔دیباچہ۔تردد۔فریب۔دھوکا۔
سرانجام۔اہتمام۔حیلہ وتدبیر۔اطلاع۔عبادت۔

اُپکرن۔سامان۔اسباب۔راجاؤں کے نشانات۔راجگی۔

اُپکشن۔سہارا۔شک۔مکر۔فریب۔ذریعہ۔تاکنا۔

اَپکش۔(اَنفی کا) بے بال و پر۔بے یار و مددگار۔بے پناہ۔
بے اعانت۔غیر محفوظ۔

اَپکوہ۔(اَنفی کا) کچا۔ناپختہ۔خام۔

اُپگا۔ندی۔دریا۔

اُپگت۔وعدہ کیا گیا۔اقبال کیا گیا۔مقبول۔نزدیک لایا ہوا۔
حاصل کیا ہوا۔چسپاں۔موعود۔منظور۔

اُپگرہ۔بندی۔قیدی۔محبوس۔مقید۔ترغیب۔اعانت۔
ہمت افزائی۔کرۂ ارض کے گرد پھرنے والے سیارے
جیسے چاند جو دنیا کا (اُپگرہ) ہے۔

اُپگم۔رضامندی۔وعدہ۔قربت۔تعلق۔معاملہ۔

اُپل۔چٹان۔جوہر۔گوہر۔زیور۔ایک قیمتی پتھر۔

اُپلبدھ۔حاصل کیا ہوا۔تجربہ کیا ہوا۔فائدہ۔

اُپلَسٹ ۔ سنگ مرمر۔

اَپلَو ۔ نہانا غسل۔

اُپمَا ۔ } مشابہت۔ تشبیہہ۔ مماثلت۔ قیاس۔ مطابقت۔
اُپمَان ۔ } برابری۔ ہمسری۔ نظیر۔ مثال۔ تمثیل۔ استعارہ۔
مشبہ بہ۔ مقابلہ۔ مثنیٰ۔ جواب۔ وہ طرز دلیل جس میں سے
کام لیا جائے۔ ایک صنعت شعری کا نام۔

اُپماتا ۔ دودھ پلانے والی عورت۔ دایہ۔ نرس۔

اَپمَان ۔ } بے عزتی۔ بے اعتباری۔ بے توقیری۔ بے قدری۔
اَوْمَان ۔ } ذلیل۔ ہتک۔ عزت ریزی۔ حقارت۔ خفت۔
ذلت۔ توہین۔

اَپمپَرا ۔ بے انتہا۔ بے حد۔

اُپمِت ۔ مشابہت۔ مماثلت۔ عکس۔ تصویر۔ شبیہہ۔ مقابلہ۔

اُپ نَام ۔ لقب۔ عرف۔ تخلص۔ خاندانی نام۔ چھوٹا نام۔

اَپنَایَت ۔ رشتہ داری۔ خویشی۔ قرابت۔

اَپنَا ۔ اپنا۔ اپنے آپ کو۔ واضح ہو کہ اس کا استعمال حالت
مفعولی میں ہوتا ہے۔

اَپَنتھ ۔ (انفی کا) گمراہی۔ ضلالت۔ کفر۔ بدعت۔ راہ بد۔
غلط راستہ۔ الحاد۔

اَپَنتھی ۔ (انفی کا) گمراہ۔ راہ گم کردہ۔ کافر۔ ملحد۔

اُپندھِی ۔ دفینہ۔

اُپنِشد ۔ وید کا آخری حصہ یا بیدانت شاستر جس میں
علم معرفت کا بیان ہے۔ بید کے نظری
و استدلالی حصص۔ کلام توحید۔ کلام ربانی۔
تصوف۔

اُپنگ ۔ ایک قسم کا باجا۔

اُپنے ۔ } جگیوپوت۔ رسم زنار بندی جو ہندوؤں کے ابتدائی
اُپنَین ۔ } تین فرقوں میں رائج ہے۔ جنیو پہننا۔ نزدیک جانا۔
مہیا کرنا۔ کام میں لانا۔

اُپنیاس ۔ نصیحت۔ ذکر۔ لکچر۔ کہنا۔ بولنا۔

اَپنِیت ۔ ہٹایا گیا۔ دور کیا گیا۔

اُپنیت ۔ جس کی رسم زنار بندی ادا کی جا چکی ہو۔ نزدیک آیا ہوا۔

اُپنیتر ۔ چشمہ۔ عینک۔

اَپنیہ ۔ بے فیض۔ تنگدلی۔ غیر مقدس۔ لا مذہب۔ تحریر۔

اَپواد ۔ (اَپباد) بدنامی۔ ملامت۔ الزام۔ نالش۔ شکایت۔
دشنام۔ برائی۔

اَپوادی ۔ (اَپبادی) بدنام کرنے والا۔ شاکی۔ مدعی۔ مخبر۔
فریادی۔ داد خواہ۔

اُپواس ۔ (اُپباس) برت۔ اُپاس۔ روزہ۔ فاقہ۔ ایک
خاص عرصہ تک عبادتاً بھوکے رہنا۔

اَپواہن ۔ ایک ملک سے دوسرے ملک میں جا کر بسنا۔

اُپوِت ۔ (اُپبیت) جنیو۔ زنار۔

اَپُوت ۔ (انفی کا) لاولد۔ ناخلف۔ خلف۔ ناپاک۔

اَپوِتر ۔ (اَپبِتر) انفی کا۔ ناپاک۔ ناصاف۔ غیر خالص۔
غلیظ۔ میلا۔ نجس۔

اَپوِترتا ۔ (اَپبترتا) انفی کا۔ ناصافی۔ ناپاکی۔ نجاست۔

اَپُوت ۔ (انفی کا) پاک۔ خالص۔ بے میل۔

اَپوج ۔ (انفی کا) وہ جو لائق پرستش نہ ہو۔

اَپوجک ۔ (انفی کا) ناخدا ترسی۔ بے دینی۔ لا مذہبی۔

اُپودگھات ۔ آغاز۔ ابتدائی بیان۔ دیباچہ۔ انجام۔

اَپورُش ۔ (انفی کا) بے ہمت۔ نامرد۔ بزدل۔

اَپُورگ ۔ چھٹکارا ۔ نجات ۔ رستگاری۔

اَپُورُن ۔ (اَنفی کا) ناتمام ۔ ناکمل ۔ ناقص ۔ ادھورا ۔
نہ بھرا ہوا ۔ کسر ۔ جز۔

اَپُورن بھُوت کال ۔ ماضی ناتمام۔

اَپُورْوَہ ۔ (اَنفی کا) جو پہلے نہ دیکھا گیا ہو ۔ لاثانی ۔ انوکھا ۔
غیر معمولی ۔ نادر ۔ اعلیٰ ۔ نیا ۔ مشہور ۔ جو پہلے واقع نہ ہوا ہو ۔
جو پہلے سنا نہ گیا ہو ۔ عجیب و غریب ۔ بے نظیر۔

اُپوشٹ ۔ تخت پر بیٹھا ہوا۔

اُپوَن ۔ (دبن) خانہ باغ۔

اُپویت ۔ جینو ۔ زنار۔

اُپوید ۔ (بید) چار بیدوں کے سوائے بید یعنی آیر بید ۔
دھنر بید ۔ گاندھرو بید ۔ ستھاپتیہ بید۔

اَپَہ ۔ سے نقصان ۔ نہیں ۔ فرق ۔ پوشیدہ ۔ الگ ۔ اُلٹا ۔ خلاف ۔
برا ۔ زیادہ ۔ بری طرح سے۔

اُپَہ ۔ قریب ۔ پاس ۔ برابر ۔ چھوٹا ۔ کم ۔ زیادہ ۔ ابتدا ۔ آغاز ۔
عزت ۔ شروع ۔ بربادی۔

اَپہا ۔
اَپہنتا ۔ } مار ڈالنے والا ۔ قاتل ۔ مجرم۔

اُپہار ۔ بھینٹ ۔ نذر ۔ ملاقات ۔ تحفہ ۔ پوجا ۔ مذہبی احترام ۔

اَپہاری ۔ ہرنے والا ۔ لے جانے والا ۔ جبر سے لینے والا۔

اُپہاس ۔ ہنسی ۔ ٹھٹھا ۔ دل لگی ۔ کھیل ۔ تماشا۔

اُپہاسیہ ۔ ہنسنے کے قابل ۔ ہجو کرنے کے لایق۔

اُپھان ۔ جھاگ ۔ پھین ۔ کف ۔ اُبال ۔ جوش۔

اَپَہ بھاشا ۔ گنواری بولی۔

اَپَہ بھرنش ۔ بگڑا ہوا لفظ ۔ گنواری بول چال ۔ صرف دھو کے

اُپَہ بھکت ۔ تجربہ کیا ہوا ۔ اختیار میں لیا ہوا۔

اُپَہ بھوگ ۔ ذائقہ دیکھنا ۔ لذت پانا۔

اَپَہ بھئے ۔ بے خوف ۔ نڈر۔

اُپَہ پاون ۔ حکمت سے بدست کرنا۔

اُپَہ پتی ۔ حکمت ۔ لیاقت ۔ ترود ۔ نظیر ۔ ثبوت

اُپہت ۔ نقصان ۔ آفت ۔ صدمہ ۔ مار ۔ ضرب ۔
ناپاک چیز ۔ بگڑا ہوا۔

اُپَہ جیوکا ۔ } وجہ معاش ۔ ذریعہ معاش ۔ گزر اوقات ۔ کفاف ۔
اُپَہ جیون ۔ } روزی ۔ رزق ۔ پیشہ ۔ کسب ۔ تدبیر زندگی۔

اُپَہ جیوی ۔ دوسروں کے سہارے زندگی بسر کرنیوالا ۔ آسرگیر۔

اَپَہ چار ۔ بدہضمی ۔ قصور ۔

اَپَہ چے ۔ ٹوٹا ۔ گھاٹا ۔ نقصان ۔ گرنا۔

اُپَہ ورشن ۔ شرح ۔ تفسیر

اُپَہ دشا ۔ کونا ۔ گوشہ۔

اُپَہ دِشٹ ۔ جس کو اپدیش کیا گیا ہو ۔ وہ بات جو
یقین کی گئی ہو۔

اُپَہ دھات ۔ ایک قسم کی ہلکی دھات ۔ ادنیٰ معدن ۔
جسم کی ادنیٰ رطوبت۔

اُپَہ دھان ۔ وہ جس پر کوئی امر منحصر ہو ۔ تکیہ ۔ مسند ۔ محبت ۔
مہربانی ۔ فرض مذہبی ۔ زہر۔

اُپَہ دیش ۔ ہدایت ۔ نصیحت ۔ تعلیم ۔ تربیت ۔ فہمائش ۔
ہدایت ۔ مشورت ۔ رائے ۔ صلاح ۔ وعظ ۔ خطبہ ۔ تدبیر ۔
رہنمائی کرنا ۔ چیلا بنانا ۔ حلقۂ مریدی میں لینا۔

اُپَہ دیشک ۔ } تعلیم دینے والا ۔ نصیحت کرنے والا ۔ ناصح ۔
اُپَہ دیشی ۔ } مرشد ۔ مشاور ۔ مدبر ۔ مشیر۔

اَپہرِت ۔ چھین لیا گیا ۔ چھینی ہوئی چیز ۔ چرائی ہوئی چیز ۔

اَپہرتا ۔ ڈاکو ۔ چور ۔ قزاق ۔

اَپہرَن ۔ چھین لینا ۔ لُوٹنا ۔ چُرانا ۔ رہزنی کرنا ۔ قُرقی ۔

اَپہرتا ۔ چور ۔ دزد ۔ رہزن ۔

اُپہ سَرگ ۔ وہ کلمہ جو مادّے سے پہلے ملحق کیا جائے ۔ جیسے (سنہار) یعنی ہار کے معنے لینے کے ہیں (سَم) کے لگانے سے مار ڈالنے کے معنے ہوتے ہیں حرف جار ۔

اَپہ سَرَن ۔ چلے جانا ۔ روانگی ۔

اَپہ سَوْیَہ ۔ اُلٹا ۔ ناراست ۔ برخلاف ۔ وایاں ۔ چپ ۔ جسم کا دہنا حصّہ ۔

اُپہ شانت ۔ بالائی یا بیرونی سکون یا تسکین ۔ اطمینان ۔

اَپہ شبد ۔ بُرا لفظ ۔ وہ کلام جو نحو کے قاعدے کے خلاف ہو ۔ بے قاعدہ زبان ۔ مکروہ آواز ۔ ایسا لفظ بے معنی ہو ۔ تابع مہمل ۔ گالی ۔ دشنام ۔ گوز ۔

اَپہ شکُن ۔ بُرا شگون ۔ فال بد ۔ بُرائی جتلانے والا ۔

اَپہ کار ۔ بُرائی ۔ نقصان ۔ بدی ۔ ضرر ۔ ہرج کار ۔ مزاحمت ۔

اُپہ کار ۔ احسان ۔ دستگیری ۔ مدد ۔ امداد ۔ اعانت ۔ حمایت ۔ بھلائی ۔ خیر خواہی ۔ فیاضی ۔ احسان ۔ نیکی ۔ انصاف ۔ سرپرستی ۔

اَپہ کاری ۔ نقصان کرنے والا ۔

اُپہ کرانت ۔ شروع کیا گیا ۔ آغاز کیا ہوا ۔

اُپہ کرِت ۔ جس پر احسان کیا گیا ہو ۔

اَپہ کرشَن ۔ نیچائی ۔ چھٹائی ۔ خوردی ۔ کھینچنا ۔

اُپہ کرم ۔ بُرا کام ۔ کار بد ۔ نامناسب حرکت ۔

اُپہ کرَن ۔ تدبیر ۔ اسباب ۔ نشان یا علامت شاہی ۔ آلات ۔

اَپہ کرُوشْ ۔ عیب لگانا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔

اَپہ کَلَنک ۔ وہ بے عزتی جو مٹ نہ سکے ۔ لازوال خواری ۔ ابدی ذلت ۔

اَپہ کیرت ۔ بدنامی ۔ رسوائی ۔ ذلت ۔ اہانت ۔

اَپہ کیرتی ۔ بدنامی ۔ رسوائی ۔ عیب ۔ بُرائی ۔

اَپہ گتی ۔ بُری حالت ۔ بربادی ۔

اَپہ گھات ۔ مار ڈالنا ۔ قتل کرنا ۔

اَپھَل ۔ (اَنفی کا) بے پھل ۔ بے ثمر ۔ بیکار ۔ بے نتیجہ ۔ بے فائدہ ۔ اُوسر ۔ بنجر ۔ ویران ۔ کم خیز ۔ فضول ۔

اَپھلاّ ۔ کلی ۔ غنچہ ۔ اُداس ۔ مغموم ۔

اُپہ لبدھ ۔ تجربہ میں آیا ہوا ۔ مجرّب ۔

اُپہ لبدھی ۔ تجربہ ۔ امتحان ۔ حاصل ۔ ملنا ۔

اُپہ لپت ۔ پلستر کیا ہوا ۔ لیپا ہوا ۔ لیسا ہوا ۔

اَپھلت ۔ (اَنفی کا) وہ درخت جسے پھل نہ لگے ہوں ۔ درخت بے ثمر ۔ بے نتیجہ ۔

اَپہ لَج ۔ بے شرم ۔ بے حیا ۔ بے تمیز ۔ بے غیرت ۔ بے عصمت ۔ بے باک ۔ گستاخ ۔ شوخ ۔

اَپہ لجاّ ۔ بے شرمی ۔ بے حیائی ۔ بدتمیزی ۔ شوخی ۔

اُپہ لَکشَن ۔ (لچھن) شگون بد ۔ عادت بد ۔ فال بد ۔

اُپہ لکش ۔ } منشا ۔ ارادہ ۔
اُپہ لکشیہ ۔ }

اَپہ لوک ۔ بدنامی ۔

اُپہ لیپ ۔ پلستر کرنا ۔ لیپ لگانا ۔ ضماد کرنا ۔ لیپنا ۔

اَپہ مان ۔ بے عزتی ۔

اَپہ مرتیو ۔ بے وقت موت ۔ مرگ بے ہنگام ۔ ناگہانی موت ۔

اُتّرا اشاڑھ - چاند کی اکیسویں منزل کا نام۔

اُترایَن - شمالی نصف سال جبکہ آفتاب خط استوا کے شمال میں رہتا ہے یعنی ماگھ کے مہینے سے اساڑھ تک کے چھ مہینے۔

اُتر بھوان - عزت کے قابل۔ قابل پرستش۔ اعلیٰ۔

اُتّر بھادو رپد - چاند کی اٹھائیسویں منزل کا نام۔

اُترپت - (انفی کا) ناخوش۔ ناراض۔ بھوکھا۔

اُترپتی - (انفی کا) ناخوشی۔ ناراضی۔

اُتّر پرتیتر - جواب الجواب۔ بحث۔

اُتّر پکش - فیصلہ۔

اُتّر پھلگنی - چاند کی بارھویں منزل کا نام۔

اُتر شیہ -

اُتر ستھ - یہیں کا۔ اس جگہ کا۔ یہاں والا۔ یہیں کا رہنے والا۔

اُترشن - (انفی کا) نا امید۔

اُتّر کاری - جواب دینے والا۔ آئندہ کام کرنے والا۔

اُتّر کال - زمانہ آئندہ

اترکت - جدا۔ جداگانہ۔ افضل۔ بڑھا ہوا۔

اترکت - بے سوچے سمجھے۔ بے غور و فکر۔ اچانک۔

اُتّر کریا - جواب دینا۔ تپاؤں کی کریا کرم۔

اترکیہ - ناگفتنی۔ ناقابل غور۔

اِترلوک - دوسرے لوگ۔ دوسری دنیا۔

اُتّر میمانسا - وہ موخر میماسا جو ویدوں کا ضمیمہ ہے۔

اُتّروتّر - آگے آگے۔ پیش پیش۔ بعید البعید۔ یکے بعد دیگرے جواب الجواب۔

اُتروگ - (اتی سخت) مجازاً مرض دق سل۔

اُتّرہ بھوان - معزز۔ قابل عزت۔ قابل پرستش۔

اُتّر ہری - بادشاہی۔

اُتری - سات رشیوں میں سے ایک رشی کا نام جو برہما کا بیٹا ہے۔

اِتریتر - جدا جدا۔ الگ الگ۔ آپس میں۔ باہم۔

اُتّریہ - اُتر دیش کا رہنے والا۔ اوپر کا کپڑا۔ دوپٹا۔

اُتسادن - تتر بتر کرنا۔ برباد کرنا۔

اَتسار - (اتی نہایت) پیچش۔ اسہال۔

اُتساہ - خوشی۔ شادمانی۔ جشن۔ ہمت۔ حوصلہ۔ کوشش۔ تردد۔ ایام معینہ میں کوئی جلسہ یا کار نیک کرنا۔

اُتساہت - صاحب ہمت۔ حوصلہ مند۔ مسرور۔ بشاش۔

اُتساہی - کوشش کرنے والا۔ خوش۔ مسرور۔ باہمت شخص۔

اُتسرگ - دنیا۔ ترک کرنا۔ مخصوص کرنا۔ قاعدہ یا نصیحت خیرات۔

اُتسک - نہایت خواہشمند۔

اُتسنگ - گودی۔ ران۔ دامن کوہ۔ چھت۔ سقف۔

اُتسو - تیوہار۔ عید۔ جشن۔ جلسہ۔ سرور۔ شادمانی۔ پوجا۔ عام طور پر خوشی کا اظہار کرنا۔ جیسے بیاہ۔ ناچ وغیرہ۔ نیز بمعنی غضب۔ غصّہ۔ بے صبری۔

اُتسوجنک - خوشی کا دینے والا۔ مسرّت بخش۔

اَتسی - سن۔ السی۔

اُتشٹی - (انفی کا) ناخوش۔ ناراض۔

اِتنک - اتنا۔ اس قدر۔

اَتکا - بہت زیادہ۔ فراواں۔

اَتکا - بڑی بہن۔

اَتکائے - غیر معمولی قد کا۔ دیو پیکر۔

اُتکٹ - جلد - مخمور - مدہوش - دیوانہ - سخت - ناقابل برداشت
ناقابل حصول - غرور - متکبر - تیز - سخت - زیادہ -
بکثرت - غصہ ور
اُتکرش - اعلیٰ - عمدہ - زیادہ - فضیلت - ترجیح - امتیاز -
اُتکرشٹ - سب سے اچھا - عمدہ - بڑا - خوب - نایاب - افضل
اُتکنٹھا - نہایت خواہش - نہایت آرزو - لالچ - چاہ - ارمان
فکر - رنج - پریشانی -
اُتکنٹھت - نہایت خواہشمند - ازبس آرزومند - متمنی - بیچین
بے قرار - مغموم -
اُتکیرن - کھودا ہوا - کندہ -
اَتل - (نفی کا) جس کا پیندا نہ ہو - اتھاہ - گول - بے تاہ -
پاتالوں کے سات طبقوں میں سے پہلا طبقہ -
اَتُل - (نفی کا) ناسنجیدہ یعنی نہ تولا ہوا - جو تولا نہ جائے -
اَتلیہ - جس کی برابری نہ ہو سکے - بے اندازہ - سب سے اعلیٰ -
بے نظیر - بے شمار - عدیم المثال - بے حساب -
بے حد - بے انتہا - لاثانی - بے نظیر -
اَتلت - (نفی کا) جو تولا نہ گیا ہو - بے اندازہ - بیحد -
اَتلہ رنیہ - بہت - زیادہ - بے جوڑ - لاثانی -
اَتلیہ - لاثانی - بے نظیر - بے مثال -
اُتم - اعلیٰ - افضل - سب سے اچھا - عمدہ - بھلا - بہتر -
نیک - اول - پہلا - بڑا - خوب - خاص - لطیف -
شریف - اعظم -
اُتما - اچھی عورت -
اُتمانگ - جسم اعلیٰ یعنی سر - راس -
اُتم پد - (اُتم اعلیٰ) مرتبہ اعلیٰ - درجۂ اعلیٰ -

اَرتمت - بے اندازہ - بہت - زیادہ -
اُتمتا - فضیلت - ترجیح - بڑائی -
اُتموتّم - اعلیٰ سے اعلیٰ - عمدہ ترین -
اَتن - (نفی کا) بے جسم والا - موٹا - کامدیو کا لقب -
اَتند - دبلا - لاغر -
اَتندرت - چست - چالاک -
اُتنگ - اونچا - بلند - عالی -
اَتنو - (نفی کا) بے جسم والا - موٹا - کامدیو کا لقب -
اِتو - اسقدر -
اِتوار - روز یکشنبہ - یوم الاحد -
اَتوار - (بار) اکثر - بار بار - مکرر - عموماً -
اَتواس - سخت روزہ جو بعض مواقع میں رکھا جاتا ہے -
اَتوش - تریاق -
اُتولن - تولنا - اوپر کو اٹھانا -
اَتوییِ - فضول خرچ - مُسرف -
اَتھہ - یہاں سے - اِس طرف سے - اِس طرح سے - اِس وجہ سے
اِس کے پیچھے - اِس سے - اِس لئے - لہذا -
اَتھ - اب - اِس وقت - اِس طرح سے - اِس وجہ سے - اِس سے
ایسا - اِس لئے - پھر - آیندہ - مزید براں - یہاں سے -
اس کے بعد - پس ایسا ہی ہو - واضح ہو کہ یہ لفظ تبرکاً
کتاب کی ابتدا میں بھی لکھا جاتا ہے -
اُتھاپن - اُٹھانا - اُٹھا کر رکھنا - اُچھالنا - کوشش کرنا -
خوشی - سرور -
اِتہاس - کہانی - داستان - قصہ - تواریخ -
اُتھان - اوپر اٹھانا - نیند سے بیدار ہونا - بیداری - سعی -

کوشش۔ جانفشانی۔ بڑائی۔ خوشی۔

اَتھانا ۔ ڈوبنا۔ غروب ہونا۔

اَتھاہ } (اَ نفی کا) جسکی تھاہ نہ ہو۔ بہت گہرا۔ بہت عمیق۔ بے پایاں
اَگادھ } قعر۔ بے انتہا۔ بیحد۔

اَتھاین۔ تفریح کا وہ مقام جہاں اکثر لوگ جمع ہوتے ہوں۔

اَتھائی۔ مجلس۔

اَتہ پر ۔ یہاں سے۔ اس کے آگے۔ اس کے بعد۔

اَتھت۔ (اَ نفی کا) ناپائدار۔ غیر مستقل۔ بے قرار۔ بے قیام۔ بے ثبات۔ چنچل۔ متلون۔

اَتھچ ۔ اور۔ اور بھی۔

اَتھر ۔ (اَ نفی کا) جو قائم نہ ہو۔ متحرک۔

اَتھرو }
اَتھروَن وید } (بید) چوتھے بید کا نام۔ شیوجی کا لقب۔

اَتہ ایو۔ اس لئے۔ اسی وجہ سے۔ اسی باعث۔ اس واسطے۔ اس سبب سے۔ پس۔

اَتھل ۔ غیر مستقل۔ غیر قائم۔ بے ثبات۔ ناپائدار۔ بیقرار۔ تلون مزاج۔

اُتھل۔ وہ جس میں کم گہرائی ہو۔ سطحی۔

اُتھل پتھل۔ اُلٹا پلٹا۔ تلے اوپر۔

اِتھم ۔ اس طرح۔ ایسا۔

اُتمانگ۔ جسم اعلیٰ۔ پیشانی۔ سر۔

اُتمرن ۔ قرض دینے والا۔

اَتھمنا ۔ غروب آفتاب۔ مغرب۔

اَتھوا ۔ یا۔ اور بھی۔ کہ۔ ورنہ نہیں تو۔ اسیطرح۔ دیگرگوں۔

اَتی ۔ بہت۔ زیادہ۔ کثرت۔ زیادتی۔ بڑا۔ نہایت۔ بزرگ۔ حد سے باہر۔ بیتا ہوا۔ گزرا ہوا۔ پار۔ واضح ہو کہ جس لفظ کے پہلے یہ لفظ آتا ہے وہاں اپنے سے زیادہ کے معنی دیتا ہے۔

اِتی ۔ اس قدر۔ اتنا۔ اس طرح۔ ایسا۔ یہاں تک۔ پورا۔ لہذا۔ اس واسطے۔ سوائے اس کے۔ زیادہ چہ۔ تمام۔ واضح ہو کہ اکثر یہ لفظ خط و کتابت یا کتاب کے آخر میں خاتمہ ظاہر کرنے کے لئے لکھا جاتا ہے۔ جیسے فارسی میں فقط۔ اور عربی میں تمت لکھا جاتا ہے۔ ختم۔

اَتیاجیہ ۔ (اَ نفی کا) نہ چھوڑنے کے قابل۔

اَتیاچار۔ وہ کام جو مذہب کے خلاف ہو۔ بدچلنی۔ ناانصافی۔ ظلم۔ گنہ۔ بدعت۔ ڈھونگ۔

اَتیاچاری۔ احکام مذہبی سے انحراف کرنے والا۔ بدچلن۔ بدکار۔ ظالم۔ پاکھنڈی۔

اِتیادو ۔ وغیرہ۔ اس کے سوا۔

اِتیادک ۔ اوروں کے مانند۔

اِتیادی ۔ اس سے لیکر اور سب۔ وغیرہ۔

اَتیاوشیک ۔ بہت ضروری۔ اشد ضروری۔

اَتیاہاری۔ (اَتی زیادہ) زیادہ کھانے والا۔

اَتییپ ۔ موت۔ مرگ۔ فنا۔ سزا۔ قصور۔

اَتیپات ۔ گڑبڑ۔ تکلیف۔ رکاوٹ۔ بیقاعدہ۔ الٹ پلٹ۔

اَتیپاتک ۔ گناہ عظیم۔

اَتیپرسنگ ۔ یاوہ گوئی کرنا۔ مکرر کہنا۔ واضح طور پر کہنا۔

اَتیپنتھ ۔ شاہراہ۔ بڑا راستہ۔

اَتیت ۔ وہ مہمان جس کے آنے کا کوئی دن یا وقت مقرر نہو۔ مسافر۔ سیاح۔ زائر۔ تپشی۔ گذشتہ۔ گزرا ہوا۔ بیتا ہوا۔

علیحدہ۔ جُدا۔ اگلا۔ باہر۔ الگ۔ آزاد۔ مُردہ۔
اَتیتْ کَالْ۔ گزرا ہوا زمانہ۔ زمانہ ماضی۔
اَتی تھی۔ مسافر۔ سیاح۔ مہمان۔ سادھو۔ یوگی۔ سنیاسی۔
اَتی تھی پُوجا۔ مہمان داری۔ مہمان نوازی۔
اَتی تھی شالا۔ دھرمشالہ۔ مسافرخانہ۔
اَتی تیکشن۔ نہایت تیز۔ نہایت گرم۔ نہایت غصہ ور۔ بہت ترش۔
اَتی تیور۔ (تیبر) نہایت جلد۔ بہت تیز۔
اَتیجا۔ (اَنفی کا) بے رونق۔ کاہل۔
اُتّیجت۔ آمادہ کیا ہوا۔ بڑھاوا دیا ہوا۔ خوف دلایا ہوا۔ دھمکایا ہوا
اُتّیجک۔ دھمکانے والا۔ آمادہ کرنے والا۔
اُتّیجنا۔ اُکسانا۔ بھڑکانا۔ پریشان کرنا۔ تحریک دینا۔
اشتعالک دینا۔ ڈرانا۔
اَتی جو۔ زُودرو۔
اَتی جیرن۔ (اَتی نہایت) بہت کہنہ۔ بہت بوڑھا۔
ازبس فرسودہ۔ فرتوت۔
اَتیاچار۔ شاستر کے احکام کے خلاف چلنے والا۔ ظالم۔ ظلم۔ گناہ۔
اُتّیتم۔ (اَتی بہت) بہت اچھا۔ نہایت عمدہ۔
اَتی داہ۔ (اَتی نہایت) نہایت گرمی۔ سخت جلن۔ سخت سوزش۔
ہولناک شعلہ۔ نہایت تشنگی۔
اَتی دُشکر۔ (اَتی نہایت) نہایت مشکل۔ ازبس محال۔
اَتی دین۔ (اَتی نہایت) بہت غریب یا محتاج۔ ازبس
پریشان حال۔
اَتیرتھ۔ کشادہ۔ زیادہ۔ بے حد۔ بے انتہا۔ بہت۔
اَتی رتھ۔ (اَتی بڑا) بڑا جنگ آور۔
اَتی رتھی۔ (اَتی بڑا) رتھ پر چڑھ کر لڑنے والا۔ جو تنہا بہتوں

اَتی رکت۔ سوائے۔ علاوہ۔ بجز۔ بقیہ۔ جُدا۔ الگ۔ نیارا۔
زیادہ۔ کثرت۔ بسیار۔ چھوڑ کر۔
اُتّیرن۔ رہائی پانا۔ عبور کرنا۔ کامیاب ہونا۔ نجات پانا۔
اَتی ریک۔ زیادتی۔ کثرت۔
اَتی سار۔ (اَتی نہایت) مرض پیچش۔
اَتی سُتھول۔ (اَتی بہت) بہت موٹا۔
اَتی سنچیہ۔ (اَتی نہایت) جمع کثیر۔ بڑا ڈھیر یا انبار۔
اَتی سُندر۔ (اَتی نہایت) نہایت خوبصورت۔ ازبس حسین۔
اَتی سندھان۔ (اَتی برخلاف) دوستی میں دشمنی کرنا
حکم نہ ماننا۔
اَتی شکت۔ (اَتی نہایت) نہایت طاقت ور۔
بہت زور آور۔ نہایت زبردست۔
اَتی شوبھن۔ نہایت خوبصورت۔
اَتی شیہ۔ } (اَتی نہایت) بے حد۔ بے شمار۔ بہت۔ زیادہ۔
اَتی شئے۔ } نہایت۔ کثرت۔ کشادہ۔
اَتی شیلن۔ (اَتی کثرت) عادت۔ بار بار یاد کرنا۔
اَتی شیوکتی۔ (اَتی بہت) بہت بڑھا کر کہنا۔ نظم کی ایک
بندش کا نام۔
ایتک۔ اُس قدر۔ اِس قدر۔
اَتی کال۔ (اَتی نہایت) دیر۔ درنگ۔ توقف۔ تاخیر۔
عرصہ۔ زمانۂ دراز۔ زمانۂ گزشتہ۔ بُرا وقت۔
اَتی کائے۔ (اَتی بڑا) بڑا جسیم۔ خوفناک ڈیل ڈول والا۔
راون کے ایک بیٹے کا نام جسے لچھمن نے مار ڈالا تھا۔
اُتیکت۔ جو بہت بڑھا کر کہا گیا ہو۔
اُتیکت۔ بکی۔ باتونی۔ لفاظ۔ بہت بولنے والا۔

اَتی کرانت ۔ بڑھ گیا ہوا ۔ پار گیا ہوا ۔ حد سے گزرا ہوا ۔
سبقت پایا ہوا ۔

اَتی کرم ۔ پار ہونا ۔ بڑھ جانا ۔ معمول سے باہر ہونا ۔ ناگھنا ۔
گھیرنا ۔ طریقہ کو توڑنا ۔ بے عزت کرنا ۔ بدکاری ۔ قصور ۔
ظلم ۔ الٹ پلٹ ۔

اَتیکشن ۔ (ا نفی کا) کند ۔ بھدا ۔ جو چالاک نہ ہو ۔

اَتی گت ۔ (اَتی نہایت) بہت بڑا ۔ بہت زیادہ ۔ بے شمار ۔
بے حد ۔ بے انتہا ۔ فراواں ۔ افزوں ۔

اَتی گتی ۔ اچھا انجام ۔ نجات عقبیٰ ۔

اَتیگر ۔ (اَتی نہایت) ازبس غصہ ور ۔ نہایت سخت دل ۔

اَتی ماتر ۔ بہت ۔ زیادہ ۔

اَتی مانش ۔ (اَتی زیادہ) زائد از انسان ۔ قدرت انسانی سے باہر

اَتی مِت ۔ (اَتی زیادہ) بے مثال ۔ بے حساب ۔ بہت زیادہ

اَتی موتر ۔ (اَتی زیادہ) سلس البول ۔

اَتیندریہ ۔ جو نظر نہ آئے ۔ جو حواس سے نہ معلوم ہو سکے ۔

اَتینت ۔ نہایت ۔ بہت ہی بہت ۔ بسیار ۔ کثرت ۔ زیادہ ۔
بے حد ۔ لاتعداد ۔ سب سے پرے ۔ سب سے علیحدہ ۔
ناپیدا کنار ۔

اَتیو ۔ زیادہ ۔ نہایت ۔ بیحد ۔

اَتی واد ۔ کھری بات ۔ سچی بات ۔ کڑوی بات ۔ سخت کلام ۔
ڈینگ ۔ جھگڑا ۔

اَتی وار ۔ (بار ۔ اَتی زیادہ) بار بار ۔ کئے بار ۔ اکثر ۔

اُتیوجت ۔ اُکسایا ہوا ۔ بھڑکایا ہوا ۔ اشتعال دیا ہوا ۔

اَتی ورت ۔ قصہ ۔ کہانی ۔ حکایت ۔ تواریخ ۔

اَتی ورشٹی ۔ (اَتی نہایت) کثرت باراں ۔

اَتی وکتا ۔ (اَتی زیادہ ۔ بکتا) بہت بکنے والا ۔ یاوہ گو ۔
بسیار گو ۔ باتونی ۔ بکی ۔

اَتی وکترو ۔ بہت بولنے والا ۔

اَتی وِکٹ ۔ (اَتی زیادہ ۔ بکٹ) بھیانک ۔ خوفناک ۔
نہایت سخت ۔

اَتی ویل ۔ نہایت دیر کر کے ۔

اَتی ویلا ۔ (اَتی زیادہ) دیر تعویق ۔

اِتی ہاس ۔ حالات گزشتہ ۔ تواریخ ۔ داستان ۔ حکایت ۔ فسانہ
کہانی ۔ روایت ۔ ماجرا ۔ سرگزشت ۔

اَتی ہاس ۔ (اَتی زیادہ) خندۂ بلند ۔ قہقہہ ۔

اَتیہہ ۔ لاثانی ۔ بے مثال ۔ بے جوڑ ۔ نرالا ۔

اَتی یُکتی ۔ بہت بڑھا کر کہنا ۔ جھوٹی تعریف کرنا ۔ ایک النکار کا
نام ۔ مبالغہ ۔

اَتی یوگ ۔ (اَتی نہایت ۔ جوگ) نہایت پسندیدہ ۔ نہایت
مقبول ۔ ازبس قابل ۔ نہایت لائق ۔ بہت مستحق ۔

اَتْیَیہ ۔ ختم ۔ فنا ۔ قصور ۔ گناہ ۔

اُٹ ۔ تنکا ۔ پتّا ۔ برگ ۔

اَٹ ۔ اٹاری ۔ بام ۔

اَٹا ۔ اٹاری ۔ بالاخانہ ۔

اَٹا ۔ ڈھیر ۔ انبار ۔ تودہ ۔

اَٹار ۔
اَٹاری ۔ } بالاخانہ ۔ کوشک ۔

اَٹال ۔ ڈھیر ۔ انبار ۔ ذخیرہ ۔ گھاس وغیرہ کی گری ۔

اَٹالا ۔ خانہ داری کا مختلف اسباب ۔ سامان ۔ ڈھیر ۔ گرہستی کا
بکھیڑا ۔ کھٹلا ۔

اَٹاٹِکَا ۔ اٹاری ۔ بالاخانہ ۔ بام ۔ کوٹھا ۔
اَٹانا ۔ مقرر کرنا ۔ بھرنا ۔ حاصل کرنا ۔ جوڑا ۔
اَٹ پٹ ۔ ٹیڑھا ۔ بانکا ۔ سخت ۔ جاہل ۔ عجیب ۔ بے ٹھکانا ۔ مشکل ۔ پیچیدہ ۔ اُلٹا سیدھا ۔ گرتا پڑتا ۔
اَٹپٹی ۔ ترچھی ۔ ٹیڑھی ۔
اُٹج ۔ پتوں سے بنا ہوا گھر ۔ منیوں کے رہنے کا گھر ۔
اَٹ سٹ ۔ جوڑ توڑ ۔ لین دین ۔ سازش ۔ فضول بات ۔
اَٹک ۔ (اَنفی کا) روک ۔ رکاوٹ ۔ آڑ ۔ مزاحمت ۔ ایک مشہور دریا کا نام جسے دریائے سندھ کہتے ہیں ۔
اَٹکھیلی ۔ کھلاڑی ۔ چنچل ۔ شوخ ۔
اَٹل ۔ (اَنفی کا) جو ٹالے نہ ٹلے ۔ لاجنب ۔ ثابت قدم ۔
اَچل ۔ قائم ۔ غیر متغیر ۔ غیر متحرک ۔ غیر متبدل ۔ مضبوط ۔ پائدار ۔ صفت باری تعالیٰ ۔
اَٹم ۔ ڈھیر ۔ انبار ۔ تودہ ۔
اَٹمبر ۔ لوگوں کا مجمع ۔ بھیڑ ۔ قوم ۔
اَٹن ۔ آوارہ گردی ۔ گشت ۔ چلن ۔ پھرن ۔ حرکت ۔ گھوم ۔ سفر ۔ پھرنا ۔ چلنا ۔ گھومنا ۔ اٹاری ۔
اَٹنا ۔ سمانا ۔ بھر جانا ۔
اَٹنک ۔ روک ۔ بازداشت ۔
اَٹنی ۔ نوک پیکان ۔
اَٹول ۔ اٹاری ۔
اَٹوی ۔ بن ۔ جنگل ۔ ویرانہ مقام ۔ درندوں کے رہنے کی جگہ ۔
اَٹھاس ۔ زور کی ہنسی ۔ کھلکھلا کر ہنسنا ۔ قہقہہ مارنا ۔
اَٹھلانا ۔ اینٹھ دکھلانا ۔ اترانا ۔
اَٹھواڑہ ۔ سات دن یعنی ہفتہ ۔ اسبوع ۔

اَٹھوانس ۔ ہشت پہلو ۔ مثمن ۔
اَٹھوتری ۔ ایک سو آٹھ دانوں کی تسبیح ۔
اَٹھوٹھ ۔ ٹھاٹھ ۔ کروفر ۔ پاکھنڈ ۔
اَٹھیل ۔ طاقتور ۔ مضبوط ۔ زور آور ۔
اَٹیرن ۔ چرخی ۔
اَج ۔ وہ جو کسی سے پیدا نہ ہوا ہو ۔ بکرا ۔ بروج فلکی سے ایک برج کا نام ۔ یعنی حمل ۔ برہما ۔ وشنو ۔ شیو ۔ روح ۔ راجہ دشرتھ کے باپ کا نام ۔
اَجا ۔ جو پیدا نہ ہوا ہو ۔ بکری ۔ دُرگا دیوی ۔
اَجات ۔ (اَنفی کا) جو پیدا نہ ہوا ہو ۔ ذات سے خارج خارج الملت ۔ لامذہب ۔
اَجات شترو ۔ جس کا کوئی دشمن نہ ہو ۔ راجہ جدھشٹر کا لقب ۔ شیوجی ۔
اَجاتی ۔ وہ جس نے اپنا مذہب چھوڑ کر دوسرا مذہب اختیار کیا ہو ۔ جس کی کوئی ذات نہ ہو ۔
اَجاجی ۔ زیرہ ۔ کمون ۔
اَجاچک ۔ (اَنفی کا ۔ اَیاچک) نہ مانگنے والا ۔ متمول ۔
اُجاگر ۔ چمکیلا ۔ روشن ۔ ظاہر ۔ عیاں ۔ مشہور ۔ نامور ۔ نامی ۔ صاحب قدرت ۔
اَجامل ۔ ایک بڑے گنہگار برہمن کا نام جو ابتدا میں بڑا پرہیزگار تھا ۔ مگر صحبت بد کی وجہ بڑا بدکار ہو گیا ۔ واضح ہو کہ اس کے بیٹے کا نام (نارائن) تھا ۔ مرتے وقت اپنے بیٹے کا نام لینے سے یعنی (نارائن جو خداوند تعالیٰ کا اسم گرامی ہے) نجات پایا ۔
اَجان ۔ (اَنفی کا) انجان ۔ بے خبر ۔ نادان ۔ جاہل ۔ احمق ۔

اَجانی ۔ (اَ نفی کا) بیخبری۔ نادانی۔ جہالت۔

اَجپا ۔ (اَ نفی کا) جو بولا نہ جاسکے۔ جو جپ کے قابل نہ ہو۔

اَجِت ۔ (اَ نفی کا) جو جیتا نہ جائے۔ غیر مغلوب۔ سب کو جیتنے والا۔ بھگوان۔

اَجر ۔ (اَ نفی کا) جو ہمیشہ یکساں رہے۔ زوال پذیر نہ ہو۔ جو کبھی ضعیف نہو جوان رہے۔ غیر فانی۔

اَجِر ۔ انگنائی۔ آنگن۔ صحن۔ پیشگاہ۔ چبوترہ۔ چوک۔ ہوا۔ جسم۔ مینڈک۔

اَجس ۔ (اَ نفی کا) غیر مشہور۔ ناکام۔ بدنام۔ رسوا۔

اَجسر ۔ لگاتار۔ ہمیشہ۔ روزانہ۔ دائم۔

اَجسی ۔ (اَ نفی کا) جو کبھی فتح نہ پائے۔ بدنام۔

اَجکا ۔ ناچنے والی عورت۔ رقاصہ۔

اَجگت ۔ انوکھا۔ عجیب۔ نرالا۔ حیرت انگیز۔ بے مثل۔

اَجگر ۔ اژدھا۔ اژدر۔ سست۔ کاہل۔

اَجگو ۔ شیوجی کی کمان (دھنش) کا نام۔

اُجَل ۔ سفید۔ ابیض۔ صاف۔ چمکدار۔ روشن۔ خالص۔

اُجلت ۔ روشن۔ آبدار۔ صاف۔ خالص۔ پاک۔

اَجموداَ ۔ اجوائن۔ نانخواہ۔ بزرالبنج۔

اَجن ۔ ہرن یا شیر کا چمڑا جس پر بیٹھکر عبادت کرتے ہیں۔

اَجنم ۔ (اَ نفی کا) ناپیدا۔ نازائیدہ۔

اَجنما ۔ (اَ نفی کا) جس کی مکرر پیدائش نہو۔ جس کی ابتدا نہ ہو۔ دائم۔ لافانی۔

اَجوت ۔ (اَ نفی کا) بے چمک۔ بے نور۔ تیرہ۔ تاریک۔

اُجوت
اُدیوت } روشنی۔ چمک۔ ضیا۔

اَجوگ ۔ (اَ نفی کا) دیکھو (اَیوگ) بے میل۔ بے جوڑ۔ ناموزوں۔

اُجوَل ۔ اُجلا۔ سفید۔ صاف۔ پاک۔ بے میل۔ چمکیلا۔ شفاف۔ روشن۔ منور۔

اُجوَلت ۔ صاف۔ پاک۔ آبدار۔

اُجوَلتا ۔ صفائی۔ روشنی۔ چمک۔

اَجہ ۔ اَزلی۔ برہمہ۔ وشنو۔ شیو۔ راجہ دشترتھ کے باپ کا نام۔

اَجَیہ
اَجے } (اَ نفی کا) جس کی جیت نہ ہوئی ہو۔ غیر فاتح۔ جسے کوئی جیت نہ سکے۔ ہار۔

اِجیا ۔ دان۔ خیرات۔ پوجا۔ پرستش۔ اطاعت۔ جگیہ۔

اَجیت ۔ (اَ نفی کا) جو جیتا نہ جائے۔ غیر مغلوب۔ غیر مفتوح۔ ناممکن التسخیر۔

اَجیرن ۔ (اَ نفی کا) ہضم نہ ہونا۔ بدہضمی۔ بار خاطر۔ نیا۔ جدید۔

اَجیو ۔ (اَ نفی کا) بے جان۔ مردہ۔ غیر ذی روح۔

اَجیوکا ۔ ذریعۂ معاش۔ غذا۔

اَچ ۔ حروف ہجی کے (آ) سے لیکر سولہ حروف کے نام۔ آواز۔ علامت۔ کسی کام کو مخفی طور پر کرنا۔

اُچّ ۔ اونچا۔ بلند۔ اعلیٰ۔ بڑا۔ بھاری۔ معزز۔ لمبا۔ افضل۔ بالا۔ علو۔ چڑھا ہوا۔ نکلتا ہوا۔

اُچاپت ۔ برداشت۔ زیادتی۔ اُدھار۔

اَچاتُریہ ۔ (اَ نفی کا) سستی۔ کاہلی۔ جہالت۔

اُچّاٹ ۔ اُچاٹ۔ بیزار۔ نفور۔

اُچاٹن ۔ اندوہ۔ وحشت۔ اندوہگین کرنا۔ غمگین کرنا۔

اُچّار ۔ تلفظ۔ لہجہ۔ تعریف۔ براز۔

اَچار ۔ آچار ۔ چال چلن ۔ بیوہار ۔ طریقہ ۔

اُچّارَن ۔ تلفظ ۔ لہجہ ۔ بولنا ۔ کہنا ۔ بات کرنا ۔

اُچّان ۔ اونچان ۔ بلندی ۔

اَچانَک ۔ یکایک ۔ یک بہ یک ۔ بے وجہ ۔ قسمت سے

اَچان چَک ۔ } قدرت سے ۔ دفعتاً ۔

اَچپَل ۔ شوخ طبع چنچل ۔ بیقرار ۔ چالاک ۔ تیز ۔

اَچپَل ۔ (اَنفی کا) سُست ۔ کاہل ۔ کُند ۔

اَچپلاہٹ ۔
اَچپلی ۔ } (اَنفی کا) بیقراری ۔ شوخی ۔

اُچِت ۔ زیبا ۔ لائق ۔ واجب ۔ سزاوار ۔ مناسب ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ بہتر ۔ عمدہ ۔ بھلا ۔ اچھا ۔ لائق ۔ معقول ۔ موزوں ۔ بالاتر ۔

اُچّتا ۔ اونچائی ۔ بلندی ۔ لمبائی ۔ اوپر کی ۔

اَچِتانا ۔ پچتانا ۔ افسوس کرنا ۔

اَچَتُر ۔ (اَنفی کا) جو چالاک نہ ہو ۔ سُست ۔ کاہل ۔ غبی ۔ ناداں ۔

اَچَر ۔
اَچَل ۔ } (اَنفی کا) اٹل ۔ مستقل ۔ جو چل نہ سکے ۔ غیر متحرک ۔ ساکن ۔ جامد ۔ قائم ۔ مستحکم ۔ مضبوط ۔ بے جان ۔ پہاڑ ۔ زبان سنسکرت ۔

اَچِر ۔ جلد ۔ فوراً ۔ تیز ۔

اَچَرَج ۔ (آشچرج) تعجب ۔ حیرت ۔ اچمبھا ۔

اُچَرَن ۔ پتنگا ۔ پروانۂ چراغ ۔

اَچَک ۔ اَچانک ۔ یکایک ۔

اِچّک ۔ چاہنے والا ۔ آرزومند ۔ مشتاق ۔

اَچَکش ۔ (اَنفی کا) اندھا ۔ نابینا ۔

اَچِکَن ۔ ناہموار ۔ ناتراشیدہ ۔

اَچگری ۔ دھینگا دھنگی ۔ نامعقول کام ۔ ظلم ۔

اَچَل ۔ (اَنفی کا) اٹل ۔ جو حرکت نہ کرسکے ۔ غیر متحرک ۔ غیر ذی روح ۔ ساکن ۔ مجازاً پہاڑ ۔ کوہ ۔ درخت ۔

اَچلا ۔ (اَنفی کا) غیر متحرک ۔ مجازاً زمین ۔ دنیا ۔

اَچمبھا ۔
اَچرج ۔ } (آشچرج) حیرت تعجب ۔ نئی بات تعجب خیز واقعہ ۔

اَچِن ۔ (اَنفی کا) بے نشان ۔ ناقابل تمیز ۔

اَچنبھا ۔ تعجب ۔ حیرت ۔ نئی بات ۔ تعجب خیز واقعہ ۔

اَچِنت ۔ (اَنفی کا) بے فکر ۔ بے لحاظ ۔ بے خرد ۔ بے پروا ۔

اَچِنتا ۔ بے فکری ۔ بے پروائی ۔

اَچِنتیہ ۔ (اَنفی کا) برتر از قیاس ۔

اَچنچل ۔ (اَنفی کا) غیر متحرک ۔ ساکن ۔ قائم ۔ پائدار ۔ مضبوط ۔ محکم ۔ مستحکم ۔

اَچنڈ ۔ (اَنفی کا) صابر ۔ حلیم الطبع ۔ نیک خو ۔

اُچ نیچ ۔ اونچ نیچ ۔

اَچُوک ۔ (اَنفی کا) ٹھیک ۔ درست ۔

اَچھ ۔ پانسہ ۔ پانسے کے اوپر کے نقطے ۔ ٹھپّہ ۔

اِچھُّ ۔ گنا ۔ نیشکر ۔ گنّے کا رس ۔

اَچھ ۔ صاف ۔ پاک ۔ راضی ۔

اِچھّا ۔ خواہش ۔ مرضی ۔ منشا ۔ چاہ ۔ آرزو ۔ ارادہ ۔ قصد ۔ رغبت ۔ چاہنا ۔

اِچھّاچاری ۔ خودمختار ۔

اَچھّانْس ۔ عرض البلد یا طول البلد کے دائرہ کا (۳۶۰) واں حصّہ ۔

اِچھّانوسار ۔ دلخواہ ۔ خاطر خواہ ۔

اُچھاؤ ۔ } جشن ۔ خوشی ۔ مسرت ۔
اُچھو ۔

اِچھاوتی ۔ زن فاحشہ ۔

اُچھاہ ۔ (اُتساہ) خوشی ۔ فرحت ۔

اَچھت ۔ (اَچھت) بے خطا ۔ بے چوک ۔ قائم ۔ پائدار ۔ وہ چاول جو ادائی رسومات مذہبی کے وقت کام میں آتے ہیں ۔

اِچھت ۔ چاہا ہوا ۔ خواہش کیا ہوا مطلوبہ ۔

اَچھر ۔ (اَکشر) حروف تہجی کا کوئی ایک حرف ۔ آخر لافانی ۔

اَچھرس ۔ گنے کا رس ۔ شیرۂ نیشکر ۔

اَچھدمہ ۔ (اَنفی کا) بے کپٹ ۔ سیدھا سادا ۔

اَچھرنگ ۔ اتہام ۔ تہمت ۔

اَچھروتی ۔ رسم الخط ۔ املا ۔ ایک قسم کی ستار نوازی جس سے کلمات ترانہ کی صدا صاف طور پر ظاہر ہوتی ہے ۔

اُچھشٹ ۔ جھوٹا ۔ بچا ہوا کھانا پس خوردہ ۔

اِچھک ۔ چاہنے والا ۔ خواہشمند ۔ آرزومند متمنی ۔

اِچھن ۔ دیکھنا ۔ نظر کرنا ۔ نظر ۔ آنکھ ۔ بینائی ۔

اُچھن ۔ کٹا ہوا ۔ اکھڑا ہوا ۔ برباد ۔ ویران ۔

اِچھو ۔ گنا ۔ اوکھ ۔ نیشکر ۔

اُچھواس ۔ سانس ۔ اُمید ۔ کتاب کا ایک حصہ ۔ سانس لینا ۔

اَچھوت ۔ (اَنفی کا) جو چھونے کے قابل نہ ہو ۔ ناپاک ۔

اَچھوتا ۔ (اَنفی کا) نہ چھوا گیا ۔ غیر مستعمل ۔ نیا ۔ پاک ۔ محفوظ ۔ دیوتا وغیرہ کی پاک غذا ۔

اَچھوتی ۔ (اَنفی کا) کنواری عورت جسے مرد ہاتھ نہ لگا ہو ۔

اُچھودن ۔ پیچھا کرنا ۔ تعاقب کرنا ۔ شکار کرنا ۔ شکارگاہ ۔

اِچھوسار ۔ کھانڈ ۔ گڑ ۔

اَچھوہنی ۔ وہ لشکر جرار جس میں (۱۰۹۳۵۰) پیدل (۶۵۶۱۰) سوار (۲۱۸۷۰) رتھ اور (۲۱۸۷۰) ہاتھی ہوں ۔

اُچّہ ۔ اونچا ۔ لمبا ۔

اَچھے ۔ (اَنفی کا) غیر فانی ۔ لازوال ۔ قائم ۔

اَچھیتا ۔ (اَنفی کا) پائدار ۔ قائم ۔ ثبات ۔ دوام ۔

اُچھید ۔ خرابی ۔ تباہی ۔ بربادی ۔ فنا ۔ کاٹنا ۔ کترنا ۔

اَچیت ۔ (اَنفی کا) جو کبھی فنا نہ ہو ۔ جو کبھی نابود نہ ہو ۔ غیر فانی ۔ ہمیشہ رہنے والا ۔ اٹل ۔ اچل ۔ پائدار ۔ قائم مستقل ۔ ابدی ۔ برقرار ۔ دائم ۔ وشنو کا ایک لقب ۔

اَچیت ۔ (اَنفی کا) شعور یا علم سے بے بہرہ ۔ بے خبر ۔ بیجان ۔ بے حواس ۔ پژمردہ ۔ بے پروا ۔ جو کبھی نہ ہلے ۔

اَچیت (اَنفی کا) بے ہوش ۔ غافل ۔ بے خرد ۔ بے وقوف ۔ بے لحاظ ۔ بے پروا ۔ سرگشتہ ۔ بے توجہ ۔ سُن ۔

اَچیت ۔ (اَنفی کا) جو کبھی نہ گرے ۔ جو حرکت نہ کرے ۔ قائم ۔

اَچیتا ۔ (اَنفی کا) بے خیال ۔ ناخواستہ ۔ غیر مقصود ۔ بے نقش ونگار یعنی سادہ ۔

اَچیتنیہ ۔ (اَنفی کا) ہر وہ چیز جو متحرک نہ ہو ۔ بے جان ۔

اَچین ۔ (اَنفی کا) بے کل ۔ پریشان مغموم ۔ بے آرام ۔

اُد ۔ } (ضد اَدہ) اوپر ۔ بالا ۔ بر ۔ اونچا ۔ اوپر کی طرف ۔ اونچا کیا ہوا ۔ بڑائی ۔ ترقی ۔
اُت ۔

اَد ۔ } آدھا ۔ نصف ۔ نیم ۔
اَدھ ۔

اُواٹ ۔ اونچا ۔ بلند ۔ بڑا سخی ۔ پیارا ۔ عزیز ۔ تیز ۔ لہجہ ۔

ویدکے ایک تلفظ کا نام جس پر زور دیکر اونچی آواز سے
پڑھا جاتا ہے۔
اُداتا ۔ (انفی کا) نہ دینے والا بخیل۔ حریص۔
اُداتا ۔ کشادہ دل۔ سخی۔ مخیر۔ پیار سے محبت کیا گیا۔
اُدار ۔ (انفی کا) جس کی زوجہ نہو۔ رنڈوا۔
اُدار ۔ داتا۔ دانی۔ سخی۔ فیاض۔ مخیر۔ کشادہ دل۔ بڑا۔ سیدھا۔
اُدارتا۔ } سخاوت۔ فیاضی۔ احسان۔ کرم۔ مخیری۔ کشادہ دلی۔
اُدارتوہ۔
اُداس ۔ متفکر۔ مغموم۔ رنجور۔ سست۔ افسردہ دل۔ ناخوش۔
ناامید۔ غمگین۔ پریشان۔ برخاستہ خاطر۔ بے رونق۔
اُداسی ۔ افسردگی۔ بے رونقی۔ غمگینی۔ ناخوشی۔ تنہائی میں
رہنے والا۔ تارک الدنیا۔ بیراگی۔ فکر۔ رنج۔ فقرا کا
ایک فرقہ جو باباگرونانک کا پیرو ہے۔
اُداسین ۔ خوشی اور غمی میں یکساں۔ بے غرض۔ بے پروا۔
گوشہ نشین۔ سنیاسی۔ بیراگی۔ جوگی۔ زاہد۔ وہ شخص جسکا
تعلق دنیا سے مطلق نہ ہو۔ بن باسی تپسی۔ زاہدوں کا
ایک فرقہ وان پرستھ۔
اُداسینتا ۔ بے تعلقی۔ بے لگاوٹ۔ بے پروائی۔ بے فکری۔
اُدّال ۔ ایک رشی کا نام جو ہر چھ ماہ کو ایک بار کھاتا تھا۔
اُدانی ۔ (انفی کا) بخیل۔ کنجوس۔ حریص۔
اِدانیم ۔ اب۔ ابھی۔ اسی وقت۔
اُداہرن ۔ مثال۔ تمثیل۔ نظیر۔ تشبیہہ۔ استدلال۔ مباحث
منطقی کا ایک طریقہ۔
اُدبودھ ۔ حافظہ۔ یادداشت۔ کسی چیز کو شناخت کرنا۔
اُدبھت ۔ انوکھا۔ انوٹھا۔ عجیب۔ نادر۔ لاثانی۔ قابل تعریف۔
حیرت انگیز۔ بہت۔ کثرت۔
اُدبھتالیہ ۔ عجائب خانہ۔
اُدبھج ۔ وہ جو زمین کو چیر کر پیدا ہوں جیسے نباتات وغیرہ۔
اُدبھد ۔ نباتات۔ درخت۔
اُدبھدودیا ۔ (ودیا) علم نباتات۔
اُدبھر ۔ بہت۔ زیادہ۔ پورا۔ بے حد۔ تمام۔ دکھاوہ۔ مشہور۔
اُدبھو ۔ پیدائش۔ بالیدگی۔ پیداوار۔
اَدتّ ۔ (انفی کا) نہیں دیا ہوا۔ ناجائز طور پر دیا گیا۔
اَدت ۔ دیوتاؤں کی ماں کا نام۔
اُدت ۔ کہا ہوا۔ نکلا ہوا۔ طلوع کیا ہوا۔ بڑھا ہوا۔ ظاہر۔
نمایاں۔ روشن۔ جگمگاتا ہوا۔ پیدا شدہ۔ ممتاز۔ مشہور۔
بلند۔
اُدت ۔ عطا۔ بخشش۔ ایک قسم کا باجہ۔
اَدتّا ۔ (انفی کا) نہ دادہ۔ نہ دیا ہوا۔ ناتمام۔ ناجائز بخشش۔
اَدتی ۔ نکلا ہوا۔ مشہور۔ نامور۔ سورج۔ دیوتاؤں کی ماں کا
نام جو دکش کی بیٹی اور کشیپ منی کی زوجہ تھیں۔
اَدتی نندن ۔ ادتی کی اولاد یعنی دیوتا۔ آفتاب۔
اُدتیہ کا ۔ پہاڑ کے اوپر کا ٹیلہ۔ ترائی۔
اُدتیہ منڈل ۔ کرہ شمس۔
اُدودھی ۔ سمندر۔ دریا۔ بحر۔
اَدر ۔ چٹان۔ پتھر۔ پہاڑ۔ پہاڑی۔
اُدر ۔ پیٹ۔ شکم۔ آنت۔ رحم۔ کسی چیز کا اندرونی حصہ۔
ابھار۔ موٹاپن۔ قتل۔ جنگ۔ کشت و خون۔
اُدراگنی ۔ قوت ہاضمہ۔
اُدراورت ۔ بہی۔ ناف۔

اُدْرِجْ ۔سلاجیت ۔گیرو ۔ہروہ چیز جو پہاڑ سے پیدا ہو۔

اُدْرچِ ۔آگ ۔آتش ۔چنگاری ۔

اُدُرڑھ ۔(اَنفی کا) جو مضبوط نہ ہو ۔چنچل ۔متحرک ۔

اُدُرْشْ ۔(اَنفی کا) جو دکھائی نہ دے ۔پوشیدہ ۔چھپا ہوا ۔
مخفی ۔غائب ۔اندھا ۔نابینا ۔

اُدَرْشْ ۔(اَنفی کا) نادیدہ ۔مخفی ۔نہاں ۔غائب ۔پوشیدہ ۔
آئینہ ۔قسمت ۔

اِدُرْشْ ۔
اِدُرْکشْ ۔ } ایسا ۔اِس طرح کا ۔

اُدُرشٹ ۔(اَنفی کا) جو دکھائی نہ دے ۔پوشیدہ ۔غائب ۔
نامعلوم ۔تقدیر ۔قسمت ۔ناگہانی حادثہ جس کی اطلاع
نہ ہوئی ہو ۔بلا ۔مصیبت ۔آگ ۔باران کثیر ۔

اُدَرْشَکْ ۔آئینہ ۔

اُدَرْشَنْ ۔(اَنفی کا) جو دکھائی نہ دے ۔چھپا ہوا ۔
ڈھکا ہوا ۔پوشیدہ ۔

اُدَرْشَنِیَہ ۔(اَنفی کا) جو دیکھنے کے قابل نہو ۔بُرا ۔

اُدُرْشیَہ ۔
اُدُرْشْٹہ ۔ } (اَنفی کا) جو دکھائی نہ دے ۔مخفی ۔غائب ۔ چھپا

اُدَرْکْ ۔زمانۂ آئندہ ۔

اُدَرِلْ ۔
اُدَرِنْ ۔ } بڑپیٹو ۔موٹا ۔فربہ ۔

اُدَرَمبھرِ ۔پیٹو ۔شکم پرور ۔

اُدَرِنی ۔زن حاملہ ۔

اُدَرْوُرِدھ ۔جلندھر ۔استسقا ۔

اُدْرُوہْ ۔(اَنفی کا) نرم دلی ۔مُلائمت ۔حلم ۔تحمل ۔

اُدْرُوہی ۔(اَنفی کا) بے قصور ۔بے کینہ ۔حلیم متین ۔

اُدْرِی ۔پہاڑ ۔کوہ ۔درخت ۔آفتاب ۔ایک پیمانہ ۔سات کا عدد

اُدْرِیجاَ ۔پہاڑی ۔کوہی ۔پاربتی کا لقب ۔گنگا

اُدْرِی چھِدْ ۔بجلی ۔برق ۔

اُدْرِی سارْ ۔لوہا ۔سلاجیت ۔دھاتو ۔

اُدْرِی کِیلاَ ۔زمین ۔ارض ۔

اُدِشٹ ۔دِکھایا گیا ۔ارادہ کیا ہوا ۔

اُدُشْٹ ۔(اَنفی کا) بے گناہ ۔پاک ۔نیک خو ۔

اُدِشْٹھاَنْ ۔محل ۔

اُدَکْ ۔پانی ۔آب ۔پانی دینا ۔جانب شمال ۔

اُدَکُشْ ۔(اَنفی کا) کاہل ۔نادان ۔سُست ۔سیدھا سادا ۔

اُدْگاَتاَ ۔سام بید کا گانے والا ۔قاری ۔

اُدْگاَرْ ۔پھینکنا ۔قئے ۔تھوک ۔آواز ۔گرج ۔ڈکار ۔
دل کی بات بدیر ظاہر کرنا ۔سُکھ ۔دُکھ ۔

اُدْگَتْ ۔پیدا شدہ ۔برخاستہ ۔ترقی یافتہ ۔

اُدْگَدْھ ۔کچا ۔ناپختہ ۔خام ۔

اُدْگَرْ ۔اونچا ۔ڈراونا ۔

اُدْگھاَتْ ۔آغاز ۔شاستر ۔مارنا ۔مگدر ۔

اُدْگھاَٹَنْ ۔کھولنا ۔بھید ظاہر کرنا ۔قفل کھولنا ۔کنجی ۔کلید ۔
کوئیں کا ڈول اور رَسّی ۔

اِدَمْ ۔(اشارہ قریب) یہ ۔ایں ۔بھی ۔یہاں ۔اِس جگہ ۔
اب ۔اس وقت ۔سامنے ۔روبرو ۔

اُدِّمْ ۔کوشش ۔سعی ۔محنت ۔مشق ۔ورزش ۔پیشہ ۔نوکری ۔
تجارت ۔دھندا ۔

اُدْماَدْ ۔زناکاری ۔شہوت پرستی ۔شوخی ۔بے حیائی ۔آوارگی

گھمنڈ۔غرور۔مستی۔بےچینی۔فکر۔تردد۔جہالت۔
دیوانگی۔تکبر۔خودبینی۔ولولۂ جوانی۔

اُدُمبَرْ۔گولر کا درخت۔

اُدْمَرْ۔بخیل۔حریص۔پیٹو۔

اُدَمبھرِی۔پیٹو۔

اُدَمیَہ۔(اَنفی کا) جو دبایا نہ جاسکے۔جو سہہ نہ سکے۔
غضب ناک۔طاقتور۔

اَدَنْ۔کھانا۔غذا۔آہار۔خورش۔طعام۔

اَدِنْ۔(اَنفی کا) بُرا دن۔روز بد۔تکلیف کا وقت۔
زمانۂ مُصیبت۔

اُدَنْتْ۔کیفیت۔خبر۔

اُدَّنڈْ۔باغی۔سرکش۔

اَدَنڈْیَہ۔ } (اَنفی کا) جو سزا کے قابل نہو۔
اَدَنڈْنِیہ۔ }

اُدَنْوَانْ۔سمندر۔دریا۔بحر۔

اَدَنِیَہ۔کھانے کے قابل۔خُوردنی۔

اُدْوَاہْ۔بیاہ۔شادی۔بیاہ کے قابل۔

اَدْوِتِی۔(اَنفی کا) تنہا۔اکیلا۔مجرد۔لاثانی۔بےنظیر۔یکتا۔

اَدْوِتِیَہ۔(اَنفی کا) جس کے برابر دوسرا نہو۔وہ جس میں دوئی نہو۔
لاثانی۔بےنظیر۔یکتا۔لاجواب۔بےمثال۔تنہا۔
عجیب۔عمدہ۔اعلیٰ۔انوکھا۔

اَدُورْ۔(اَنفی کا) پاس۔قریب۔نزدیک۔

اَدُوْرَدَرْشِی۔(اَنفی کا) جو دور کی چیز نہ دیکھ سکے۔کوتاہ نظر۔
جو دور تک نہ سوچے۔

اَدُوشْ۔(اَنفی کا) بےگناہ۔بےخطا۔بےعیب۔بےقصور

بےضرر۔پاک۔صاف۔خالص۔معصوم۔

اَدُوشِتْ۔(اَنفی کا) جس پر الزام عاید نہ کیا گیا ہو۔پاک۔
بےعیب۔بےقصور۔

اَدُوشَنْ۔(اَنفی کا) بےگنہ۔بےقصور۔

اُدْوِگْنْ۔گھبرایا ہوا۔اداس۔پریشان۔متفکر۔حیران۔مصیبت زدہ۔

اَدَوْنْدْ۔(اَنفی کا) دوئی سے پاک۔جھگڑے سے مُبرا۔باامن۔
خاطر جمع۔آسودہ۔خاموش۔

اَدْوَے۔(اَنفی کا) دوئی سے خارج یعنی تنہا۔
اکیلا۔ایک۔برہما۔

اَدْوَیُتْ۔(اَنفی کا) جس کے برابر دوسرا نہو۔جس میں دوئی
نہو۔لاثانی۔بےنظیر۔یکتا۔لاجواب۔وحدت۔
بےجوڑ۔بےمثال۔بےہمتا۔وحدانیت۔شنکراچارج
کا مذہب جس میں انہوں نے جیو اور ایشور کو ایک
مانا ہے اور کائنات کو جھوٹا ثابت کیا ہے۔

اَدْوَیُتْ وَادْ۔مسئلہ وحدت وجود۔

اَدْوَیُتْ وادی۔ } مسئلہ وحدت وجود کا ماننے والا۔
اَدْوَیَہ وَادِی۔ } موحد۔جین۔بُودھ۔

اَدْوُیشْ۔ } (اَنفی کا) بےکینہ۔بےحسد۔بےضرر۔صاف باطن۔
اَدْوُیشِی۔ }

اُدْوُیگْ۔گھبراہٹ۔فکر۔تردد۔تشویش۔پریشانی۔ڈر۔
سوچ۔تکلیف۔حیرانی۔تحریک۔خوف۔کوشش۔جلدی۔

اُدْوُیگِی۔متفکر۔حیران۔پریشان۔بیقرار۔بےچین۔زودکام۔

اَدْوِیَہ۔(اَنفی کا) معمولی۔

اَدھْہ۔ } نیچے۔زیر۔تحت۔پائین۔تلے۔اسفل۔نیچا۔نیچے کیطرف۔
اَدھَہ۔ }

اُدھِ ۔ اوپر ۔ بالا ۔ ظاہر ۔ برتری ۔ بلند ۔ اعلیٰ ۔

اُدھّا ۔ روبرو ۔ بالمشافہ ۔

اُدھّار ۔ } گرے ہوئے کا سنبھالنا ۔ اٹھانا ۔ رہائی ۔
اُدھّرت ۔ } بچاؤ ۔ نجات ۔ پرورش ۔ بہتری ۔ برتری ۔

اُدھاربک ۔ } (انفی کا) بے انصاف ۔ بدکار ۔ ظالم ۔
اُدھرماتما ۔ } گنہگار ۔ شریر ۔

اُدھّارن ۔ پیدا ۔ برپا ۔ قائم ۔

اُدھارنا ۔ آزاد کرنا ۔ رہائی دینا ۔ رہا کرنا ۔ موقوف کرنا ۔

اُدھاری (انفی کا) وہ شخص جس کی زندگی صرف دودھ پر ہو ۔

اُدھِپ ۔ اُدھی پتی ۔ اُدھِبھو ۔ } مالک ۔ آقا ۔ سردار ۔ افسر ۔ حاکم ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔

اُدھ پات ۔ نیچے گرنا ۔ برباد ہونا ۔ داخل جہنم ہونا ۔

اُدِھیا پَھک ۔ مہتمم مدارس ۔

اُدھ پت ۔ مالک ۔ حاکم ۔ سردار ۔ سپہ سالار ۔ افسر ۔ راجہ ۔

اُدھ پتن ۔ نیچے گرنا ۔ جھکنا ۔ بدقسمتی ۔ بربادی ۔

اُدھتیکا ۔ پہاڑ کے نیچے کی ہموار زمین ۔ دامن کوہ ۔ ترائی ۔

اُدھراج ۔ سب سے بڑا حاکم ۔ مہاراجہ ۔ شہنشاہ ۔

اُدھر ۔ بغیر سہارے کا مقام ۔ دنیا اور بہشت کی درمیانی جگہ ۔ فرق ۔ کم مرتبہ ۔ کمینہ ۔ ناکس ۔ نیچا ۔ نیچ ۔ نیچے ۔ زیر ۔ زیرین ۔ نچلا حصہ ۔ چھوٹا ۔ لب زیریں ۔ ف ۔ ر ۔ ج ۔

اُدھر امرت ۔ } ہونٹ کا آب حیات ۔ کنایہ ہے
اُدھر مدھو ۔ } رطوبت دہن سے ۔

اُدھر بُدھی ۔ ناقص العقل ۔ کم سمجھ ۔ مجازاً دنیادار ۔ دنیا پرست ۔

اُدھر بمب ۔ سرخ ہونٹ ۔

اُدھر پان ۔ ہونٹ چوسنا ۔

اُدُھرت ۔ اونچا کیا گیا ۔ اٹھایا گیا ۔ نقل کیا گیا ۔

اُدھرتھ ۔ رتھ بان ۔ کرن کے باپ کا نام ۔

اُدھرتی ۔ (انفی کا) بے ہمتی ۔ پریشانی ۔ خوف ۔

اُدھرم ۔ (انفی کا) ناانصافی ۔ بداخلاقی ۔ بدکاری ۔ بے دینی ۔ ناخداترسی ۔ عذاب ۔ وہ فعل جو احکام شاستر کے خلاف ہو ۔ ظلم ۔ گناہ ۔ کاربد ۔ اندھیر ۔

اُدھرماتما ۔ (انفی کا) پاپی ۔ گنہگار ۔ ظالم ۔

اُدھرمتا ۔ (انفی کا) بدکاری ۔ ناراستی ۔ ناخداترسی ۔

اُدھرم چاری ۔ (انفی کا) بے دینی کرنے والا ۔ ناانصافی کرنے والا ۔

اُدھرمشٹھ ۔ (انفی کا) بے دین ۔ لامذہب ۔ بدکار ۔ ظالم ۔

اُدھرمی ۔ (انفی کا) پاپی ۔ گنہگار ۔ بدکار ۔ ظالم ۔ بے ایمان ۔ لامذہب ۔

اُدّھرن ۔ پھسلے ہوئے کو تھامنا ۔ کسی کتاب میں سے کوئی حصہ نقل کرنا ۔ نجات دینا ۔

اُدھرو ۔ (انفی کا) غیر یقینی ۔ غیر قائم ۔ متحرک ۔ چنچل ۔ ڈانواں ڈول ۔ فانی ۔

اُدھرووڈھ ۔ سوار ۔

اُدھس ۔ نیچے ۔ پائین ۔ تلے ۔ تحت الثریٰ ۔

اُدھستھل ۔ نیچے کا کمرہ ۔ تہ خانہ ۔

اُدھشٹھاتا ۔ منتظم ۔ حاکم ۔ محافظ ۔ مختار ۔ مالک ۔ افسر ۔ خداوند تعالیٰ ۔

اُدھشالہ ۔ تہ خانہ ۔

اُدھشٹھان ۔ رہنے کی جگہ ۔ گھر ۔ ظرف ۔ مستقر ۔ بستی ۔

شہر۔ رہائش۔ قیام۔ پڑاوا۔ ٹھکانا۔ سہارا۔ مختار۔ حکم۔
حکومت۔

اَدِھشٹانْ۔ تکیہ۔ بھروسا۔ اعتبار۔

اَدِھشٹھِت۔ ٹھیرایا ہوا۔ قائم کیا ہوا۔ کہا ہوا۔

اَدھکْ۔ حصہ۔ جزو۔

اَدِھکْ۔ زیادہ۔ بیش۔ بہت۔ بسیار۔ بڑا۔ کلاں۔
کثرت۔ مزید۔ بچا ہوا۔ بقیہ۔ سوا۔ کوتل۔

اَدِھکارْ۔ حکومت۔ اختیار۔ قدرت۔ حق۔ قبضہ۔ مِلک۔
مرتبہ۔ درجہ۔ عہدہ۔ وراثت۔ مالکیت۔ میراث۔
بادشاہت۔ سلطنت۔

اَدِھکارِیْ۔ صاحب اختیار۔ عہدہ دار۔ مالک۔ وارث۔
حقدار۔ مختار۔ ناظم۔ کارکن۔ مستحق۔ قابل۔ سردار۔
بادشاہ۔

اَدِھکائِیْ۔ بڑھتی۔ زیادتی۔ افزونی۔ بہتات۔ کثرت۔
بڑائی۔ برتری۔

اَدھ کپاَلِیْ } دردِ نیم سر۔ شقیقہ۔
اَدھ سیسِیْ

اَدِھکتاَ۔ بڑھتی۔ زیادتی۔ کثرت۔ بہتات۔

اَدِھکرِتْ۔ اختیار پایا ہوا۔ مالک بنایا گیا۔ صاحب اختیار

اَدِھکرِتْ۔ مداخل و مخارج کا انسپکٹر۔

اَدِھکَرمْ۔ اہتمام۔ انتظام۔ حکومت۔ نگرانی۔

اَدِھکَرَنْ۔ بزرگی۔ برتری۔ فضیلت۔ حکومت۔ ذریعہ۔ آسرا۔

اَدِھکْ ماسْ۔ (مَل ماسْ) وہ مہینہ جو ہر تین سال میں
ایک بار آتا ہے۔ لوند۔ کبیسہ۔

اَدِھگتْ۔ حاصل کیا ہوا۔ اوپر گیا ہوا۔ جانا ہوا۔ پڑھا ہوا۔

عقل سکھانے والا۔ بہشتی۔ جنتی۔

اَدھَم۔ کمینہ۔ بد۔ نیچ۔ نکما۔ ادنیٰ۔ ذلیل۔ حقیر۔ کم۔ آخر۔
گنہگار۔ بدبخت۔ خراب۔ بیکار۔ نالائق۔ بے تمیز۔
عیاش۔ گرا ہوا۔

اُدھَم۔ شور۔ غل۔ ہنگامہ۔

اَدھماَدھَم۔ نیچ سے نیچ۔ نہایت ادنیٰ۔ بڑا نکما۔ نہایت کمینہ

اَدھماسْ۔ دیکھو (اَدِھکْ ماسْ)

اَدھماَنْ۔ پیٹ پھولنا۔

اَدھماَنگْ۔ جسم کا نچلا حصہ۔ پیر۔ پانوں۔

اَدھمتاَ۔ کمینگی۔ ہلکاپن۔ سقیم حالی۔ بے اعتباری۔

اَدھمَرنْ۔ ادھ موا۔ نیم مردہ۔ مجازاً قرضدار۔

اَدھومُکھ۔ اوندھا۔ اُلٹا۔

اَدھَن۔ (دانفی کا) مفلس۔ کنگال۔

اَدھَنْ۔ کھولتا ہوا پانی خشکہ یا دال پکانے کا گرم پانی۔

اَدُھناَ۔ اب۔ اس وقت۔ آج کل۔

اَدھناتھ۔ سب کا مالک۔ سب کا مختار۔ سردارِ کل۔
افسرِ اعلیٰ۔ بادشاہ۔

اَدھو۔ راستہ۔ راہ۔ نیچے کی طرف۔

اُدّھو۔ خوشی۔ سری کرشن جی کا ایک دوست جسے
سری کرشن چندر نے برج کو خط دیکر بھیجا تھا۔

اَدھوا۔ ویسا نہ ہو تو۔ ورنہ۔

اَدھوا۔ (دانفی کا) جس کا شوہر زندہ نہ ہو یعنی بیوہ۔

اَدھِواسْ۔ رہنے کی جگہ۔ گھر۔ عطریات۔ خوشبوئیں عطر لگانا

اَدھوانْتْ۔ سرِ مغرب۔

اَدھو بھوَنْ۔ پاتال۔ تحت الثریٰ۔

اَدھوٹ ۔ (اَنّی کا) بے خوف ۔ نڈر۔

اَدھوز ۔ جگیہ ۔ ہوم ۔ بھاگ حصّہ ۔ اطینان الگ ۔ درمیان
بیچ میں ۔ آدھا دور۔

اَدھوریُو ۔ ہوم کرنے والا ۔ یجر بید جاننے والا۔

اَدھوکشج ۔ گیان کو بس میں لانے والا ۔ جوگی ۔ سری کرشن جی

اَدھوگ ۔ مسافر ۔ راہ رو ۔ سیاح ۔ سورج ۔

اَدھوگامی ۔ مسافر ۔ راہ رو ۔ سیاح ۔

اَدھوگامی ۔ نیچے جانے والا ۔ کم درجہ کی جانب جانیوالا۔

اَدھوگت ۔ گرنا ۔ اُترنا ۔ نیچے جانا ۔ دوزخ میں جانا ۔

اَدھوگتی
اَدھوگمن } گراو ۔ اُتار ۔ نزول ۔ بدبختی ۔ بدحالی ۔

اَدھوگنتا ۔ مجاز اُچوہا ۔ موش ۔ فار ۔

اَدھومکھ ۔ نیچے مُنہ کیا ہوا ۔ سرجھکایا ہوا ۔ سرنگوں ۔ اُلٹا ۔
اوندھا ۔ معکوس ۔ اُداس ۔ ناامید ۔ ایک قسم کی
ریاضت جس میں سر نیچے اور پیر اوپر کرتے ہیں۔

اَدھون ۔ ہر چیز کا نصف یعنی آدھا ۔ برابر کا حصّہ ۔

اَدھون ۔ راستہ ۔ راہ ۔ رفتار ۔

اَدھوناتن
اَدھنِک } موجودہ زمانے کا ۔ حال کا ۔ اب کا ۔

اَدھو وایُو ۔ (بایو) باد پائیں ۔ گوز ۔

اَدھواہ ۔ راستہ ۔ راہ ۔ سڑک ۔

اَدِھویشن ۔ کسی امر کے غور و خوض کے لئے مجلس کا انعقاد
کرنا ۔ دربار ۔ اجلاس ۔

اَدھہ ۔ نیچے ۔ زیر ۔ نیچے کی طرف ۔

اَدھی ۔ (ضد اَپ) پر ۔ اوپر ۔ اونچا ۔ بہت ۔ سامنے ۔
اعلیٰ ۔ اوپر کا حصّہ ۔ قبضہ میں ۔ ناصح ۔ خداوند تعالیٰ ۔

اَدھی ۔ آدھا ۔ نصف ۔ نیم ۔

اَدھیاپک ۔ پڑھانے والا ۔ اوستاد ۔ معلم ۔ مدرس ۔
روحانی مرشد ۔ گرو ۔ بید ۔ شاستر پڑھانے والا ۔

اَدھیاپکا ۔ پڑھانے والی عورت ۔ معلمہ ۔

اَدھیاپن ۔ پڑھانا ۔ سکھانا ۔ سبق دینا ۔ تعلیم دینا ۔

اَدھیاتم ۔ اندرونی ۔ روحانی ۔ متعلق بہ روح اعلیٰ ۔ جبروت
خداوند تعالیٰ ۔

اَدھیاتما ۔ خداوند تعالیٰ کی جانب خیال رکھنا ۔ جان ۔
روح ۔ تصوف ۔ خالق مطلق ۔

اَدھیاتمک ۔ جسم کا کوئی عضو ۔ عضو بدن ۔

اَدھیاتمک دُکھ ۔ وہ رنج و تکلیف جو بخار وغیرہ
امراض سے لاحق ہو ۔

اَدھیاتمک یوگ ۔ (جوگ) وصال روحانی ۔

اَدھیاتم وِدیا ۔ (بدیا) علم تصوف ۔ علم حقانی ۔

اَدھیاتمہ ۔ جسم کے متعلق ۔ روح کی نسبت ۔

اَدھیاروپ ۔ کسی پر جھوٹا الزام لگانا ۔ تہمت یا عیب لگانا ۔

اَدھیاروہن ۔ چڑھاؤ ۔ اوپر جانا ۔

اَدھیاس ۔ جھوٹی سمجھ ۔ وہم ۔ خیال ۔ پندار ۔ بھول ۔ غلطی ۔
سہو ۔ رہنا ۔ تعلق ۔

اَدھیاسن ۔ بیٹھنا ۔ نشست کرنا ۔ عاید کرنا ۔

اَدھیاسین ۔ بیٹھا ہوا ۔

اَدھیانا ۔ آدھا کرنا ۔ برابر حصّہ کرنا ۔

اَدھیاہار ۔ ردو قدح ۔ خیال ۔ بچار ۔ غور ۔ بحث ۔ تکمیل کلام
کے لئے کسی لفظ کو جوڑنا ۔

اَدھیاہَرن ۔ غلط کام کرنا ۔ خیال کرنا۔
اَدھیائے ۔ باب ۔ فصل ۔ حصّہ کسی کتاب کا مضمون۔
سبق ۔ درس۔
اَدھی پتی ۔ مالک ۔ افسر۔
اَدھیت ۔ پڑھا ہوا ۔ خوانده ۔ آموختہ۔
اَدھیتا ۔ پڑھنے والا ۔ طالب علم ۔ شاگرد ۔ مرید۔
اَدھیتی ۔ پڑھنا ۔ سیکھنا ۔ تعلیم پانا۔
اَدھیچھ ۔ مالک ۔ حاکم ۔ منتظم ۔ نگران کار ۔ مہتمم ۔ صاحب رتبت
اَدھی وِیشَن ۔ بیٹھک ۔ نشست۔
اَدھی دیو } خاندانی دیوتا۔
اَدھی دیوتا }
اَدھی دَیو ۔ اتفاقاً یا خدا کی جانب سے ہونے والی۔
اَدھی راج ۔ مہاراجہ ۔ شہنشاہ۔
اَدھیر ۔ (ا نفی کا) بے ہمت ۔ بے چین ۔ بے قرار ۔
بے صبر ۔ بے تاب ۔ بے تامل ۔ بے استقلال۔
پریشان ۔ ناخوش ۔ مشوش ۔ متغیر ۔ جلد باز ۔ تند ۔
مخوف ۔ جاہل۔
اَدھیرتا ۔ (ا نفی کا) بے ہمتی ۔ بیقراری ۔ بے صبری ۔ پریشانی
اضطراب ۔ گھبراہٹ ۔ چنچلاہٹ ۔ اُتاولی۔
اَدھی رتھ ۔ گاڑی بان ۔ رتھ بان ۔
اَدھیریہ ۔ (اَدھیرج ۔ اَ نفی کا) بے ہمت ۔ بے صبر ۔
بیچین ۔ حیران ۔ پریشان ۔ متحیر ۔ ناشکیبا ۔ جلد باز۔
بے صبری ۔ بے ثباتی ۔ بے تابی ۔ پریشانی ۔
اضطراب۔
اَدھی شٹھت ۔ محکوم۔

اَدھیش } مالک ۔ سردار ۔ آقا ۔ مہاراجہ ۔ شہنشاہ۔
اَدھیشور } خداوند تعالیٰ۔
اَدھی شرینی ۔ سیڑھی ۔ نردبان ۔ چولھا ۔ دیگدان۔
اَدھیشن ۔ پیٹ بھر کر کھانا ۔ زیادہ کھانا ۔ بدہضمی
اَدھیشور ۔ بڑا سردار ۔ شہنشاہ ۔ احکم الحاکمین۔
اَدھی کادھک ۔ زیادہ سے زیادہ۔
اَدھی کار ۔ حکومت ۔ اختیار ۔ لیاقت ۔ قدرت
اَدھی کاری ۔ حاکم ۔ مالک ۔ مقتدر ۔ پجاری ۔ متمول۔
اَدھی کائی ۔ زیادتی ۔ فزونی ۔ بڑھتی
اَدھی کرت ۔ دریافت کرنے والا ۔ حاکم۔
اَدھی کرم ۔ چڑھائی ۔ حملہ۔
اَدھی کرن ۔ آدھار ۔ ذریعہ ۔ سہارا ۔ موقع ۔ دیباچہ۔
عنوان ۔ ہیڈنگ۔
اَدھیکش ۔ دیکھ بھال کرنے والا ۔ مالک ۔ آقا۔
حاکم ۔ افسر ۔ منتظم ۔ مختار ۔ سردار ۔ ناظر ۔ مہتمم ۔
روبرو ۔ سامنے۔
اَدھیکشا ۔ کام ۔ فعل۔
اَدھیکشر ۔ اجزائے کلمہ کے متعلق ۔ پُر اسرار کلمہ (اُوم) کے
اَدھی کنتو ۔ اور ۔ دوسرا ۔ دیگر ۔ اوپر ۔ بہت ۔ نہایت۔
اَدھی گت ۔ پایا ہوا ۔ جانا ہوا ۔ پہنچا ہوا۔
اَدھی گم ۔ پانا ۔ پہنچ ۔ گیان ۔ جاننا۔
اَدھی گیاتا ۔ پرورش کرنے والا ۔ محافظ۔
اَدھی لوک ۔ دنیا ۔ عالم۔
اَدھی ماس ۔ (مل ماس) لوند کا مہینہ۔
اَدھیین ۔ آسرے میں رہنے والا ۔ احسانمند ۔ فرمانبردار۔

تابعدار۔ ملازم۔ محکوم۔ غیر اختیار۔ ماتحت۔ قابو کا۔ بسکا۔
تربیت پذیر۔ حلیم۔
اُدھی ناتھ۔ اُدھی نایک۔ } سب کا مالک۔ سردار۔ افسر۔
اُدھینتا۔ اُدھینتائی۔ } (انفی کا) ناچاری۔ بے اختیاری۔ اطاعت۔ خدمت۔ فرمانبرداری۔ تابعداری۔ غلامی۔
فروتنی۔ خوشامد۔ ماتحتی۔ بے بسی۔ غیر اختیاری۔ نوکری۔
غریبی۔
اُدھینی۔ (انفی کا) فرمانبرداری۔ خاکساری۔ نیازمندی۔
چاپلوسی۔ عجز۔ انکسار۔
اُدھی واس۔ (باس) رہنے کا مقام۔ بیاہ کی ایک رسم۔
اُبٹن۔ دوسروں کے گھر جاکر قیام کرنا۔
اُدھیورُھا۔ پہلی بیاہی ہوئی عورت۔ زوجہ کلاں۔
اُدھیوسائے۔ لگاتار مسلسل۔ تردد۔ محنت۔ روزگار۔
کسب۔ خوشی۔ شہرت یقین۔
اُدھیوسائی۔ مسلسل محنت کرنے والا۔ ہمیشہ تردد کرنیوالا۔
اُدھیوشِت۔ بسا ہوا۔
اُدھی ویدن۔ ایک بیوی کی موجودگی میں دوسری بیوی کرنا۔
اُدھی ویشن۔ بیٹھک۔ جلسہ۔
اُدھی یگ۔ لاہوت۔
اُدھیَین۔ پڑھنا۔ مطالعہ کرنا۔ خصوصاً بیدوں کا پڑھنا۔
چھ کرموں میں سے ایک کرم۔
اُدھیَیہ۔ پڑھنے کے قابل۔
اُدے۔ چڑھنا۔ اُگنا۔ نکلنا۔ پیدا ہونا۔ آفتاب طلوع ہونا۔
صبح۔ فجر۔ مشرق۔ روشنی۔ تجلی۔ اقبالمندی۔ اوپر۔
بالا۔ بڑھتی۔ ترقی۔ بلند ہونے والا۔ روشن ہونیوالا۔
طلوع ہونے والا۔ مشرقی۔ فرضی پہاڑ جس کے عقب سے
آفتاب کا طلوع ہونا۔ مانا جاتا ہے۔
اُدَئی۔ اقبالمندی۔ کامیابی۔
اُدیے۔ (انفی کا) جو خیرات کے قابل نہ ہو۔
اَدَے۔ (انفی کا) بے عنایت۔ بے محبت۔ بے رحم۔ ظالم۔
اُدّے۔ آج۔ امروز۔ الیوم۔ اس وقت۔
اَدیا۔ (انفی کا) بے مہر۔ بے رحم۔ سنگدل۔
اُدیاپ۔ آج کے روز تک۔ اب تک۔ اب بھی۔
اُدیاپن۔ چھوڑنا۔ مذہبی رسومات کی اختتامی رسم۔
اُدیاپی۔ آج تک۔ اب تک۔ آج بھی۔ اب بھی۔
اُدیاچل۔ وہ پہاڑ جس کے عقب سے آفتاب کا طلوع
ہونا مانا جاتا ہے۔
اُدیاسْت۔ طلوع آفتاب سے لیکر غروب آفتاب
تک۔ مشرق سے مغرب تک۔ تمام دن۔ ہمہ روز۔
اُدیان۔ مذہبی۔ رسومات مذہبی۔
اُدیان۔ کنواں۔ باولی۔ چاہ۔ جھیل۔ تالاب۔ سیر گلگشت۔
سیرگاہ۔ جشن گاہ۔ باغ۔ گلزار۔ مقصد۔ غرض۔ مطلب۔
اُدیاودھی۔ ابھی تک۔ اس وقت تک۔
اُدّیپن۔ جگمگاہٹ۔ آب وتاب۔ اُبھارنا۔ ترغیب دینا۔
شہوت یا غصّہ کو اُبھارنا یا متحرک کرنا۔
اُدیت۔ لگا ہوا۔ تیار۔ چالاک۔ محنتی۔ سرگرم۔ مستعد۔
اُدیتی نندن۔ دیوتا۔
اُدیچی۔ اُتّر یعنی شمال کی جانب۔
اُدیرت۔ کہا ہوا۔ بولا ہوا۔

اُدِیرَن ۔ کہنا ۔ بولنا ۔

اُدیس ۔ پردیس ۔ کیفیت ۔ خبر ۔

اُدّیش ۔ چاہ ۔ ارادہ ۔ منشا ۔ قصد ۔ مطلب ۔ نتیجہ ۔ تصریح ۔ توضیح ۔ دعویٰ ۔ کھوج ۔ پتہ ۔

اُدِیش ۔ مالک ۔ سردار ۔ افسر ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔

اُدّیشیہ ۔ ہر وہ چیز جو بکار آمد ہو یا پیش نظر رہے ۔ مرکوز خاطر ۔ قابل ذکر بات ۔

اُدے کال ۔ وقت طلوع آفتاب ۔ وقت صبح ۔

اُدیکت ۔ کوشش کرنے والا ۔ کوشاں ۔ مشغول ۔ محنتی ۔

اُدیم ۔ محنت ۔ کوشش ۔ سعی ۔ پیشہ ۔ کسب ۔ استقلال ۔ کام ۔ تجارت ۔ معاملہ ۔ خوشی ۔

اُدِین ۔ (اَنفی کا) بے خوف ۔ فیاض ۔

اُدیمی ۔ کام والا ۔ کاریگر ۔ سرگرم ۔ تاجر ۔

اُدیوپانت ۔ ابتدا سے انتہا تک ۔ پورا ۔ کامل ۔

اُدیوت ۔ اُجالا ۔ چمک ۔ رونق ۔

اُدیوگ ۔ تردد ۔ کوشش ۔ محنت ۔ کام ۔ کاروبار ۔ کسب ۔ پیشہ ۔ تدبیر ۔ ترکیب ۔ حکمت ۔ تکلیف ۔ خوشی ۔

اُدیوگی ۔ محنتی ۔ جفاکش ۔ پیشہ ور ۔ کاسب ۔

اُدیہ ۔ آج ۔ امروز ۔ اب ۔ اس وقت ۔ ابھی ۔

اَدیہ ۔ (اَنفی کا) جو دینے کے قابل نہ ہو ۔

اُڈُ ۔ جھگڑا ۔ مخالفت ۔ ضد ۔

اِڈا ۔ ایک نبض کا نام ۔ گائے ۔ آواز ۔ کلام ۔ دُنیا ۔ زمین ۔ بہشت ۔ سوراخ بینی جانب چپ ۔ سرسوتی دیوی ۔

اُڈُپ ۔ چاند ۔ ماہ ۔ ناؤ چلانے کی ڈونگی ۔

اُڈو ۔ تارہ ۔ ستارہ ۔ نجم ۔

اُڈوگن ۔ مجموعہ ستارگان ۔

اَڈول ۔ (اَنفی کا) جو نہ ڈولے ۔ جو نہ جھولے ۔ جو نہ ہلے ۔ اچل ۔ اٹل ۔ قائم ۔ ثابت ۔ مضبوط ۔

اُڈھک ۔ ٹھوکر ۔ چوٹ ۔

اُڈھن ۔ دھاک ۔ عزت ۔

اَڈِریٹھ ۔ (اَنفی کا) جو نظر نہ آئے ۔ چھپا ہوا ۔ مخفی ۔

اُڈیمان ۔ پرندہ ۔ طائر ۔

اُڈّین ۔ پرندوں کا پرواز کرنا ۔

اُرُ ۔ جانگھ ۔ بہت ۔ بڑا ۔ اعلیٰ ۔

اُر ۔ چھاتی ۔ سینہ ۔ دل ۔

اَرُ ۔ پھر ۔ اور ۔ علاوہ ۔ بھی ۔ مزید براں ۔

اِرا ۔ سیندھی ۔ زبان ۔ زمین ۔ پانی ۔ سرسوتی دیوی کا لقب ۔

اَراتی ۔ دشمن ۔ عدو ۔

اَراجک ۔ (اَنفی کا) وہ ملک جس کا کوئی بادشاہ نہ ہو ۔

اَرادھنا ۔ پوجا ۔ پرستش ۔ عبادت کرنا ۔ منتر جپنا ۔

اَرار ۔ پناہ ۔ وہ جھونپڑی یا چھپر جو گھسیارے جنگل میں بناتے ہیں ۔

اِراوان ۔ سمندر ۔ دریا ۔ ابر ۔ راجہ ۔ ارجن کے بیٹے کا نام ۔

اَرَب ۔ / اَربُد ۔ } سو کروڑ کی تعداد ۔ مدارج اعداد میں نواں درجہ ۔ واضح ہو کہ کہیں کہیں دس کروڑ کو بھی آیا ہے ۔

اَرباک ۔ کمینہ ۔ رذیل ۔

اُربرا ۔ زرخیز زمین ۔

اُربسی ۔ ایک زیور جسے دھگدھگی کہتے ہیں ۔

اُربند ۔ (اُرو + بِند) کنول ۔ نیلوفر ۔

اَربھ / اَربھک } بچہ ۔ لڑکا ۔ طفل ۔ بیٹا ۔ پسر ۔ چھوٹا ۔ شاگرد ۔ مرید ۔

ارپت۔ عطا کیا گیا۔ پیش کیا گیا۔ مقررہ۔ مرتبہ۔

ارپتھ۔ بُرا راستہ۔ شاہراہ۔

ارپن۔ سپرد۔ نذر۔ بھینٹ۔ تحویل۔ قربانی۔ تصدق
خیرات۔ چڑھاوا۔ نذر کرنا۔ دے دینا۔ قربانی کرنا۔
وہ روپیہ جو مذہبی یا خیراتی کاموں کے لئے مخصوص
کیا گیا ہو۔

ارتو۔ دشمنی۔ عداوت۔ حسد۔ بغض۔

ارتھ۔ معنی۔ مطلب۔ مقصد۔ منشا۔ مراد۔ قصد۔ سبب۔
باعث۔ ارادہ۔ درخواست۔ مادہ۔ پھل۔ ثمر۔
التماس۔ اسباب۔ فائدہ۔ نفع۔ واسطے۔ غرض۔
وجہ۔ مقصد۔ مقدمہ۔ نالش۔ ترجمہ۔ مفہوم۔ تعریف۔
تصریح۔ قبول۔ مال۔ دولت۔ زر۔ جائداد۔ حکومت۔
جملہ نعمات ولذائذ دنیوی نا برہمہ لوک۔

ارتھات۔ یعنی۔ خلاصہ۔ اتفاق۔ یکایک۔ درحقیقت
فی الواقع۔ یہ کہ۔

ارتھارتھی۔ خواستگار دنیا و متعلقات آں۔

ارتھانتر۔ دوسرا مطلب۔ دوسری معنی۔ دوسرا مفہوم۔
دوسرا کام۔

ارتھ سدھی۔ کامیابی۔ فتح مندی۔

ارتھ شاستر۔ وہ علم جس میں روپیہ دولت کمانے کے
احوال درج ہوں۔ حکمت علی۔

ارتھ کارک۔ مطلب بیان کرنے والا۔ مترجم۔

ارتھ کاری۔ مطلب برار۔ مقصد ور۔ مفید۔

ارتھ لابھ۔ حصول دولت۔ مقصد وری۔ معنی رسی۔

ارتھنا۔ مانگنا۔ پوچھنا۔

ارتھی۔ مانگنے والا۔ چاہنے والا۔ بحث کرنے والا۔ آرزومند
دولت مند۔ مطلبی۔ مدعی۔ فریادی۔ خود غرض۔ جنازہ
اٹھانے کا پلنگ۔

ارتھیا۔ منیب۔ موکل۔

ارج۔ قیمت۔ قدر۔ مرتبہ۔ عزت۔ احترام۔

ارجت۔ کمایا ہوا۔ مکسوبہ۔ محصلہ۔

ارجن۔ راجہ پانڈو کا تیسرا بیٹا جدھشٹر کا بھائی۔ سفید رنگ
ایک درخت کا نام۔

ارجن۔ حصول۔ اکتساب۔ نفع۔ فائدہ۔ تحصیل۔ اندوختہ۔

ارجنا۔ پانا۔ حاصل کرنا۔ کمانا۔ جمع کرنا۔ فائدہ اٹھانا۔

ارجھنا۔ الجھنا۔ پھنسنا۔

ارچ۔ (انفی کا) بدمزگی۔ شوریدگی خاطر۔ متلی۔ قئے۔
کراہیت۔ نفرت۔

ارچ۔ شعلہ۔ روشنی۔ چمک۔ جگمگاہٹ۔

ارچا۔ پوجا۔ پرستش۔ عبادت۔ ریاضت۔ بندگی۔

ارچت۔ پوجا گیا۔ پرستش کیا گیا۔ عزت کیا گیا۔ محترم۔
معظم۔ مکرم۔ معبود۔

ارچک۔ پوجنے والا۔ پجاری۔ پرستار۔ عابد۔ پارسا۔

ارچن۔ پوجا۔ عبادت۔ پرستش۔ اطاعت۔ احترام۔ تعظیم۔
عزت۔ خاطر مدارات۔

ارچنا۔ پوجا۔ پوجنا۔ پرستش کرنا۔ عزت کرنا۔ تعظیم
کرنا۔ ادب سے پیش آنا۔

ارچی۔ (انفی کا) بے ذائقہ۔ بدذائقہ۔ بے خواہش۔

ارچی شعلہ۔ نار۔

ارداث۔ نیچے۔ زیر۔ آگے۔ پہلے۔

اَرْدَاسْ ۔ معروضہ ۔ التماس ۔ امید ۔ توقع ۔ نذرونیاز ۔ ایک گیت کا نام۔

اَرْوَاوَا ۔ موٹا آٹا ۔ دَلیا ۔

اَرْدِتْ ۔ تکلیف دیا گیا ۔ مصیبت زدہ ۔ پوچھا ہوا ۔ یافتہ۔

اَرِدَلْ ۔ دشمنوں کی فوج ۔ مجمع اعدا۔

اَرْدھ ۔ آدھا ۔ نصف ۔ نیم ۔ درمیان ۔ بیچ ۔

اُرْدھ ۔ اُڑد جو ایک مشہور غلہ ہے ۔

اَرْدھانْش ۔ نصف حصّہ ۔

اَرْدھانگْ ۔ آدھا جسم ۔ مجازاً بیوی ۔ زوجہ ۔ فالج ۔

اَرْدَھانگِی ۔ عورت ۔ زن ۔ زوجہ ۔ مفلوج ۔

اَرْدھ چَنْدرْ ۔ آدھا چاند ۔ ہلال ۔ ناخن کی علامت ۔ نصف دائرہ ۔ گردنی دینا ۔

اَرْدھ راتْر ۔ آدھی رات ۔ نیم شب ۔

اَرْدھم ۔ آدھا ۔ نصف ۔ نیم ۔ نیمہ ۔

اَرْدھنگْ ۔ / اَرْدھانگْ ۔ } جسم کا نصف حصّہ ۔ فالج جو جسم کے نصف حصہ

اَرْدَھنگِی ۔ / اَرْدَھانگِی ۔ } (اردھ بمعنی نصف) مفلوج ۔ بیوی ۔ زوجہ ۔

اَرْدھ وَنیہ ۔ نیم وحشی ۔

اَرَسْ ۔ (اَنفی کا) بے رس ۔ بے شیرہ ۔ بدمزہ ۔ بے ذائقہ ۔ بے نتیجہ ۔ بے لطف ۔ بیکار ۔ غیرمفید ۔ سُست ۔ سوکھا ۔ خشک ۔

اُرَسْ ۔ چھاتی ۔ سینہ ۔

اُرُسْ ۔ زخم ۔ جوڑ ۔ مفصل ۔

اُرَسِج ۔ عورت کی چھاتی ۔ پستان ۔

اَرَسِکْ ۔ (اَنفی کا) احمق ۔ ناداں ۔

اَرْشْ ۔ تکلیف ۔ بواسیر کی بیماری ۔

اَرِشَا ۔ (اَرِکھا) کینہ ۔ بغض ۔ ڈاہ ۔

اَرْشْ پَرْشْ ۔ چھونا چھانا ۔ چھڑکنا ۔ بجائے پورے جسم کے نہانے کے ہاتھوں سے ۔ سر پر پانی چھڑک لینا ۔

اَرِشْٹ ۔ بد ۔ نامبارک ۔ زشت ۔ آفت ۔ مصیبت ۔ مرض مہلک ۔ علامت مرگ ۔ نیم کا درخت ۔ لہسن ۔ بگلا ۔ کوا ۔ ایک راچھس کا نام ۔

اَرْکْ ۔ سورج ۔ آفتاب ۔ بلور ۔ آک ۔ مدار ۔

اَرْکا ۔ چمکتا ہوا ۔ روشن ۔ چالاک ۔ عجیب وغریب ۔ نیا ۔ جدید ۔ نادر ۔ نایاب ۔

اَرْکانْش ۔ قرص آفتاب کا بارھواں حصّہ ۔ انگل ۔ انگلی ۔

اَرْکْ دِنْ ۔ روز شمسی ۔

اَرَکْشِتْ ۔ (اَنفی کا) جس کا کوئی پرورش کرنے والا نہو ۔ غیرمحفوظ ۔ بے پناہ ۔ بے وسیلہ ۔ بے سہارا ۔

اَرْکُوپَلْ ۔ لعل جو مشہور قیمتی پتھر ہے ۔

اَرْکْ مَنْڈَلْ ۔ قرص آفتاب ۔ کرۂ شمس ۔

اَرْکْ وَرْشْ ۔ سال شمسی ۔

اَرْکَہ ۔ سورج ۔ آفتاب ۔ آک کا درخت ۔

اُرَگْ ۔ رینگنے والا کیڑا ۔ سانپ ۔

اَرْگا ۔ علیحدہ ۔ جدا ۔ نیارا ۔ ایک طرف ۔ واضح ۔

اُرْگاد ۔ / اُرْگارِی ۔ } سانپ کھانے والا ۔ مارخور ۔ ایک پرندہ ۔ شیوجی کی سواری ۔

اَرْگانا ۔ علیحدہ کرنا ۔ ایک طرف رکھدینا ۔

اَرْگائی ۔ خوشی ۔

اَرگجَا ۔ ایک خوشبودار مرکب کا نام۔ رنگوں کی ایک قسم کی آمیزش۔

اُرگ سَتھانَ ۔ سانپوں کے رہنے کا مقام۔ تحت الثریٰ۔

اَرگلَ ۔ لکڑی کی چٹخنی۔ ڈنڈا۔ دروازے کی زنجیر۔

اَرگھہ ۔ ایک طرح کی پرستش جس میں دیوتا۔ چاند اور سورج وغیرہ کے نام پر پانی چھوڑا جاتا ہے۔ قدر قیمت۔

اَرگھَا ۔ وہ کشتی نما ظرف جس میں پرستش کے وقت پانی ڈالکر دیوتاؤں پر چھڑکتے ہیں۔ سورج کے نام پر پانی چھوڑنا۔

اَرگھیہ ۔ دیوتا یا قابل پرستش اشخاص کے دینے کے لائق نذرانہ بھینٹ۔

اَرمَردَنَ ۔ دشمنوں کو مغلوب کرنے والا۔

اَرُنَ ۔ سورج۔ آفتاب۔ گجر۔ وہ سرخی جو پو پھوٹنے کیوقت نمودار ہوتی ہے شفق۔ سندور۔ کنکم۔ لال۔

اَرِنَ ۔ (اَنفی کا) بے قرض۔ قرض سے بری۔ اُترنا۔ رستگاری

اَرنا ۔ جنگلی بھینسا جنگلی اُپلی۔ پاچک دشتی۔

اَرنائیِ ۔ فجر۔ گجر۔ تڑکا شفق۔ لالی۔ سرخی۔

اَرُن چوڑ ۔ }
اَرُن سکھا ۔ } مرغا۔

اَرِندَم ۔ دشمنوں کو جیتنے والا۔ فاتح عدو۔

اَرنڈ ۔ }
ایرنڈ ۔ } بید انجیر۔

اَرُن لوچنَ ۔ سرخ چشم والا۔ مجازاً کبوتر۔

اَرنَو ۔ سمندر۔ دریا۔ بحر۔

اَرنوپَل ۔ لعل جو ایک قیمتی پتھر ہے۔ پدم راگ۔

اَرنودے ۔ صبح صادق۔ بھور۔ تڑکا

اَرنویَانَ ۔ سفر دریا۔ جہاز کشتی۔ ناؤ۔

اَرنیِ ۔ جنگلی بھینس۔ ایک قسم کی لکڑی جسے رگڑ کر جگیہ کیلئے آگ نکالتے ہیں۔

اَرنیہ ۔ جنگل۔ صحرا۔

اَرنیہ واسیِ ۔ (باسی) جنگل کا رہنے والا جنگلی۔ صحرانشین۔ منی۔

اُرُو ۔ جانگھ۔ چوتر۔ چوڑا۔ بڑا۔ بہت۔ زیادہ۔

اَرُو ۔ پھر۔ اور۔

اَرواچین ۔ نیا۔ نو۔ جدید۔ احمق۔ خلاف۔

اَروپ ۔ (اَنفی کا) بے جسم۔ بدشکل۔ بھونڈا۔

اُروج ۔ تھن۔ پستان زن۔

اُروجا ۔ سیتا۔ جانکی۔ واضح ہو کہ جب راجہ جنک جگیہ کیلئے زمین جوتتے تھے تو اس میں سے سیتاجی نمودار ہوئیں۔

اُرورا ۔ پرحاصل زمین۔ سرسبز زمین۔ اونچی اور چوڑی زمین۔

اُروسیِ ۔ راجہ اندر کے دربار کی ایک رقاصہ کا نام۔ ایک زیور کا نام۔

اَروگ ۔ (اَنفی کا) بھلا چنگا۔ بے روگ۔ جو بیمار نہ ہو۔

اُروَنَ ۔ نذر جو فصل کی پہلی درو کے وقت خاندان کے دیوتاؤں کے نام پر دیجاتی ہے۔

اَروِند ۔ کمل۔ کنول۔ نیلوفر۔

اَروندھتی ۔ وششٹ منی کی زوجہ۔ دکش کی دختر۔ ایک بہت چھوٹا ستارہ جسے اکثر بیاہ کے وقت دلہن کو دکھلاتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جو قریب المرگ ہوتا ہے اُسے یہ ستارہ نظر نہیں آتا۔

اَروند ۔ زمانہ حیض۔

اَرویِ ۔ حمل کی وجہ جی کا متلانا۔

اُرْوِی ۔ زمین ۔ ارض ۔ دنیا ۔

اُرْوِی دَھر ۔ حامل ارض ۔ مجازاً پہاڑ ۔ کوہ ۔

اَرْہَٹ ۔ رہٹ ۔ پانی چڑھانے کی کل ۔

اَرْہَہ ۔ لائق ۔ اعلیٰ ۔ عمدہ ۔ قابل ۔ قدر ۔ مرتبہ ۔ رتبہ ۔ عزت ۔

اَرْہر ۔ ایک مشہور اناج کا نام ۔

اُرہنا ۔ طعن ۔ سرزنش ۔

اَرْہَنت ۔ بودھ مذہب کے ایک منی کا نام ۔

اَرِی ۔ دشمن ۔ عدو ۔

اَرِیت ۔ (انفی کا) ناراستی ۔ ناشائستگی ۔ بدخلقی ۔ بدچلنی ۔ بداخلاقی ۔ بے ادبی ۔ بے مروتی ۔ تندخوئی ۔

اَرْیما ۔ سورج ۔ آفتاب ۔

اَرِی مَنڈل ۔ دشمنوں کی جماعت ۔ دشمنوں کا ملک ۔

اَرئی ۔ اروی جو مشہور کندہ ہے ۔

اَڑار ۔ جماعت ۔ گروہ ۔ انبار ۔

اَڑاڑ ۔ لکڑیوں کی وہ کٹہرا جس میں راتوں کو چوپایوں کو گھیر کر رکھتے ہیں ۔

اَڑان ۔ پڑاو رکھنے کا مقام ۔

اَڑانا ۔ ٹکانا ۔ روکنا ۔ پھنسنا ۔ ڈاٹ لگانا ۔

اَڑبڈنگ ۔ باولاپن ۔ دیوانگی ۔ بے سمجھی ۔

اَڑبڑ ۔ اونچا نیچا سخت ۔

اَڑبندھ ۔ لنگوٹ ۔

اُڑپ ۔ کشتی ۔ ناؤ ۔ چاند ۔

اَڑپائل ۔ زور آور ۔ طاقتور ۔

اَڑتل ۔ اوٹ ۔ اوجھل ۔

اَڑتلا ۔ سایہ ۔ پناہ ۔ آڑ ۔

اَرْگ ۔ (انفی کا) اٹل ۔ اچل ۔ غیر متحرک ۔

اُڑگن ۔ تارے ۔ مجموعہ ستارگان ۔

اَڑگوڑا ۔ نٹ کھٹ ۔ چوپاؤں کے گلے میں ڈالنے کا لکڑی کا ڈنڈا جو دوڑنے کے وقت اُن کے پیروں کو لگتا رہتا ہے ۔

اَڑم ۔ ڈھیر ۔ انبار ۔

اُڑناگن ۔ اڑنے والا سانپ ۔

اَڑنگ ۔ ڈھیر ۔ انبار ۔ بازار ۔ منڈی ۔ کارخانہ ۔ گودام ۔ مخزن ۔

اَڑنگا ۔ ایک قسم کی کشتی ۔ رکاوٹ ۔ مانع ۔ حایل ۔ مزاحم ۔

اَڑوا ۔ کسی کام میں اصرار کرنا ۔ سرکش ۔

اَڑور ۔ شوروغل ۔

اَڑھنگن ۔ ہر وہ چیز جو کسی برتن وغیرہ کے نیچے رکھیں تاکہ وہ لڑھکنے نہ پائے ۔

اَڑیا ۔ وہ لکڑی جس کا سہارا لیکر سادھو بیٹھتے ہیں ۔

اَڑیٹھ ۔ (انفی کا) جو نظر نہ آوے ۔ غائب ۔

اَڑیوا ۔ سرمایہ ۔ پونجی ۔ اندوختہ ۔

اَس ۔ سانس ۔ دم ۔ زندگی ۔ جان ۔ انفاس پنجگانہ ۔

اَساتھ ۔ (انفی کا) وہ شخص جو صحبت بد میں رہے ۔

اَساتھی ۔ (انفی کا) اجنبی ۔ بیگانہ ۔

اَسادرشیہ ۔ (انفی کا) غیر مشابہت ۔ غیر مماثل ۔

اَسادھ ۔ (انفی کا) مرض لاعلاج ۔ مرض مہلک ۔ مشکل ۔ بدباطن ۔ ناراست ۔

اَسادھارن ۔ (انفی کا) غیر معمولی ۔

اَسادھتا ۔ / اَسادھتو ۔ } (انفی کا) بداخلاقی ۔ ناراستی ۔ شرارت ۔

اُسادھو ۔ (اُنفی کا) گنہگار۔ ظالم۔ پاپی۔ بد۔ بُرا۔
اُسادھی ۔ (اُنفی کا) غیر ممکن۔ ناقابل علاج۔ کمزور ضعیف
سخت بیمار۔
اُسادھیہ ۔ (اُنفی کا) مشکل۔ ناممکن۔ محال۔ ناقابل علاج۔
لادوا۔ جو حاصل نہ ہوسکے۔
اُسار ۔ (اُنفی کا) بے رس۔ بے مغز۔ بے حقیقت۔
بے فائدہ۔ کمزور۔ بے جوہر۔ بے نتیجہ۔ سُوکھا۔
خشک۔ پولا۔ نادان۔ احمق۔
اُسارا ۔ چھپر۔ سائبان جو خس یا سفال سے بنا ہو۔ ڈیوڑھی۔
نکلنے کا راستہ۔ برآمدہ۔
اُسارتھ ۔ اونی۔ ہیچ۔ غریب۔
اُسارتھتا ۔ غربت۔ بیقدری۔
اُسارنا ۔ اُٹھانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانا۔
اُساڑھ ۔ (آشاڑھ) شمسی تیسرا مہینہ۔
اُساڑھی ۔ وہ تیوہار جو اساڑھ کے مہینے میں ہوتا ہے۔
اُساس ۔ سانس۔ دم نفس۔ امید۔ آرزو۔
اُساکشات ۔ (اُنفی کا) جو نظر نہ آئے۔ غیر ظاہر۔ مخفی۔
اُساکشی ۔ (اُنفی کا) ناقابل ادخال شہادت۔ جھوٹی گواہی۔
اُساکشیہ ۔ (اُنفی کا) بے اعتبار۔ بے اعتباری۔
اُسامانیہ ۔ (اُنفی کا) غیر معمولی۔ اختصاصی۔
اُسامرتھ ۔ (اُنفی کا) بے قدرت۔ بے مقدور۔ بے طاقت۔
ناچار۔ ناتوان۔ ناقابل۔ نالائق۔ کمزور۔
اُسانا ۔ جوش دینا۔
اُساودھان ۔ (اُنفی کا) بے فکر۔ بے پروا۔ بے لحاظ۔
بے خبر۔ غافل۔

اُساودھانتا ۔ } (اُنفی کا) بیفکری۔ بے پروائی۔ بے توجہی
اُساودھانی ۔ } بے خبری۔ غفلت۔
اُساوری ۔ موسیقی کی ایک نوا کا نام۔ ایک قسم کا کبوتر۔ ایک
قسم کا ریشمی کپڑا
اُساونت ۔ (اُنفی کا) ہراسان۔ خائف۔ بے جبین۔ بزدل
قابل رحم۔
اُساہس ۔ (اُنفی کا) ڈر۔ خوف۔ بزدلی۔
اُساہسی ۔ (اُنفی کا) بزدل۔ کم ہمت۔ ڈرپوک۔
اُسبھیہ ۔ (اُنفی کا) جو ناقابل مجلس ہو۔ غیر مہذب۔ وحشی۔
گنوار۔ اُجڑ۔ کمینہ۔
اُسبھیتا ۔ (اُنفی کا) گستاخی۔ بد تہذیبی۔ اُجڑپن۔
اُسپرش ۔ احساس۔ لمس۔ چھونا۔ مرض متعدی۔
اُسپرش ۔ وہ حالت جو نہانے سے لیکر پوجا پاٹ کرنے
اور کھانا کھانے تک ہوتی ہے۔ اس وقت
کسی کو چھونا جائز نہیں۔ پاکی۔
اُسپرشنیہ ۔ (اُنفی کا) چھونے کے ناقابل۔ ناپاک۔
بھگن ۔ پریشان۔ بکار۔ ٹیڑھا۔ کبڑا۔

بھگن ۔ پھٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ پھوٹا ہوا۔ ہرا ہوا۔ نقصان پذیر۔

بھگنا ۔ بھائی۔ برادر۔

بھگنہ ۔ مفتوح۔ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔ برباد۔ ناامید۔

بھگنی ۔ بہن۔ خواہر۔

بھگوت۔ بھگوان۔ بھگونت۔ } لائق تعظیم و پرستش یعنی قادر مطلق۔ مجازاً دولتمند۔

بھگوت بھکت ۔ عاشق خدا۔

بھگوت گیتا ۔ ہندوؤں کی ایک مشہور آسمانی کتاب کا نام۔

بھگوتی ۔ دولتمند عورت۔ درگا دیبی۔ گنگا۔ سرسوتی۔ مجازاً توپ۔

بھگونت ۔ ایزد تعالیٰ۔

بھگیرتھ ۔ ایک سورج بنسی راجہ کا نام جو اپنی قوت عبادت سے گنگا کو بہشت سے دنیا میں لایا۔ دلیپ کا بیٹا۔

بہل ۔ بہت۔ زیادہ۔ کثرت۔ ظاہر۔ مشہور۔ سیاہ رنگ۔ آسمان۔ آگ۔

بھل ۔ بھلا۔ اچھا۔ خوب۔ نیک۔ عمدہ۔ اعلےٰ۔ طرف۔ جانب۔

بھل ۔ ریچھ۔ خرس۔ بھالا۔ برچھا۔ نیزہ۔

بھلات۔ بھلکا۔ } بھلاوان۔ بلاور۔

بہلتوہ ۔ کثرت۔ فراوانی۔

بھالک۔ } بھالو۔ ریچھ۔ خرس۔
بھلوک۔ }

بہمان۔ نہایت احترام۔ ازبس تعظیم و تکریم۔

بہ مول۔ بیش قیمت۔ بیش بہا۔ مہنگا۔ گراں۔

بہمولیہ۔ انمول۔ بے بہا۔

بھمی۔ کسی چیز کا اپنے محور پر گھومنا۔ اطراف پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ طواف۔

بھمیان۔ زمیندار۔

بھن۔ ٹوٹا ہوا۔ الگ۔ جدا۔ نیارا۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ خلاف۔ علیحدہ۔

بھن بھن۔ الگ الگ۔ جدا جدا۔ ایک ایک۔ مختلف النوع۔

بھنت۔ کہا ہوا۔ بولا ہوا۔

بھنتا۔ علیحدگی۔ جدائی۔ تفاوت۔ فرق۔

بھنیتی۔ کہاوت۔ بول۔

بھنجت۔ توڑنا۔ شکستہ کرنا۔ برباد کرنا۔

بھنجک۔ توڑنے والا۔ برباد کرنے والا۔

بھنجن۔ توڑنا۔ پھاڑنا۔ توڑنے والا۔ برباد کرنے والا۔

بھنجن۔ بھوجن۔ کھانا۔

بھنجنا۔ رقم تڑوانا۔ بھنانا۔

بھنڈی پال۔ گوپھن۔ فلاخن۔

بھنڈار۔ کوٹھا۔ مخزن۔ گودام۔ گنجینہ۔ ذخیرہ۔ مودیخانہ۔ جوش۔

بھنڈارا۔ فقرا اور جوگیوں کی عام ضیافت۔

بھنڈاری۔ رسدرسان۔ خانساماں۔ باورچی۔ خزانچی۔ روکڑیا۔

بھنڈسار۔ } غلہ کا گودام۔ مودیخانہ۔
بھنڈسال۔ }

بھنگ۔ شک۔ شبہہ۔ خطا۔ شکست۔ تباہ۔ برباد۔ خراب۔ بیکار۔ سوراخ۔ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔ لہر۔ موج۔ توڑنا۔ ڈر۔ سبزی۔ ایک نشہ آور پتا۔

بھنگر۔ ٹیڑھا۔ بانکا۔ تباہ ہونیوالا۔ ندی کی خمیدگی۔

بھنگراج۔ ایک خوش آواز سیاہ پرندہ۔

بھنگیرا۔ بہت بھنگ پینے والا۔

بھنوڑ۔ سوتیلا بھائی۔ علاتی بھائی۔

بھنور۔ گرداب۔ گردش۔ تکمیل شادی کی ایک رسم۔

بھنور جال۔ کنایہ ہے دنیائے دنی اور اس کی غداری سے۔

بھنہ۔ الگ۔ جدا۔

بھنہ گوتر۔ وہ جو ایک گوتر یعنی ایک خاندان کا نہو۔

بھو۔ بمعنی پیداشدہ یعنی دنیا۔ وجود۔ ہستی۔ زندگی۔ زلیست۔ سنسار۔ وقت۔ مہادیوجی کا لقب۔

بہو۔ بہت۔ زیادہ۔ کثرت۔ بڑا۔ بزرگ۔ کلاں۔ کشادہ۔

بھو۔ زمین۔ ارض۔ دنیا۔ جگہ۔ مقام۔ جگیہ کی آگ۔

بھو۔ کرۂ باد۔ آسمان۔ جنت۔

بھواورش۔ آپ کے جیسا۔ آپ کی طرح۔

بھوارنو۔ دریائے دنیا داری۔

بھوانی۔ لقب پاربتی کا۔ درگا۔

بھوبھرت۔ پہاڑ۔ کوہ۔ راجہ۔ بادشاہ۔ سیش ناگ۔

بھوبھوتی۔ ناٹک۔ نیولا۔ دولت۔ دنیا۔

بہوبیج۔ بہت تخم والا۔ مجازاً سیتاپھل۔ شریف۔

بھوپ۔ } محافظ زمین۔ راجہ۔ بادشاہ۔
بھوپال۔ }

بھوپالی۔ نام ایک راگنی کا۔

بھوپت

بھُوپتی۔ مالک زمین۔ راجہ۔ بادشاہ

بھُوت۔ فعل ماضی۔ زمانہ گذشتہ۔ گزرا ہوا وقت۔ وجود میں آیا ہوا۔ آسمان۔ ہیولیٰ جو محیط عناصر ہے۔ عنصر خبیث۔ شیطان۔ روح۔ جاندار۔ حیوان۔ دنیا۔

بھُوتا۔ زمانہ آئندہ۔ ہونے والا۔ قسمت۔ تقدیر۔ ہونہار۔ اعلیٰ

بھُوتاتما۔ جسم۔ روح حیوانی بسبب زندگی۔ برہما۔ شیو۔ وشنو۔

بھُوتاری۔ ہینگ۔ انگوزہ۔

بھُوت آکاش۔ آسمان اور ہیولا جو محیط عناصر ہے۔ خلا

بھُوت پریت۔ ارواح نجس۔

بھُوت سنچار۔ شیطان کا سفر۔ شیطان کا قبضہ

بھُوتِک۔ متعلق بہ (بھُوت)

بھُوت کال۔ گزرا ہوا زمانہ۔ زمانہ ماضی۔

بھُوت گرام۔ کائنات۔

بھُوت گرست۔ آسیب زدہ۔

بھُوتگھن۔ لہن۔ ہینگ۔ بائے برنگ۔ اونٹ۔

بھُوتل۔ سرزمین۔ سطح زمین۔ دُنیا۔

بھُوتنی۔ دیونی۔ ڈائن۔

بھُوتویتا۔ ہونہار۔ زمانہ آئندہ۔

بھُوتویہ۔ جو کچھ کہ ہونا ہے یا ہوا ہے۔ نوشتۂ قسمت۔ ہونہار۔

بھُوتی۔ دولتمندی۔ بھسم۔ خاک۔ راکھ۔

بھُوتیش۔ مہادیوجی کا لقب۔

بھُوج۔ کھانا۔ طعام۔ غذا۔ خوراک۔ ضیافت۔ اُجین کے ایک راجہ کا نام۔ ایک ملک کا نام۔

بھوجائی۔ / بھوجی۔ } بھائی کی بیوی یعنی بھاوج۔ بھابی۔

بھُوج پتر۔ ایک درخت کی چھال جس سے حقہ کی نے وغیرہ بناتے ہیں۔

بھُوجن۔ کھانا۔ طعام۔ غذا۔ خوراک۔ خورش۔ کھانا کھانا۔

بھُوجیہ۔ / بھُوجنیہ۔ } کھانے کے قابل چیز۔ خوردنی۔

بھُوچال۔ بھونچال۔ زلزلہ۔

بھُوچر۔ حیوانات بَرّی یعنی زمین پر چرنے والے جانور۔

بھُوچک۔ متعجب۔ متحیر۔ مخوف۔

بھُوچکر۔ دائرۂ ارض۔ رفتار روزگار۔ خط معدل النہار۔

بھُوَدار۔ سور۔ خوک۔ خنزیر۔

بھُودان۔ زمین کی بخشش یا خیرات۔

بھُوَدرشی۔ بڑا تجربہ کار۔

بھُوَدھا۔ کئی طرح کئی طریقوں سے۔ کئی دفعہ۔ اکثر۔ بار بار۔ ہمیشہ۔ عموماً۔ اکثر اوقات۔ تقریباً۔

بھُوَدھر۔ حامل ارض مجازاً پہاڑ۔ کوہ۔

بھُودیو۔ مجازاً برہمن۔

بھُوَدیہ۔ تمہارا۔ تمہارے متعلقین۔

بھُوڈول۔ بھونچال۔ زلزلہ

بھُور۔ آسمان۔ فلک۔ دوسری دنیا۔

بھُور۔ تڑکا۔ صبح صادق۔ بامداد۔

بھُور۔ / بھُوری۔ } خیرات۔ دان۔ بخشش۔ بھیک۔

بھُورِشہ۔ کثرت۔ بار بار۔ متواتر۔

بھُورلوک۔ عالم سفلی۔ عالم ناسوت۔

بھُورنگی۔ رنگارنگ۔ گوناگوں۔ متبدل۔

بھُورُوپ - بہت شکلیں بدلنے والا - نقال۔

بھُورُہ - درخت - شجر۔

بھُوری - بہت - کثرت - زیادہ - ڈھیر۔

بھُوساگر - } بحرِ عالم یعنی دنیا۔
بھُوسمُدر - }

بھُوسُر - برہمنوں کا لقب۔

بھُوسوامی - مالک ارض یعنی راجہ - بادشاہ۔

بھُوشِت - سجایا ہوا - زیب وزینت دیا ہوا - سنوارا گیا۔
آراستہ و پیراستہ۔

بھُوشک - زیب وزینت دینے والا - آراستہ کرنیوالا۔

بھُوشن - سجاوٹ - آرائش - زیبائش - گہنا - زیور۔

بھوِشیت - زمانۂ آیندہ - زمانۂ مستقبل۔

بھوِشیت وکتا - زمانۂ مستقبل کے حالات ظاہر کرنیوالا۔

بھوِشیہ - عرصۂ قلیل میں آنے والا - مستقبل - آیندہ - شُدنی۔
ہونہار۔

بھُوکتا - فائدہ اُٹھانیوالا - پانیوالا - یابندہ۔

بھُوکمپ - } بھونچال - زلزلہ۔
بھُومِ کمپ - }

بھُوکھن - دیکھو (بھُوشن)

بھوگ - نیک وبد یا غم وراحت کا بھُگتنا - سہنا - پانا۔
کامرانی - خوشی - خوراک - اشیائے خوردنی - مجامعت۔
عیش وعشرت - نفس پروری - لذت - پرورشی - آرام۔
سُکھ - راحت - وہ کھانا جو دیوتاؤں کو چڑھایا جائے۔
پرشاد۔

بھوگ بِلاس - (بھوگ وِلاس) عیش وعشرت - رنگ رلیاں۔

بھُوگتا - بھگتنے والا - لذت گیرندہ - کھانیوالا۔

بھُوگتویہ - کھانے کے قابل (چیز)

بھُوگنا - بُھگتنا - سہنا - پانا - لذت حاصل کرنا - دُکھ یا سُکھ

بھُوگول - کرۂ ارض - دنیا۔

بھُوگول بِدیا - (بھُوگول وِدیا) علم جغرافیہ۔

بھُوگی - بھوگنے والا - بھوجن کرنیوالا - آرام طلب - پانیوالا۔
عیاش - زناکار - وہ شخص جو کسی چیز کا لطف اٹھاتا ہو۔
سانپ۔

بھُوگیہ - بھوگنے کے قابل چیز - وہ چیز جس سے لطف حاصل
کیا جاسکے - یا جس پر قبضہ رکھا جاسکے۔

بھُولاناتھ - مہادیوجی کا لقب۔

بھُولتش - زمین - دھرتی۔

بھُولوک - عالم فانی - دنیا۔

بھَوم - ستارۂ مریخ - بہرام فلک - ایک راچھس۔

بھُوم - زمین - مٹی - دُنیا - دیار - مُلک - وطن۔

بھُوما - کرامت - بھرا ہوا - خداوند تعالیٰ۔

بھُومان - بڑی عزت - بڑی توقیر - بڑی عظمت۔

بھُومِک - مالک زمین یعنی - راجہ - بادشاہ۔

بھُومِکا - تمہید - دیباچہ - عنوان - مقدمۂ کتاب۔

بھُومنڈل - کرۂ ارض - عالم - دنیا۔

بھُوم وار - } منگل - سہ شنبہ - یوم الثلاث۔
بھُوم واسَر - }

بھُومُولیہ - بہت قیمتی - بیش بہا۔

بھُومی - زمین - ارض - خاک - جگہ - مقام۔

بھُومیا - وہ شخص جو زمانۂ دراز سے کسی ایک جگہ رہتا ہو - زمیندار

گانوں کا دیوتا۔
بھومی پال۔ مجازاً راجہ۔ بادشاہ۔
بھومی ڈول۔ بھونچال۔ زلزلہ۔
بھومی کمپ۔ / بھوکمپ۔ } بھونچال۔ زلزلہ۔
بھون۔ دنیا۔ جہاں۔ عالم۔ پانی۔ بہشت۔ آفرینش۔
کرۂ ارض۔ زمین۔ آدمی۔ ذی روح مخلوقات۔
بھون۔ گھر۔ خانہ۔ مکان۔ مقام۔ جگہ۔ محل۔ مندر۔ دیول۔
بھونت۔ آپکا۔ تمہارا۔ وقت۔ موسم۔ اعلیٰ۔
بھونتی۔ وقت۔ زمانۂ موجودہ۔ پرستش کا وقت۔ قابل عبادت۔
بھون چال۔ / بھون ڈول۔ } حرکت زمین یعنی زلزلہ۔
بھونگ۔ سانپ۔ مار۔
بہو وادی۔ بہت بولنے والا۔ باتونی۔ بکی۔
بہو وچن۔ بہت سی باتیں۔ صیغۂ جمع۔
بہو ودھ۔ طرح طرح۔ گوناگوں۔
بہو ودھا۔ بہت طور سے۔ اقسام سے۔ اکثر۔
بھوودیا۔ علم الارض۔
بھوہ۔ نفس۔
بھویا۔ ناچنے والا۔ داستان گو۔ قصہ خوان۔
بھویتا۔ تہذیب۔ شائستگی۔ خوش اخلاقی۔ مروت۔
بھویوبھویہہ۔ بار بار۔ مکرر سہ کرر۔
بھویہ۔ آگے۔ اور۔ پھر۔ بعدازاں۔ بار بار۔
بھویہ۔ واقع ہونے والا۔ ہونہار۔ سچ۔ نیک۔ مناسب۔
لائق۔ موزوں۔ ظاہر۔ تربیت یافتہ۔ خوبصورت۔ نتیجہ۔

پھل۔ ثمر۔ خداوند تعالیٰ۔
بھویہہ۔ پھر۔ بار بار۔ باردیگر۔
بھی۔ / بھئے۔ / بھیتی۔ } ڈر۔ خوف۔ بیم۔ ترس۔ اندیشہ۔
بھیا۔ / بھیو۔ } ہوا یعنی شد۔
بھیا۔ بھائی۔ برادر۔
بھیاپہہ۔ ڈر دور کرنے والا۔
بھیاتر۔ ڈر سے گھبرایا ہوا خوف زدہ۔ خائف۔
بھیانک۔ ڈراونا۔ خوفناک۔ مخوف۔
بھیاون۔ ہیبت ناک۔ ڈراونی صورت۔
بھیاونی۔ (بھیانک) خوفناک۔
بھیاوہہ۔ بھیانک۔ ڈر پیدا کرنے والا۔ خوفناک۔
بھئے بھنجن۔ خوف کو مٹانے والا۔
بھئے بھیت۔ دیکھو (بھیاتر)
بھیت۔ دیوار۔ مینڈ۔ پشتہ۔ ڈرا ہوا۔ خوفناک۔
بھیتر۔ اندر۔ بیچ۔ درمیان میں۔
بھیتی۔ خوف۔ ڈر۔ وحشت۔ ہول۔ ہراس۔
بھینٹ۔ روبرو۔ سامنا۔ مقابلہ۔ ملاقات۔ ملاپ۔ نذر۔
بھیچک۔ خوف زدہ۔ وحشت زدہ۔
بھید۔ جدائی۔ الگ۔ پوشیدہ بات۔ راز۔ پھوٹ۔ امیل۔
فرق۔ خلاف۔ جدائی۔ دوئی۔ تفرقہ۔ تفاوت۔
اختلاف۔ سازش۔ علیحدگی۔ توڑنا۔ جدا ہونا۔
بھیدت۔ جدا کیا ہوا۔ الگ کیا گیا۔ پھاڑا ہوا۔ چیرا ہوا۔

بھیدک۔ توڑنے والا۔ تقسیم کرنے والا۔ مخالف۔

بھید گیا۔ رازدار۔ جاسوس۔

بھیدن۔ توڑنا۔ پھوڑنا۔

بھید وادی۔ فرق بتانیوالا۔ وحدت وجود کو نہ ماننے والا۔

بھیدو۔ / بھیدیا۔ / بھیدی۔ } رازجاننے والا۔ رازدار۔

بھیدی۔ دانائے راز۔ رازدار۔ فرشتہ چھید کرنے والا۔

بھیدیہ۔ توڑنے یا پھوڑنے کے قابل۔

بھیڑ۔ ایک قسم کا بڑا نقارہ۔

بھیرتا۔ ڈر۔ خوف۔ کادرپن۔

بھیرو۔ ڈراونا۔ خوفناک۔ ایک راگ کا نام۔ شیوجی کی فوج کا ایک افسر۔

بھیرو۔ ڈرنیوالا۔ ڈرپوک۔ کم ہمت۔ کادر شغال۔

بھیروں۔ شیوجی کے اوتاروں میں سے ایک اوتار کا نام۔

بھیروی۔ / بھیرویں۔ } درگا۔ کالی۔ ایک راگنی کا نام جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔

بھیری۔ ایک قسم کا بڑا نقارہ۔ تُرہی۔ نفیری۔ شہنائی۔

بھیش۔ (وِیش) لباس۔ پوشاک۔ شکل۔ صورت۔ شباہت۔ سوانگ۔ وضع۔ حالت۔ سوانگ بھرنا۔ شکل بدلنا۔

بھیشا۔ ڈر۔ خوف۔ ہیبت۔

بھیشج۔ دوا۔ دارو۔ علاج۔

بھیشم۔ ڈر۔ خوف۔ ہیبت۔ ڈراونا۔ خوفناک۔ ویو۔ شیوجی کا لقب۔ پانڈوؤں کے دادا کا نام۔

بھیشمہ۔ خوفناک۔ بھیشم پتامہ۔

بھیشن۔ ڈراونا۔ خوفناک۔ سخت۔ بازنامی طائر۔ شیوجی کا لقب

بھیک۔ مینڈک۔ ابر۔ بادل۔

بھیے کارک۔ ڈراونا۔ ڈرانے والا۔ خوفناک۔

بھیکھ۔ (ویش) لباس۔ روپ بدلنا۔

بھیل۔ ایک پہاڑی قوم کا نام۔

بھیم۔ ڈراونا۔ خوفناک۔ راجہ جدھشٹر کا چھوٹا بھائی۔ شیوجی۔

بھیما۔ درگا کا لقب۔

بھیے مان۔ خوفناک۔ وحشت ناک۔

بھیم سین۔ مہیب فوج رکھنے والا۔ مہاراجہ جدھشٹر کے چھوٹے بھائی کا نام

بھینت۔ دیوار۔ مینڈ۔

بھینٹ / بھیٹ } ملاقات۔ ملاپ۔ نذر۔ سوغات۔

بھینکر۔ خوفناک۔ ڈراونا۔ مہیب۔

بھیے وان۔ ڈرا ہوا۔ گھبرایا ہوا۔

بھیے ہاری۔ دافع خوف۔ ڈر دور کرنے والا۔

بیاپ۔ (ویاپ) پھیلنا۔ کشادہ ہونا۔

بیاپار۔ (ویاپار) بیپار لین دین۔ تجارت۔ سوداگری۔

بیاپاری۔ (ویاپاری) کاروبار کرنے والا۔ تاجر۔

بیاپتی۔ دیکھو (ویاپتی)

بیاپک۔ (ویاپک) وہ جس کی ابتدا اور انتہا کسی مقام سے نہ ہو سب میں اور ہر مقام پر موجود ہو۔ محیط کل۔

بیاپنا۔ (ویاپنا) آنا۔ داخل ہونا۔ کام کرنا۔ پھیلنا۔

بیاپی۔ (ویاپی) پھیلا ہوا۔ کشادہ۔

بیادھ۔ (ویادھ) شکاری۔ صیاد۔ چڑیمار۔

بیادھا۔ (ویادھا) تکلیف دہ۔ مجازاً شکاری۔ صیاد۔

بیادھت۔ (ویادھت) بیمار۔ رنجور۔ علیل۔ صیاد۔

بیادھی ۔ (ویادھی) بیماری ۔ دُکھ ۔ درد ۔ رنج ۔ تکلیف ۔

بیار ۔ ہوا ۔ باد ۔

بیاس ۔ (ویاس) کشادہ ۔ تفصیل ۔ نام ایک رشی کا ۔

بیاکرن ۔ (ویاکرن) علم صرف و نحو ۔ گرامر ۔

بیاکل ۔ (ویاکل) بے چین ۔ پریشان ۔ متفکر ۔ مغموم ۔ رنجیدہ ۔ گھبرایا ہوا ۔

بیاکلتا ۔ (ویاکلتا) پریشانی ۔ بیقراری ۔ سراسیمگی ۔ گھبراہٹ ۔

بیاکھیان ۔ (ویاکھیان) بیان ۔ تشریح ۔ تفسیر ۔ لکچر ۔

بیال ۔ بد ۔ بُرا ۔ زبون ۔ سانپ ۔ چیتا ۔ ہاتھی ۔ بدمعاش ۔ دھوکہ باز ۔

بیان ۔ (ویان) پیدایش ۔ جنم ۔ جننا ۔

بیاہ ۔ / بیاہ ۔ } (وواہ) شادی ۔ عقد ۔ کتخدائی ۔ ازدواج ۔ نکاح ۔

بیاہا ۔ بیاہا ہوا ۔ شادی شدہ مرد ۔

بیاہتا ۔ (وواہتا) بیاہی ہوئی یعنی شادی شدہ عورت ۔

بیاہنا ۔ بیاہ کرنا ۔ شادی کرنا ۔

بیایام ۔ (ویایام) محنت ۔ مشقت ۔ مشق ۔ مزاولت ۔ کوشش ۔ سعی ۔ عمل کرنا ۔

بیت ۔ گزرنا ۔ ہوجانا ۔

بیتا ۔ بالشت ۔ وجب ۔

بیتال ۔ وہ شیطان جو مُردہ پر متصرف ہوگیا ہو ۔ پشاچ ۔ بھوت ۔ پریت ۔

بیترا ۔ سونٹھ ۔ زنجبیل ۔

بیترنی ۔ (ویترنی) دوزخ کی ایک ندی ۔

بیتنا ۔ ہوچکنا ۔ چلا جانا ۔ گذر جانا ۔ پورا ہونا ۔ کٹنا ۔

بیتی ۔ آفت ۔ ماجرا ۔ سرگزشت ۔

بیج ۔ / بیجم ۔ } تخم نطفہ ۔ دانہ ۔ بذر ۔ منی ۔ ابتدا ۔ ذریعہ ۔ سبب ۔

بیجنا ۔ پنکھا ۔ بادکش ۔

بیجینتی مال ۔ خوشبودار پھولوں کا مالا جس میں تلسی بھی شامل ہو ۔ وہ مالا جس میں نیلم ۔ موتی ۔ مانک ۔ پکھراج اور ہیرے شامل ہوں ۔ وشنو بھگوان کے پہننے کی مالا ۔

بید ۔ (وید) ہندوؤں کی چار آسمانی کتابیں جن کے اسمار یہ ہیں ۔ (۱) رگ بید ۔ (۲) یجر بید ۔ (۳) شام بید ۔ (۴) اتھرو بید ۔ واضح ہو کہ ان کے چار اُپ بید بھی ہیں ۔ (۱) گاندھرب بید ۔ (۲) آیُر بید ۔ (۳) دھنربید (۴) باست شلپ بید ۔

بید ۔ (ویدیہ) حکیم ۔ طبیب ۔ معالج ۔

بیدانت ۔ / بیدانت شاستر ۔ } (ویدانت ۔ ویدانت شاستر) بید کا آخر دفتر جس میں توحید کا بیان ہے ۔ علم معرفت ۔ علم وحدانیت ۔ علم الٰہی ۔ علم حق الیقین ۔ فلسفہ وحدت وجود ۔

بیدانتی ۔ (ویدانتی) وہ شخص جو علم ویدانت کا ماہر ہو ۔

بیدانگ ۔ (ویدانگ) ویدوں کی شرحیں جو چھ ہیں ۔ (۱) شکشا (۲) کلپ ۔ (۳) بیاکرن (۴) چھند ۔ (۵) نرکت ۔ (۶) جیوتش ۔

بیدائی ۔ (ویدائی) حکمت ۔ طبابت ۔ ڈاکٹری ۔

بیدپاٹھی ۔ (ویدپاٹھی) بید کا پڑھنے والا ۔

بیدک ۔ (ویدک) علم حکمت ۔ علم طب ۔ طبابت ۔ ڈاکٹری

بیدک بدیا ۔ (ویدک ودیا) علم حکمت و طبابت ۔

بیدکا۔ (ویدکا) وہ چبوترہ یا کنڈ جہاں ہوم کرتے ہیں۔ قربانگاہ۔

بیدمارگ۔ (وید مارگ) بید کی راہ۔ ازروے بید۔ مطابق احکام بید۔

بیدن۔ } (ویدن۔ ویدنا) درد۔ رنج۔ زحمت۔ بیماری۔
بیدنا۔ } دکھ۔ تکلیف۔

بیدوانی۔ (بانی) کلام الٰہی۔

بیدھ۔ (ویدھ) سوراخ۔ چھید۔ شگاف۔ رخنہ۔ دخول۔

بیدھن۔ (ویدھن) سوراخ کرنا۔ پھوڑنا۔ چبھانا۔

بیدھنا۔ چھیدنا۔ سوراخ کرنا۔

بیدھی۔ (ویدھی) چھید کرنے والا۔ سوراخ کرنے والا۔

بیدی۔ (ویدی) یائے نسبتی یعنی متعلق بہ بید۔

بیر۔ (ویر) بہادر۔ دلیر۔ جوانمرد۔ جری۔ سورما۔ بھائی۔

بیر۔ (ویر) دشمنی۔ عداوت۔ مخالفت۔ خصومت۔

بیرا۔ بھائی۔ بھیّا۔ برادر۔

بیرآسن۔ (ویرآسن) بہادروں کی ایک قسم کی نشست۔

بیراگ۔ (ویراگ) حظوظ نفسانی ولذائذ شہوانی کو ترک کرنا۔ زہد۔ ریاضت۔

بیراگن۔ } (ویراگن) تانیث بیراگ یعنی زاہدہ۔ عابدہ۔
بیراگنی۔ } جوگن۔

بیراگی۔ (ویراگی) وہ جوگی جسنے دنیا ترک کردی ہو۔ مرتاض۔

بیرتا۔ (ویرتا) ۔ دلیری۔ جوانمردی۔ بہادری۔ شجاعت۔

بیرتائی۔ (ویرتائی) دلیری۔ جوانمردی۔ بہادری۔

بیرتھ۔ (ویرتھ) بیکار۔ فضول۔ بیفائدہ۔ بےمعنی۔ مہمل۔

بیرج۔ (ویرج) (ویریہ) بیج۔ تخم۔ دانہ۔ منی۔ مجازاً زور۔ قوت۔

بیرن۔ دشمن عورت۔

بیرو۔ (ویرو) منافق۔ دشمن۔ عدو۔

بیرور۔ } (ویرور) زورآور۔ پہلوان۔ بہادر۔
بیربل۔ }

بیری۔ (ویری) دشمن۔ عدو۔ مخالف۔

بیس۔ (ویشیہ) تیسرا برن۔ بنیا۔ راجپوتوں کی ایک ذات جس کے نام پر اودھ کے قریب کا بہت سا ملک بیسواڑہ کہلاتا ہے۔

بیس۔ (ویس) عمر۔ زندگی۔ جوانی۔

بیساکھ۔ (ویساکھ) شمسی دوسرا مہینہ۔

بیساکھی۔ بیساکھ کی فصل۔ بیساکھ کا پھل۔ تہوار۔

بیسر۔ ایک زیور کا نام جسے ناک میں پہنتے ہیں۔ نتھنی۔

بیسن۔ (ویسن) خواہشات دنیوی۔ واضح ہو کہ یہ دس ہیں۔ (۱) زن (۲) قمار۔ (۳) شکار۔ (۴) شراب۔ (۵) رقص۔ (۶) سرود۔ (۷) سیر و تفریح۔ (۸) باد۔ (۹) چغلی۔ (۱۰) قیلولہ۔

بیسوا۔ (ویشوا) رنڈی۔ کسبی۔ کنچنی۔ روسپی۔ طوائف۔

بیش۔ (ویش) ہندوؤں کے چار فرقوں میں سے تیسرا فرقہ جس کا کام تجارت اور زراعت ہے۔ تاجر۔

بیش۔ } (ویش) لباس۔ پوشاک۔ شعار۔
بیکھ۔ }

بیشنو۔ (ویشنو) وشن بھگوان سے متعلق۔ وشن مت کا پیرو۔

بیشنوی۔ (ویشنوی) وشن بھگوان کا معتقد۔ وشنو کا پیرو۔

بیشیا۔ (ویشیا) کسبی۔ لولی۔ طوائف۔

بیکنٹھ۔ (ویکنٹھ) بہشت۔ جنت۔

بیکنٹھ باشی۔ (ویکنٹھ واشی) بہشت میں رہنے والا۔ جنت آشیان۔

فردوس مکان۔ مرحوم۔

بیگ ۔ (ویگ) جلدی۔ تیزی۔ زودی۔ عجلت۔ روانی۔ شتابی۔ جلدی سے۔ زور سے۔ گوبر۔ گوہ۔

بیگھا۔ بیس بسوے کا ایک بگھہ یعنی ایک سو بیس مربع فیٹ

بیلا۔ (ویلا) عرصہ۔ مدت۔ وقت۔ زمانہ۔ موسم۔

بیماتا۔ (ویماتا) سوتیلی ماں۔ علاتی ماں۔ مادر اندر۔

بیماترا۔ (ویماترا) سوتیلا بھائی۔

بین۔ / بینا۔ } (وین۔ وینا) بربط۔ طنبورہ۔ یعنی وہ باجہ جس کے دونوں جانب تونبے اور ڈنڈی پر بہت سی کھونٹیاں ہوتی ہیں جن پر تار چڑھے رہتے ہیں۔

بینا۔ (وینا) پنکھا۔ بادکش۔ مروحہ۔

بینا۔ (وینا) بانسلی۔ مرلی۔ بربط۔ بین باجہ۔

بینجن۔ (وینجن) ترکاری۔ بھاجی۔

بینڈا۔ ٹیکا۔ تلک۔ قشقہ۔

بینڈھ۔ سوراخ۔ چھید۔ رخنہ۔

بینڈھنا۔ چھید کرنا۔ سوراخ کرنا۔

بینڈی۔ ٹکلی۔ بندی۔ ٹیکا۔ ایک زیور جسے عورتیں پیشانی پر لگاتی ہیں۔

بیننگ۔ (وینگ) طعن وطنز۔ ہجو آمیز کلام۔

بینو۔ (وینو) بانسری۔ مرلی۔

بینی۔ (وینی) چوٹی۔ دروازے میں لگانے کا ڈنڈا۔ روانی۔

بیواہک۔ (ویواہک) متعلق بہ وواہ۔

بیورا۔ کیفیت۔ بات۔ پتہ۔ نشان۔ بھید۔

بیوستھا۔ (ووستھا) شاستر کے احکام کے مطابق فیصلہ۔

بیوگ۔ / بجوگ۔ } (ویوگ) فراق۔ جدائی۔ علیحدگی۔ عاشق ومعشوق کی مفارقت۔ تفرقہ۔

بیوگی۔ (ویوگی) مہجور۔ عاشق۔

بیوہار۔ (ویوہار) بیوپار۔ تجارت۔ پیشہ۔ لین دین۔ دھندا۔ ہنر۔ لیوادیوی۔ کاروبار۔ رواج۔ معاملہ۔ دستور۔ طریقہ۔ طور۔ چال چلن۔

بیوہارک۔ (ویوہارک) پیشہ ور۔ تاجر۔ ونیاوار۔ دنیوی۔

بیوہاری۔ (ووہاری) بیوپار کرنے والا۔ تاجر۔ سوداگر۔

بیوہرا۔ / بیوہریا۔ } قرض دینے والا۔ لین دین کرنے والا۔

بیہہ۔ (ویہہ) سوراخ۔ چھید۔ روزن۔

بیہ۔ (ویہ) خرچ۔ صرف۔ اسراف۔

بیئی۔ (ویئی) خرچ کرنے والا۔ مصرف۔

پ

پ۔ جب یہ حرف لفظ کے آخر میں آتا ہے تو حفاظت کرنے والے کے معنی دیتا ہے۔ جیسے (نرپ) یعنی انسان کا حفاظت کرنے والا اور پینے والا جیسے (پادپ) پانوں سے پینے والا یعنی درخت۔ ہوا۔ پتا پینا۔ تیز۔ جلد۔ بہادر۔ دلیر۔

پ۔ دوزخ۔

پاپ۔ گناہ۔ قصور۔ عذاب۔ جرم۔ بدی۔ برائی۔

پاپاتما۔ جس کا دل گناہ کی جانب ہو۔ گنہگار۔ قصوروار۔ مجرم۔ رند۔ اوباش۔ بدکار۔

پاپ جنک ۔ گناہوں کا پیدا کرنے والا ۔ گنہگار۔

پاپ درشی ۔ بد اندیش ۔ بدخو ۔ کینہ ور۔

پاپ روگ ۔ وہ امراض جو گزشتہ جنم کے گناہوں کی پاداش میں اس جنم میں لاحق ہوں جیسے جذام وغیرہ۔

پاپشٹھ ۔ پاپی ۔ گنہگار۔

پاپ کر ۔ گنہگار ۔ بدکار ۔ بد۔

پاپ کرت ۔
پاپ کرتا ۔ } بدکار ۔ گنہگار ۔ بد۔

پاپ کھنڈن ۔ گناہ کا دور کرنے والا یعنی منتر وغیرہ۔

پاپ گرہ ۔ ستارگان نامسعود۔

پاپ گھن ۔ گناہ دور کرنے والا۔

پاپ مت ۔ بدکار ۔ گنہگار۔

پاپ مکت ۔ گناہ سے پاک کیا گیا۔

پاپن ۔
پاپنی ۔ } گنہگار عورت۔

پاپ ناشن ۔ پاپ کا ناش (فنا) کرنے والا۔

پاپ ناشی ۔ گناہ دور کرنے والا ۔ پاک کرنے والا۔

پاپی ۔ گنہگار ۔ قصوروار ۔ عاصی ۔ بدکار ۔ مجرم ۔ ظالم۔

پات ۔ پتّا ۔ برگ ۔ ورق ۔ گرنا ۔ پڑنا ۔ گراوٹ ۔ راہو ستارہ۔

پاتا ۔ پالنے والا ۔ پرورش کرنے والا ۔ محافظ۔

پاتال ۔ طبقات ارض میں سے ساتواں طبقہ ۔ اسفل السافلین ناگ لوک ۔ دوزخ ۔ واضح ہو کہ یہ سات طبقے ہیں۔ یعنی اتل ۱ ۔ وتل ۲ ۔ ستل ۳ ۔ تلاتل ۴ ۔ مہاتل ۵ ۔ رساتل ۶ ۔ پاتال ۷ ۔

پاتال لوک ۔ دیکھو (پاتال)

پاتال ینتر ۔ دواؤں کے بنانے کا ایک ینتر۔

پاتنجل ۔ منجملہ چھ شاستروں کے ہٹھ یوگ یعنی حبس دم کا شاستر۔

پات برت ۔ دیکھو (پاتورت)

پاتت ۔ نیچے گرایا گیا ۔ اتارا گیا ۔ پست کیا گیا۔

پاتتیہ ۔ گرنا ۔ مذہب سے خارج ہونا۔

پاتر ۔ ۱ برتن ۔ پیالا ۔ کٹورا ۔ ظرف ۔ پتّا ۔ توانا ۔ ذریعہ ۔ لائق۔

پاترہ ۔ ۲ مجاز ۔ مستحق ۔ قابل ۔ ناٹک کھیلنے والا۔

پاتر ۔ پتلا ۔ دبلا ۔ نحیف ۔ کنجنی ۔ طوائف۔

پاترا ۔ گناہ سے بچانے والا۔

پاترتا ۔
پاترتوہ } لیاقت ۔ قابلیت۔

پاترم ۔ برتن ۔ ظرف ۔ آبخورہ۔

پاتک ۔ گرنے کا کام ۔ پاپ ۔ گناہ ۔ جرم ۔ قصور ۔ خطا ۔ دوش ۔ گرنے والا۔

پاتکی ۔ پاپی ۔ گنہگار ۔ عاصی ۔ مجرم ۔ بدکار۔

پاتمبر ۔ ریشمی کپڑا۔

پاتن ۔ گرنا۔

پاتنجل ۔ نام ایک شاستر (یوگ فلسفہ) کا جس کا بانی پتنجل رشی ہے ۔ علم مجاہدہ۔

پاتورت ۔ عصمت ۔ پاک دامنی۔

پاتورتیہ ۔ پتی ورتا کا دھرم۔

پاتھ ۔
پاتھس ۔ } پانی ۔ آب ۔ آفتاب ۔ آگ ۔ غذا ۔ آسمان ۔ ہوا۔

پاتھر ۔ پتھر ۔ سنگ ۔ حجر۔

پاتھونِدھی - } سمندر - دریا۔
پاتھودھی -

پاتھوج - کنول - نیلوفر۔

پاتھود - ابر - بادل۔

پاتھودھر - بادل - ابر۔

پاتھیہ - توشہ - زادِ راہ - خرچ راہ۔

پاتی - } چٹھی - رقعہ - نامہ - خط - پتّا - برگ۔
پتری -

پاتی - ماں - باپ - مرشد - شوہر - سورج - چاند - دُنیا۔

پاٹ - ریشم - تخت - چوڑائی۔

پاٹا - پٹرا تختہ - دھوبی کا کپڑے دھونے کا تختہ۔

پاٹامبر - ریشمی کپڑا۔

پاٹچّر - چور - دُزد۔

پاٹ رانی - } مہارانی - بادشاہ بیگم - ملکہ۔
پٹ رانی -

پاٹل - گلابی رنگ - گلاب کا پھول - ایک درخت۔

پاٹلوپل - لعل۔

پاٹلی پُتر - ایک شہر کا نام جسے پٹنہ کہتے ہیں۔

پاٹمبر - ریشمی کپڑا - ریشمی لباس۔

پاٹو - چالاکی - ہوشیاری - مضبوطی - صحت۔

پاٹھ - پڑھنا - پڑھائی - سبق - درس۔

پاٹھالئے - مدرسہ - اسکول۔

پاٹھ بھون - وہ مکان جہاں تعلیم ہوتی ہو - مدرسہ۔

پاٹھت - پڑھایا ہوا - پڑھا ہوا - آموختہ۔

پاٹھ شال - } تعلیم گاہ - مدرسہ - اسکول - کالج۔
پاٹھ شالا -

پاٹھک - پڑھانے والا - اوستاد - معلم - مدرس - پڑھنے والا طالب علم - شاگرد - برہمنوں کا ایک لقب۔

پاٹھن - } پڑھانا - تعلیم دینا - پڑھنا۔
پاٹھنا -

پاٹھی - پڑھنے والا۔

پاٹھیہ - پڑھنے کے قابل - پڑھانے کے لائق۔

پاٹی - طریقہ - طور - شمار کا طریقہ - ضرب - تقسیم - پلنگ کی پٹی - ایک قسم کی چپٹی تختی جس پر لڑکے لکھتے ہیں - بالوں کی پٹی۔

پاچک - رسوئیا - باورچی - طباخ - ہاضم جیسے چورن وغیرہ - آگ - آتش۔

پاچکا - پکانے والی عورت۔

پاچن - پچانے یا پکانے کا کام - پکانا - ہضم - مشتہی۔

پاچنا - پکانا۔

پاچن شکتی - قوت ہاضمہ۔

پاچھے - } پیچھے - اس کے بعد - پیٹھ پیچھے - پرے - بعد ازاں - غیر موجودگی کی حالت۔
پاچھین -

پاد - پاؤں - پیر - قدم - پا - بارہ انچ کا پیمانہ - درخت کی جڑ وغیرہ

پادارْدھ - نصف مصرع۔

پادارگھیہ - قابل پرستش لوگوں کو پیر دھونے کے لئے پانی دینا۔

پاداکرانت - پیر سے کچلا ہوا - پامال - عاجزی کرنا۔

پاداورت - رہٹ جس سے پانی نکالا جاتا ہے۔

پاداہت - لات مارا گیا - کھُند لا گیا۔

پادپ - درخت - شجر - کھڑاؤں - اسٹول۔

پادُپا۔ جوتا۔ کھڑاؤں۔

پادُپدم۔ چرن کمل یعنی کنول کے جیسے نازک اور ملائم پیر۔

پادُپرکشالن۔ پیر دھونا۔ پاشوئی۔

پادُپرنام۔ پیر پڑنا۔ قدمبوسی کرنا۔

پادُپرہار۔ لات۔ لات مارنا۔ لکدزنی کرنا۔

پادُپیٹھ۔ پیر رکھنے کا تختہ۔ اسٹول۔

پادُتر۔ / پادُتران۔ } جوتا۔ کھڑاؤں۔ پاپوش۔

پادُتل۔ تلوا۔ کف پا۔

پادُج۔ ہندوں کا چوتھا فرقہ یعنی شُودر۔

پادُچار۔ پیدل۔ پیادہ۔ پیدل چلنا مشی۔

پادُچاری۔ پیدل چلنے والا۔ پیدل سپاہی۔

پادُچارنی۔ پیدل چلنے والی عورت۔

پادُدھارنی۔ گھوڑے کی رکاب۔

پادُرکش۔ / پادُرکشک۔ } جوتا۔ کھڑاؤں وغیرہ۔

پادُسمواہن۔ پیر دبانا۔ چپی کرنا۔

پادُشبد۔ پیروں کی آواز۔ آوازِ پا۔

پادُششروشا۔ پیر دبانا۔

پادُک۔ خوب چلنے والا۔

پادُکا۔ / پادُو۔ } جوتا۔ کفش۔ کھڑاؤں۔

پادُکٹک۔ پیر کا کڑا۔ گھنگرو۔

پادُگرہن۔ پاؤں چھونا یعنی قدمبوس ہونا۔

پادُمول۔ ایڑی۔ پاشنہ۔

پادُنیاس۔ چلنا۔ پیر رکھنا۔ ناچنا۔

پادُودک۔ وہ پانی جس سے دیوتا یا بزرگوں کے پیر دھوئے گئے ہوں۔

پادُوک۔ / پادُھا۔ } راہگیر۔ مسافر۔ سیّاح۔

پادُیہ۔ پیر دھونے کا پانی یعنی وہ پانی جس سے پیر دھوئیں۔

پار۔ ندی وغیرہ کا دوسرا کنارہ۔ کسی کام کا انجام۔ حد۔ کنارہ۔ ختم۔ پورا۔

پاراپار۔ وار پار۔ بتامہہ۔ بالکل۔

پاراشر۔ پراشر رشی کا بیٹا ویدویاس۔ پراشر کی لکھی ہوئی کتاب جیسے پراشر سمرتی وغیرہ۔

پاراشری۔ وہ دینی فقیر جو زندگی کے تین مدارج یعنی طالب علمی خانہ داری۔ عبادتِ الٰہی کو ختم کرنے کے بعد بے تعلق زندگی بسر کرے اور خیرات کا طالب ہو۔

پاراشریہ۔ پراشر کا بیٹا ویدویاس۔

پاراوار۔ آرپار۔ دونوں جانب۔ حد۔ مجازاً سمندر۔ ندی کے دونوں کنارے۔

پاراوت۔ کبوتر جو مشہور پرندہ ہے۔

پارائن۔ لگاتار پڑھنا۔ پاٹھ کرنا۔ تمام۔ انجام۔ ختم۔

پارائنک۔ لگاتار پڑھنے والا۔ پاٹھ کرنے والا۔

پاربتی۔ (پاروتی) ہمالیہ کی لڑکی یعنی مہادیوجی کی زوجہ کا لقب۔

پاربتیہ۔ (پاروتیہ) پہاڑی۔ کوہی۔

پارپاتر۔ / پاریاتر۔ } جہیز یعنی وہ اسباب وسامان جو بیٹی کو شادی کے موقع پر دیا جائے۔

پارپنتھک۔ چور۔ رہزن۔ قزاق۔

پارترک۔ متعلق بہ عقبیٰ۔
پارتنتریہ۔ غیر اختیاری۔
پارتوشک۔ خوش کرنا۔ خدمت کا صلہ دینا۔ بدلہ دینا۔
انعام۔ رشوت۔ نذر۔ خیرات۔
پارتھ۔ کُنتی کے بیٹے جُدھشٹر۔ ارجن۔ بھیم۔
پارتھکیہ۔ الگ ہونا۔ جُدا ہونا۔ فرق۔ اَحدیت۔
پارتھو۔ خاک۔ مٹی۔ ریتی۔ راجہ۔ بادشاہ۔ شیو۔ سیتا۔
واضح ہو کہ ہر وہ چیز جو زمین سے متعلق ہو۔ زمین کا۔
پارتھوی۔ جو زمین سے پیدا ہو۔ لقب سیتا اور پاربتی کا۔
پارجات۔ ایک درخت کا نام جو بہشت کے نندن بن نامی
باغ میں ہے۔ طوبیٰ۔ مونگا۔
پارجایک۔ زناکار۔ حرام کار۔
پارد۔ پارہ۔ سیماب۔ زیبق۔ پار کرنے والا۔ نجات دینے والا۔
پارداریہ۔ زناکاری۔ حرام کاری۔
پاردارک۔ غیر مرد کی عورت کا خواہشمند۔ عیاش۔ زناکار۔
پاردرشک۔ انجام دکھانے والا۔
پاردرشون۔ دور اندیش۔ عاقل۔
پاردرشی۔ انجام بیں۔ ماہر۔ اکسپرٹ۔
پاردیشک۔ بدیسی۔ غیر ملکی۔ مسافر۔
پارس۔ وہ پتھر جو لوہے کو لگنے سے لوہا سونا ہو جاتا ہے۔
پارسناتھ۔ جینیوں کے ایک مشہور بت کا نام۔
پارشد۔ وہ شخص یا اشخاص جو کسی مجلس میں شریک ہوں۔
حاضرین۔ تماشبین۔
پارشد۔ خداوند تعالیٰ کے خدمت گزار۔ کروب۔
پارشنہ۔ ایڑی۔ پاشنہ۔

پارشو۔ شودر ذات کی عورت کا وہ لڑکا جو برہمن کے نطفہ
سے پیدا ہوا ہو۔ غیر قوم کی عورت کی اولاد۔
پارشو۔ / پارشوہ۔ } نزدیک۔ قریب۔ پاس۔ لشکر کا ایک بازو یعنی جنب
پارشو بھاگ۔ بازو۔ پہلو۔ عضد۔ بغل۔ جنب۔ بازو لشکر
بیڑا۔
پارشوک۔ پہلو کا۔ بغلی۔ طرفدار۔ ساتھی۔
پارشوگت۔ قریب۔ نزدیک۔
پارشوہ۔ بازو۔ بغل۔ جنب۔ پہلو۔ پسلی۔ پاس۔ قریب۔
نزدیک۔
پارشیہ۔ سخت کلامی۔
پارک۔ دریا کے پار کرنے والا۔ کام ختم کرنیوالا۔ اُترنیوالا۔
پار جانیوالا۔ حفاظت کرنیوالا۔ وہ جو پار کرے۔
پارکانکشی۔ عابد۔ زاہد۔ مرتاض۔
پارکھی۔ پرکھنے والا۔ امتحان کرنیوالا۔ ممتحن۔ جوہری۔
پارگ۔ پار پہنچانیوالا۔ کامل۔ قادر۔ ہادی۔
پارگامی۔ پار پہونچا ہوا۔
پارگت۔ وہ جو پار ہوا ہو۔ پاک۔ دینی اوستاد۔ جین مذہب
پارلوکک۔ متعلق بہ پرلوک یعنی عقبیٰ۔ عقبیٰ کا کام۔
پارمارتھک۔ واقعی حقیقی۔ وجود حقیقی۔ اعلیٰ۔ لائق۔ قابل ترجیح
زیادہ پسندیدہ۔ لوگوں کو فیض پہنچانے والا۔ متعلق
بہ نجات عقبیٰ۔
پارمپریہ۔ قدامت سے آیا ہوا۔ خاندانی۔ موروثی۔ تسلسل
پارن۔ / پارنا۔ } وہ کھانا جو برت (روزہ) ختم ہونے کے دوسرے
دن کھایا جائے۔ بادل۔ ابر۔

پارنا ۔ تمام کرنا ۔ ختم کرنا ۔ پورا کرنا ۔ انجام دینا ۔ برت کے دوسرے دن کھانا کھانا۔

پارناہیہ ۔ رشتہ داری ۔ برادری ۔ چوڑائی۔

پارنایہ ۔ وہ جائداد جو عورت کو شادی کے وقت ملی ہو۔

پارِندر ۔ شرزہ ۔ اژدہا ۔ سانپ۔

پارنگت ۔ پار گیا ہوا ۔ پورا جاننے والا۔

پاروار ۔ وار پار ۔ دریا کے ہر دو جانب۔

پاروتھ ۔ پہاڑ کا ۔ پہاڑی۔

پاروتی ۔ (پاربتی) شیوجی کی زوجہ یعنی ہمالیہ کی دختر ۔ دُرگا۔

پاروشیہ ۔ غیر اختیاری۔

پاروَن ۔ پرب کے دن کیا جانیوالا شرادھ وغیرہ ۔ اُتسو۔

پاروشک ۔ انعام ۔ صلہ ۔ رشوت۔

پاری ۔ پانی کی ٹھلیا۔

پاریجات ۔ دیوتاؤں کے ایک درخت کا نام ۔ (کلپ برکش)

پاریشد ۔ مجلس میں رہنے والے۔

پاریندر ۔ شیر ببر ۔ ایک بڑا سانپ۔

پارینہ ۔ کہنہ ۔ قدیم ۔ پرانا ۔ گزرا ہوا۔

پارْ ۔ چبوترہ ۔ مچان ۔ پھانسی دینے کا تختہ یا چبوترہ۔

پاس ۔ رسّی ۔ پھندا ۔ پھانسی۔

پاسک ۔
پاسکا ۔ } پھندا ۔ جال ۔ دام۔

پاسی ۔ پھانسی ۔ پھندا ۔ جال ۔ چڑیمار ۔ صیاد ۔ گھوڑے کی اگاڑی پچھاڑی۔

پاشا ۔ پاسا ۔ چوپڑ کھیلنے کی ایک چھ گوشہ مشہور چیز ڈھیری۔

پاشان ۔ (پاکھان) پتھر ۔ سنگ ۔ حجر۔

پاشان وارک ۔
پاشان وارن ۔ } پتھر پھوڑنے کی چھینی یا ٹانکی۔

پاش بندھ ۔ پھانسی دیا ہوا ۔ جال میں پکڑا ہوا۔

پاشت ۔ پھندے میں بندھا ہوا ۔ بندھ۔

پاشک ۔ پھندا ڈالنے والا ۔ پھانسی دینے والا ۔ جلاد۔

پاشنڈ ۔ (پاکھنڈ) راہ نیک چھوڑ کر بدراہ چلنے والا جھوٹا مذہب اختیار کرنے والا ۔ کپٹ چھل ۔ مکر ۔ فریب۔

پاشنڈی ۔ (پاکھنڈی) وید کے احکام کے خلاف چلنے والا ملحد ۔ مکار ۔ ٹھگ۔

پاشوپت ۔ پشوپتی یعنی شیوجی کے معتقد۔

پاشوپتاستر ۔ وہ استر (منتر) جسے ارجن نے مہادیوجی سے پایا تھا۔

پاشہ ۔ پانسہ ۔ پانسہ کی پھینک۔

پاشی ۔ پھانسی رکھنے والا ۔ جلاد ۔ صیاد ۔ ملک الموت ۔ خداوند آب۔

پاک ۔ پکانیکا کام ۔ پکا ہوا کھانا ۔ رسوئی ۔ پکوان ۔ پکائی ہوئی دوائی یا اور کوئی چیز ۔ اُتو قسمت ۔ سفید بال ۔ ہضم۔

پاک پٹی ۔ چولہا ۔ دیگدان ۔ آتشدان ۔ پجاوا ۔ آوا ۔ بھٹی ۔ باورچی خانہ ۔ مطبخ۔

پاکستھان ۔ کھانا پکانیکا مقام یعنی باورچی خانہ ۔ مطبخ۔

پاکشالا ۔
پاک گرہ ۔ } رسوئی گھر ۔ باورچی خانہ ۔ مطبخ۔

پاکشِک ۔ مدد دینے والا ۔ حمایتی۔

پاکک ۔ پکانے والا ۔ رسوئیا ۔ باورچی۔

پاک کرتا ۔ رسوئیا ۔ طباخ۔

پاکل ۔ پختہ ہونا ۔ پیپ بھرنا۔

پاکھانْ ۔ دیکھو (پاشانْ) پتھر ۔ سنگ ۔ حجر ۔
پاکھنڈْ ۔ دیکھو (پاشنڈْ)
پاکھنڈی ۔ دیکھو (پاشنڈی)
پاکیہ ۔ نمک ۔ شورہ ۔
پاگ ۔ پگڑی ۔ دستار ۔ رومال ۔ شربت ۔ وہ محصول جو زمانہ قدیم
میں بارہ سال سے زیادہ عمر والوں سے لیا جاتا تھا ۔
پاؤں ۔ قدم ۔
پالْ ۔ پالنے والا ۔ پرورش کرنے والا ۔
پالا ۔ جاڑا ۔ سرما ۔ برف ۔ یخ ۔ اوس ۔ حفاظت ۔ خبرگیری ۔
حوالگی ۔ ایک درخت کا نام ۔
پالاشْ ۔ متعلق بہ درخت پلاس ۔ سبز ۔ سبز رنگ ۔
پالاگنْ ۔ قدمبوسی ۔ آداب ۔ تسلیم ۔
پالِت ۔ پالا ہوا ۔ پرورش کیا ہوا ۔ بچایا ہوا ۔
پالکْ ۔ وہ جو پالے اور خبرگیری کرے ۔ پرورش کنندہ ۔ محافظ ۔
سرپرست ۔ ولی ۔ پروردگار ۔
پالک پُتر ۔ لے پالک بیٹا ۔ متبنیٰ لڑکا ۔
پالنْ ۔ پالنا ۔ پرورش کرنا ۔ حفاظت کرنا ۔ بچانا ۔ تربیت
پرورش ۔ نگہبانی ۔ نگہداشت ۔ تعمیل ۔
پالن کرتا ۔ پرورش کنندہ ۔ پروردگار ۔
پالن ہارْ ۔ پالنے والا ۔ پرورش کرنے والا ۔ پروردگار ۔
پالنا ۔ پرورش ۔ جھولا ۔ مہد ۔ گہوارہ ۔ ہنڈولا ۔
پالنیہ ۔ پالنے کے قابل ۔ حفاظت کرنے کے لائق ۔
پالی ۔ مگدھ دیش کی مادری زبان ۔
پالیہ ۔ پالنے کے قابل ۔
پاما ۔ کھجلی ۔ کھاج ۔ داد ۔

پاماری ۔ مجازاً گندھک ۔
پامرْ ۔ بد ۔ برا ۔ نکما ۔ کمینہ ۔ حقیر ۔ احمق ۔ ہیچ ۔
پامشُکا ۔ ریتی ۔ گرد ۔ حیض والی عورت ۔ طوائف ۔
پامشُو ۔ مٹی ۔ گرد ۔ بالو ۔ ریتی ۔ پاپ ۔ گناہ ۔ عیب ۔ نقص
برائی ۔ حیض ۔ اُپلی ۔ گوبر کا ڈھیر ۔ کافور ۔
پانْ ۔ بیوپار ۔ تجارت ۔ خرید و فروخت ۔ داؤں ۔
بازی ۔ ہاتھ ۔ دست ۔ تعریف ۔ بڑائی ۔
پانْ ۔ پینا ۔ نوش کرنا ۔
پاناگارْ ۔ شرابخانہ ۔ میخانہ ۔
پاناہارْ ۔ پینا اور کھانا ۔ خورونوش ۔ ان وجل ۔
پان پاترْ ۔ پانی وغیرہ پینے کا برتن ۔ پیالا ۔ گلاس ۔
پانتش ۔ / پانتی ۔ / پنکتی ۔ } قطار ۔ سطر ۔ لکیر ۔ سلسلہ ۔ پنگت ۔
پانتھ ۔ راہرو ۔ مسافر ۔ سیاح ۔ راہی ۔ فراق زدہ ۔
پانتی ۔ قطار ۔ سلسلہ ۔ پنگت ۔ گروہ ۔ ایک ساتھ کھانیوالے
برادری کے لوگ ۔
پانجر ۔ پسلی ۔ بازو ۔ عضد ۔ ایک جانب ۔ طرف
پانچالْ ۔ ایک ملک کا نام ۔
پانچالِکا ۔ کپڑے کی بنی ہوئی گڑیا ۔
پانچالی ۔ دروپدی کا لقب ۔
پانچ بھوتکْ ۔ پانچ عنصر سے بنا ہوا یعنی جسم ۔
پانچ جنیہ ۔ سری کرشن جی کا سنکھ جو (پنچ جن) نامی راچھس کی
ہڈی سے بنایا گیا تھا ۔
پانڈْ ۔ سفید رنگ ۔ سفید رنگ کی کوئی چیز ۔

پانڈتیہ ۔ پنڈتائی ۔ علمیت ۔

پانڈر ۔ پیلا ۔ زرد ۔ سفید ۔

پانڈو ۔ کنتی اور مادری کے بطن سے پیدا شدہ ۔ پانڈو راجہ دہلی کے پانچ فرزند یعنی جدھشٹر[1] بھیم[2] ۔ ارجن[3] ۔ نکل[4] ۔ سہدیو[5] ۔ جن کا حال مہابھارت میں درج ہے ۔

پانڈو ۔ دہلی کا ایک راجہ اور جدھشٹر وغیرہ پانچوں پانڈوؤں کا باپ ۔ سفید رنگ ۔ ایک پھول اور اس کے درخت کا نام

پانڈے ۔ برہمنوں کا ایک درجہ پجاری ۔ عالم ۔ استاد ۔ معلم ۔

پانشُ ۔ / پانشُو ۔ } کھاد ۔ گوبر کا ڈھیر

پانسُ ۔ پسلی ۔ پسلی کی ہڈیاں ۔

پانک ۔ شیرہ کسی پھل وغیرہ کا ۔ کیچڑ ۔ دلدل ۔

پانی ۔ ہاتھ ۔ دست ۔ ید ۔

پانی گراہ ۔ / پانی گراہک ۔ } خاوند ۔ شوہر ۔

پانی گرہ ۔ / پانی گرہن ۔ } بیاہ کی ایک رسم جس میں دولہا سے دلہن کا ہاتھ پکڑایا جاتا ہے ۔ بیاہ ۔ شادی ۔ عقد ۔

پانی گرہیتی ۔ بیاہی ہوئی عورت

پانیہ ۔ پانی ۔ آب ۔

پاوت ۔ پاک کیا گیا ۔

پاوس ۔ برسات ۔ موسم باراں ۔

پاوک ۔ پاک ۔ پاک کرنے والا ۔ طہارت گاہ ۔ آگ ۔ دیندار ۔ وہ درخت جس کی لکڑی آپس میں رگڑ کھانے سے آگ پیدا ہو ۔ بھلاویں کا درخت ۔

پاون ۔ پاک کرنے والا ۔ پاک ۔ صاف ۔ ہوا کھا کر رہنے والا ۔

پانی ۔ آگ ۔ گوبر ۔ گھی ۔ عورت ۔ گنگا ۔

پاونا ۔ پانا ۔ حاصل کرنا ۔ وہ نباتات جو بند مقام کے پانی میں پیدا ہو ۔

پاونتا ۔ پاکی ۔ صفائی ۔

پاونی ۔ پاک کرنے والی ۔

پاوی ۔ پاک کنندہ یعنی پاک کرنیوالی چیز ۔

پاویہ ۔ پیر دھونے کا پانی ۔

پاہن ۔ / پاہان ۔ } (پاشان) پتھر ۔ سنگ ۔

پاہن ۔ مہمان ۔ مسافر ۔

پاہنا ۔ مہمان ۔ داماد ۔

پاہنی ۔ مہمان عورت ۔

پاہی ۔ یعنی حفاظت کرو ۔ بچاؤ ۔

پایس ۔ کھیر ۔ شیر برنج ۔

پایک ۔ / پایک ۔ } پیغامبر ۔ پیش رو ۔ پیادہ ۔ پیدل ۔ خدمتگار ۔ گانونکا چوکیدار ۔

پاینگ ۔ پائے زیب ۔ بانس کی سیڑھی ۔

پائی ۔ پینے والا ۔ نوشندہ ۔

پیت ۔ (پوت) پاک ۔ بے عیب ۔ صاف ۔ نفیس ۔ خالص ۔

پیتر ۔ (پوتر) گناہ سے پاک ۔ صاف ۔ بے عیب ۔ خالص ۔ نفیس ۔

پبترا ۔ (پوترا) کشا نامی گھاس کا بنا ہوا چھلا جسے مذہبی رسومات ادا کرنے کے وقت پہنتے ہیں ۔ سونا چاندی وغیرہ کی انگوٹھی ۔

پبترتا ۔ (پوترتا) پاکی ۔ پاکیزگی ۔ تقدس ۔

پَوِتْرِی ۔ (پَوِتری) سونے چاندی وغیرہ کی وہ انگوٹھی جو پاکی کیلئے پہنی جاتی ہے۔

پِپاسا ۔ پینے کی خواہش ۔ پیاس ۔ تشنگی ۔

پِپاسِت ۔ پیاسا ۔ تشنہ ۔

پِپلَک ۔ سرپستان ۔ بھٹنی ۔

پِپنِی ۔ پلک ۔ مژگان ۔

پِپُو ۔ پالنے والا ۔ حفاظت کرنے والا ۔ ماں ۔ باپ ۔ دائی ۔

پَپِہا ۔ / پَپِیہا ۔ } ایک پرندے کا نام جو موسم باراں میں اکثر بولا کرتا ہے۔

پِپِی ۔ / پِپِیش ۔ } چاند ۔ ماہ ۔ پینے والا ۔ محافظ ۔

پِپِیلَک ۔ / پِپِیلِکا ۔ } چھوٹی سُرخ چیونٹی ۔ مور ۔ نمل ۔

پَت ۔ پرورش کرنے والا ۔ مالک ۔ آقا ۔ شوہر ۔ خاوند ۔

پَت ۔ نیک نامی ۔ آبرو ۔ عزت ۔ بڑائی ۔ ناموری ۔ نیک چال چلن ۔ مالک ۔ خاوند ۔ شوہر ۔ پتا ۔ برگ ۔

پِت ۔ صفرا ۔ تلخہ ۔

پُت ۔ دوزخ کا وہ حصہ جو لاولد مرد و زن کیلئے مخصوص ہے ۔

پِتا ۔ باپ ۔ پدر ۔ والد ۔ اَب ۔ محافظ ۔

پِتاس ۔ ساس ۔ چچانی ۔

پِتاشرا ۔ سسرا ۔ چچا ۔

پَتاک ۔ / پَتاکا ۔ } چھوٹی جھنڈی ۔ بیرق ۔ پرچم ۔ علم ۔ نشان ۔ پھریرا ۔

پَتاکی ۔ جھنڈے والا ۔ علم بردار ۔

پَتال ۔ (پاتال) تحت الثریٰ ۔

پِتامبر ۔ (پیتامبر) زرد رنگ کا ریشمی کپڑا ۔

پِتامہہ ۔ دادا ۔ جد ۔ بھیشم جی کا لقب ۔ برہما ۔ شیو ۔

پِتامہی ۔ باپ کی ماں یعنی دادی ۔ جدۃ ۔

پَتِبرت ۔ (پتی ورت) پاکدامنی ۔ عصمت ۔

پَتِبرتا ۔ (پتی ورتا) وہ عورت جو اپنے شوہر کے سوا کسی اور کو اپنا مالک نہ جانتی ہو ۔ پاکدامن عورت ۔ وفادار بیوی ۔ عاصمہ ۔

پَتِت ۔ دھرم اور ایمان سے گرا ہوا ۔ خارج الملت ۔ گمراہ ۔ گنہگار ۔ بدکار ۔ قصوروار ۔ مجرم ۔ ظالم ۔ رذیل ۔ نیچ ۔

پَتِت پاوَن ۔ گنہگاروں کو پاک کرنے والا یعنی خداوند تعالیٰ ۔ ذات سے باہر شدہ شخص کو بچانیوالا ۔

پَتتر ۔ / پَتترہ ۔ } طائروں کے بازو ۔ پر ۔ پنکھ ۔

پَتنگرہ ۔ پیکدان ۔ اگالدان ۔ فوج ۔ لشکر ۔

پَتنوہ ۔ حالت زوجگی ۔

پت جور ۔ صفراوی بخار ۔

پَتر ۔ / پَترا ۔ } چٹھی ۔ خط ۔ نامہ ۔ رقعہ ۔ دستاویز ۔ سند ۔ کاغذ ۔ جنتری ۔ زائچہ ۔ پتا ۔ پتی ۔ برگ ۔ ورق ۔ کسی دھات کی چادر یا ورق ۔

پِتر ۔ باپ ۔ پدر ۔ اب ۔ بزرگ ۔ آبا و اجداد ۔ اسلاف ۔

پُتر ۔ لڑکا ۔ بیٹا ۔ پسر ۔ ابن ۔

پَترا ۔ نجوم کی کتاب ۔ پنچانگ ۔ جنتری ۔ تقویم ۔ صفحہ ۔

پِترارپن ۔ آبا و اجداد کے نام پر خیرات دینا ۔

پَترالیہ ۔ ٹپہ خانہ ۔ ڈاکخانہ ۔ پوسٹ آفس ۔

پَترانک ۔ صفحہ یا ورق کا ہندسہ ۔ فہرست ۔

پِترائی ۔ رشتہ دار ۔ قرابت دار ۔ باپ کے طرف کا وہ رشتہ دار

جو تین پشت کے اندر ہو۔

پَتْر داتا۔ چِٹھی رساں۔ خطوط رساں۔ پوسٹ مین۔

پَتْرکا۔ } چِٹھی۔ خط۔ نامہ۔ پرندہ۔ درخت۔ کنول۔
پَتْری۔

پُتْرکا۔ } لڑکی۔ بیٹی۔ دختر۔ مجازاً گُڈیا۔
پُتْری۔

پُتْرکا پُتْر۔ بیٹی کا بیٹا یعنی نواسا۔ واضح ہو کہ نواسا بحالت عدم موجودگی فرزند شاستر کے رو سے پوتے کے برابر حقدار ہوتا ہے۔

پُتْرکامیشٹی۔ } وہ جگیہ جو اولاد کی خواہش سے کیا جاتا ہے۔
پُتْریشٹی۔

پُتْرکامنا۔ اولاد کی خواہش یا تمنّا۔

پُتْرنی۔ اولاد والی عورت۔

پِتْرو۔ ماں باپ۔ مادر و پدر۔ والدین۔

پِتْرو۔ باپ۔ پدر۔ اب۔

پِتْروبن۔ (ون) سمشان۔ قبرستان۔

پِتْروبندھو۔ باپ کی جانب کے رشتہ داران بعید۔

پِتْروبھکتی۔ اعتقاد پدری۔ محبت پدری۔

پِتْرپتامہہ۔ جدّ اعلیٰ۔

پِتْروپرسو۔ } باپ کی ماں یعنی دادی۔
پِتْروسو۔

پِتْروپکش۔ بھادون کے مہینے کا اندھیرا پاکھ یعنی پونم کے بعد کے پندرہ دن۔

پِتْروتا۔ باپ پن۔ ابویت۔

پِتْروتتھی۔ باپ کے انتقال کا دن۔ اماوسیہ۔

پِتْرورِن۔ باپ داداؤں کا رِن۔

پِتْروداں۔ پنڈدان۔

پُتْروتی۔ اولاد والی عورت۔

پِتْرجگیہ۔ (یگیہ) ہر روزہ باپ داداؤں کا کریاکرم۔

پُتْروَدھو۔ بیٹے کی زوجہ یعنی بہو کیلین۔

پِتْرشوسا۔ باپ کی بہن یعنی پھوپھی۔

پِتْروشرادھ۔ باپ دادا کا کریاکرم۔

پِتْروکاریہ۔ } شرادھ یعنی وہ رسوم جو ہر سال مرحوم آباواجداد کے نام ادا کئے جائیں۔
پِتْروکرم۔
پِتْروکرمہ۔
پِتْروکرتیہ۔

پِتْروکانن۔ سمشان۔ قبرستان۔ گیا (جو مشہور مقام ہے)

پِتْروکل۔ ناںہال۔

پِتْروگرہہ۔ خانۂ پدر۔ مجازاً سمشان۔ پِتْرولوک۔

پِتْروگن۔ بزرگوں کی جماعت۔

پِتْروگھاتک۔ } ماں باپ کا قاتل۔ پدرکش۔ والدین کا دشمن۔
پِتْروگھاتی۔

پِتْرولوک۔ عالم ارواح۔ عالم ملکوت۔

پِتْرووَن۔ سمشان۔ قبرستان۔

پِتْرووِتّہ۔ جائداد موروثی۔

پِتْرویانی۔ چچا کی زوجہ یعنی چاچی۔

پِتْرویہ۔ باپ کا بھائی یعنی چچا۔ عم۔

پَتْرہ۔ دیکھو (پَتْرا)

پَتْری۔ زائچہ۔ چِٹھی۔

پُتْری۔ بیٹی۔ دختر۔ بنت۔

پُترِیا۔ / پَترِیا۔ } طوائف۔ رقاصہ۔

پُتریشٹی۔ بیٹا پیدا ہونے کی اُمید پر کرنے کا ایک جگیہ۔

پَترِکا۔ خط۔ نامہ۔ چٹھی۔

پَت سَل۔ راستہ۔ سڑک۔

پَتِگھنی۔ شوہر کش عورت۔

پِتّل۔ صفراوی پیتل۔

پَتّل۔ پتوں کی بنی ہوئی تھالی جس میں کھانا وغیرہ کھاتے ہیں۔

پُتلکا۔ پُتلی۔

پَتِم۔ محبوب۔ عاشق۔ شوہر۔

پِتّم۔ پت۔ صفرا۔ تلخہ۔

پِتّمبر۔ دیکھو (پیتامبر)

پَتِم وَرا۔ اپنے منشا سے آپ شوہر کو انتخاب کر کے بیاہ کرنے والی عورت۔

پَتَن۔ گرنے کی حالت۔ پچھاڑ۔ پٹکن۔ گرنا۔ پڑنا۔ پھسلنا۔ گراوٹ۔ پچھاڑ۔ پٹکن۔

پَتّن۔ شہر۔ بلدہ۔ بندرگاہ۔

پَتَنجلی۔ شیش ناگ۔ مہابھاشیہ کے لکھنے والے رشی کا نام۔

پَتَنگ۔ (پتنگم) آسمان پر اڑنے والا۔ طائر۔ سورج۔ آفتاب۔ سانپ۔ پتنگا۔ کنکوا۔ ایک لکڑی جس سے رنگ نکلتا ہے۔ پارہ۔

پَتنی۔ بیاہی ہوئی عورت۔ بیوی۔ جورو۔ زوجہ۔

پَتوا۔ پتّا۔ برگ۔

پَتوار۔ وہ لکڑی جس سے جہاز چلاتے ہیں۔

پَتوَرتی۔ جان نثار بیوی۔

پَتوہا۔ بیٹے کی زوجہ یعنی بہو۔ کیلن۔

پَتھ۔ راستہ۔ راہ۔ طریق۔ سڑک۔ طریقہ۔ طور۔

پِتّہ۔ صفرا۔ مرارہ۔

پَتھر کلا۔ چقماق دار بندوق۔

پَتھِک۔ راستہ چلنے والا۔ راہ رو۔ راہی۔ مسافر۔ سیاح۔ یاتری۔

پَتھِل۔ / پَتھی۔ } مسافر۔ سیاح۔

پَتھِن۔ دوزخ کا ایک حصہ۔

پَتھی وَاہک۔ مزدور۔ کہار۔ حمّال۔

پَتھیہ۔ اچھا۔ مفید۔ مناسب۔ واجب۔ لائق۔ موزوں۔ پرہیز۔ بیمار کے کھانے کے قابل چیز۔

پَتی۔ پرورش کرنے والا۔ مالک۔ خاوند۔ شوہر۔

پَتّی۔ پیدل۔ وہ فوج جس میں ایک رتھ۔ ایک ہاتھی۔ تین گھوڑے اور پانچ سپاہی ہوں۔ چال۔ قسمت۔ گڑھا۔

پِتیا۔ باپ کا بھائی۔ چچا۔ چٹھی۔ خط۔ نامہ۔

پَتی وَرت۔ دیکھو (پتبرت)

پَتی وَرتا۔ دیکھو (پتبرتا)

پَٹ۔ کپڑا۔ جامہ۔ پارچہ۔ کپڑے پر بنا ہوا بیل بوٹا۔ آڑ۔ اوٹ۔ پردہ۔ نقاب۔ اوندھا۔ کواڑ۔ دروازے کا نصف حصہ۔

پِٹ۔ پٹارا۔ صندوق۔ ٹوکری۔ سوّر۔ پھوڑا۔

پُٹ۔ / پُٹک۔ } بڑا کسی چیز کا۔ ملاؤ۔ ملنا۔ ڈھکنا۔ دونا۔ گلِ نیلوفر۔

پَٹا۔ پاٹ۔ پاٹا۔ آسن جس پر بیٹھ کر پوجا کرتے یا کھانا کھاتے ہیں۔ گدکا۔

پٹیٹ ۔ ساتھ ۔ شامل ۔

پٹُتا ۔ } چالاکی ۔ تیزی ۔ ہوشیاری ۔ پھرتی ۔ خوش کلامی ۔
پٹُتوہ ۔ } فصاحت ۔

پٹ تر ۔ مشابہت ۔

پٹ چر ۔ پارچہ کہنہ ۔ چیتھڑا ۔ گودڑ ۔ چور ۔ دزد ۔ نقب زن ۔

پٹ رانی ۔ پہلی اور بڑی رانی ۔ مہارانی ۔ بادشاہ بیگم ۔ ملکہ ۔

پٹ سال ۔ مدرسۃ العلوم ۔ کالج ۔

پٹ کٹی ۔ } ڈیرہ ۔ خیمہ ۔ قنات ۔
پٹ منٹپ ۔

پٹک ۔ پھوڑا ۔ پھنسی ۔ سیتلا ۔

پٹل ۔ باب ۔ فصل ۔ کتاب ۔ چھت ۔ پردہ ۔ پردہ چشم ۔ جالا ۔
ٹوکرہ ۔ مقدار ۔ تعداد ۔ بھیڑ ۔ انبوہ ۔ تختہ ۔ چندن کا ٹیکا ۔
ڈھانپنے کا کپڑا ۔

پٹ منڈپ ۔ کپڑے کا گھر یعنے ڈیرہ ۔ خیمہ ۔

پٹن ۔ شہر ۔ نگر ۔

پٹو ۔ چالاک ۔ تیز ۔ ہوشیار ۔ بے روگ ۔ صاف ۔ سخت ۔
بے رحم ۔ ضدی ۔ ایک قسم کا کپڑا ۔

پٹواس ۔ ڈیرہ ۔ قنات ۔

پٹوکا ۔ پٹکا ۔ کمربند ۔

پٹُتوہ ۔ طاقت ۔ قوت ۔ چالاکی ۔ تیزی ۔

پٹہ ۔ ریشمی کپڑا ۔

پٹھت ۔ پڑھا ہوا ۔ خواندہ ۔

پٹہ مہشی ۔ پٹ رانی ۔ بڑی رانی ۔

پٹھن ۔ پڑھنا ۔ خواندن سبق ۔

پٹہہ ۔ ڈنکا ۔ نقارہ ۔

پٹیک ۔ }
پٹیٹی ۔ } صندوق ۔ پٹارہ ۔
پٹیٹکا ۔ }

پٹی ۔ محلہ ۔ ناحیہ ۔ صف ۔ قطار ۔ تماشاگاہ کا پردہ ۔ اسکرین ۔

پٹی ۔ پڑی کسی چیز کی ۔

پٹیر ۔ چندن ۔ صندل ۔ اصل ۔ کیاری ۔ چلن ۔ پپیہا ۔ راگ ۔
پیٹ ۔ شکم ۔ کامدیو ۔

پجاری ۔ دیکھو (پوجاری)

پجنا ۔ پورا ہونا ۔ نیک نام ہونا ۔

پچلونا ۔ (لون نمک) ایک مرکب کا نام جو پانچ قسم کے
نمک سے بنتا ہے ۔

پچن ۔ آگ ۔ آتش ۔

پچن ۔ پچنا ۔ پکا ہوا ۔ پکانیوالا ۔ آگ ۔

پچنڈ ۔ پیٹ ۔ شکم ۔

پچنڈکا ۔ پشت پا ۔ پنڈلی ۔

پچنڈل ۔ بڑے پیٹ والا ۔ موٹا ۔ فربہ ۔

پچو ۔ روئی ۔ کپاس ۔

پچونی ۔ پیٹ ۔ شکم ۔ اوجھڑی ۔ معدہ ۔

پچھ ۔ دیکھو (پکش)

پچھ ۔ دم ۔ ذنب ۔ پچھلا حصہ ۔

پچھ ۔ } مور کے پر ۔ پر طاؤس ۔ مکٹ ۔ کیلا ۔ موز ۔ کپاس کا درخت
پنچھ ۔ }

پچھل ۔ } دمدار جانور ۔
پچھی ۔ }

پچھلنا ۔ پھسلنا ۔ کھسلنا ۔ رپٹنا ۔

پچھم۔ / پچھّم۔ } دیکھو (پشچم) جانب مغرب۔ باختر۔

پچھینڈ۔ پیٹ۔ شکم۔ پیٹھ۔ پشت۔

پچھنڈکا۔ پنڈلی۔ پشت پا۔

پچھوا۔ / پچھاؤ۔ } بادمغربی۔

پچھّی۔ دیکھو (پکشی) پکھیرو۔ پرندہ۔ طائر۔ طرفدار۔ مربی۔ مددگار

پچھیت۔ گھر کا پچھلا حصہ۔ پچھواڑا۔ پشت خانہ۔

پد۔ پاؤں۔ پیر۔ پا۔ قدم۔ نشان پا۔ کھوج۔ درجہ۔ رتبہ۔ بڑائی۔ عہدہ۔ مرتبہ۔ لقب۔ خطاب۔ مقام۔ جگہ۔ منزل۔ لفظ۔ مصرعہ۔ شان۔ چیز۔ شئے۔ اصطلاح نحو میں وہ کلمہ جو اسم و فعل و حرف ہو۔

پداتِ۔ پیدل چلنے والا۔ پیدل سپاہی۔ شطرنج کا پیادہ۔

پداتِک۔ نوکر۔ ملازم۔ پیدل سپاہی۔ شطرنج کا پیادہ۔

پداتی۔ پیدل۔ پیادہ۔ پیدل فوج۔

پدارتھ۔ چیز۔ شئے۔ سامان۔ بہتری۔ فضل۔ نایابی۔ کمیابی۔ برکت۔ نعمت دینی و دنیوی۔ لذت۔ غذائے لذیذ۔ کسی لفظ کے معنی۔ مطلب۔ ہدیہ۔ سوغات۔ قیاس منطقی۔

پدارتھ ودیا۔ (ودیا) فلسفہ طبعی۔

پداروند۔ کنول کے جیسے نازک اور ملائم پیر۔

پدارگھ۔ کسی مہمان یا بزرگ کے آنے پر دہی۔ شہد وغیرہ پیش کرنا۔

پدآسن۔ پاؤں کی چوکی یعنی فٹ اسٹول۔

پداگھات۔ پیر سے مارنا۔ لات مارنا۔

پدامبھوج۔ / پدارِبند۔ } (وِند) مثل نیلوفر کے نرم اور ملائم پیر

پدانک۔ پیر کی علامت۔ کھوج۔

پدبی۔ دیکھو (پدوی) درجہ۔ رتبہ۔ جاہ۔ مرتبہ۔ عہدہ۔ ناموری۔ خطاب۔ لقب۔ تخلص۔ راہ۔ طریق۔

پدپنکج۔ کنول کے جیسے نازک اور ملائم پیر۔

پدپیٹھ۔ کھڑاؤں۔

پدتران۔ جوتا۔ کفش۔ پاپوش۔ نعلین۔

پدتل۔ تلوا۔

پدتیاگ۔ استعفا۔

پدج۔ پاؤں کی انگلی۔ انگشت پا۔

پدچاری۔ / پدچر۔ } پیدل چلنے والا۔

پدستھ۔ حاکم۔

پدک۔ قدم۔ درجہ۔ گلے کا زیور۔ ہیکل۔ پٹہ۔

پدکرم۔ رفتار۔ چال۔

پدگ۔ / پدچر۔ } پیدل چلنے والا۔ پیادہ۔

پدم۔ قدم۔ کنول کا پھول۔ دس کھرب کی تعداد۔ چودھواں[١٤] پران۔ وہ گول چکردار علامت جو ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کے جوڑوں پر ہوتی ہے۔

پدما۔ دولت کی دیبی یعنی لکشمی۔ ایک ندی کا نام۔ لونگ۔

پدماسن۔ نشستِ دوزانو۔ برہما کا لقب۔

پدماکر۔ وہ تالاب جس میں کنول کے پھول بکثرت ہوں۔

پدماوتی۔ کنول کے پھول سے بھری ہوئی۔ مجازاً دولت کی

دیبی یعنی لکشمی۔ ایک ندی کا نام۔ ایک عورت کا نام۔

پدم پتر۔ برگ نیلوفر۔

پدم راگ۔ لال منی۔ مانک۔ پنّا۔

پدم لوچن۔ جس کی آنکھیں مثل نیلوفر کے خوشنما اور کشادہ ہوں۔

پدم گربھ۔ مجازاً برہما۔

پدم نابھ۔ وشنو کا لقب۔

پدمنی۔ کنول بیل۔ چار قسم کی عورتوں میں سے قسم اعلیٰ کی عورت۔
خوبصورت عورت۔ اس کی تفصیل یہ ہے (۱) پدمنی۔
(۲) چترنی۔ (۳) ہستنی۔ (۴) سنکھنی۔

پدمہ۔ کنول۔ نیلوفر۔ ایک تعداد۔

پدمہ پتر۔ / پدمہ پلاش۔ } برگ گل نیلوفر۔

پدمہ لوچن۔ کنول کی جیسی آنکھ والا یعنی وشنو۔

پدمہ نابھ۔ وشنوجی کا لقب۔

پدمہ نیتر۔ جس کی آنکھیں کنول کی طرح ہوں۔ لقب وشنوجی کا۔

پدمہ یونی۔ لقب برہماجی کا۔

پدوی۔ راستہ۔ راہ۔ ذریعہ۔ درجہ۔ بڑائی۔ مرتبہ۔ رتبہ۔ اختیار۔
عہدہ۔ خطاب۔ پیشہ ظاہر ہونیکی علامت۔ ٹریڈ مارک۔

پدھارنا۔ چلے جانا۔ نکل جانا۔ آنا۔ پہنچنا۔

پدھان۔ / پدھاپک۔ } پردہ۔ غلاف۔ ڈھکنا۔ سرپوش۔ میان۔

پدھت۔ / پدھتی۔ } راستہ۔ راہ۔ طریق۔ سطر۔ طور۔ دستور۔ اصول۔ رواج۔ طریقہ۔ رسم۔

پدیا۔ / پدیہ۔ } شلوک۔ نظم۔ شعر۔

پرتھمی۔ زمین۔ ارض۔

پر۔ اور۔ دوسرا۔ دیگر۔ الگ۔ نادر۔ عجیب۔ دور۔ بعید۔
پرایا۔ خلاف۔ جدا۔ پچھلا۔ پہلے۔ آگے۔ برا۔ بہت۔
زیادہ۔ آغاز۔ غیر۔ پرے۔ اوپر۔ بالا۔ عمدہ۔ اُس طرف۔
مگر۔ اِلّا۔ اَمّا۔ سب سے بُرا۔ دشمن۔ مخالف۔ بہت۔
نہایت۔ زیادہ۔ لگا ہوا۔ مشغول۔ اس کے پیچھے۔ لیکن۔
محض۔ پیدائش۔ شروع۔

پرہ۔ آگے۔ مابعد۔ باہر۔

پرَہ۔ چاروں طرف سے۔

پُر۔ / پُرہ۔ / پُرا۔ } آبادی۔ دہ۔ معمورہ۔ شہر۔ بلدہ۔ گاؤں۔ قصبہ۔ محلہ۔ قلعہ بند۔ مرکب الفاظ میں مکان یا کمرہ۔ خانہ۔

پرا۔ چھوڑنا۔ نجات۔ اعلیٰ۔ عمدہ۔ بہت۔ زیادہ۔ بیش۔ اُلٹا۔
پیچھے۔ برخلاف۔ بڑائی۔ بزرگی۔ عداوت۔ غرور۔ بے عزتی۔
زور۔ طاقت۔ قدرت۔ سے۔ قطار۔ دل۔ گروہ۔
ٹولی۔

پرا۔ پرانا۔ گذشتہ۔ پہلے۔ اول۔

پرابلیہ۔ تیزی۔ چستی۔ مالکی۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ قدرت۔

پرابھرت۔ نذر۔ تحفہ۔

پرابھو۔ ہار۔ شکست۔ ہرانا۔ جیتنا۔ شکست دینا۔ مغلوب کرنا۔

پرابھوت۔ ہارا ہوا۔ شکست کھایا ہوا۔ مغلوب کیا گیا۔

پراپت۔ پایا گیا۔ ملا ہوا۔ قسمت۔ نصیب۔ آمدنی۔ دخل۔
فائدہ۔ نفع۔ پیداوار۔ حاصل۔ میسر۔ پیدا۔ ممکن الحصول۔

پراپت وسر۔ بروقت۔ برمحل۔ موقع پر۔

پراپتی۔ ملنا۔ پانا۔ پہنچ۔ نفع۔ آمدنی۔ فائدہ۔ پھل۔ ترقی۔

رسائی۔ قسمت۔ طلوع۔

پراپک۔ پہنچانے والا۔ پیدا کرنے والا۔ حاصل کرنے والا۔

پراپکار۔ (پروپکار) اوروں کا بھلا کرنا۔ دوسروں کی امداد۔ فیض رسانی عام۔

پراپکاری۔ دیکھو (پروپکاری)

پراپن۔ پہنچنا۔ حاصل کرنا۔

پراپیہ۔ پانے کے قابل۔ حاصل کرنے کے لائق۔ ممکن الحصول۔

پراش۔ بڑی تھالی۔

پرات۔ / **پراتکال**۔ } تڑکا۔ طلوع آفتاب کا وقت۔ علی الصباح۔

پراتر۔ صبح۔ بامداد۔

پراتم۔ / **پراتن**۔ } پرانا۔ کہنہ۔ پارینہ۔ کہن سال۔ سال خوردہ۔ قدیم۔ اگلا۔ عمر رسیدہ۔ اگلے زمانے کا۔

پراتہہ۔ بھور۔ تڑکا۔ طلوع آفتاب کا وقت۔

پراتہہ سندھیا۔ صبح کے وقت کا سندھیا یعنی پرستش۔

پراتہہ کال۔ تڑکا۔ طلوع آفتاب سے دو ساعت پہلے کا وقت۔

پراتہہ کرم۔ طلوع آفتاب کے پہلے کی عبادت۔

پراتہہ کریا۔ صبح کے وقت کے کاروبار۔

پراتھمیہ۔ ابتدائی صفت۔

پراتی کولیہ۔ مخالفت۔ دشمنی۔

پراجاپتیہ۔ برہما کے متعلق۔ بارہ دن کا ایک برت۔ ایک قسم کی شادی جس میں باپ اپنی لڑکی کو اس کے عاشق کے سپرد کر دیتا ہے۔

پراجت۔ ہارا ہوا۔ شکست کھایا ہوا۔

پراجے۔ ہار۔ شکست۔ ہزیمت۔

پراچریہ۔ مشہور۔ زیادتی۔

پراچھت۔ (پرایشچت) مذہبی جرائم کے عفو کے لئے تاوان ادا کرنا۔ بدلہ بدی کا۔ کفارہ۔ صدقہ۔

پراچی۔ پورب یعنی مشرق کی جانب۔

پراچیر۔ چہار دیواری۔ شہر پناہ۔

پراچین۔ پہلے زمانے کا۔ پرانا۔ کہنہ۔ اگلا۔ قدیم۔ گھیرا۔ احاطہ۔ دیوار فصیل۔ مشرق کی جانب کا۔

پراچینتا۔ پرانا پن۔ کہنگی۔ قدامت۔

پرادربھاو۔ ظاہر۔ مشہور۔ نمود۔ تولد۔

پرادکشنیہ۔ اطراف پھرنا یعنی طواف کرنا۔

پرادھانیہ۔ برتری۔ فوقیت۔ خصوصیت۔

پرادھکار۔ دوسرے شخص کا عہدہ یا جگہ۔

پرادھین۔ غیر اختیار۔ غیر مقتدر۔ بے بس۔ مجبور۔ ماتحت۔

پرادھینتا۔ غیر اختیاری۔ اطاعت۔ تابعداری۔

پرادیش۔ جگہ۔ ملک۔ دیار۔ بالشت۔

پرادوواک۔ پنچ۔ منصف۔ مجسٹریٹ۔ جج۔ وکیل۔ پلیڈر۔

پراربدھ۔ / **پرالبدھ**۔ } شروع کیا ہوا۔ قسمت۔ مشیت۔ تقدیر۔ نصیبہ۔ مقدر۔ اتفاق۔

پرارتھ۔ دوسرے کیلئے۔

پرارتھت۔ مانگا گیا۔ التجا کیا ہوا۔

پرارتھک۔ مانگنے والا۔ التجا کرنے والا۔ خواستگار۔ مستدعی۔

پرارتھن۔ مانگنا۔ سوال کرنا۔ التجا کرنا۔

پرارتھنا۔ چاہنا۔ مانگنا۔ التجا کرنا۔ خواستگار ہونا۔ درخواست۔ عرض۔ التماس۔ آرزو و منت۔ عاجزی۔ حمد۔ مناجات۔ خداوند جل شانہ سے اپنے گناہوں کے متعلق معافی چاہنا۔

پرارتھی۔ مانگنے والا۔التجا کرنے والا۔

پرارمبھ۔ } آغاز۔شروع۔ابتدا۔اول۔
پرارنبھ۔

پراروچنا۔ پھسلاہٹ۔

پراری۔ مہادیوجی کا لقب کیونکہ پُر نامی دیت کو قتل کیے تھے۔

پراس۔ بھالا۔نیزہ۔ہتھیار۔پھانسی۔ترک۔الگ۔

پراسُ۔ مرا ہوا۔مُردہ۔

پراساد۔ محل۔مکان۔خانہ۔دیوتا کا مندر۔

پراست۔ ہارا ہوا۔شکست کھایا ہوا۔

پراستا۔ موت۔فنا۔نیستی۔نیند۔خواب۔اونگھ۔

پراسک۔ پانسہ۔

پراسنگ۔ ترازو۔ترازو کی ڈنڈی۔

پراسنِک۔ پیدائشی۔جبلّی۔

پراشچت۔ (پرایشچت) بدلہ کسی کاربد کا۔جُرمانہ۔تاوان۔ کفّارہ۔

پراشر۔ بیاس جی کے والد کا نام۔

پراشرت۔ ماتحت۔تابعدار۔

پراشرے۔ غیر مقتدر۔غیر اختیار۔مطیع۔

پراشن۔ کھانا۔چکھنا۔

پراک۔ آگے۔پہلے۔اول۔قبل۔مشرق۔صبح۔

پراکار۔ چاردیواری۔احاطہ۔فصیل۔حِصار۔

پراکتن۔ پُرانا۔کہنہ۔قدیم۔پہلا۔اگلا۔پورب یعنی جانب مشرق۔

پراکرت۔ سہل۔سہج۔معمولی۔طبعی۔ادنیٰ۔نیچا۔عام۔

پراکُرت۔ قبل ازیں کیا ہوا۔پہلے جنم (زندگی) میں کیا ہوا۔

پراکرت بھاشا۔ وہ عالمانہ بول چال جو سنسکرت زبان سے بگڑ کر بنی ہے۔

پراکرِت۔ فطرت کا قائم و برقرار رکھنے والا یعنی خداوند تعالیٰ۔ قیّوم۔

پراکرم۔ بہادری۔دلیری۔قوت۔قابلیت۔قدرت۔ طاقت۔زور۔توانائی۔جُرأت۔ہمّت۔

پراکرمی۔ شجیع۔دلیر۔بہادر۔زور آور۔طاقتور۔مقتدر۔ صاحب ہمّت۔

پراگ۔ اُبٹن۔تخم گل۔پھولوں کے اندر کا سفوف۔الہ آباد کا

پراگ ابھاؤ۔ کسی چیز کی پیدائش کے پہلے کا حال۔عدم سابق۔

پراکار۔ محل۔دیوتاؤں اور راجاؤں کے مکانات۔

پراگرسر۔ پہلا۔اول۔اعلیٰ۔

پراگ گامی۔ آگے جانا۔پیشوا۔اگوا۔

پراگیا۔ علم۔سمجھ۔ہوشیار عورت۔

پراگیتوہ۔ علم۔دانش۔عقل۔

پراگیہ مان۔ دانشمند علما کی تعظیم۔

پراگیہ۔ پنڈت۔عالم۔دانا۔عاقل۔

پرالبدھ۔ (پرارَبدھ) شروع کیا ہوا۔تقدیر۔قسمت۔نصیب۔ اتفاق۔وہ اعمال سابقہ جن کی وجہ سے موجود پیدائش ہوئی ہے۔

پرالمبھ۔ ہار۔مالا۔

پرالیہ۔ برف۔یخ۔

پرامادیہ۔ دیوانگی۔جنون۔نشہ۔

پرامانک۔ نظیر کے ساتھ۔ثابت۔شاستر سے قابل۔ ایفاء وعدہ کرنے والا۔دوست۔

پرامانیہ۔ اختیار۔ثبوت۔نظیر۔اقرار کرنیکے قابل۔دوستی کے

پَرامَرش۔ سوچ۔ بچار۔ غور۔ تجویز۔ رضامندی۔ صلاح۔
معافی۔ سہن۔ غصّہ۔ غضب۔ منتر۔ بھید۔ راز۔
پَرامَرشک۔ وزیر۔ دیوان۔ صلاح کار۔ مشیر۔
پَران۔ سانس۔ روح۔ دم۔ جان۔ نفس۔ زندگی۔ حیات
ہوا۔ قوت تنفس۔ حواس۔ کنایۃً معشوق۔ پیارا۔
پیاری۔ واضح ہو کہ پران پانچ ہیں۔ (۱) پران۔ (۲)
اَپان۔ (۳) ویان۔ (۴) ودان۔ (۵) سمان۔
پُران۔ } پُرانا۔ قدیم۔ دیرینہ۔ کہنہ۔ پہلے کا۔ سب سے
پُوران۔ } پہلا۔ بوڑھا۔ تواریخ۔ بیاس جی کے مصنفہ بھاگوت
وغیرہ اٹھارہ پُران۔ اُن کے اسما یہ ہیں۔ (۱)
برہمہ پران۔ (۲) پدم پُران۔ (۳) برہمانڈ پُران۔
(۴) اگنی پُران۔ (۵) وشنو پُران۔ (۶) گرڑ پُران۔
(۷) برہمہ ویورتہ پُران۔ (۸) شیو پُران۔ (۹)
لنگ پُران۔ (۱۰) نارد پُران (۱۱) اسکندھ پُران۔
(۱۲) مارکنڈیہ پُران۔ (۱۳) بھوشیت پُران۔ (۱۴)
مَتسیہ پُران۔ (۱۵) وراہ پُران۔ (۱۶) کورم پُران۔ (۱۷)
وامن پُران۔ (۱۸) سری مدبھاگوت پُران۔ ان کے
سوا (۱۸) اُپ پُران بھی ہیں۔
پُرانا۔ کہنہ۔ پارینہ۔ قدیم۔
پَرانا پہاری۔ جانگسل۔ مہلک۔
پَراناتما۔ روح۔ جان۔
پَرانادھار۔ پیارا۔ مالک۔ شوہر۔
پَرانادھناتھ۔ مجازاً شوہر۔
پَراناگھات۔ مار ڈالنا۔ تکلیف۔ ایذا۔
پَرانانت۔ موت۔ مرگ۔ مرن۔

پَرانانتک۔ جان لینے والا۔ مہلک۔ جانگسل۔
پَرانایام۔ یوگ کی آٹھ قسموں میں سے چوتھی قسم۔
ضبط نفس۔ حبس دم۔
پَران وِدیا۔ (وِدیا) علم النفس۔
پَران پرتشٹھا۔ دیوتاؤں وغیرہ کا منتروں کے ذریعہ
جان قائم کرنا۔
پُران پُرش۔ بوڑھا آدمی۔ مجازاً خداوند تعالیٰ۔
پَران پریہ۔ جان سے زیادہ پیارا۔ محبوب معشوق۔
پَرانت۔ اخیر۔ بقیہ۔ حد۔ سرحد۔ کنارہ۔ آخر حصہ۔ اطراف
جوانب۔ کسی مُلک کا ایک حِصّہ۔ صوبہ۔ پرویش۔
چاروں طرف۔
پَرانتر۔ اُجاڑ۔ خلل۔
پَران تیاگ۔ خودکشی کرنا۔ مرنا۔
پَرانجل۔ دونوں ہاتھ جوڑ کر بغرض تعظیم پیشانی تک لیجانا۔
پَرانجلی۔ ہاتھ جوڑے ہوئے۔ دست بستہ۔
پَران ڈنڈ۔ سزائے موت۔ قصاص۔
پَران داتا۔ جان دینے والا۔ خداوند تعالیٰ۔
پَران دھارن۔ زندگی۔ پرورش۔
پَراندھی۔ جاسوس۔
پَران سنکٹ۔ وہ تکلیف جو جان پر ہو۔ جان جوکھم۔
پُرانک۔ پُرانوں سے متعلق۔ قدیم حالات سے واقف۔ قدیم
پَران کریا۔ عمل حبس دم۔
پَرانگ۔ مشرق۔
پَرانگ مکھ۔ لوٹا ہوا۔ برخلاف۔ بے پروا۔ باغی۔ شرمندہ۔

پراںگن - آنگن - صحن - مردنگ - پکھاوج۔

پران گھات - قتل۔

پرانگتی - منزل مقصود۔

پران مئی کوش - آتما کا دوسرا غلاف - حجاب نفسی - وہ طاقت جو جسم کو حرکت دیتی ہے۔

پران ناتھ - } مالک جان - مجازاً خاوند شوہر - عاشق - خداوند تعالیٰ۔
پران پتی -

پران وِت - } پرانوں کا جاننے والا۔
پران ویتا -

پران ہاری } مہلک - جانگسل۔
پران ہر -

پران ہنتا - } جان لینے والا - مہلک۔
پران ہانی -

پرانہہ - دن کا پچھلا حصہ - دوپہر کے بعد کا وقت - سہ پہر۔

پرانی - جاندار - ذی روح۔

پران یاترا - روزی - زندگی۔

پرانیش - جانوں کا مالک یعنی خداوند تعالیٰ - مجازاً شوہر۔

پرانیشا - مجازاً بیوی - زوجہ - جورو۔

پرانیشور - دیکھو (پرانیش)

پرانی ماتا - ماں - والدہ۔

پرانی ماتر - جملہ جاندار۔

پرانی ہنسا - کسی جاندار کی جان لینا۔

پراور - } چار دیواری - چادر - ڈھکن۔
پراورن -

پراورت - احاطہ - خاربندی۔

پراورٹ - برسات - موسم باراں۔

پراورت - نقاب - لبادہ - جُبّہ۔

پراورش - } برسات - موسم باراں۔
پراورشا -

پراوینیہ - چالاکی - ہوشیاری۔

پراہ - بھاگڑ - گریز - ہزیمت - ترک وطن - دوسرا دن - روز دیگر۔

پراہرک - پہرہ دار - چوکیدار۔

پراہن - بعد دوپہر - ظہر۔

پرائے - } اجنبی - غیر - بیگانہ - پردیسی - ملک غیر
پرایا -

پرائے - اکثر - کبھی کبھی - لگ بھگ - بہت بار - عبادت

پرایت - تابعدار - ماتحت۔

پرایشچت - شاستر کی رو سے وہ کام جو گناہوں کے دور کرنے کے لئے کئے جائیں - بدلا بدی کا - کفارہ۔

پرایشہ - اکثر - ہر طرح۔

پرایک - اکثر ہونے والا۔

پرائن - نہایت خواہش - پناہ - مطیع - ہوشیار - تعلق بھروسہ - ملاپ - موت - مرگ - مشغول - لگا ہوا۔

پرایوپ ویش - ترک غذا کر کے مرنے پر آمادہ ہونا۔

پرایہہ - } کبھی کبھی - باربار - بہت بار اکثر - ہر طرح - بہت قسم کا - عموماً - عام طور پر۔
پرائے -

پرائی - غیر۔

پرب - (پَرو) باب - فصل - حصہ - تیوہار - تقریب۔

پر باس - (پرواس) ملک غیر میں چند روز زندگی بسر کرنا۔ سفر کرنا۔ سیاحت کرنا۔

پر باسی - (پرواسی) پردیس کا باشندہ۔ پردیسی۔ بدیسی۔ اجنبی۔

پُر باسی - (پُرواسی) شہر کا باشندہ۔ شہری۔

پر بال - (پروال) مونگا۔ مرجان۔

پر باہ - (پرواہ) بہاؤ۔ بہاتا۔ ندی۔ نہر۔ روانی آب۔ سیلاب۔ طغیانی۔

پر بت - (پروت) }
پار بت - (پاروت) } پہاڑ۔ کوہ۔ جبل۔

پر بتی - (پروتی) پہاڑی۔ کوہی۔

پر بتیہ - پہاڑی۔ کوہی۔

پر بدھ - کھلا ہوا۔ جاگا ہوا۔ ہوش میں آیا ہوا۔ بیدار۔ عاقل۔ دانا۔ ہوشیار۔

پر برتی - (پرورتی) مصروفیت۔

پر برتی مارگ - (پرورتی مارگ) ضد (نِورتی مارگ) مصروفیت یعنی دنیا میں رہکر کاروبار کرنا۔

پر برہمہ - }
پر مبرہمہ - } قادر مطلق۔ خداوند تعالیٰ جل شانہٗ۔

پر بس - (پروس) بے ٹھور ٹھکانا۔ بے قابو۔ زیردست۔ غیر اختیار۔ محکوم۔ تابعدار۔

پر بل - برتر۔ غالب۔ سخت۔ مضبوط۔ تند۔ قوی۔ مستحکم۔ توانا۔ اعلیٰ۔ قادر۔ غالب۔ صاحب ہمت۔ صاحب قدرت۔ بلی۔ طاقتور۔ زبردست۔ زور آور۔ کثرت۔ تیز۔

پر بلا - زور آور (عورت)

پر بلتا - قوت۔ فوقیت۔ طاقت۔ قدرت۔

پر بندھ - بندھا ہوا سلسلہ۔ بندوبست۔ تعین۔ تصنیف۔ انتظام۔ ایک قسم کا ترانہ۔ ایک قسم کی تحریر و تقریر۔ بلا وقفہ۔ متواتر۔ بلا روک ٹوک۔ اصطلاح محاورہ۔ گرہ۔ کہانی۔ مسودہ۔ نظم۔ طرز۔ رکاوٹ۔ انتظام۔ شاعری۔ حکمت۔ قاعدہ۔

پر بندھک - منتظم۔ مصنف۔

پر بودھ - بیداری۔ خبرداری۔ ہوشیاری۔ عقل۔ سمجھ۔ وقوف۔ دعوے۔ قوت تمیز۔ آگاہی۔ ثبوت۔ دلیل۔ اثبات۔ اطمینان۔ تسلی۔ برہان۔ الزام۔ تشفی۔ خبرداری۔ چالاکی۔ علم۔ تعلیم۔ رغبت۔ حالات دلی اور خیالات کا اظہار۔ نیند یا غفلت سے ہوشیار ہونا۔

پر بودھت - بیدار۔ تعلیم یافتہ۔ متیقن۔

پر بودھک - تعلیم دینے والا۔ سمجھانے والا۔ فقیر۔

پر بودھن } جاگنا۔ جگانا۔ بیدار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔
پر بودھنا } جتانا۔ بتانا۔ تعلیم دینا۔ سکھانا۔ سمجھانا۔ قوت تمیز۔

پر بھا - روشنی۔ جلوہ۔ رونق۔ تجلی۔ چمک۔ جھلک۔ کرن۔ نور۔ ضیا۔ شان و شوکت۔ جاہ و جلال۔ حلقۂ آفتاب۔

پر بھات - فجر۔ بھور۔ تڑکا۔ صبح۔ بامداد۔

پر بھاتی - صبح کا گانا۔ نغمۂ سحری۔

پر بھاس - روشنی۔ رونق۔ ایک تیرتھ کا نام۔

پر بھاشا - اشارہ۔ شرح۔ تفسیر۔

پر بھاکر - آفتاب۔ ماہتاب۔ آگ۔ سمندر۔

پر بھاکیٹ - جگنو۔ کرم شب تاب۔

پر بھاگ - خوبی۔ فوقیت۔ خوش قسمتی۔ باقی۔ بقیہ۔

پر بھان - روشنی - نور - ضیا -

پر بھاؤ - تیج - رونق - قوت - طاقت - زور - اثر - کامیابی - اقبال - شادمانی - عزت - عظمت - برکت - خوشدلی - قدرت - طفیل - ترقی - کرامت - مقدور - قابو - علوہمتی - مزاج -

پر بھاؤ - بے عزتی - حقارت - ذلت - نفرت -

پر بھت -
پر بھتا -
پر بھتائی -
پر بھتو -
} قابلیت - حکومت - فرمانروائی - اختیار - قدرت - طاقت - فضیلت - بزرگی - بڑائی - اثر - برتری - بادشاہی - زور - مالکیت - خداوندی

پر بھرت - کوا - کوئل - دشمن کو مدد دینے والا غیر سے پرورش پایا گیا -

پر بھرتی - طرح - وغیرہ - اور سب -

پر بھرشٹ - گرا ہوا - بے آبرو - محروم -

پر بھرم - آوارہ گردی - غلطی -

پر بھرمن - گھومنا - پھرنا - سیر کرنا - ہمیشہ گھومتے رہنا -

پر بھل -
پر بھلت -
} پھولا ہوا - کھلا ہوا - چمکتا ہوا - خوش - مسرور - روشن - تاباں -

پر بھنجن - ہوا - باد - توڑنا - توڑنیوالا - ٹوٹنا -

پر بھو - بڑا - برتر - اعلیٰ - طاقتور - بزرگ تر - حاکم - قادر - خداوند - آقا - مالک - شوہر - سردار - خاندان - پیڑھی - نسل - پرورش کرنے والا - سب کا مالک یعنے خداوند تعالیٰ - واضح ہو کہ بزرگوں کو اس لفظ سے مخاطب کیا جاتا ہے -

پر بھو - پیدائش جس سے پیدا ہوں جیسے والدین - مقام پیدائش - زور - طاقت - قدرت -

پر بھو - بے عزتی - حقارت - نفرت -

پر بھوت - بہت زیادہ - کثرت - مشہور -

پر بھوتی - پیدائش - قدرت - زیادتی -

پر بھوگ - قبضہ - حظ -

پر بھومی - پردیس - ملک غیر -

پر بھید - فرق - قسم - جدائی - تقسیم - کیفیت -

پر بیش - (پرویش) دخل - پہنچ - رسائی - باریابی -

پر بیشی - (پرویشی) داخل ہونا - دخل پانا - گھسنا -

پر بین - (پروین) سمجھدار - ہوشیار - چالاک - دانا - عاقل - کامل - ماہر - آگاہ - ہنرمند - عالم -

پر بینتا - (پروینتا) دانشمندی - خردمندی - مہارت - دستگاہ - دانائی - عقلمندی - چالاکی - ہوشیاری - علم -

پر پا -
پر پان -
} پیاؤ - وہ مقام جہاں پیاسوں کو پانی پلایا جاتا ہے - پنگھٹ - آبدارخانہ -

پر پات - پہاڑوں سے پانی گرنیکا مقام - جھیل - کنارہ - بے سہارا -

پر پاٹی - طور - طریقہ - دستور - آبائی رسوم -

پر پاک - پکا ہوا - ہضم کیا ہوا - چالاکی - زمانہ مستقبل - پھل - ثمرہ - نتیجہ -

پر پالت - پالا گیا - حفاظت کیا گیا - خبرگیری کیا گیا -

پر پالن - پالنا - پرورش کرنا - حفاظت کرنا -

پر پتامہہ - پردادا - فرجد - پدر جد - برہما کا لقب -

پر پتامہی - پردادی - مادر جد -

پر پتر - بیٹے کا بیٹا - پوتا -

پر پٹی - دال کی پتلی روٹی -

پر پد - پیر کا اگلا حصہ۔

پر پشٹ - کوئل۔

پر پشٹا - کسبی - رنڈی - خود رو بیل جو دوسرے درختوں کے سہارے پیدا ہو۔

پر پکوہ - پورا پکا ہوا - ہضم کیا ہوا - وہ جو کاروبار میں ہوشیار ہو - چالاک - عاقل۔

پر پلایت - شکست دیا گیا۔

پر پلاین - فرار - گریز۔

پر پلائی - بھاگ جانے والا - گریز کرنیوالا۔

پر پلت - ڈوبا ہوا - نہایا ہوا۔

پر پنتھک - دشمن - ٹھگ - چور - گنہ گار - بدکار۔

پر پنتھی - روکنے والا - دشمن - چور۔

پر پنچ - پھیلاؤ - کشادگی - دنیا کا جنجال - بکھیڑا - جھنجھٹ - جھگڑا - ڈھونگ - دھوکا - کپٹ - مکر - فریب - خلاف - زیادتی - چوک - بھول - دکھاوا - وجود بے بود۔

پر پنچی - دغاباز - مکار - فریبی - شعبدہ باز۔

پر پنہ - آیا ہوا - پہنچا ہوا۔

پر پوتر - پوتے کا بیٹا - پرپوتا۔

پر پوتری - پرپوتی۔

پر پوجت - پوجا کیا گیا - خدمت کیا گیا - پرستش کیا گیا۔

پر پوجن - پوجنا - پرستش کرنا - خدمت کرنا۔

پر پور - بھرپور۔

پر پورت - بھرا ہوا - بھرپور - لبریز - لبالب - کامل۔

پر پورن -
پر پورنہ - } بھرا ہوا - پر - تمام - پورا - کامل - انجام - ختم۔

پر پھلت
پر پھلہ - } کھلا ہوا - شگفتہ - مسرور - بشاش۔

پرت - الٹا - خلاف - ضد - برعکس - کو - پاس - سامنے - نقل - کاپی - کتاب - جلد - ثانی - مثنی - بہ نسبت - عدو - طرف - ہر ایک - ایک ایک - برابر - مقابلے کا - الٹ - جوڑ کا - اوپر - حصہ - آخر - سے - لگ بھگ - لئے - واسطے - موافق - سب - پیچھے - پھر - پیچھا - عوض - جگہ میں - آپس میں - مقابلے میں - بدلے میں۔

پرتاپ - اقبال - جلال - مردانگی - جرأت - بہادری - بزرگی - روشنی - نور۔

پرتاپ - فکر - رنج - دکھ - شوک - سوچ - ڈر - درد - تکلیف - مصیبت - ایک دوزخ کا نام۔

پرت اپکار - نیکی کے بدلے نیکی کرنا - احسان کا بدلا۔

پرت اپکاری - نیکی کا بدلا نیکی کرنے والا۔

پرتاپ وان -
پرتاپی - } پرتاب والا - صاحب قدرت - صاحب اقبال - صاحب ہمت۔

پرت اتر - رد جواب - جواب الجواب۔

پرتارت - ٹھگا ہوا - دھوکہ کھایا ہوا۔

پرتارک - ٹھگ - دھوکہ باز - دغاباز - فریبی۔

پرتارن
پرتارنا - } دھوکا - فریب - دغا - مکر - دھوکا دینا - فریب دینا۔

پرت بادھک - خلل انداز - تکلیف دینے والا۔

پرت بادی - (دوادی) دشمن - مدعی علیہ۔

پرت بچن - (دوچن)
پرت باکیہ - (واکیہ) } جواب۔

پرتِ بمب ۔ عکس ۔ پرچھائیں ۔ تصویر ۔ سایہ ۔ وہ تصویر جو آئینہ میں نظر آئے ۔

پرتِ بندھ ۔ مداخلت ۔ ممانعت ۔ رکاوٹ ۔ روک ۔ اٹکاؤ ۔ بندوبست ۔ انتظام ۔

پرتِ بندھک ۔ رکاوٹ پیدا کرنے والا ۔ روکنے والا منع کرنے والا ۔ دخل دینے والا ۔

پرتِ بندھن ۔ روزینہ ۔

پرتِ بھا ۔ سمجھ ۔ عقل ۔ دانش ۔ لیاقت ۔ ذہن ۔ روشنی ۔ جلوہ ۔

پرتِ بھاس ۔ دھوکا ۔ چمک ۔

پرتِ بھٹ ۔ مقابلہ کا بہادر ۔

پرتِ بھن ۔ علیحدہ کیا گیا ۔ الگ کیا گیا ۔ جدا کیا گیا ۔

پرتِ بھو ۔ یقین ۔ کفالت ۔ ضمانت ۔

پرتِ بھیدن ۔ چبھونا ۔ گڑونا ۔ گھسنا ۔ علیحدہ کرنا ۔

پرتِ پادک ۔ تعریف کرنے والا ۔

پرتِ پادن ۔ اچھی طرح سے سمجھانا ۔ تعلیم دینا ۔ جتانا ثبوت تعریف ۔ خیرات ۔ ترک ۔

پرتِ پادیہ ۔ قابل تعریف ۔ قابل یادداشت ۔

پرتِ پال ۔ مدد کرنا ۔ پناہ دینا ۔ پرورش کرنا ۔ حفاظت کرنا ۔ پالنا ۔ نگرانی ۔ سرپرستی ۔ حفاظت ۔ سہارا ۔ پرورش حمایت ۔ مربی ۔

پرتِ پالک ۔ پالنے والا ۔ پرورش کرنے والا ۔ محافظ ۔ مربی ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔

پرتِ پالن ۔ } پالنا ۔ پرورش کرنا ۔ پرورش ۔ حمایت ۔ ایفاء عہد

پرتِ پالنا ۔

پرتِ پتی ۔ شہرت ۔ دریافت ۔ تحقیق ۔

پرتِ پتی ۔ گمان ۔ عاجزی ۔ خیرات ۔ کام میں لانا ۔ تعین کرنا ۔ یقین کرنا ۔ ماننا ۔ قایل ہونا ۔

پرتِ پد ۔ راستہ ۔ شروع ۔ سلسلہ ۔ سطر ۔ عقل ۔ سمجھ ۔ ہر ماہ کے پکش کی پہلی تاریخ ۔

پرتِ پدا ۔ ہر ماہ کے پکش کی پہلی تاریخ ۔

پرتِ پرش ۔ ہر ایک آدمی ۔ فرداً فرداً ۔

پرتِ پکش ۔ دشمن ۔ جواب دہ ۔ مدعی علیہ ۔ نظیر ۔ برابری ۔ دوسرے فریق کی بات ۔

پرتِ پکشی ۔ دشمن ۔ عدو ۔ مخالف ۔

پرتِ پن ۔ جانا ہوا ۔ سمجھا ہوا ۔ منظور کیا گیا ۔ معلوم کیا گیا ۔ بھرا ہوا ۔ ملا ہوا ۔ یقین ۔ ثابت ۔ قائم ۔ منظور ۔

پرتِ تپن ۔ تپانا ۔ گرمی ۔ حرارت ۔ پریشانی ۔

پرتِ پوجک ۔ عزت کرنیوالا ۔ تعظیم دینے والا ۔ تابعداری کرنیوالا

پرتِ پوجن ۔ باہمی عزت و احترام ۔

پرتِ پھل ۔ بدلے میں ملا ہوا ثمرہ یعنی نتیجہ ۔ بدلا ۔ معاوضہ ۔ اجر ۔ مکافات ۔

پرتِ جیون ۔ دوسری زندگی ۔

پرتِ چنتن ۔ مکرر غور و فکر کرنا ۔ بار بار خیال کرنا ۔

پرتِ چھایا ۔ عکس ۔ سایہ ۔ تصویر ۔ مورت ۔ پرچھائیں ۔

پرتِ چھن ۔ (کشن) لحظ لحظہ ۔ ہر لحظہ ۔

پرتِ چھید ۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔ آفت ۔ رکاوٹ ۔

پرتِ دان ۔ بدلے میں دینا ۔ ادلا بدلی ۔ امانت کی واپسی ۔ تجارت کا معاوضہ ۔

پرتِ دشا ۔ ہر طرف ۔ ہر جانب ۔ اطراف ۔ چوطرف ۔

پرتِ دن ۔ ہر ایک دن ۔ دن دن ۔ ہر روز ۔ روزانہ ۔

ہموارہ ۔ ہمیشہ ۔ دائم ۔

پرتِ دھونی ۔ } گونج ۔ آواز بازگشت ۔
پرتِ ناد ۔

پرتِ دیش ۔ ہر ملک ۔ ہر دیار ۔

پرتِ دیہ ۔ لوٹانیکے قابل ۔ واپس کرنے کے لایق ۔

پرتر ۔ دوسری دنیا ۔ اور جگہ ۔ دوسری جگہ ۔ مخالف ۔

پرترات ۔ حفاظت کیا ہوا ۔ پرورش کیا ہوا ۔ محفوظ ۔

پرتِ راتر ۔ ہر رات ۔ ہر شب ۔

پرتراتا ۔ بچانیوالا ۔ حفاظت کرنیوالا ۔ پرورش کرنے والا ۔

پرتران ۔ بچاؤ ۔ حفاظت ۔ ڈر یا بُرائی سے بچانا ۔ حفاظت کرنا ۔

پُرتران ۔ شہر پناہ ۔

پرترپت ۔ بشاش ۔ خوش ۔ آسودہ ۔

پرتِ رمبھ ۔ ملاپ ۔ غصّہ ۔

پرتِ روپ ۔ تصویر ۔ بُت ۔ مورت ۔ پُتلا ۔ شبیہہ ۔

پرتِ رودھ ۔ مخالفت ۔ رکاوٹ ۔

پرتِ رودھی ۔ } چور ۔ رہزن ۔ قزاق ۔
پرتِ رودھک ۔

پرتسپردھا ۔ رشک ۔ حسد ۔ ہمسری ۔ لاگ ۔ ڈانٹ ۔

پرتِسپردھی ۔ کینہ ور ۔ سرکش ۔ سبقت خواہ ۔ ہمسری جو ۔

پرتسر ۔ زخم بھرنا ۔ اندمال پانا ۔ شادی کے وقت کی وہ ڈوری جو کلائی پر باندھی جاتی ہے ۔

پرتِ سرگ ۔ بربادی ۔ تباہی ۔ قیامت ۔

پرتِ شبد ۔ گونج ۔ آواز بازگشت ۔

پرتُشٹ ۔ خوش ۔ مسرور ۔ شاد ۔

پرتشٹھ ۔ مشہور ۔

پرتشٹھا ۔ قائم کرنا ۔ ٹھیراو ۔ بڑائی ۔ عزت و توقیر ۔ آبرو ۔ شہرت نیکنامی ۔ قیام ۔ کوئی کار نیک کرنا جیسے دیول وغیرہ بنانا ۔ قائم کرنا ۔ عہدہ ۔ درجہ ۔

پرتشٹھا سوچک ۔ عزتی شہرتی ۔

پرتشٹھان ۔ قائم رکھنا ۔ بٹھانا ۔ کسی دیوتا کی مورتی کو قائم کرنا ۔ اصل ۔ جڑ ۔ مقام ۔ جگہ ۔ نیو ۔ بنیاد ۔

پرتشٹھت ۔ مشہور کیا ہوا ۔ قائم کیا ہوا ۔ بخشا گیا ۔ مخصوص کیا گیا ۔

پرتشٹی ۔ بشاشت ۔ خوشی ۔ اطمینان ۔

پرتشدھ ۔ منع کیا گیا ۔ روکا گیا ۔ ممنوع ۔

پرتشرو ۔ منظور ۔ مقبول ۔

پرتشدھ ۔ ممانعت ۔ انکار ۔ اختلاف ۔

پرتِ کارک ۔ روکنے والا ۔ ترک کرنے والا ۔ ناسخ ۔

پرتِ کاریہ ۔ روکنے کے قابل ۔ ترک کرنیکے لائق ۔

پرتِ کرما ۔ بدلا ۔ معاوضہ ۔ اجر ۔ علاج ۔

پرتِ کریا ۔ بدلا ۔ عوض ۔ روک ٹوک کرنا ۔ علاج کرنا ۔

پرتکھیات ۔ بہت زیادہ شہرت یافتہ ۔

پرتِ گرجن ۔ گونج ۔ آواز بازگشت ۔

پرتِ گرہ ۔ لینا ۔ قبول کرنا ۔ پکڑنا ۔ دان لینا ۔ خیرات لینا ۔ بیاہ ۔ عاجزی کرنا ۔ دشمنی کرنا ۔ مقابلہ کرنا ۔ جواب دینا ۔ فوج کا پچھلا حصّہ ۔

پرتِ گرہن ۔ خصوصاً دان (خیرات) لینا ۔ عموماً ہر چیز کا لینا ۔

پرتِ گھات ۔ مار کا بدلا مار ۔ چوٹ کا بدلا چوٹ ۔ بدی کا معاوضہ بدی ۔ دفع کرنا ۔ رکاوٹ ۔ مقابلہ ۔

پرتِ گھاتن ۔ جان سے مار ڈالنا ۔ رکاوٹ ۔

پرتِ گھاتی ۔ مقابلہ کرنیوالا ۔ دشمن ۔

پرتگھنہ ۔ جسم ۔ بدن ۔

پرتگیا ۔ اقرار ۔ وعدہ ۔ عہد ۔ قول وقرار ۔ شرط قسم سوگند ۔

پرتگیا پتر ۔ اقرار نامہ ۔ عہدنامہ ۔

پرتگیات ۔ وعدہ کیا گیا ۔ اقرار کیا گیا ۔ قبول کیا گیا ۔

پرتل ۔ دوزخ کے چار طبقوں میں سے ایک طبقہ ۔

پرتی لپی ۔ نقل ۔ کاپی ۔

پرتلمبھ ۔ ملامت ۔ دشنام ۔

پرتلوم ۔ بایاں ۔ چپ ۔ الٹا ۔ برعکس ۔ کمینہ ۔ نیچ ۔ ہر ایک بال ۔

پرتلومج } وہ اولاد جو اعلیٰ ذات کی عورت اور کم ذات کے
پرتلومن } مرد سے پیدا ہوئی ہو ۔ برن شنکر ۔

پرتما ۔ تصویر ۔ شبیہہ ۔ عکس ۔ پتلی ۔ بت ۔ مورتی جس کی پرستش
کی جائے ۔ صنم ۔

پرتی ماس ۔ ہر ماہ ۔ ماہ بماہ ۔

پرتمہ ۔ برابر ۔ مطابق ۔ مماثل ۔ ثانی ۔

پرتنا ۔ وہ فوج جس میں (۲۴۳) ہاتھی (۲۴۳) رتھ (۷۲۹)
گھوڑے اور (۱۲۱۵) پیدل ہوں ۔

پرتی ناد ۔ گونج ۔ آواز بازگشت ۔

پرتنتر ۔ غیر اختیاری ۔ غیر مقتدری ۔

پرتی ندھ ۔ مشابہت ۔ تصویر ۔ یقین ۔ قائم مقام ۔

پرتی نش ۔ ہر رات ۔ ہر شب ۔

پرتنی ۔ بھوتنی ۔ بھتنی ۔

پرتنیا ۔ فوج ۔ لشکر ۔

پرتی واچ ۔ جواب الجواب ۔

پرتی وادی ۔ جواب دہ ۔ مدعی علیہ ۔ دشمن ۔

پرتی واسی ۔ پڑوسی ۔ ہمسایہ ۔

پرتی واکیہ ۔ جواب ۔ پاسخ ۔

پرتی واہ ۔ خلاف ۔ تردید ۔ آفت ۔

پرتی وچن ۔ جواب ۔ پاسخ ۔ گونج ۔

پرتود ۔ چابک ۔ کوڑا ۔ ہنٹر ۔

پرتی ودھان ۔ کہی ہوئی بات پھر کہنا ۔ بار دیگر کہنا ۔

پرتی ورش ۔ ہر سال ۔ سال بسال ۔

پرتوش ۔ آنند ۔ خوشی ۔ بشاشت ۔ رضامندی ۔

پرتوہ ۔ تفاوت ۔ جدائی ۔ فاصلہ ۔ دشمنی ۔ بزرگی ۔ برائی ۔

پرتی ویش ۔ پڑوس ۔

پرتھ ۔ کشادہ ۔ منو خاندان کا ایک راجہ ۔

پرتھا ۔ شہرت ۔ چال چلن ۔ طریقہ ۔ ناموری ۔

پرتھا ۔ کشادہ ۔ کنتی راجہ پانڈو کی زوجہ اور جدھشٹر ارجن
اور بھیم کی والدہ کا نام ۔

پرتھت ۔ شہرت دیا گیا ۔ مشہور کیا گیا ۔ مشہور ۔

پرتی ہت ۔ روکا ہوا ۔ ہٹایا ہوا ۔ پھینکا ہوا ۔ گرایا ہوا ۔
ناامید ۔ مایوس ۔ شکست ۔ نقصان ۔

پرتھرن ۔ بربادی ۔ تباہی ۔

پرتھک کرن ۔ جدا کرنا ۔ الگ کرنا ۔

پرتھک ۔ نیارا ۔ جدا ۔ علیحدہ ۔ جداگانہ ۔ اکیلا ۔ الگ ۔
الگ الگ ۔

پرتھم ۔ پہلا ۔ پہلے ۔ اگلا ۔ اول ۔ اولین ۔ نخست ۔ نخستین ۔
پیش ۔ پیشین ۔ ابتدا ۔ پہلے ہی ۔ پہلے پہل ۔ اعلیٰ ۔
خاص ۔ تمہیدی ۔

پرتھمتہ ۔ پہلے ۔

پرتی ہمسنہ ۔ بدی کا بدلا بدی ۔

پرتھوی - زمین - ارض - دنیا - عالم۔

پرتھوی پال - } مالک دنیا - مجازاً راجہ یا بادشاہ۔
پرتھوی پت -

پرتھوی پتی - مالک دنیا - مجازاً راجہ - بادشاہ۔

پرتھوی دھر - حامل دنیا - مجازاً پہاڑ - کوہ۔

پرتھوی کمپ - بھونچال - زلزلہ۔

پرتھوی ناتھ - مالک دنیا - مجازاً راجہ - بادشاہ۔

پرتھہ - آگے - سامنے - پیش۔

پرتہہ - چاروں طرف - چوطرف - اطراف۔

پرتھیئے - دوستی۔

پرتیاتما - خداوند تعالیٰ۔

پرتیاویش - خبر - اطلاع - واقفیت - خبر دینا - آگاہ کرنا۔

پرتیاشا - بھروسا - امید - خواہش - تمنّا - چاہ - انتظاری۔

پرتیاشی - راہ دیکھنے والا - اُمیدوار - منتظر۔

پرتیاگ - ترک کرنا - دست کشی کرنا - چھوڑنا
الگ کرنا - طلاق دینا۔

پرتیادشٹ - علیحدہ کیا گیا - آگاہ کیا گیا - مشہور کیا گیا۔

پرتیاہار - جملہ حواسوں کو افعال ظاہری سے روک رکھنا۔

پرتی بھو - ضامن۔

پرتی بھوتی - ضمانت - ضامنی۔

پرتیپ - نافرمانبردار - ہتھیار - راجہ شنتن کا باپ۔

پرتیپکار - کسی احسان یا مہربانی کی ادائی۔

پرتیت - جانا ہوا - دانستہ - مشہور - ظاہر - نامی - شناسا۔
اعتقاد - اعتماد - یقین - اعتبار - بھروسہ - عقیدہ۔
الفت - علم - سمجھ - شہرت۔

پرتیتپن - پھر پیدا کرنا - مکرر نمودار ہونا - ضرب دینا۔

پرتیتر - جواب الجواب۔

پرتیتھان - تعظیم کے لئے اٹھنا۔

پرتیتی - جاننا - عقل - سمجھ - یقین - ظاہر - مشہور - عزت۔
اعتقاد - اعتماد - بھروسہ۔

پرتیچھ - (پرتیکش) سامنے - روبرو - ظاہر - صاف۔
صریح - علانیہ - برملا - آشکارا - آگے - بالمواجہہ۔
بالمشافہہ - نمایاں - حاضر - عین الیقین - ثبوت علم الیقین
علم بذریعۂ حواس۔

پرتیچی - جانب مغرب - مغربی حصّہ۔

پرتیر - کنارہ دریا - تٹ - ساحل۔

پرتیرپن - لوٹا دینا - واپس کرنا۔

پرتیرتھی - مدعی علیہ۔

پرتی سر - بیاہ کے وقت باندھنے کا کنگن۔

پرتی سیرا - پردہ۔

پرتی شدھ - } ممانعت - منع کرنا۔
پرتی شیدھ -

پرتیدگمن - استقبال کرنا - پیش قدمی کرنا۔

پرتیوگ - مقابلہ۔

پرتیوگی - دشمن - عدو۔

پرتیک - مخالف - ضد - اُلٹا - اُلٹا گیا - برگشتہ کیا گیا - علامت۔
نشان - عضو جسم - منہ - صورت - بت۔

پرتیک - بعد - موخر - پچھلا - ہر ایک - الگ الگ - جدا جدا - برابر

پرتیکار - } دشمنی کا بدلا - معاوضہ - جواب - روک ٹوک
پرتکار - } عوض - چارہ - تدبیر - تردد - ذریعہ - علاج - دور کرنا

دفع کرنا۔

پرتیکت - بالکل چھوڑا ہوا۔ بالکل ترک کیا ہوا۔ متروک۔ محروم

پرتیکتِ - جواب۔ رد جواب۔

پرتیکش - جو دیکھا جا سکے۔ جو آنکھوں کے سامنے ہو۔ روبرو
سامنے۔ آگے۔ ظاہر۔ مشہور۔

پرتیکشا - انتظار۔ خواہش۔ تردد۔ تامل۔ انتظار کرنا۔ خواہش کرنا۔

پرتیکش گیان - علم حقیقت۔

پرتیکشن - ہردم۔ ہر لحہ۔ ہر وقت۔ دائم۔

پرتیگرہ - تازہ۔ نیا۔

پرتیمان - بھروسہ کیا گیا۔

پرتینت - نزدیک۔ متصل۔ ملحق۔

پرتینتر - جانشین۔

پرتینچا - کمان کی ڈوری۔ چلہ

پرتی ندھی - بت۔ منجانب۔ قائم مقام۔ نائب۔ مختار۔ نمائندہ

پرتیوش - تڑکا۔ فجر۔ صبح کا وقت۔

پرتیوگ - مخالفت۔ اختلاف بیانی۔ اعانت۔ اتفاق۔
میل ملاپ۔

پرتیوگی - برخلاف۔ برعکس۔ جیسے روشنی کے بعد تاریکی۔

پرتی ہار - دروازہ۔ دربان۔ بازیگر۔

پرتی ہاری - دربان۔ چوکیدار۔ نقیب۔

پرتیہ واے - پاپ۔ گناہ۔

پرتی وایو - باد مخالف۔

پرتیہہ - ہر روز۔ روزانہ۔

پرتیک - ایک ایک۔ ہر ایک۔ الگ الگ۔ جدا جدا۔ یکے بعد دیگرے

پرتی یوگ - مقابلہ۔

پرتی یوگی - دشمن۔ عدو۔

پرتیہ - بھروسا۔ اعتبار۔ یقین۔ عقل۔ ثبوت۔ سمجھ۔ شرح۔
علامت۔ حروف معنوی۔

پرت - سونا۔ طلا۔ ذہب۔

پرج - دستہ پسر۔ ایک راگنی کا نام۔

پرجا - رعایا۔ مخلوق۔ عوام الناس۔ اولاد۔ نسل۔ جاندار۔ آفرینش

پرجاپت - رعیت کا مالک یعنی راجہ۔ بادشاہ۔ باپ۔
دادا۔ کمہار۔ مجموعہ عناصر کثیف۔ آلۂ تناسل۔ سورج۔
برہماجی کا لقب۔

پرجاپتی - رعایا کا مالک یعنی راجہ۔ بادشاہ۔ باپ۔ جنوائی۔
داماد۔ سورج۔ آگ۔ کمہار۔ خالق۔ آفرینندہ۔ برہماجی
کا لقب۔ مجازاً آلۂ تناسل۔

پرجات - دوسرے قوم کا۔ غیر کے نطفہ سے جو پیدا ہو۔

پرجادھی کاری راجیہ - سلطنت جمہوری۔

پرجاشاسن - رعایا کو تعلیم دینا۔ سزا دینا۔

پرجاگر - جاگنا۔ بیداری۔

پرجاوتی - بڑے بھائی کی زوجہ۔

پرجت - فتح کیا گیا۔ شکست دیا گیا۔

پرجلتن -
پرجلن - } سفر کرنا۔ مسافرت اختیار کرنا۔

پرجن - ساتھی۔ ہمراہی۔ ہمرکاب۔ مصاحب۔ نوکر۔ فرمانبردار۔
ملازم۔ رعایا۔ نوکر چاکر۔ عزیز و اقارب۔ اولاد۔ خاندان
خانوادہ۔ گھرانا۔ گھر کے لوگ۔

پرجن۔ شہری۔

پرجنک۔ (پرینک) پلنگ۔ چارپائی۔

پرجنیہ۔ ابر۔ بادل۔ اندر کا لقب۔ گرج۔ رعد۔ ابر موسم بارش۔

پرجولت۔ چمکدار۔ چمکیلا۔ روشن۔ منوّر۔ نور افشاں۔

پرجولن۔ جلنا۔

پرجیٹن۔ آوارہ پھرنا۔ گھومنا۔

پرجینٹ۔ حد۔ میعاد۔

پرجوسان۔ خاتمہ۔ نتیجہ۔ انجام کار۔

پرجیون۔ وجہ معاش۔ روزی۔

پرچا۔ / پرچو۔ } (پرکشا) پرکھ۔ آزمایش۔ امتحان۔ جانچ۔ اثبات۔ دلیل۔

پرچار۔ رواج۔ شہرت۔ طریقہ۔ پھیلاؤ۔ کشادہ۔ دستور۔ چال چلن۔ سکّہ۔ چراگاہ۔ ظاہر کرنا۔

پرچارت۔ چلایا ہوا۔ مشتہر کیا ہوا۔

پرچارک۔ پھیلانے والا۔ شہرت دینے والا۔ رواج دینیوالا۔ کشادہ کرنے والا۔ اعلان کرنے والا۔ چرواہا۔

پرچارک۔ سیوک۔ نوکر۔ ملازم۔ غلام۔ داس۔

پرچارکا۔ باندی۔ ملازمہ۔ داسی۔

پرچارن۔ پھیلانا۔ شہرت دینا۔

پرچانا۔ ملاقات کرنا۔ ملانا۔ باتوں میں لگانا۔

پرچایک۔ جان پہچان کرنیوالا۔

پرچیت۔ جانا ہوا۔ پہچانا ہوا۔ شناسا۔ واقف۔ آگاہ۔

پرچر۔ زیادہ۔ بہت۔ ظاہر۔ کثرت۔ کشادہ۔ بہت سے۔ کثرت سے۔

پرچرت۔ کوئی پیشہ جو اختیار کیا جائے۔

پرچریا۔ خدمت۔ اطاعت۔ ملازمت۔ عبادت۔ پرستش۔

پرچل۔ جو زیادہ چنچل ہو۔

پرچلت۔ چلا ہوا۔ رائج۔ جاری۔ مروج۔

پرچنا۔ آزمایش کرنا۔ ملاقات کرنا۔ ملانا۔

پرچنڈ۔ بہت تیز۔ نہایت گرم۔ ازبس خوفناک۔ ناقابل برداشت۔ غصّہ ور۔ پرجوش۔ تند۔ سخت۔ طاقتور۔ غالب۔ برتر۔ فایق۔ تند مزاج۔ زبردست۔ سورج۔ شیوجی کی ایک جماعت۔

پرچو۔ امتحان۔ آزمایش۔

پرچودت۔ ہدایت کیا گیا۔ روانہ کیا گیا۔

پرچونیا۔ آٹا دال بیچنے والا۔ مودی۔ بنیا۔

پرچھا۔ (پرکشا) پوچھنا۔ جانچنا۔ سوال کرنا۔ امتحان کرنا۔ پرکھ۔ سوال۔ امتحان۔ آزمایش۔ جانچ۔ تحقیقات۔

پرچھا۔ ذکر۔ تذکرہ۔ سوال۔ پرسش۔

پرچھادن۔ ڈھانپنا۔ ڈھکنا۔ برقع۔ پردہ۔

پرچھالن۔ دھونا۔

پرچھان۔ پرچھائیں۔ سایہ۔ عکس۔

پرچھت۔ (پرکشت) آزمایا ہوا۔ امتحان کیا ہوا۔ ارجن کے پوتے کا نام۔

پرچھتی۔ وہ گھاس پھوس جو مٹی کی دیوار پر اس کی حفاظت کے لئے ڈالی جاتی ہے۔

پرچھد۔ ڈھانپنے کی چیز۔ بکار آمد چیز۔ لباس۔ ساز۔ بچھونا۔ بستر۔ ہاتھیوں کا اسباب اور جھول۔ بقچہ۔ ڈوپٹا۔

پرچھدپٹ۔ پردہ۔ چک۔ قنات۔

پَرچھِدْر ۔ دوسروں کی غلطی یا عیب۔

پَرِچھَک ۔ (پَرِکْشَک) امتحان لینے والا۔ تحقیقات کرنے والا۔ مُتلاشی۔ مُمتحِن۔

پْرِچّھَک ۔ پوچھنے والا۔ سوال کرنے والا۔

پَرِچھَنّ ۔ ڈھکا ہوا۔ ڈھانپا ہوا۔ نظر سے باہر۔ لباس پہنا ہوا۔ بھیس بدلا ہوا۔ سایہ کیا ہوا۔ گھیرا ہوا۔ حصار کیا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ تھوڑا۔ کم۔ ضد تمام۔ کہیں کہیں۔ دروازہ۔ روشندان۔

پَرِچھِنّ ۔ حد بندی کیا ہوا۔ محدود۔

پْرِچّھَن ۔ پوچھنا۔ جانچنا۔ دریافت کرنا۔ سوال کرنا۔

پَرِچھید ۔ حصّہ۔ حد۔ کتاب کا حصّہ یا باب۔ فصل۔ ٹکڑا۔

پَرِچَے ۔ شناسائی۔ جان پہچان۔ میل ملاپ۔ دوستی۔

پَرِچیُت ۔ گرا ہوا۔ بھٹکا ہوا۔ گمراہ۔

پَرْد ۔ دینے والا۔ دہندہ۔

پَرْدار ۔ } غیر کی جورو۔ پرائی عورت۔
پَرْدارا ۔ }

پَرْدان ۔ دینا۔ دین لین۔ بخشش۔ عطا۔ دان۔ خیرات۔ ترک۔

پَرْدچھِنّ ۔ (پَرْدکشِن) اطراف پھرنا۔ طواف کرنا۔

پَرْدچھِنا ۔ (پَرْدکشِنا) کسی مُتبرک مقام وغیرہ کے گرد بطور تعظیم پھرنا۔ طواف۔

پَرْدَر ۔ عورتوں کی ایک بیماری کا نام۔

پَرْدَرْشَک ۔ بتانے والا۔ تعلیم دینے والا۔

پَرْدَرْشَن ۔ دیکھنا۔ نظر کرنا۔

پَرْدَرْشَن سْتھان ۔ نمایش گاہ۔

پَرْدَرْشَنی ۔ نمایش۔ سجاوٹ۔

پَرْدُرُوہ ۔ دوسروں کو نقصان پہونچانا۔ دھوکا دینا۔

پَرْدُرُوہی ۔ دوسروں پر جبر و تعدی کرنے والا۔

پَرْدْرَوْیہ ۔ مال بیگانہ۔ ملک غیر۔

پَرْدَکشِن ۔ } دہنے جانب سے دیوتا کے گرد پھرنا۔ طواف۔
پَرْدَکشِنا ۔ }

پَرْدُکھ ۔ دوسروں کی تکلیف یا رنج۔

پَرْدَوْن ۔ پ۔ ا۔ د۔ مارنا۔

پَرْدْوار ۔ شہر کا دروازہ۔

پَرْدوش ۔ شام۔ سرشام۔ وقت مغرب۔ غروب آفتاب کے بعد دو گھڑی تک کا وقت۔ شفق۔ غلطی۔ خطا۔ جرم۔ عیب۔

پَرْدوش ۔ دوسروں کی غلطی۔ خطائے غیر۔

پَرْدوش کال ۔ سرمغرب۔ شام کا وقت۔

پَرْدوشی ۔ مخالف۔ دشمن۔ عدو۔

پَرِدھِ ۔ دائرہ۔ حلقہ۔ خرمن آفتاب۔

پَرْدھان ۔ کسی چیز کی قدرتی حالت۔ فطرت۔ مالک۔ سردار۔ افسر فوج۔ وزیر اعظم۔ صدر نشین۔ بڑا مقدم۔ چودھری۔ عقل۔ سمجھ۔ اصل۔ خلاصہ۔ ہر چیز کا مادہ۔ خاص شئے۔

پَرِدھان ۔ جسم کے حصّہ زیرین کا لباس۔

پَرْدھَرم ۔ فرض غیر۔ کار غیر۔

پَرْدَھن ۔ غیر کی دولت یا جائداد۔

پَرْدھوَنْس ۔ تباہی۔ بربادی۔ نقصان۔ فنا۔ بگاڑ۔

پَرِدھی ۔ آفتاب اور ماہتاب کا دائرہ۔ حصار۔ گھیرا۔

پرْدھی۔ بڑا عاقل۔ دانا۔ بیرمنشی۔

پردھییہ۔ پہننے یا باندھنے کے قابل کپڑا۔

پرْدیپ۔ چراغ۔ دیا۔ روشنی۔ آفتاب۔

پرْدیپن۔ روشن کرنے والا۔ جلا دینے والا۔ منوّر کرنیوالا۔

پرْدیش۔ ملک کا ایک حصّہ۔ صوبہ۔ ضلع۔ پرگنہ۔ جگہ۔ مقام

پردیش۔ بدیش۔ ملک غیر۔ ملک بیگانہ۔ دیار غریب۔

پردیشی۔ بدیشی۔ غیر ملکی۔ غریب الدیار۔ مسافر۔

پرْدیمن۔ سری کرشن جی کے فرزند کا نام۔ کامدیو کا اوتار۔

پرْدیوتا۔ کسی شہر کا محافظ دیوتا۔

پرْدیون۔ رونا۔ گریہ کرنا۔ کھیل۔ تمنّا۔ تعریف۔ جُوا کھیلنا۔

پرْدیہ۔ لیپ۔ مرہم۔

پرِرمبھ۔ ملاقات کرنا۔ بغل گیر ہونا۔

پرْرو۔ ترکاری۔

پرَش۔ چھونا۔ لمس کرنا۔ گھسنا۔

پرُوس۔ بید۔ یا کسی لکڑی کی گرہ۔ جوڑ۔

پرْسا۔ ایک قسم کا آذُحوب۔

پرْساد۔ اطمینان۔ عنایت۔ لطف۔ محبت۔ مہربانی۔ پاکیزگی۔ صفائی۔ فیض۔ برکت۔ بخشش۔ تبرک۔ وہ کھانا جو مرشد یا بزرگ لوگ خوش ہو کر اپنے معتقدین یا ملازمین کو دیں۔ دیوتاؤں کو چڑھایا ہوا کھانا۔

پرْسادِت۔ فیض پایا ہوا۔ مہربانی کیا گیا۔ عنایت یافتہ۔

پرْساوک۔ مہربانی کرنیوالا۔

پرْسادن۔ خوش کرنا۔ منانا۔

پرْسادھک۔ بنانے والا۔ آراستہ کرنے والا۔ زیب و زینت دینے والا۔

پرْسادھکا۔ آرایش کرنیوالی۔ مشاطہ۔

پرْسادھن۔ تمام کرنا۔ پورا کرنا۔ قصد کرنا۔ فیصل کرنا۔

پرْسادھن۔ بنانا۔ سجانا۔ سنوارنا۔

پرْسار۔ پرْسارن۔ } پھیلاؤ۔ کشادگی۔ وسعت۔ پھیلانا۔ کشادہ کرنا۔ بڑھانا

پرْسارت۔ پھیلایا ہوا۔

پرْشپر۔ باہم۔ آپس میں۔ دونوں میں۔ جانبین۔ لازم۔ ملزوم۔ ایک دوسرے کو۔ برابر۔ الگ سلگ۔ بالا بالا۔ خارج۔ آپس کا۔ باہمی۔ مشارکت۔ انبازی۔

پرشپھٹ۔ کھلا ہوا۔ شگفتہ۔ صاف۔

پرْشتاوک۔ پہلے پہل ذکر کیا ہوا۔ بطور تذکرہ۔ وہ مقدر جو قبل از وقوع ذہن نشین ہوا ہو۔ موقع کے ساتھ۔ بروقت۔ برموقع۔

پرْشتاپ۔ ذکر۔ تذکرہ۔ موقع۔ فرصت۔ قابو۔

پرْشتات۔ آگے۔ روبرو۔ سامنے۔ پیش تر۔

پرْشتار۔ پھیلاؤ۔ گھاس کا جنگل۔ پتوں کا بنا ہوا بستر۔

پرْشتاو۔ موقع۔ تجویز۔ بات۔ کتھا۔ ذکر۔ چرچا۔ تعریف۔ مدح۔ رزولیوشن۔

پرْشتاوت۔ تجویز کیا گیا۔ شروع کیا ہوا۔ کشادہ کیا ہوا۔

پرْشتاونا۔ شروع۔ آغاز۔ دیباچہ۔ تمہید۔ تعریف۔ حمد۔ تذکرہ۔ تجویز کرنا۔

پرْشستت۔ جس کی تعریف کی گئی ہو۔ سراہا ہوا۔ جو کہا گیا ہو۔ کہا ہوا۔ سامنے آیا ہوا۔ موجود۔ تیار۔ برمحل۔ برموقع۔

پرْستر۔ پتھر۔ سنگ۔ جواہر۔ رتن۔ پتے وغیرہ کا بچھونا۔

چوڑی سطح چمڑے کی تھیلی۔ پھیلاؤ۔

پرستر منے۔ پتھریلا۔

پرشتھ۔ کشادہ۔ آدھ سیر۔

پرستھاپن۔ بھیجنا۔ روانہ کرنا۔

پرشتھان۔ روانگی۔ سفر۔ کوچ۔ جنگ کے لئے روانہ ہونا۔
پہننے کے کپڑے وغیرہ جن کو سفر کی نیک ساعت پر
گھر سے باہر کسی مقام پر رکھوا دینا۔ واضح ہو کہ یہہ
اُس وقت کیا جاتا ہے جب ٹھیک وقت پر سفر
کے لئے جانا نہ ہو سکے۔

پرشتھت۔ ٹھیرا ہوا۔ ٹکا ہوا۔ قائم۔ مضبوط۔

پرسچرن۔ کسی کام کے انجام کے لئے پہلے ہی سے تجویز
سوچنا۔ اور اُس کا انتظام کرنا۔

پرسدھ۔ مشہور۔ نامی۔ نامور۔ ظاہر۔ برملا۔ منور۔ مزین۔
آراستہ کیا ہوا۔ سنوارا گیا۔

پرسدھی۔ شہرت۔ ناموری۔ گہنا۔ زیور۔ پورا کرنا۔ مشہور ہونا۔

پرسر۔ جاعت۔ جنگ۔ محبت۔ پھیلاؤ۔

پرسر۔ اگوا۔ پیشوا۔

پرسراؤ۔ پیشاب۔ بول۔ جھرنا۔ بہنا۔ بہاؤ۔ تقطیر۔

پرشرم۔ تھکاوٹ۔ تھکان۔ ماندگی۔ محنت۔ مشقت۔
تکلیف۔ کوشش۔ تردد۔

پرشرمی۔ محنتی۔ جفاکش۔ تیز۔ چالاک۔

پرش سروَن۔ پانی وغیرہ کا ٹپک ٹپک کر بہنا۔ جھرنا۔ سوتا۔

پرششٹ۔ تتمہ۔ باقی۔

پرسکار۔ آدر۔ ستکار۔ عزت۔ توقیر۔ پوجا۔ دان۔ پھل۔

انعام۔ بدلا۔ معاوضہ۔ عوض۔

پرسکرت۔ آدر کیا ہوا۔ عزت کیا گیا۔ انعام پایا ہوا۔

پرسمبندھ۔ غیر کی عزیز داری یا تعلق۔

پرسمرت۔ بھول۔ فراموش۔

پرسن۔ خوش۔ بشاش۔ کھلا ہوا۔ پاک۔ دیالو۔ محب۔

پرسنا۔ چھونا۔ مس کرنا۔

پرسناؤ۔ پیشاب۔ بول۔

پرسنتا۔ رضامندی۔ منظوری۔ مہربانی۔ آرام۔ خوشی۔ عافیت۔
لطف۔ چمک۔ پاکیزگی۔

پرسن چت۔ بشاش۔ مطمئن۔ یکسوئی قلب۔

پرسنکھیا۔ جوڑ۔ جمع۔ کُل۔ میزان۔ ٹوٹل۔

پرسنگ۔ میل۔ ملاپ۔ برتاؤ۔ شرکت۔ جماعت۔ سبھا۔
انجمن۔ چرچا۔ ذکر۔ بات۔ اندراج۔ داخلہ۔ حال۔
تعلق۔ حکایت۔ ہمراہی۔ صحبت۔ رفاقت۔ مکالمہ۔
تعریف۔ بحث۔ تعلق۔ واسطہ۔ ضمن۔ لگاؤ۔ چاہ۔
مضمون۔ حصہ۔ موقع۔ حالت۔ وقت۔ بات چیت۔
دیباچہ۔ تذکرہ۔ بیان۔ مباشرت۔

پرسنگی۔ بات چیت کرنے والا۔ تعلق رکھنے والا۔

پرسنتا۔ اطمینان۔ خوشی۔

پرسو۔ بچہ جننا۔ زائیدگی۔ پیدا ہونا۔ پیدائش۔

پرسو۔ جننے والی۔ پیدا کرنے والی۔ ماں۔ والدہ۔
گھوڑی۔ ہرنی۔ بیل۔

پرسوت۔ پیدائش۔ تولد۔ ایک بیماری جو عورتوں کو
زچگی کے زمانے میں ہوتی ہے۔

پرسوتا۔
پرسوتی۔
پرسوتکا۔ } وہ عورت جس نے بچہ جنا ہو۔ زچہ۔

پرسوتی۔ پیدائش۔ اولاد۔ پیٹ۔ ماں۔

پرسوگرہ۔ زچہ خانہ۔ زچگی خانہ

پرسون۔ پھول۔ گل پھل۔ ثمر۔ پیدا شدہ۔

پرسوید۔ پسینہ۔

پرسیمن۔ حد۔

پرش۔ سخت۔ مذمت آمیز گفتگو۔ سخت کلامی۔ گالی۔ دشنام۔

پرش۔ آدمی۔ مرد۔ بشر۔ انسان۔ شخص۔ شوہر۔

پرشا۔ آدمی۔ انسان۔

پرشاپ۔ دعائے بد۔ بدکلامی۔ گالی۔ دشنام۔

پرشادھم۔ کمینہ آدمی۔

پرشارتھ۔ طاقت۔ زور۔ ہمت۔ جرأت۔ بہادری۔ جوانمردی۔ انسان کے کرنے کے قابل چار کام یعنی دھرم[1]۔ ارتھ[2]۔ کام[3]۔ موکش[4]۔

پرشاسن۔ حکومت کرنا۔ بالادستی کرنا۔

پرشانت۔ اطمینان کامل۔ رفع دفع ہوگیا ہوا۔

پرش باچک۔ (واچک) مذکر۔ تذکیر۔

پرش برگ۔ (ورگ) مذکر۔ تذکیر۔

پرشتوہ۔ مردمی۔ مجازاً دلیری۔

پرشتوہین۔ نامرد۔ عنین۔

پرشٹ۔ پوچھا گیا۔ استفسار کیا گیا۔ دریافت کیا گیا۔

پرشٹا۔ پوچھنے والا۔ سوال کرنیوالا۔

پرشٹھ۔ اگلا۔ پیشین۔ اولین۔ سردار۔

پرشٹھ۔ پیٹھ۔ پشت۔ ظہر۔ عقب۔ پچھواڑا۔ ہر چیز کا پچھلا حصہ۔ کتاب کا صفحہ۔

پرشٹھ استھی۔ پیٹھ کی ہڈی۔

پرشچرن۔ اعتقاد کے ساتھ منتر پڑھنا۔

پرشد۔ سماج۔ سبھا۔ مجلس۔ کونسل۔ کانفرنس۔

پرشدھ۔ صاف۔ پاک۔ ستھرا۔ سفید۔

پرش دھن۔ جائداد شوہری۔ خاندان ذکور کی جائداد۔

پرشرام۔ جمدگنی رشی کا بیٹا جس نے راجہ سہسرارجن کو مارا اور اکیس[21] بار دنیا کے جملہ کشتریوں کو برباد کردیا۔

پرشرانت۔ تھکا ہوا۔ تکلیف پایا ہوا۔ قریب آیا ہوا۔

پرشرم۔ تکلیف۔ مصیبت۔ محنت۔ تردد۔ رنج۔ تھکاوٹ۔ کوشش۔

پرشرمی۔ تردد کرنیوالا۔ محنت کرنے والا۔

پرشست۔ اچھا۔ خوب۔ نیک۔ خوش۔ اعلیٰ۔ صاف۔ پاک۔ قابل تعریف۔

پرشستی۔ سراہ۔ تعریف۔ بڑائی۔

پرششٹ۔ تتمہ۔ باقی۔

پرشکاش۔ روشنی۔ جلوہ۔ آرائش۔ تعلیم۔ طہارت۔ پاکیزگی۔ صفائی۔ زینت۔ زیبائش۔ سجاوٹ۔ شہرت۔

پرشکرت۔ سجایا ہوا۔ زینت دیا ہوا۔ آراستہ کیا گیا۔

پرش گامی۔ لونڈے باز۔ لوطی۔

پرش گمن۔ اغلام۔ لواطت۔

پرشمس۔
پرشمسا۔ } ذکر۔ تعریف۔ بڑائی۔ سراہ۔

پرشمسٹ ۔ قابل تعریف ۔ لائق ستائش ۔

پرشمسیہ ۔ قابل تعریف ۔

پرشمن ۔ تسکین دینا ۔ ٹھنڈا کرنا ۔ دور کرنا ۔ مار ڈالنا ۔ قتل ۔

پرشن ۔ پوچھنا ۔ سوال کرنا ۔ تذکرہ ۔ فال ۔ دریافت ۔

پرشنسا ۔ تعریف ۔ تحسین ۔ خوشامد ۔ ذکر ۔

پرشنوتر ۔ سوال جواب ۔ بحث ۔

پرشنہ ۔ سوال ۔ تعبیر ۔ پوچھنا ۔ جاننے کی خواہش ۔

پرشو ۔ / پرشو ۔ } پھرسا ۔ کلہاڑا ۔ تبر ۔ تیشہ ۔

پرشواس ۔ لمبی سانس ۔

پرشوتم ۔ بہترین انسان جس کا کوئی مدمقابل نہ ہو ۔ وشنو کا لقب

پرشودھ ۔ کلہاڑی ۔

پرشودھ ۔ صاف کرنا ۔ اچھی طرح سوچنا ۔ تحقیق کرنا ۔ غور کرنا ۔
قرضہ چکانا ۔

پرشودھر ۔ (پرشرام) کا لقب ۔

پرشودھن ۔ قرضہ ادا کرنا ۔

پرشوس ۔ پرسوں (روز آئندہ) پس فردا ۔

پرشوش ۔ سوکھنا ۔ خشک ہونا ۔

پرشونگ ۔ ملاقات کرنا ۔ بغل گیر ہونا ۔ ہم آغوش ہونا

پرشوکہ ۔ پرسوں ۔ (روز آئندہ) پس فردا ۔

پرشیش ۔ باقی ۔ تکمیل ۔

پرکاج ۔ دوسرے کا کام یا معاملہ ۔ کار غیر ۔ بیگانہ کام ۔

پرکاجی ۔ دوسروں کے کام میں لگا رہنا ۔ دوسروں کی خدمت
کرنا ۔ نیکوکار ۔ مہربان ۔ فیاض ۔

پرکار ۔ ڈھنگ ۔ ڈول ۔ طور ۔ طریقہ ۔ درجہ ۔ قسم ۔ وضع ۔ نوع ۔
جنس ۔ طرح ۔ موافق ۔ مطابق ۔ بناوٹ ۔ خاصیت مزاج ۔
دولت ۔ گھیرا فصیل ۔ قلعہ ۔ پختہ محل ۔

پرکارانتر ۔ دوسری طرح ۔

پرکاش ۔ روشنی ۔ چمک ۔ اُجیالا ۔ نور ۔ جلوہ ۔ نمایاں ۔ دھوپ ۔
روشنی آفتاب ۔ ضیا ۔ پھیلاؤ ۔ ظہور ۔ انکشاف ۔ عیاں ۔
ظاہر ۔ مشہور ۔ شہرت ۔ صاف ۔ آشکارا ۔ کشادہ ۔ روشن ۔
رونق ۔ منور ۔ چمکیلا ۔ فروغ ۔ تابش ۔ چاندنی ۔ لمع کھلا ۔
عام ۔ شان وشوکت ۔ جاہ وجلال ۔ اظہار ۔

پرکاشاتما ۔ / پرکاشاتمن ۔ } سورج ۔ آفتاب ۔ خداوند تعالیٰ ۔

پرکاشت ۔ چمکا ہوا ۔ ظاہر کیا ہوا ۔ روشن منور مشہور ۔

پرکاشک ۔ ظاہر کرنے والا ۔ روشن کرنے والا ۔ مشہور
کرنیوالا ۔ رونق دینے والا ۔ نورانی ۔ آفتاب ۔

پرکاشمان ۔ / پرکاشوان ۔ } چمکتا ہوا ۔ چمکیلا ۔ رونقدار ۔ روشن ظاہر ۔ منور ۔ مشہور ۔

پرکاشنیہ ۔ / پرکاشیہ ۔ } قابل شہرت ۔ ظاہر کرنیکے لائق ۔

پرکاشی ۔ چمکتا ہوا ۔ چمکیلا ۔ روشن ۔ منور ۔ ظاہر ۔ مشہور ۔

پرکاشیہ ۔ چمکنے کے قابل ۔

پرکالا ۔ زینہ ۔

پرکام ۔ حسب منشا ۔ حسب خواہش ۔

پرکامہ ۔ دلخواہ ۔

پرکانڈ ۔ کلام نیک ۔ دعائے نیک ۔ تنہ درخت ۔

پرکپت ۔ خفا کیا گیا ۔ عتاب کیا گیا ۔

پرکٹ۔ صاف۔ ظاہر۔ عیاں۔ برملا۔ معلوم۔ مشہور۔ آشکارا۔ منوّر۔ روشن۔ افشا۔ پبلک۔ پیدائش۔ خلاصہ۔

پرکٹت۔ ظاہر کیا ہوا۔ مشہور کیا گیا۔ روشن۔ ظاہر۔

پرکٹن۔ ظاہر کرنا۔ مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔

پرکرانت۔ ابتدا کیا ہوا۔ آغاز کیا گیا۔

پرکرت۔ کیا ہوا۔ شروع کیا گیا۔ ٹھیک ٹھیک۔ سچ حال کا۔ موجودہ۔

پرکرتی۔ خصلت۔ طبیعت۔ طینت۔ مادۂ لطیف۔ کسی چیز کی اصلی حالت جیسے۔ راجہ۔ وزیر۔ دوست۔ خزانہ۔ ملک۔ قلعہ۔ چار سطروں کا مصرعہ۔ قدرت خداوند تعالیٰ۔

پرکرش۔ / پرکرشن۔ } زیادتی۔ کثرت۔ بہتایت۔ بڑائی۔ بزرگی۔

پرکرشٹ۔ اعلیٰ۔ عمدہ۔ برتر۔

پرکرم۔ ابتدا۔ شروع۔ آغاز۔ پھرنا۔ جانا۔ ضرورت۔ گنتی۔

پرکرم۔ سلسلہ۔ موقع۔

پرکرما۔ کسی کے اطراف پھرنا۔ طواف کرنا۔

پرکرن۔ مضمون۔ مدعا۔ فقرہ۔ باب۔ حصہ۔ فصل۔ تمہید۔ عنوان۔ دیباچہ۔ دفعہ۔ ابتدا۔ بیان۔ کتاب۔ جملہ۔ متعلق۔ نسبت۔ سلوک۔ بات۔ مطلب۔ کیفیت۔ ذکر۔ معاملہ۔ سرشتہ۔ مقصد۔ موقع۔

پرکریا۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔ تقسیم۔ قدرت۔ گنتی۔

اختیار۔ مقام۔ بڑھتی۔

پرکشا۔ امتحان۔ جانچ۔ پرکھ۔

پرکشالن۔ پاک کرنا۔ صاف کرنا۔ دھونا۔

پرکشپت۔ پھینکا گیا۔ الگ کیا گیا۔

پرکشت۔ / پرکشت۔ } بادشاہ۔ ابھی منیو کا بیٹا۔ ارجن کا پوتا جو ہستناپور کا راجہ تھا۔

پرکشک۔ پرکھنے والا۔ جانچنے والا۔ امتحان لینے والا۔

پرکشوبھن۔ گھبراہٹ۔ بےچینی۔

پرکشیپ۔ پھینکنا۔ جدا کرنا۔ الگ کرنا۔

پرکشین۔ گھٹا ہوا۔ گھلا ہوا۔

پرکلپت۔ بنایا گیا۔ ایجاد کیا گیا۔

پرکلپنا۔ یقین کرنا۔ مقرر کرنا۔ قائم کرنا۔

پرکلیش۔ بےچینی۔ تکلیف۔ رنج۔ ملال۔

پرکمپ۔ / پرکمپن۔ } تھرتھراہٹ۔ جنبش۔ رعشہ۔ کپکپی۔ ہوا۔ بادل۔ بجلی۔

پرکوپ۔ برافروختگی۔ خفگی۔ بےچینی۔ غصہ۔ جوش۔ طیش۔ غضب۔ زیادتی مرض۔

پرکوشٹھ۔ اٹاری۔ بالاخانہ۔ ہاتھ کی کلائی سے کہنی تک کا حصہ۔ مرفق۔

پرکھ۔ (پرش) مرد۔ انسان۔ آدمی۔ بشر۔ نر۔ روح۔ آتما۔

پُرکھا۔ / پرکھا۔ } (پرشا) گذشتہ لوگ۔ متقدمین۔ قدما۔ باپ دادا۔ آباواجداد۔

پرکھا۔ کھائی۔ خندق۔ قلعہ کے چاروں طرف کا نالا۔

پرکھر۔ بہت گرم۔ نہایت تیز۔ گھوڑے یا ہاتھی کا پاکھر۔ گھوڑے کا چارجامہ۔

پرکھیا۔ شہرت۔ برابری۔ نظیر۔

پرکھیات۔ جسے سب لوگ جانتے ہوں۔ مشہور۔ نامور۔ شہرت یافتہ۔ معزز۔

پرکھیاتی۔ شہرت۔ ناموری۔

پرکیا۔ دوسرے کی عورت۔ غیر مرد کے پاس جانیوالی عورت۔

پرکیرتت۔ جس کی تعریف کی گئی ہو۔ حمد ومدح۔

پرکیرتن۔ ذکر۔ تعریف۔ شہرت۔

پرکیرتی۔ شہرت۔ ناموری۔

پرکیرن۔ پھیلایا گیا۔ کشادہ۔ مشتہر کیا گیا۔ چنور۔ گھوڑا۔

پرگاڑھ۔ سخت۔ مشکل۔ مضبوط۔ زیادہ۔ بہت۔ فزوں۔

پرگت۔ گیا ہوا۔ بھولا ہوا۔ پیٹا ہوا۔

پرگٹ۔ مشہور۔ ظاہر۔ نمودار۔

پرگٹنا۔ ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا۔ عام ہونا۔ مشہور ہونا۔ آشکارا ہونا۔ پیدا ہونا۔

پرگراہک۔ لینے والا۔ گاہک۔

پرگرہ۔ لینا۔ قبول کرنا۔ فوج کا پہلا حصہ۔ بیوی۔ زوجہ۔ ملازم۔ نوکر۔ خویش واقارب۔ دعائے بد۔ عہد۔ سورج گرہن۔

پرگرہ۔ لگام۔ عنان۔ ہتھکڑی۔ بیڑی۔ ترازو کی رسی۔ کرن۔ صندل۔ بازو۔ رسی۔

پرگرہن۔ لینا۔ گرفت کرنا۔ اختیار کرنا۔

پرگلبھ۔ شوخ۔ دلیر۔ بیباک۔ مستعد۔ مضبوط۔ مستقل۔ یاوہ گو۔

پرگلبھا۔ ڈراما کی وہ ہیرو عورت جو اپنی جرأت سے اپنی شوہر کو شیفتہ کرے۔

پرگمن۔ ترقی۔ عروج۔

پرگن۔ اعلیٰ۔ عمدہ۔ اچھا۔

پرگوپن۔ حفاظت۔ چھپاؤ۔

پرگھ۔ لوہے کی لاٹھی۔ گدا۔ لوہے کا مگدر۔

پرگھان۔ برآمدہ۔ سائبان۔

پرگھٹی۔ کسی چیز کا سانچہ جس میں کوئی دھات گلا کر ڈھالیں۔

پرگھوش۔ گالی۔ دشنام۔ آواز۔ گرج۔ رعد۔

پرگیا۔ دانائی۔ عقلمندی۔ ہنر۔ لیاقت۔ قابلیت۔ مہارت۔ راستی اور حق پژوہی کے سوا کسی اور چیز کو اپنے دل میں جگہ نہ دینا۔

پرگیات۔ سمجھا ہوا۔ دانستہ۔ جانا ہوا۔

پرگیاچکش۔ اندھا۔ نابینا۔

پرگیان۔ سمجھ۔ عقل۔ لیاقت۔ علم۔ علامت۔ نشان۔

پرگیہ۔ پنڈت۔ دانا۔ عاقل۔

پرلا۔ دوسری طرح کا۔ اُس طرف کا۔

پرلاپ۔ بیکار بات۔ بے معنی گفتگو۔ یاوہ گوئی۔ بکواس۔

پرلاپی۔ بہت بکنے والا۔ یاوہ گو۔

پرلپت۔ بکواس کیا ہوا۔

پرلپن۔ کہنا۔ بکنا۔

پرلمب۔ لمبا۔ کشادہ۔ بڑا۔ لٹکا ہوا۔ ایک راچھس کا نام جسے بلدیوجی نے مار ڈالا۔

پرلوبھ۔ خواہش۔ طمع۔ شہوت۔

پرلوبھن ۔ لالچ ۔ طمع ۔ لبھاؤ ۔ پھسلاہٹ ۔ لبھانا ۔

پرلوک ۔ دوسری دنیا ۔ عالم بالا ۔ عقبیٰ ۔ آخرت ۔ بہشت ۔
موت ۔

پرلوک گمن ۔ دوسری دنیا میں جانا یعنی موت ۔ مرگ ۔

پرلئے ۔ مِٹ جانا ۔ نیست ہونا ۔ مرگِ عام ۔ قیامت ۔ محشر ۔

پرلیپ ۔ دواؤں کا لیپ ۔

پرم ۔ بہت اچھا ۔ بہت عمدہ ۔ اعلیٰ ۔ افضل ۔ سب سے پہلا ۔
بھلا ۔ خاص ۔ برتر ۔ نہایت ۔ بہت زیادہ ۔ نخستین ۔
بزرگ ۔ کثرت ۔ نفیس ۔ خوب ۔ نظرآور ۔ عقل سے باہر ۔

پرما ۔ سچا علم ۔ علم تحقیق ۔ وقوف ۔ حس ۔ عقلِ سلیم ۔
سچی سمجھ ۔ ایسی عقل جس میں کسی طرح کا شک
نہ ہو ۔ نظیر ۔

پرماتامہہ ۔ پڑنانا ۔ فرجد ۔

پرماتامہی ۔ پڑنانی ۔

پرماتما ۔ } ذات برتر یعنی از ہمہ بالا و بزرگ تر کہ جس سے
پرم آتما ۔ } زیادہ کوئی نہیں یعنی ۔ خداوند تعالیٰ جل جلالہٗ ۔

پرماتھن ۔ متھنا ۔ رنج دینا ۔ زنا بالجبر کرنا ۔ برباد کرنا ۔
مارنا ۔ موت ۔ نقصان ۔

پرماد ۔ بھول ۔ چوک ۔ دل کی کمزوری ۔ بے پروائی ۔
غفلت ۔ سہو ۔ مدہوشی ۔ متوالاپن ۔ سستی ۔ بے خودی ۔
پاگل پن ۔ بے اطمینانی ۔

پرمادی ۔ باولا ۔ دیوانہ ۔ مخمور ۔ بے ہوش ۔ ضدی ۔

پرمارتھ ۔ شغل اول ۔ مقصد خاص ۔ مدعائے نیک ۔
انجام نیک ۔ حاصل مطلب ۔ اعلیٰ درجہ کی خوبی ۔
عقل لطیف ۔ نیکی ۔ ثواب ۔ دھرم ۔ معرفت ۔ کار عقبیٰ ۔
روحانی ۔ تصوف ۔ حقیقت ۔

پرمارتھی ۔ مذہبی ۔ دینی ۔ نیک ۔ اعلیٰ ۔ زاہد ۔ متقی ۔ پرہیزگار ۔
دیندار ۔ بیراگی ۔

پرمارجت ۔ غور کیا ہوا ۔ تحقیق کیا گیا ۔ صاف کیا ہوا ۔
پاک ۔ صاف ۔

پرمان ۔ سبب ۔ وجہ ۔ شہادت ۔ تحقیق ۔ سند ۔ مثال ۔
مقدار ۔ نظیر ۔ حد ۔ اندازہ ۔ ثبوت ۔ حجت ۔ گواہی ۔
دلیل ۔ تفصیل ۔ شرح ۔ قسم ۔ عہد ۔ تمثیل ۔ جوہر فرد ۔
راست ۔ مقدار وزن ۔ سچا ۔ صحیح ۔ ٹھیک ٹھیک ۔

پرمان ۔ کھیر ۔ شیر برنج ۔

پرمان ۔ مقدار ۔ اندازہ ۔ وزن ۔ تول ۔ ناپ ۔ قیاس ۔
ذرہ کا چھٹا حصہ ۔ گواہی ۔ ثبوت ۔ یقین ۔
تعین ۔ باعث ۔ حد ۔ نظیر ۔ سچا ۔ صحیح ۔ درست ۔
ماننے کے قابل ۔

پرمانک ۔ } مناسب ۔ واجب ۔ قابل تعریف ۔ بزرگ ۔
پرمانیک ۔ } میر مجلس ۔ مشہور ۔ راست ۔ درست ۔
لایق ۔ بانظیر ۔ معتبر ۔ معزز ۔ ثابت شدہ ۔ اصلی ۔
حقیقی ۔

پرمانند ۔ سرور موفور ۔ بہجت بے غایت ۔ سرور سرمدی ۔
وصال حق ۔

پرمانو ۔ نہایت باریک چیز ۔ سب سے چھوٹا ذرہ ۔
ریزہ ۔ بہت تھوڑا وقت ۔

پرمایُش ۔ بڑی عمر ۔ دراز عمر ۔

پرمایُو ۔ پوری عمر ۔

پَرَبْرَہْم ۔ } ذات بحت ۔
پَرَمَہ بَرَہْمَہ ۔ }

پَرَم پَاوَنْ ۔ نہایت پاک ۔ ازبس لطیف ۔

پَرَم پَدْ ۔ سب سے اونچا درجہ ۔ سب سے اچھی جگہ ۔ اعلیٰ مقام ۔ ارتفاع ۔ بہشت ۔ جنت ۔ نجات عقبیٰ ۔ وہ مقام جہاں سے بازگشت ممکن نہیں ۔

پَرَمپَرْ ۔ روایتی ۔ پرپوتا ۔

پَرَمپَرَا ۔ مسلسل ۔ یکے بعد دیگرے ۔ نسلاً بعد نسلٍ ۔ قدامت سے پہلے سے ۔ اگلے زمانے سے ۔ حسب ونسب ۔ پیڑھی ۔ زمانۂ قدیم سے ۔ طابق النعل بالنعل ۔ پرانے زمانے کا ۔

پَرَم پُرُشْ ۔ خداوند جل وعلیٰ ۔

پَرَمَتّ ۔ متوالا ۔ مست ۔ مخمور ۔ پاگل ۔

پَرَمَتْ ۔ جداگانہ رائے ۔ علیحدہ خیال ۔ دوسرے کی صلاح

پَرَمِتْ ۔ ناپا ہوا ۔ تولا ہوا ۔ جانچا ہوا ۔ مقدار کیا ہوا ۔ جانا ہوا ۔ مقرر کیا ہوا ۔ تعین کیا ہوا ۔ حد کیا ہوا ۔

پَرَمِتْ ۔ اندازہ کیا گیا ۔ سمجھا ہوا ۔ جانا ہوا ۔ معلوم کیا ہوا ۔ ثابت کیا گیا ۔ ترتیب دیا گیا ۔ تھوڑا ۔

پَرَمَتھْ ۔ گھوڑا ۔ اسپ ۔ مہادیوجی کے ایک گن کا نام ۔

پَرَمِتی ۔ ٹھیک سمجھ ۔

پَرَم تَتْو ۔ حقیقت ۔ ذات حقیقی ۔

پَرَمِتی ۔ کنارہ ۔ کونا ۔ مقدار ۔ حد ۔

پَرَمَدْ ۔ دیوانہ ۔ سرشار ۔ مخمور خشم آلود ۔ خوشی ۔

پَرَمَدْ ۔ خوش ۔ شاد ۔ مسرور ۔

پَرَمَدَا ۔ جوان عورت ۔ خوبصورت عورت ۔ نیک عورت

پَرَمُدِتْ ۔ خوشی سے پھولا ہوا ۔ بشاش ۔ مسرور ۔

پَرَمَدْوَنْ ۔ عورتوں کے لائق باغ ۔

پَرَمَدْھَام ۔ } مقام اعلیٰ یعنی بہشت ۔
پَرَنْدھَام ۔ }

پَرَم دَھرَم ۔ فرض اعلیٰ ۔

پَرَم دَیَالْ ۔ نہایت رحیم ۔ کنایہ ہے ۔ ارحم الراحمین سے ۔

پَرَم سْنیہی ۔ نہایت محبت کرنے والا ۔

پَرَم سْوَتَنْتَرْ ۔ آزاد مطلق ۔

پَرَمیشٹھی ۔ برہماجی کا لقب ۔

پَرَمیشْوَرْ ۔ مالکوں کا مالک یعنی خداوند تعالیٰ ۔

پَرَمیلَا ۔ تھکاوٹ ۔ موندنا ۔ ڈھانپنا ۔

پَرَمُکھْ ۔ سامنے ۔ روبرو ۔ آگے ۔ پہلا ۔ ابتدا ۔ خاص ۔ اعلیٰ ۔ پیشوا ۔ شروع ۔ آغاز ۔

پَرَم گَتی ۔ جاودانی خوشی ۔ نجات عقبیٰ ۔

پَرَم گُرُو ۔ گرو یعنی مرشد کا مرشد ۔ بانی مشرب جس سے وہ مشرب جاری ہو ۔

پَرَمگَنْ ۔ ڈوبا ہوا ۔ مشغول ۔

پَرِمَلْ ۔ مہک ۔ خوشبو ۔ معطر ۔ خوشبودار ۔ بھنا ہوا اناج ۔

پَرِمَلانْ ۔ میلا ۔ آلودہ ۔ داغی ۔ داغدار ۔ کملایا ہوا ۔ خراب کیا ہوا ۔ بگاڑا ہوا ۔ گھٹایا ہوا ۔

پَرَمَنْدْ ۔ سست ۔ کاہل ۔ کند ۔

پَرِمَنْڈَلْ ۔ گولا ۔ حلقہ ۔ دائرہ ۔ کرۂ ارض ۔

پَرَموچَنْ ۔ رہا کرنا ۔ رہائی ۔

پَرَمودْ ۔ نہایت خوشی ۔ ازبس مسرت ۔ نہایت آرام ۔

پَرَمودِتْ ۔ خوش ۔ مسرور ۔

پَرَمودَکْ ۔ خوشی بخشنے والا ۔ زندہ دل آدمی ۔

پَرَموٗہ ۔ فریفتگی ۔ غشی ۔ بے ہوشی ۔ پریشانی ۔

پَرَمَہ مِتر ۔ پکا دوست ۔ دوست خالص ۔

پرم ہنس ۔ صوفیوں کا ایک فرقہ جو مجرد رہتا ہے ۔ تارک دنیا

پرم ہمش ۔ صوفی باصفا ۔ زینت ۔ رونق ۔

پرمیشٹ ۔ اعلیٰ ۔ برتر ۔ خداوند تعالیٰ ۔

پرمیشٹھی ۔ برہمہ پد میں ٹکنے والا ۔ برہما ۔ گرو ۔ مرشد ۔

پرمیشور ۔ مالک کُل یعنی خداوند تعالیٰ جل شانہٗ ۔

پرمیلا ۔ کاہل ۔ سُست ۔ منحوس ۔

پرمیہہ ۔ امراض خبیثہ ۔ سوزاک ۔ جریان ۔

پرمیہ ۔ جاننے کے قابل ۔

پرن ۔ وعدہ ۔ قول ۔ اقرار ۔ عہد ۔ شرط ۔ حلف ۔
عزم بالجزم ۔ دستور ۔

پرن ۔ پتا ۔ پات ۔ برگ ۔ پان ۔ کاہ ۔ گھاس پھوس ۔

پرناد ۔ شور غل ۔ چیخ پکار ۔

پرناری ۔ پرائی عورت ۔ غیر کی عورت ۔

پرناش ۔ نقصان ۔ بربادی ۔

پرنال ۔ پانی نکلنے کی نالی ۔ پرنالا ۔ موری ۔ نہر ۔ آباواجداد کا

پرنالی ۔ طریقہ ۔ قدامت ۔

پرنام ۔ سلام ۔ سلام علیک ۔ آداب ۔ تعظیم ۔ بندگی ۔
عبادت ۔ ونڈوت ۔ تسلیم ۔ سجدہ ۔ نمشکار ۔
خدا حافظ کہنا ۔

پرنام ۔ ختم ۔ تمام ۔ خاتمہ ۔ درجۂ آخر ۔ نتیجہ ۔ انجام ۔
بلوغ ۔ پختگی ۔ رسیدگی ۔ پھل ۔ ثمرہ ۔ بدلنا ۔
آخری حالت ۔

پرنام درشی ۔ انجام بیں ۔ دوربیں ۔ پیش اندیش ۔ عاقل ۔

پرنانا ۔ نانا کا باپ ۔ بیاہ کرنا ۔ شادی کرنا ۔

پرناہ ۔ چوڑائی ۔ کشادگی ۔ رشتہ ۔ تعلق ۔

پرنایک ۔ خاوند ۔ شوہر ۔ پھانسا کھیلنے والا ۔

پرن بھوجن ۔ وہ جو صرف پتے کھا کر رہتا ہو جیسے بکری وغیرہ

پرنپات ۔ سلام ۔ تعظیم ۔

پرن پٹی ۔ پتوں کا دونا ۔

پرنتُ ۔ لیکن ۔ مگر ۔ اَمّا ۔ تاہم ۔ بعد ۔ بھی ۔ پر ۔ اور

پرنت ۔ جھکا ہوا ۔ عاجز ۔ بھکت ۔

پرنت ۔ پختہ یعنی پکا ہوا ۔ پھلا ہوا ۔ جھکا ہوا ۔ پورا ۔
بدلا ہوا ۔ عاجز ۔ مطیع ۔

پرنتپ ۔ دشمن ۔ عدو ۔ بد ۔ عدو کُش ۔ فاتح ۔

پرنت پال ۔ عاجز نواز ۔

پرنتو ۔ پر ۔ مگر ۔ لیکن ۔ اَمّا ۔

پرنتی ۔ جھکاؤ ۔ بندگی ۔ ونڈوت ۔ عاجزی ۔ نیچے کی طرف
جھکنا ۔ بدلنا ۔ تبدیل ہونا ۔ پکنا ۔ پچنا ۔ پختہ ہونا ۔
پختگی ۔ ضعیفی ۔ انجام ۔ وقت مرگ ۔

پرنجن ۔ زندگی ۔ روح ۔

پرندر ۔ چور ۔ دزد ۔ قلعہ شکن ۔ اندر کا ایک نام ۔

پرندھان ۔ گہرا دھیان یا مُراقبہ ۔ بغور سوچنا ۔ نہایت زور
رسائی ۔ داخلہ ۔ ایک قسم کی پرستش ۔

پرندھی ۔ جاسوس ۔

پرندھری ۔ وہ عورت جس کے شوہر ۔ فرزند ۔ دختر
وغیرہ ہوں ۔ عورت ۔

پرن شالا

پرن کٹی۔ پتّوں کی بنی ہوئی جھونپڑی۔ صومعہ۔

پرنکار۔ تنبولی۔

پرنمن۔ آداب۔ بندگی۔

پرنو۔ اوم۔ (اونکار) کا منتر (تینوں دیوتاؤں کا منتر)

پرنو کج۔ پتوں کا جھونپڑا۔ صومعہ۔

پرنہ۔ پتّا۔ برگ۔

پرنہ رتھ۔ بسنت کا موسم۔

پرنی۔ پیڑ۔ درخت۔ شجر۔

پرنے۔ بیاہ۔ شادی۔ نکاح۔

پرنئے۔ پیار۔ محبت۔ پریم۔ پیار سے مانگنا۔ بھروسا۔
عاجزی۔ نجات عقبیٰ۔ زچگی۔

پرنیا۔ بوڑھا ضعیف۔ مُربی۔ ولی۔

پرنیت۔ تیار کیا ہوا۔ بنایا ہوا۔ سُدھارا ہوا بھیجا ہوا۔
لایا ہوا۔ ساختہ۔ مصنف۔

پُرو۔ چندربنسی ییاتی راجہ کے سب سے چھوٹے لڑکے کا
نام جس کے نام پر اس کا خاندان (پَورَو) مشہور ہوا۔

پرو۔ گانٹھ۔ گرہ۔ باب۔ فصل۔

پرو۔ نیک روز۔ کارنیک۔ اتسو وغیرہ کرنے کا وقت
روز جشن۔ ساعت نیک۔ عید۔ خوشی کا دن۔ تیوہار۔

پُروا۔ وہ تیوہار جو چیت کی سولھویں کو ہوتا ہے۔

پروا۔ کسی پکھ کی پہلی تاریخ۔

پُروا۔ پورب کی ہوا۔

پرواد۔ گالی۔ دشنام۔ تہمت۔ الزام۔ ملامت۔

پرواوک۔ الزام لگانیوالا۔ بدگو۔

پروار۔ خویش و اقارب۔ متعلقین۔ توابعین۔ لواحقین

خاندان۔ گھرانہ۔ قبیلہ۔ دودمان۔ نوکر چاکر۔ عشیرہ۔

پروارن۔ ممانعت۔ وہ خیرات جو کسی خواہش سے کیجائے۔

پرواس۔ اپنا گھر یا ملک چھوڑ کر دوسرے ملک میں رہنا۔

پرواس۔ سکونت۔ خانہ۔ گھر۔ مکان۔

پرواسن۔ خارج الملک۔ جلاوطن کرنا۔ ترک جسم۔

پُرواسی۔ شہر کا رہنے والا۔ شہری۔

پرواسی۔ وہ جو اپنے وطن سے باہر رہے۔ پردیسی۔
بدیسی۔ غیر ملکی۔ مسافر۔

پروال۔ مونگا۔ مرجان۔ نازک پتّا۔ سرخ رنگ۔
بین کا ڈنڈا۔

پرواں }
پروش } غیر مقتدر۔

پرواہ۔ بہاؤ۔ سوتا۔ روانی آب۔ سیلاب۔ لہر۔ ترنگ۔

پرواہک۔ گاڑی بان۔ پیچش۔ اسہال۔

پرواہکا۔ اسہال۔ پیچش۔

پروبھکت۔ تقسیم کیا گیا۔ بانٹا گیا۔

پروپدیش۔ نصیحت کرنا۔ تنبیہ کرنا۔

پروپکار۔ دوسروں کو فائدہ پہونچانا۔ بھلائی کرنا۔ احسان۔
فیض۔ کرم۔ نیکی۔

پروپکاری۔ دوسروں کو مدد دینے والا۔ فیاض۔

پروت۔ (پربت) پہاڑ۔ کوہ۔ جبل۔

پروتساہ۔ سعی۔ کوشش۔ اُمنگ۔ جد و جہد۔
تحریک۔ ترغیب۔

پروتساہن۔ خوشی کو بڑھانا۔

پروتی۔ }

پَرْوَتِیَہ۔ | (پَرْبَتی) پہاڑوں پر رہنے والا۔ پہاڑی۔ کوہی۔

پَرْیُوجَن۔ (پَرْیُوجَن) مقصد۔ استعمال۔ احتیاج۔ ضرورت۔ فائدہ۔ منفعت۔ حاصل۔ مطلب۔ کار۔ خواہش۔ ارادہ۔

پَرْوَچَن۔ کہنا۔ بولنا۔

پُرُوچھَن۔ (پَرُوکشَن) پانی چھڑکنا۔ آبپاشی کرنا۔

پُرُودھا۔ } خاندانی پجاری۔ خاندان کا مُرشد۔
پُرُوہِت۔ }

پُرُوڈاش۔ وہ سامان جو جگیہ کرنے کے بعد بچا رہے (گھی وغیرہ)

پَرَوڈھ۔ اچھی طرح بڑھا ہوا۔ وہ جس کی جوانی اختتام پر ہو۔ پکا ہوا۔ ہوشیار۔ چالاک۔

پَرَوڈھا۔ تیس برس سے (۵۵) سال تک کی عُمر والی عورت۔

پَرَوڈھی۔ طاقت۔ قُدرت۔ توانائی۔ سوال وجواب۔

پَرْوَر۔ اولاد۔ نسل۔ ایک مُنی کا نام۔ (۴۹) گوتروں میں سے ایک گوتر۔ اعلیٰ۔ بزرگ۔

پَرِوَرَج۔ }
پَرِوَراجَک۔ } مُنی۔ سنیاسی۔ جوگی۔ چوتھا آشرم اختیار کیا ہوا شخص۔
پَرِوَراٹ۔ }

پَرَوَرت۔ مشغول۔ تحریک۔ دِل یا زبان سے نیک یا بد کام کرنا۔

پَرْوُرتِّ۔ عادت۔ کیفیت۔ خواہش۔ روانی آب۔

پَرَوَرتِت۔ چلایا گیا۔ چالو کیا گیا۔

پَرْوَرتَک۔ چلانے والا۔ شروع کرنے والا۔ کرنے والا۔ اُبھارنے والا۔ تحریک کرنے والا۔ ترغیب دینے والا۔ بانی۔ ہوسس۔ علت مادی۔ لگا ہوا۔

پَرْوَرتَن۔ اجازت۔ تحریک۔ چلن۔

پَرِوَرتَن۔ پلٹنا۔ ہیر پھیر کرنا۔ تبادلہ۔ اول بدل۔

پَرْوُرتِّ۔ مصروفیت۔ عادت۔ کیفیت۔ خبر۔ روانی۔ بہاؤ۔ خواہش۔

پُرُوَرتی۔ آگے ہونے والا۔ آگے رہنے والا۔

پَرِوَرجَن۔ تیاگ۔ ترک کرنا۔ مارنا۔

پَرِوَرجیا۔ عابدانہ زندگی۔

پَرْوَرشَن۔ کشکندھا کے پاس کے ایک پہاڑ کا نام جس پر سری رامچندر اور لچھمن موسم باراں میں مقیم تھے۔

پَرَوس۔ پڑوس۔ ہمسایہ۔ نزدیکی۔ ہمسائگی۔ جوار۔

پَرَوسا۔ کھانا جو دوست وغیرہ کے لئے بھیجا گیا ہو۔

پَرَوَسَن۔ پردیس کو جانا یا وہاں بود و باش اختیار کرنا۔

پَرَوَش۔ غیر اختیار۔ تابعدار۔ فرمانبردار۔ مطیع۔

پَرَوِشٹ۔ غیر ملک کو گیا ہوا۔

پَرْوِشٹ۔ گھسا ہوا۔ اندر گیا ہوا۔ داخل۔

پَرْوِشٹ۔ مشغول۔

پَرِوِشٹ۔ گھیرا ہوا۔

پَرْوَک۔ گھٹنا۔

پَرْوَکال۔ وہ وقت جو نیک ہو جیسے اماوس وغیرہ۔

پُرُوکت۔ کہا گیا۔ بولا ہوا۔ مصنفہ۔

پَرُوکشَ۔ پوشیدہ۔ نادیدہ۔ غائبانہ۔ اوجھل۔ غائب۔

غیر موجود۔ گذشتہ۔ غیبت۔ باطن۔ پس پشت۔
پیچھے۔ ناقابل احساس۔ عابد۔ زاہد۔ گوشہ نشین۔

پرکشت۔ بھیگا ہوا۔

پرکشک۔ سینچنے والا۔

پرکشن گیان۔ علم معرفت۔

پرکشن۔ پانی چھڑکنا۔ آب پاشی کرنا۔ سینچنا۔ قربانی کرنا۔

پرگم۔ پیش رو۔ پیشوا۔ اعلیٰ۔

پروَن۔ ڈھالو زمین۔ چوراہا۔

پرونچک۔ مکار۔ دغاباز۔

پروَنی۔ / پرونی۔ } تیوہار۔ خوشی کا دن۔ اُتسو۔

پروہ۔ خوشی کا دن۔ تیوہار۔

پروہت۔ رسومات مذہبی ادا کرنے والا۔ قوم کا بزرگ۔
گھر کا پجاری۔ خاندانی پیر۔

پروہتائی۔ پجاری کا کام۔ پروہت کا حق۔

پروہن۔ آلات نقل وحرکت۔ گاڑی وغیرہ۔

پروا۔ بادِ مشرقی۔

پرویٹ۔ (جَو) جو مشہور غلہ ہے۔

پرویدن۔ درد۔ رنج۔ شادی۔

پرویر۔ جودھا۔ بہادر۔ دلیر۔ سردار۔

پرویش۔ گھسنا۔ اندر جانا۔ داخل ہونا۔ مل جانا۔ دہلیز۔

پرویشٹن۔ چاروں طرف سے گھیرنا۔ محیط کرنا۔ مُڈھنا
لپٹنا۔ لفافہ۔

پرویشک۔ گھسنے والا۔ داخل ہونے والا۔

پرویش۔ داخلہ۔ ورود۔ داخل ہونا۔ وارد ہونا۔

پرویشن۔ تقسیم کرنا۔ پرونا۔

پرویکشن۔ دوراندیشی۔ دوربینی۔ عاقبت اندیشی۔

پروین۔ ہوشیار۔ چالاک۔ عاقل۔ دانا۔

پروینتا۔ ہوشیاری۔ چالاکی۔ عقلمندی۔ لیاقت۔

پرہ۔ معمورہ۔ قصبہ۔

پرُہ۔ / پرُوہ۔ } پرانا۔ کہنہ۔ بہت۔ زیادہ۔

پرہار۔ چوٹ۔ مار۔ ضرب۔ مارنا۔

پرہار۔ چھوڑنا۔ ہٹانا۔ ترک کرنا۔ لینا۔ چھیننا۔

پرہاری۔ مارنے والا۔ ضارب۔ برباد کرنے والا۔ دور
کرنے والا۔ مطیع کرنے والا۔

پرہاس۔ زور کی ہنسی۔ قہقہہ۔ نٹ۔ شیوجی کا لقب۔

پرہاس۔ ہنسی۔ دل لگی۔ مسخرگی۔ مذاق۔ کھیل۔ ٹھٹھا۔
بدنامی۔

پرہاسیہ۔ ہنسی کے لائق۔ دل لگی کے قابل۔

پرہت۔ سایہ کیا ہوا۔ گھیرا ہوا۔ سایہ۔ مخفی۔ پوشیدہ۔

پرہر۔ مارنا۔ دن اور رات کے آٹھ برابر حصوں میں
سے ایک حصہ یعنی پہر۔

پرہرش۔ / پرہرشن۔ } نہایت خوشی۔ بشاشت۔

پرہرشت۔ خوش۔ مسرور۔ نہایت بشاش۔

پرہرشٹ۔ خوشی۔ بشاشت۔

پرہرک۔ / پرہری۔ } پہرہ دینے والا۔ گھڑیال بجانیوالا۔ گھڑیالی۔

پرہرن ۔ پکڑنا ۔ گرفت کرنا ۔ ترک کرنا ۔ جدا کرنا ۔

پرہرنا ۔ ترک کرنا ۔ چھوڑنا ۔ اُٹھا لیجانا ۔ بھاگ جانا ۔ دور کرنا ۔

پرہری ۔ پہرے والا ۔ پاسبان ۔ گھڑیالی ۔

پرہست ۔ لمبے ہاتھ والا ۔ راون کے ایک افسر فوج کا نام

پرہاس ۔ زور کی ہنسی ۔ دل لگی ۔ خوشی ۔ طعن ۔ ہجو ۔

پرہسنتی ۔ انگیٹھی ۔ آتشدان ۔

پرہلاد ۔ نہایت خوشی ۔ ہرن کشیپ کے بیٹے کا نام ۔

پرہیلکا ۔ پیچیدہ بات ۔ چیستان ۔ مُعمّہ ۔ پہیلی ۔

پرہین ۔ گھٹا ہوا ۔ محروم کیا ہوا ۔ ترک کیا ہوا ۔

پرے ۔ بَعد ۔ دور ۔ بُعد ۔ اُس طرف ۔ اُدھر ۔

پری ۔ پار ۔ اُس طرف ۔ چاروں طرف سے ۔ سب طرح سے ۔ بہت ۔ زیادہ ۔ کثرت ۔ پہلے ۔ پاس ۔ آس پاس ۔ آپس میں ۔ برا ۔

پُری ۔ معمورہ ۔ نگر ۔ شہر ۔ بلدہ ۔ قصبہ ۔ جگناتھ پُری ۔

پریہ ۔ پیارا ۔ عزیز ۔ شوہر ۔ عاشق ۔

پریا ۔ پیاری عورت ۔ زوجہ ۔ معشوقہ ۔ الائچی ۔

پریاپت ۔ پورا ۔ کامل ۔ تمام ۔ کافی ۔ ملا ہوا ۔

پریاورشن ۔ خوش نما ۔ پسندیدہ ۔

پریاس ۔ کوشش ۔ تردد ۔ محنت ۔ تکلیف ۔ جستجو ۔ تھکاوٹ

پریاکل ۔ بہت گھبرایا ہوا ۔

پریاکھیہ ۔ اچھی خبر ظاہر کرنا ۔ خوش خبری دینا ۔

پریاگ ۔ بلدان ۔ قربانی ۔ قربانگاہ ۔ بلدان کی جگہ ۔ شہر الہ آباد کا نام جہاں گنگا اور جمنا دونوں ندیوں کا ملاپ ہے اور تیسری ندی سرسوتی کا سنگم زمین کے

نیچے مخفی طور پر ہے ۔ اس لئے ۔ اس مقام کو تربینی کہتے ہیں ۔

پریالوچنا ۔ بچار کرنا ۔ غور کرنا ۔ احتیاط کرنا ۔ ہر طرح سے دیکھنا ۔ چوکسی کرنا ۔

پریان ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۔ رحلت ۔ روانگی ۔ کوچ ۔ دھاوا ۔ سفر ۔ موت ۔

پریاورت ۔ واپس آنا ۔ لوٹنا ۔ دوسری زندگی پانا ۔

پریائے ۔ سلسلہ ۔ یکے بعد دیگرے ۔ طرح ۔ موقع ۔ طریقہ ۔ عرف ۔ ہمنامی ۔ مترادف ۔

پریائے واچک ۔ (واچک) الفاظ مترادفہ ۔

پری بھرم ۔ بھول ۔ غلطی ۔ چوک ۔ خطا ۔

پرییت ۔ پاک ۔ ادب ۔ عاجز ۔ انکسار ۔ کوشش کرنیوالا ۔

پریت ۔ } پیار ۔ محبت ۔ شفقت ۔ مہربانی ۔ دوستی ۔
پریتی ۔ } خواہش ۔ شوق ۔ خوشی ۔ عشق ۔

پریت ۔ مرا ہوا ۔ مردہ ۔ بھوت ۔ پشاچ ۔ شیطان ۔ نجس روح

پریتا ۔ رہٹ ۔ چرخا ۔ چرخی ۔

پریتا ۔ پیار ۔ محبت ۔

پریت آتما ۔ حواس خمسہ کے متعلق ۔

پریتا تما ۔ شیوجی کا ایک نام ۔

پریتارتھ ۔ خوشی کے لئے ۔ رضامندی کے لئے ۔

پریت بھاو ۔ تناسخ ۔ آواگون ۔

پریتر ۔ عزیز تر ۔ زیادہ محبت ۔

پریت کرم } کریا کرم ۔ شرادھ ۔
پریت کریا }

پریت لوک ۔ عالم ارواح

پریتم ۔ } سب سے زیادہ پیارا ۔ عاشق ۔ شوہر ۔ محبوب ۔
پیتم ۔ } معشوق ۔ آشنا ۔ مجازاً خداوند تعالیٰ ۔

پریتن ۔ پوری کوشش ۔ لگاتار محنت ۔ تردد ۔ جدوجہد ۔ جانفشانی ۔

پریتنی ۔ بھتنی ۔ پشاچنی ۔

پریتی ۔ محبت ۔ پیار ۔ دلار ۔ خوشی ۔ اطمینان ۔

پریتی پرتھ ۔ خوشی کے لئے ۔ خوشی کے واسطے ۔

پریٹک ۔ مسافر ۔ سیاح ۔

پریٹن ۔ گھومنا ۔ پھرنا ۔ سفر کرنا ۔ سیر کرنا ۔

پریچھا ۔ } (پریکشا) امتحان ۔ آزمائش ۔ تلاش ۔ جانچ ۔
پریکھا ۔ } تحقیق ۔ استقصا ۔

پریچھت ۔ (پریکشت) پرکھا ہوا ۔ جانچا ہوا ۔ امتحان کیا ہوا ۔

پریچھک ۔ (پریکشک) پرکھنے والا ۔ امتحان لینے والا ۔ ممتحن ۔

پریچھن ۔ (پریکشن) آزمائش ۔ امتحان ۔ جانچ ۔

پریدیس ۔ دوسرا دن ۔ کل ۔ روز آیندہ ۔ فردا ۔

پریرت ۔ بھیجا گیا ۔ روانہ کیا گیا ۔ حکم دیا گیا ۔

پریرک ۔ بھیجنے والا ۔ تاکید کرنے والا ۔ تحریک کرنیوالا ۔ محرک ۔

پریرن ۔ } روانہ کرنا ۔ بھیجنا ۔ حکم دینا ۔ تاکید کرنا ۔ ابھارنا ۔
پریرنا ۔ } التجا ۔ تملق ۔

پریسی ۔ پیاری (عورت)

پریش ۔ خداوند تعالیٰ ۔

پریش ۔ فضلہ ۔ گوہ ۔ براز ۔ غلاظت ۔

پریشت ۔ باسی ۔

پریشٹھ ۔ نہایت پیارا ۔ نہایت عزیز ۔

پریشن ۔ تحریک کرنا ۔ ترغیب دینا ۔

پریشیہ ۔ ملازم ۔ غلام ۔

پریکتا ۔ بخشا گیا ۔ عطا کیا گیا ۔ قول و قرار ۔ عہد ۔ مشترک ۔

پریکر ۔ کمر ۔ پشت ۔ نوکر ۔ غلام ۔ گروہ ۔ ساز و سامان ۔ تیاری ۔

پریکشک ۔ (پریچھک) امتحان لینے والا ۔ جانچ کرنیوالا ۔

پریکشا ۔ (پریچھا) امتحان ۔

پریکشا ۔ دیکھنا ۔ غور کرنا ۔

پریکشک ۔ دیکھنے والا ۔ ناظر ۔

پریکشن ۔ تماشا ۔ نظارہ ۔ دیکھنا ۔ آنکھ ۔ نظر ۔

پریکھا ۔ دیکھو (پریچھا)

پریم ۔ } محبت ۔ پیار ۔ لاڑ ۔ مہربانی ۔ عنایت ۔ دوستی ۔
پریما ۔ } اُنس ۔ عشق ۔

پریمان ۔ صاحب محبت ۔ محب ۔ عزیز ۔ پیارا ۔

پریمپر ۔ عزیز ۔ پیارا ۔

پریم جل ۔ اشک محبت ۔

پریم ساگر ۔ دریائے لطف و کرم ۔ بھاگوت کے دسواں اسکندھ کی ہندی زبان کی ایک کتاب کا نام ۔

پریم لتا ۔ نام ایک بیل کا جسے عشق پیچاں کہتے ہیں ۔

پریمی ۔ محبت کرنے والا ۔ چاہنے والا ۔ پیار کرنیوالا ۔ پیارا ۔ دوست ۔ محب ۔ عاشق ۔

پرینام ۔ ارتقا ۔ ریولیوشن ۔

پرینام وادی ۔ مسئلہ ارتقا کا ماننے والا ۔

پرَتیَنت ۔ تک ۔ تلک ۔ تا ۔ نزدیک ۔ پاس ۔ بازو بغل۔

پرَتیَن ۔ پالان۔

پرَتینک ۔ سیج ۔ پلنگ ۔ یوگ کی ایک طرح کی نشست۔

پرِیوَا ۔ کبوتر ۔ حمام ۔ پکھ کی پہلی تاریخ ۔

پرِیوادی ۔ خوشامدی ۔ خوشامد ۔

پرِیوار ۔ متعلقین ۔ لواحقین ۔ توابع ۔

پرِیواہ ۔ سیلاب ۔ طغیانی ۔

پرَیوجک ۔ کام میں لگانے والا ۔ انتظام کرنے والا۔
تدبیر کرنے والا ۔ منتظم ۔

پرَیوجن ۔ ارادہ ۔ منشا ۔ باعث ۔ سبب ۔ وجہ ۔ حاجت۔
ضرورت ۔ احتیاج ۔ خواہش دلی ۔ مطلب ۔ کام ۔ فائدہ۔
مدعا ۔ غرض ۔ موقع ۔ کاروبار ۔ تحریک ۔ ارادہ ۔
استعمال ۔

پرَیوجیہ ۔ اصل سرمایہ ۔ نوکر ۔ غلام ۔

پرِیورش ۔ عوض معاوضہ ۔ اولا بدلی ۔

پرَیوسان ۔ آخر ۔ انجام ۔ خاتمہ ۔ شامل ہو جانا ۔ درست
معنی قائم کرنا ۔

پرَیوشت ۔ ایک دن پہلے کا جو تازہ نہ ہو یعنی باسی ۔

پرَیوگ ۔ کام میں لانا ۔ استعمال کرنا ۔ برتنا ۔ ہموار کرنا۔
برتاؤ کرنا ۔ مامور کرنا ۔ مقرر کرنا ۔ ٹھیرانا ۔ لگانا ۔
عمل ۔ نظیر ۔ تمثیل ۔ باعث ۔ سبب ۔ نتیجہ ۔ کام ۔
بیوپار ۔ نازک ہتھوڑا ۔ عملدرامد ۔

پریہ ۔ مالک ۔ خاوند ۔ شوہر ۔ پیارا ۔ دوست ۔ جنوائی ۔
داماد ۔ بھلائی ۔ بہتری ۔ محبت ۔ پیار ۔ حسن ۔

پریہ تم ۔ سب سے زیادہ پیارا ۔

پریہ درشن ۔ خوبصورت ۔ خوبرو ۔ خوشرو ۔

پریہ وادی ۔ شیریں گفتگو کرنے والا ۔

پرَڑھن ۔ پڑھنا ۔ خواندگی ۔ قرأت ۔

پرَڑھنت ۔ پڑھنا ۔ خواندگی ۔ سبق ۔ علم ۔ سحر ۔ افسون۔
منتر ۔ ٹونا ۔ جادو ۔

پرتھوی ۔ دُنیا ۔ عالم ۔

پَس ۔ باندھنا ۔ چھونا ۔ باندھنے والا ۔ چھونے والا ۔

پَشت ۔ نیچا ۔ کم رتبہ ۔ کمینہ ۔ ستو جو مشہور چیز ہے ۔

پُستک ۔ کتاب ۔ صحیفہ ۔ پوتھی ۔

پُستکاگار ۔ } وہ گھر جس میں کتابوں کا ذخیرہ ہو ۔ کتبخانہ ۔
پُستکالیہ ۔ } لائبریری ۔

پَش ۔ باندھنا ۔ سمتھنا ۔ چھونا ۔ باندھنے والا ۔ چھونیوالا ۔
تکلیف ۔ دشمن ۔

پُشٹا ۔ پالنا ۔ طاقت ۔ قوت ۔

پشاچ ۔ بھوت ۔ شیطان ۔

پشان ۔ (پاشان) پتھر ۔ سنگ ۔ حجر ۔

پُشپ ۔ پھول ۔ گل ۔ آنکھ کی پھلی ۔ پکھراج حیض ۔

پُشپ بمان ۔ (ومان) پھولوں کا ومان ۔ کبیر کی رتھ کا نام۔

پُشپت ۔ پھولا ہوا ۔ کھلا ہوا ۔ شگفتہ ۔

پُشپ راج ۔ گلِ گلاب ۔

پُشپ راگ ۔ پکھراج ۔

پُشپ رس ۔ عرق گل یعنی شہد ۔ عسل ۔

پُشپ ریٖنو ۔ گرد گل ۔

پُشپک ۔ پھول ۔ گل ۔ آنکھ کی پھلی ۔ کبیر کی رتھ ۔ کنگن ۔
انگیٹھی ۔ لوہا ۔ کانسا ۔

پُشپَک وِمان۔ (بِمان) کبیر کا ہوائی جہاز۔
پُشپ لاوُ۔ مالی۔ باغبان۔
پُشپ ماس۔ بسنت رتو کے دو مہینے یعنی چیت بیساکھ۔
پُشپ واٹِکا۔ (باٹِکا) } پھول باغ۔ گلزار۔
پُشپ واٹی۔ (باٹی)
پُشپ وَتی۔ حیض والی عورت۔
پُشپ اُدیان۔ پھولباغ۔ گلزار۔
پُشِت۔ پالا ہوا۔ پرورش کیا ہوا۔
پِشِت۔ گوشت۔ لحم۔
پِشِتا۔ گوشت۔ لحم۔ خوشبودار تیل۔
پَشُتا۔ حیوانیت۔
پِشتاشَن۔ گوشت خوار یعنی راچھس۔
پِشتاک۔ روٹی۔ پوری۔
پُشٹ۔ پالا ہوا۔ مدد کیا گیا۔ تیار۔ موٹا۔ فربہ۔ طاقتور۔
پِشٹ۔ } آٹا۔ آرد۔
پِشٹک۔
پُشٹتا۔ موٹائی۔ زور۔ تقویت۔
پُشٹپ۔ دنیا۔ دُنیا کا ایک حِصّہ۔
پُشٹتا۔ مضبوطی۔ توانائی۔ موٹاپن۔
پِشٹک۔ پکوان۔
پُشٹی۔ پالنا۔ پرورش۔ ترقی۔ طاقت دینے والی دوا۔
جوش پیدا کرنے والی چیز۔ بیاہ کے متعلق ایک رسم۔
پُشٹی کر۔ } طاقت دینے والا۔ مقوی۔
پُشٹی کارک۔
پَشچات۔ پیچھے۔ پیچھے سے۔ بعد۔ اس کے بعد۔

پَشچاتّاپ۔ افسوس۔ پچھتاوا۔
پَشچِم۔ (پچھم) مغرب۔ مغرب کی جانب۔ مغرب کا۔ پیچھے۔
پَشچِما۔ (پچھما) جانب مغرب۔
پُشکر۔ پانی۔ تالاب۔ گڑھا۔ تیر۔ آسمان۔ ڈھول۔ کنول۔
تلوار کی دھار۔ ہوا۔ ہاتھی کی سونڈ کا آخر حصّہ۔ راجہ نل کا
چھوٹا بھائی۔ ایک تیرتھ کا نام جو اجمیر کے قریب
ہے۔ ایک جزیرے کا نام۔ ڈھول۔
پُشکرِنی۔ چھوٹا تالاب۔ تال۔ ہتھنی۔ کنولوں کی جماعت
پُشکری۔ ہاتھی فیل۔
پُشکل۔ بہت۔ زیادہ۔ کثرت۔ پورا۔ تمام۔ بھرا۔
آسودہ۔ اچھا۔ عمدہ۔ مشک۔ ایک پہاڑ۔
پِشُن۔ بد۔ بُرا۔ بدکار۔ سنگ دل۔ بے رحم۔ کمینہ۔
گندہ دہن۔ احمق۔ خبر دینے والا۔ مخبر۔
پِشُن۔ چغلخور۔ نمّام۔ واقفکار۔ جاسوس۔ نیچ۔
پِشنگ۔ بھورا۔ گندم گوں۔ سرخی مائل رنگ۔
پِشُن وَچَن۔ (بچن) چغلی۔ نمامی۔
پَشُو۔ مویشی۔ چوپایہ۔ جانور۔ حیوان مطلق۔ مجازاً دیوتا۔
پَشُو پال۔ } چرواہا۔ اہیر۔ گوالا۔ گوپی۔
پَشُو پالک۔
پَشُو پالن۔ گائے اور بیل پالنا اور نگرانی کرنا۔
پَشُو پتی۔ لقب مہادیو جی کا۔
پَشُوتا } جانورپن۔ احمقی۔
پَشُوتوہ
پَشُوتُلیہ۔ حیوان کے برابر۔
پَشُو راج۔ مجازاً شیر۔ شرزہ۔

پُشیاَ ۔ قمری آٹھویں مہینے کا نام ۔ کلجگ ۔

پُشیہ ۔ آٹھواں نچھتر ۔

پُشیہ تُوہر ۔ سنار ۔ زرگر ۔ چور ۔ موت ۔

پِک ۔ کوئل جو ایک مشہور طائر ہے ۔ کوکِل ۔ پپیہا ۔

پِکا نند ۔ پِک یعنی کوئل کو آنند دینے والا یعنی موسم بہار ۔

پِک بندھو ۔ پِک یعنی کوئل ۔ بندھو یعنی رشتہ دار یعنی کوئل کا رشتہ دار مجازاً درخت انبہ ۔

پِک بَینی ۔ کوئل کی جیسی آواز والی عورت ۔ میٹھی بولنے والی عورت ۔

پکتی ۔ پکنا ۔ ہضم ہونا ۔ پکانا ۔

پکت شول ۔ باؤ شول ۔

پکش ۔ (پچھ) دو ہفتہ ۔ پاکھ ۔ آدھا ۔ جسم کا آدھا حصّہ ۔ پاسا ۔ پنکھ ۔ پَر ۔ جانب ۔ طرف ۔ طاقت ۔ جسم ۔ بازو ۔ بغل ۔ سمت ۔ حمایت ۔ پچ ۔ جانبدار ۔ طرفدار ۔ ساتھی ۔ جنب لشکر ۔ دَل ۔ ٹولی ۔ دوست ۔ زُلف ۔

پکشا گھات ۔ پر کا ٹوٹ جانا ۔ مجازاً فالج ۔

پکشانت ۔ پورنما یا اماس ۔

پکشانتر ۔ دوسری جانب ۔

پکشپات ۔ ایک جانب کی خمیدگی ۔ طرفداری ۔ جانبداری ۔

پکش پاتی ۔ طرفدار ۔ جانبدار ۔

پکش دوار ۔ کھڑکی ۔ دریچہ ۔

پکش دھر ۔ طرفدار ۔ جانبدار ۔

پکشک ۔ کھڑکی ۔ دوست ۔ مددگار ۔

پکشمہ ۔ پلک ۔ بھون ۔ ابرو ۔ نہایت باریک چیز ۔

نہایت بخیل ۔ شرمندہ ۔

پکش ہین ۔ (ہین نفی کا) بے پر ۔ بے بازو ۔ بے یار ۔

پکشی ۔ } پکش یعنی پنکھ والا ۔ پکھیرو ۔ پرندہ ۔ طائر ۔ تیر ۔ بان ۔
پکشیہ ۔ } حمایتی ۔

پکشی راج ۔ پرندوں کا راجہ یعنی گرڑ ۔

پکشی شالا ۔ گھونسلا ۔ آشیانہ ۔ چڑیا گھر ۔

پکشیہ ۔ طرفدار ۔ جانبدار ۔

پکوان ۔ صِرف گھی میں تلی ہوئی کھانے کی چیز جیسے مٹھائی وغیرہ

پکوہ ۔ پکا ۔ پکا ہوا ۔ تیار کیا ہوا ۔ ہوشیار ۔ چالاک ۔

پِک وَینی ۔ (بَینی) پِک بمعنی کوئل ۔ وَینی یعنی آواز ۔ مجازاً وہ عورت جس کی آواز مثل کوئل کے ہو ۔

پکھ ۔ (پکش) آدھا مہینہ ۔ طرف ۔ حمایت ۔ طرفداری

پُکھ ۔ (پُش) چاند کی آٹھویں منزل ۔

پکھارنا ۔ } دھونا ۔ کھنگالنا ۔ پاک کرنا ۔ صاف کرنا ۔
پکھالنا ۔ }

پکھان ۔ } (پاشان) پتھر ۔ حجر ۔ سنگ ۔
پشان ۔ }

پکھاوج ۔ ڈھولک ۔ طبلہ ۔ مردنگ ۔

پکھراج ۔ زبرجد ۔

پکھڑی ۔ پھول پتی ۔

پکھوا ۔ پہلو ۔ بازو ۔ گود ۔

پکھوارا ۔ پندرہ دن ۔ آدھا مہینہ ۔

پکھیرو ۔ پرندہ ۔ طائر ۔

پگ ۔ پیر ۔ قدم ۔ گام ۔ پاؤں ۔ پائے ۔ رجل ۔

پگار ۔ گیلی مٹی ۔ گارا ۔

پَل ۔ گھڑی کا ساٹھواں حصّہ ۔ منٹ ۔ دم ۔ آن ۔
لمحہ ۔ پلک ۔

پَل ۔ } گوشت ۔ لحم ۔
پَلَل ۔ }

پَلاش ۔ پلاس کا درخت ۔ پتّہ ہر درخت کا ۔

پَلاشی ۔ بھوت ۔ لاہ ۔

پَلانا ۔ } بھاگ جانا ۔ فرار ہونا ۔ گریز کرنا ۔
پَرانا ۔ }

پَلانڈُ ۔ پیاز ۔ بصل ۔ شلغم ۔ شلجم ۔

پَلاوْ ۔ بھوت ۔ جن ۔

پَلاوْ ۔ ڈبکی ۔ غوطہ ۔ غرقابی ۔

پَلاییت ۔ بھاگا ہوا ۔ گریختہ ۔

پَلایک ۔ بھگوڑا ۔

پَلایمان ۔ بھاگتا ہوا ۔ گریزاں ۔

پَلاین ۔ بھاگ جانا ۔ گریز کرنا ۔ بھاگا بھاگ ۔

پَلِت ۔ عمر رسیدہ ۔ بوڑھا ۔ ضعیف ۔ ایک بیماری ۔ پرانا ۔
کہنہ ۔ مندرس ۔ سفید بال ۔

پُلُت ۔ طویل آواز ۔

پُلستی ۔ } برہما کا بیٹا ۔ راون کا دادا ۔ منجملہ سات رشیوں کے
پُلستیہ ۔ } ایک رشی ۔

پُلُش ۔ جلن ۔ جلنا ۔ آگ ۔ رنج ۔ گرمی ۔ تباہی ۔

پُلک ۔ خوشی وغیرہ کی وجہ سے رونگٹے کھڑے ہو جانا ۔
گدگدی ۔ قشعریرہ ۔ خوش ہونا ۔ خراب اناج ۔

پُلکاولی ۔ خوشی سے رونگٹے کھڑے ہو جانا ۔
گدگدی ۔ قشعریرہ ۔

پُلکِت ۔ جس کے رونگٹے کھڑے ہو گئے ہوں ۔ خوش ۔
بشاش ۔

پُلِن ۔ ندی وغیرہ کا کنارہ ۔ ندی کے بیچ کا ریتی کا ٹاپو ۔

پُلِنگ ۔ علامت ذکر ۔ اسم مذکر ۔

پَلَو ۔ اچھلکر یا اڑ کر جانے والے جاندار ۔ مینڈک ۔
بندر ۔ بھیڑ ۔ بگلا ۔ سارس ۔ ساٹھ سالوں میں سے
(۳۵) واں سال ۔ مرغا ۔ دشمن ۔ تیرنا ۔ ندی کا
کنارہ ۔ ہر قسم کا آبی طائر ۔ آواز ۔ غذا ۔ ناؤ کشتی ۔

پَلّو ۔ نئے نکلے ہوئے نازک پتّے ۔ کونپل ۔ انکر ۔ کلی ۔

پَلواڑ ۔ ایک طرح کی ناؤ ۔

پَلّوِت ۔ پتّوں والا ۔ کشادہ ۔ مشہور ۔

پَلَوگ ۔ } تیراک ۔ مینڈک ۔ ناچنے والا ۔ نٹ ۔
پَلَوِیتا ۔ }

پَلَوگ ۔ بندر ۔ مینڈک ۔ ہرن ۔ واضح ہو کہ تیرنے
کودنے اور جست کرنیوالے ہر جاندار کو کہتے ہیں ۔

پَلوَل ۔ پرول ۔ چھوٹا تالاب ۔ ایک ترکاری ۔

پَلَوَن ۔ اچھلنا ۔ کودنا ۔ تیرنا ۔

پَلَونگ ۔ } بندر ۔ بوزینہ ۔ ہرن ۔ مینڈک ۔ ساٹھ سالوں میں
پَلَونگم ۔ } سے اکتالیسواں (۴۱) سال ۔

پَلّوی ۔ پیڑ ۔ درخت ۔

پَلّی ۔ چھوٹا گاؤں ۔ کھیڑا ۔ جھوپڑی ۔ چھپکلی ۔

پَلیت ۔ بھوت ۔ پشاچ ۔

پَلیتھن ۔ سوکھا آٹا جو روٹی پر بیلنے کے وقت لگایا جاتا ہے ۔

پَلینک ۔ پلنگ ۔ کھاٹ ۔

پَلیچھا ۔ تلّی ۔ طحال ۔

پَکی ہُوراً ۔ ایک قسم کا پکوان ۔
پَلْییَن ۔ کاٹھی ۔ زین ۔
پُمانْ ۔ آدمی ۔ انسان ۔ مرد ۔ نر ۔
پُمْسْ ۔ (پُنس) مرد ۔ نر ۔
پُمْسْتْوَہ ۔ مردمی ۔ بیرج یعنی منی ۔
پُمْسْوانْ ۔ صاحب اولاد ۔
پُم لِنگ ۔ } علامت مرد ۔ ذکر ۔ قضیب ۔
پُلِنگ ۔
پَنْ ۔ اقرار ۔ عہد ۔ قول ۔ وعدہ ۔ شرط ۔ بازی ۔ قسم ۔
قرار ۔ کاروبار ۔ لین دین ۔ قیمت ۔ مول ۔ تنخواہ ۔
اُجرت ۔ کرایہ ۔
پُنْ ۔ ثواب کا کام ۔ خیرات ۔ کار خیر ۔ نیکی ۔ دھرم ۔
پُنَر ۔ } پھر بھی ۔ پیچھے ۔ بعد ۔
پُنِی ۔
پَنّا ۔ پتہ ۔ برگ ۔ زمرد ۔
پَنّا ۔ کھلی جو گائے بیل کو کھلائی جاتی ہے ۔
پَنارا ۔ } پرنالی ۔ موری ۔ نالی ۔
پَناری ۔
پَنالی ۔
پِناکْ ۔ شیوجی کی کمان جسے سری رامچندر نے توڑا تھا ۔
جسے (اَجگو) بھی کہتے ہیں ۔
پِناکی ۔ لقب مہادیوجی کا ۔ ایک قسم کی سارنگی ۔
پَنْ بَٹا ۔ پان رکھنے کا ڈبہ ۔ گلوری دان ۔
پَنْ بَنْدھ ۔ شرط باندھنا ۔ ٹھیکہ لینا ۔
پَنتھ ۔ } راستہ ۔ راہ ۔ طریق ۔ طریقہ ۔ فرقہ ۔ گروہ ۔ سبیل ۔ دستور ۔

پَنتھا ۔ مذہب ۔ ملت ۔ روش ۔ طور ۔ طرح ۔ طرز ۔ ساز ۔
پَنتھی ۔ مسافر ۔ سیاح کسی مرشد یا خاص فرقہ کا پیرو ۔
پَنچْ ۔ تانت ۔
پَنچْ ۔ قتل ۔ کُشت ۔ قوت ۔ زور ۔ چاند ۔ قمر ۔
پَنچْ ۔ پونجی ۔ مخزن ۔ انبار ۔ ڈھیر ۔ مجموعہ ۔ جتھا ۔ جُھنڈ ۔
پَنچالْ ۔ چراغ کی بتی ۔
پَنجَر ۔ پسلی ۔ ٹھٹھری ۔ پنجرا ۔ قفس ۔
پَنجَر ۔ پیلا رنگ ۔ لال اور پیلا ملا ہوا رنگ ۔ بھورا رنگ ۔
پرندوں کا گھر ۔ گھونسلا ۔ آشیانہ ۔
پَنجکا ۔ ملک الموت کا رجسٹر ۔
پَنجکا ۔ روئی کا گالا جس سے تاگا باٹا جاتا ہے ۔
پَنجَنْ ۔ مارنا ۔ روئی اوٹنا ۔ کمان حلاج جس سے روئی
صاف کی جاتی ہے ۔
پَنجوشْ ۔ پٹارا ۔ صندوق ۔ موم ۔
پَنچولْ ۔ چراغ کی بتی ۔ مشعل ۔
پَنچْ ۔ پانچ ۔ پنج ۔ خمس ۔ مجلس ۔ ثالث بالخیر ۔
پَنچْ ۔ کمان کی رسی یعنی چلہ ۔ دودھ ۔
پَنچاگنی ۔ پانچ قسم کی آگ ۔ ایک قسم کا جوگی ۔
پَنچالْ ۔ ایک قدیم چھتری قوم اور ان کا آباد کیا ہوا ملک
جو گنگا اور جمنا کے مابین واقع ہے یعنی پنجاب ۔
پَنچالکا ۔ کٹھ پتلی ۔ گڑیا ۔ پنچال راج کی لڑکی دروپدی
کا نام ۔
پَنچامرِتْ ۔ ایک قسم کی شیرینی جو پانچ چیزوں سے بنتی
ہے یعنی دودھ[1] ۔ دہی[2] ۔ گھی[3] ۔ شہد[4] ۔ شکر[5] ۔
پَنچ اِندریہ ۔

پنچ اِندری۔ حواس خمسہ۔

پنچانگ۔ جنتری۔ تقویم۔ صندل۔ اگر۔ کافور۔ زعفران
گوگل۔ پھل۔ پھول۔ پوست۔ بیج۔ برگ۔

پنچانن۔ شیر۔ اسد۔ بشرزہ۔ شیوجی کا لقب۔

پنچ اوستھا۔ بالیہ۔ کمار۔ پوگنڈ۔ یوا۔ ورودھا یعنی لڑکپن
طفلی۔ برنائی۔ جوانی۔ ضعیفی۔

پنچایت۔ کمیٹی۔ ثالثی۔ خود مقرر کردہ حاکم۔ پنچ کا فیصلہ

پنچ بٹی۔ دیکھو (پنچ وٹی)

پنچ بھوت۔ عناصر خمسہ یعنی آب۔ آتش۔ باد۔ خاک۔ آسمان

پنچ بھوتاتما۔ انسان جسکا کالبد پانچ عناصر سے مرکب ہے۔

پنچ پاتر۔ ایک قسم کا برتن جو پانچ دھاتوں سے بنتا
اور پوجا کے وقت کام آتا ہے۔ ایک شرادھ
کا نام۔

پنچ پران۔ جسم کی پانچ روحیں یعنی پران۔ اپان۔
دیان۔ اُدان۔ سمان۔

پنچتا۔ پیشاب۔ بول۔

پنچ تتوہ۔ (پنچ بھوت) زمین۔ پانی۔ آگ۔ ہوا۔
آکاش۔

پنچ تن ماتر۔ زمین وغیرہ یعنی (روپ) شکل۔ (رس)
ذائقہ۔ (گندھ) بو۔ (اسپرس) لمس (شبد)
آواز۔

پنچتوہ۔ موت۔ مرگ۔

پنچدش۔ پندرہ۔ پانزدہ۔

پنچ دھا۔ پانچ طرح سے۔ پانچ گنا۔

پنچ رتن۔ پانچ رتن یعنی مونگا۔ ہیرا۔ موتی۔ نیلم۔ لعل۔

پنچک۔ دھنشٹا نچھتر سے لیکر ریوتی تک پانچ نچھتر ایک
جگہ آنا۔ پانچ کے متعلق۔ پانچ کی جماعت۔

پنچ کوش۔ پانچ کوش یعنی انّ مئے۔ پران مئے۔ منو مئے۔
وگیان مئے۔ آنند مئے۔

پنچ گویہ۔ گائے کی پانچ چیزیں یعنی دودھ۔ دہی۔ گھی۔
گوبر۔ پیشاب۔

پنچم۔ پانچواں۔ پنجم۔ موسیقی کے سات سروں میں سے
ایک سُر کا نام۔

پنچ مکھ۔ سری مہادیوجی کا لقب۔ شرزہ۔ شیر۔

پنچ مہابھوت۔ دیکھو (پنچ بھوت)

پنچ مہایگیہ۔ (جگیہ) خانہ داروں کے پانچ طرح کے روزانہ
کرم یعنی برہم یگیہ۔ پتر یگیہ۔ دیو یگیہ۔ منشیہ یگیہ
بھوت یگیہ۔

پنچمی۔ پانچویں۔ پنجم۔ چاند کی پانچویں تاریخ۔

پنچ ند۔ ہندوستان کا ایک مشہور صوبہ جہاں ستلج۔
بیاسا۔ راوی۔ چناب۔ جہلم۔ یہ پانچ ندیاں بہتی
ہیں۔ یعنی پنجاب۔

پنچ نکھ۔ پانچ ناخن والے یعنی انسان۔ بندر وغیرہ۔

پنچ وٹی۔ (بٹی) گوداوری کے متصل ایک مقام کا نام
جہاں سری رامچندر جی بن باس کے زمانہ میں رہتے
تھے اور جہاں سے سیتاجی ہری گیں تھیں۔ اس مقام
پر پیپل۔ بلوہ۔ بڑ۔ دھاتری۔ اشوک یہ پانچ
قسم کے درخت تھے۔

پنچ وکتر۔ شیو۔ شرزہ۔ شیر۔

پنچھی۔ (پکشی) پکھیرو۔ پرندہ۔ طائر۔

پنچیندریہ۔ دیکھو (پنچ اِندری)

پِنڈ۔ ہیجڑا۔ ہیز۔ مخنث۔

پِنڈ۔ گول۔ مدور۔ گولا۔ مجازاً جسم۔ بدن۔ عالم صغیر۔ آٹے کا وہ گولا جسے مُردوں کے نام پر بناتے ہیں۔

پنڈا۔ وہ شخص جو کسی دیول یا تیرتھ کا خادم ہو۔ تیرتھ کا پجاری۔ عاقل۔ دانا۔

پِنڈا۔ بدن۔ جسم۔ کالبد۔ آٹے کے وہ گولے جو ہنود شرادھ کے وقت مرے ہوؤں کے نام پر بناتے ہیں۔ مٹی وغیرہ کا ڈھیلا۔ ڈوری کا گولہ یا گیند۔

پنڈارا۔ لٹیروں کی ایک ذات۔ لٹیرا۔ ٹھگ۔

پنڈِت۔ عالم۔ فاضل۔ معلم۔ ہادی ملت۔ عالموں کا ایک لقب۔

پنڈِت۔ اکٹھا کیا ہوا۔ جمع کیا گیا۔

پنڈتائی۔ پنڈت کا پیشہ۔ اوستادی معلمی۔ علمیت۔

پنڈج۔ ضد (انڈج) جو جسم سے جسم پیدا ہو۔ جیسے انسان۔ حیوان وغیرہ۔

پنڈ دان۔ بزرگوں کو پنڈ دینے کا کرم۔

پُنڈریک۔ ہاتھی۔ ایک قسم کا سانپ۔ شیر۔ سفید کنول۔ ایک قسم کا جذام۔ سفید چھتری۔

پنڈریکاکش۔ کنول جیسے آنکھوں والا۔ مجازاً سری کرشن۔

پنڈُک۔ فاختہ۔ قمری۔

پُنر۔ پھر۔ بار دیگر۔ دوسرا۔ دیگر۔ اور۔

پُنر اگمن۔ پھر آنا۔ لوٹنا۔ بازگشت کرنا۔

پُنر آورتی۔ دہرانا۔ دوبارہ کرنا۔

پُنر بسو۔ (وسو) ایک نچھتر کا نام۔

پُنر بواہ۔ (وواہ) دوسرا بیاہ۔ نکاح ثانی۔

پُنر بھو۔ پھر ہونا۔ مکرر ہونا۔ دوسری پیدائش۔ دوسرا جنم۔ ناخن۔

پُنر بھو۔ دوبارہ بیاہی ہوئی عورت۔

پُنر پی۔ پھر بھی۔

پُنر تھان۔ گرے ہوئے کا پھر اُٹھنا یا اُٹھانا۔

پُنر جنم۔ مرنے کے بعد دوسرے جسم میں پیدا ہونا۔

پُنر کت۔ ایک ہی مضمون یا مطلب کو مختلف الفاظ میں ادا کرنا۔

پُنر کتی۔ پھر کہنا۔ ایک ہی بات کو دوبار کہنا۔ اعادہ کرنا۔

پُنر وسو۔ (بسو) ستائیس نچھتروں میں سے ساتواں نچھتر۔ ایک منی۔ گندھرب۔

پنسال۔ / پنسالا۔ / پنسلا۔ — وہ مقام جہاں مسافروں کے پینے کے لئے پانی رکھا گیا ہو۔ آبدار خانہ۔

پُنستوہ۔ مردمی۔ رجولیت۔

پُنس وَن۔ حمل ٹھہر نیکے بعد کرنیکا ایک سنسکار۔

پنسوئی۔ چھوٹی ناؤ۔

پُنشچلی۔ زن فاحشہ۔

پَنک۔ چکنی مٹی۔ کیچڑ۔ گل۔ دلدل۔ گناہ۔

پنکت۔ سطر۔ قطار۔

پنکتی۔ سطر۔ قطار۔ پنگت۔ سلسلہ۔ چار سطروں کی نظم۔

پنکج۔ کنول۔ پدم۔ نیلوفر۔

پنک رُہ۔

پنکے رُھ ۔ کنول ۔ نیلوفر ۔

پنک ندھی ۔ سمندر ۔ دریا ۔

پنکھ ۔ پر ۔ بازو ۔ جناح ۔

پنکھڑی ۔ پھول کی پتی ۔ گل ۔

پنکھی ۔ پروار ۔ پرندہ ۔ طائر ۔ چھوٹا پنکھا ۔

پنگ ۔ سانپ ۔ مار ۔

پُنگ ۔ سُپیاری ۔

پنگ ۔ / پنگل ۔ } پیلا ۔ زرد ۔ ساٹھ سالوں میں سے ایک سال ۔

پنگا ۔ دُبلا ۔ نازک ۔ نرم ۔

پنگاری ۔ / پنگاشن ۔ } گرڈ ۔ بشن جی کی سواری ۔

پنگت ۔ قطار ۔ سطر ۔ سلسلہ ۔ صف ۔ پانتی ۔ پنکتی ۔ لائن ۔

پنگل ۔ سفید رنگ کا گھوڑا ۔

پنگل ۔ ایک پرندے کا نام جو سانپ کی شکل کا ہوتا ہے ۔ علم عروض ۔ علم عروض کا ایک مصنّف ۔ گندمی رنگ ۔ پیلا رنگ ۔ چراغ کی لو ۔ ہرن ۔ چمگادڑ ۔ خفاش ۔ آفتاب ۔

پنگلا ۔ ٹیڑھے پیر والا ۔ لنگڑا ۔ لولا ۔ بے دست و پا ۔

پنگلا ۔ دائیں جانب کی ایک نبض کا نام ۔ بھرترہری کی زوجہ کا نام ۔ ایک طوائف کا نام ۔

پنگو ۔ لنگڑا ۔ لولا ۔ لنگ ۔

پنگو ۔ بیل ۔ واضح ہو کہ یہ کسی دوسرے لفظ کے بعد آتا ہے تو اس کے معنی اعلیٰ اور برتر کے ہوتے ہیں ۔ جیسے ۔ (نر پُنگو) یعنی انسانوں میں اعلیٰ ۔

پنگھٹ ۔ پانی بھرنے کی جگہ یعنی گھاٹ ۔

پُنگی پھل / پوگی پھل } سپیاری ۔ ڈلی ۔

پنن ۔ بیچنا ۔ فروخت کرنا ۔ دوکان چلانا ۔

پنّگ ۔ سانپ ۔ مار ۔

پنو ۔ چھوٹا ڈھول ۔

پنوارا ۔ پتوں کا بنا ہوا پتّل جس میں کھانا وغیرہ رکھکر کھاتے ہیں ۔

پنواری ۔ / پنواڑی ۔ } پان کے درختوں کا باغ ۔ پان بیچنے والا تنبولی ۔

پنہاری ۔ / پنہارن ۔ } پانی بھرنیوالی ۔

پُنہہ ۔ پھر ۔ بار دیگر ۔ مکرر ۔ دوبارہ ۔

پُنہہ پُنہہ ۔ بار بار ۔ پھر پھر ۔ مکرر سکرر ۔

پنہی ۔ جوتا ۔ جوتی ۔ پاپوش ۔ کفش ۔ نعلین ۔

پنّی ۔ چانولوں کا لڈو ۔

پنیا ۔ پانی ۔ آب ۔ پانی کا ۔ آبی ۔

پُنیا تما ۔ نیک نہاد ۔ نیک نفس ۔ سخی ۔ فیاض ۔ دیندار ۔

پنیا رتھ ۔ دیکھو (دھرمارتھ)

پنیاک ۔ ہینگ ۔ انگوزہ ۔

پنیانا ۔ پانی دینا ۔ سینچنا ۔

پُنیاہہ ۔ نیک دن ۔ یوم سعید ۔

پُنیاہہ واچن ۔ کارہائے نیک میں لفظ (پُنیاہہ) تین بار کہنا ۔

پُنیائی ۔ نیکی ۔ ثواب ۔ احسان ۔

پنیت ۔ بیچا ہوا ۔ فروخت کیا ہوا ۔ تعریف کیا ہوا ۔

پُنیت ۔ صاف ۔ شفاف ۔ پاک ۔ خالص ۔ بے عیب ستھرا ۔

پَنیہ ۔ فروخت کے قابل ۔ لین دین کے لائق ۔ بیچنے کی چیز ۔ لائق ستائش ۔ باجہ ۔

پُنیہ ۔ پاک کام ۔ نیک کام ۔ اچھا کام ۔ کار خیر ۔ کار ثواب ۔

پَنیہ ستری ۔ بازاری عورت ۔ کسبن ۔

پُنیہ بھومی ۔ متبرک جگہ ۔ تیرتھ کا مقام ۔ کنایتاً ہندوستان ۔

پُنیہ جن ۔ نیک خو ۔ نیک مرد ۔

پُنیہ جنک ۔ نیک نفس ۔ نیک نہاد ۔

پُنیہ ستھان ۔ متبرک جگہ ۔ تیرتھ کا مقام ۔

پُنیہ شیل ۔ جس کی طبیعت ہمیشہ کار ہائے نیک کی جانب مائل ہو ۔ نیک خو ۔

پَنیہ شالا ۔ بازار ۔ دوکان ۔ ہاٹھ ۔

پُنیہ شلوک ۔ جس کی نیکنامی مشہور ہو ۔

پُنیہ شیل ۔ دھرمی ۔ مخیر ۔

پُنیہ کرت ۔ نیک نہاد ۔ نیک خو ۔

پُنیہ کرمہ ۔ فعل نیک ۔ کار ثواب ۔

پُنیہ کشیتر ۔ (چھیتر) وہ مقام جہاں جانے سے ثواب

پُنیہ وان ۔
پُنیہ وت ۔ } نیک نہاد ۔ مخیر ۔ پارسا ۔

پو ۔ گوبر ۔ ہوا ۔ باد ۔

پوآڑنا ۔ پھینکنا ۔ ڈالنا ۔ بھیجنا ۔

پُوال ۔ پیال ۔ پرال ۔ گھاس پات ۔ تنکا ۔ کھر ۔

پوت ۔ پاک ۔ متبرک ۔

پوت ۔ پینا ۔ نوش کرنا ۔

پوت ۔
پوتک ۔ } بچہ ۔ طفل ۔

پُوت ۔ بیٹا ۔ پسر ۔ فرزند ۔ بچہ ۔ طفل ۔ لڑکا ۔

پُوت
پُنیت ۔ } پوتر ۔ صاف ۔ پاک ۔ سچائی ۔ صفائی ۔ شُکھ ۔

پوتاتما ۔ جس کا دل صاف و پاک ہو ۔ پارسا ۔

پوتائی ۔ پاکی ۔ صفائی ۔ پاکیزگی ۔

پوتر ۔ (پَوِتْر) پاک ۔ صاف ۔ بے عیب ۔ بے گناہ ۔ جنیو ۔ زنار ۔ تانبا ۔ پانی ۔

پوتر ۔ بیٹے کا بیٹا یعنی پوترا ۔

پوترت ۔ (پَوِترت) پاک کیا ہوا ۔ صاف کیا ہوا ۔

پوترتا ۔ (پَوِترتا) پاکیزگی ۔ پاکی ۔ صفائی ۔

پوترک ۔ بیٹے یا پوتے کے متعلق ۔

پوتری ۔ (پَوِتری) کُش نامی گھانس یا سونا چاندی ۔ اور تانبا ان تینوں دھاتوں سے بنی ہوئی انگوٹھی جسے کریاکرم اور پوجا کے وقت پہنتے ہیں ۔

پوتری ۔ بیٹے کی بیٹی یعنی پوتری ۔

پوتک ۔ بالک ۔ بچہ ۔ طفل ۔

پوتلا ۔
پوتلی ۔ } پُتلا ۔ عورت ۔ آنکھ کی پُتلی ۔

پُوتنا ۔ ایک راچھس کا نام جسے سری کرشن نے مار ڈالا ۔

پوتنا ۔ لیپنا ۔ لیتنا ۔

پوتھ ۔ جہاز ۔ بچہ ۔

پوتھا ۔ بڑی کتاب ۔

پوتھی ۔ پُستک ۔ کتاب ۔ بہی ۔ صحیفہ ۔

پُوتی ۔ پاکی ۔ طہارت ۔ صفائی ۔ مہک ۔

پوتیا ۔ غسل کے وقت پہننے کا کپڑا ۔ جنگلی لوگوں کے سر بند

باندھنے کا کپڑا۔ ایک کھلونے کا نام۔

پوٹ۔ گانٹھ۔ گھڑی۔

پوٹھ۔ کولا۔ چوتڑ۔ پٹھا۔

پوج۔ لائق پرستش۔ لائق تنظیم۔ لائق عبادت۔

پوجا۔ پرستش۔ عبادت۔ عزت۔ احترام۔

پوجارہ۔ پرستش کے قابل۔

پوجاری۔ دیوتاؤں کی پرستش کرنے والا۔ پرستار۔ عابد۔

پوجت۔ پوجا گیا۔ خدمت کیا گیا۔ مقبول۔ معزز۔

پوجک۔ دیکھو (پوجاری)

پوجمان۔ / **پوجیہ مان**۔ } قابل پرستش۔ لائق عبادت۔ واجب التعظیم۔ مکرم۔ معزز۔

پوجن۔ پوجا کا کام۔ پرستش۔ عبادت۔ عزت۔

پوجنا۔ پوجا کرنا۔ پرستش کرنا۔ عبادت کرنا۔ پورا ہونا۔

پوجنیہ۔ / **پوجمان**۔ } پوجنے کے قابل۔ پرستش کے لائق۔

پوجیہ۔ قابل پرستش۔ لائق عبادت۔ واجب التعظیم۔ لائق عزت۔ مکرم۔ سسرا۔

پوجیہ پاد۔ قابل پرستش قدوم۔

پوجیہ مان۔ جس کی پوجا یعنی عبادت کی جا رہی ہو۔

پوچھ۔ دم۔ ذنب۔

پوڈھا۔ نیا پیڑ۔

پوڑھا۔ / **پوڑھا**۔ } طاقتور۔ مضبوط۔ بالغ۔

پور۔ شہری۔

پور۔ بڑا دروازہ۔ پھاٹک۔

پور۔ روانی آب۔

پوران۔ قدیم۔

پورانک۔ پرانوں کا جاننے والا۔ قدیم مذہب کا ماننے والا۔

پورانک۔ متعلق بہ (پران)

پوراُکت۔ پہلے کہا ہوا۔ جس کا ذکر پہلے آچکا ہو۔ مذکور۔

پورب۔ دیکھو (پورو) مشرق۔ مشرقی سمت کا۔ پہلا۔ پہلے آگے۔ اگلا۔ اگلے۔ سابق۔ ابتدا۔ اول۔ قدیم۔ قبل۔ پیشتر۔ پچھلا۔

پورباسی۔ دیکھو (پورواسی)

پوربج۔ دیکھو (پوروج)

پورب جنم۔ (پوروجنم) پہلا جنم۔ پیدائش ازلی۔

پورب وت۔ (پوروَوت) ازلی۔

پوربک۔ (پوروک) پہلا۔ اگلا۔ سابقہ۔ مقدم۔ قدیم۔ سلف

پورب کرت۔ (پوروکرت) اگلے جنموں کی نیکی یا بدی کا ثمرہ یعنی نتیجہ۔

پورب میمانسا۔ (پورومیمانسا) ویدوں کا علمی حصہ۔ ویدوں کا کرم کانڈ۔

پوربی۔ (یائے نسبتی) ہر وہ چیز جو پورب یعنی (مشرق) سے منسوب ہو۔ ایک راگ کا نام جو مغرب سے پہلے گایا جاتا ہے۔ پہلا۔ ابتدا کا۔

پوربیا۔ پورب یعنی مشرق کی جانب رہنے والا۔

پورت۔ کارہائے رفاہ عام یعنی کنویں۔ مسافرخانے وغیرہ بنانا۔ ڈھکا ہوا۔ بھرا ہوا۔ پورا۔ تمام۔ انجام۔

پُورَت وِبھاگ ۔ محکمہ تعمیرات ۔

پُورتی ۔ بھرا ہوا ۔ تمام ۔ پورا ۔ آخر ۔ ختم ۔ انجام ۔

پُورُش ۔ مردانگی ۔ جوانمردی ۔ بہادری ۔ ہمت ۔

پُورَک ۔ پورا کرنے والا ۔ بھرنیوالا ۔ ہوا یعنی (سانس) کو اندر کھینچنے والا ۔ (حبس دم کا ایک طریقہ)

پُورکھہ ۔ دیکھو (پُورُش)

پُورَن ۔ پورا ۔ سارا ۔ سب ۔ تمام ۔ کُل ۔ سالم ۔ بھرا ہوا ۔ بھرپور ۔ لبریز ۔ انجام ۔ ٹھیک ۔ پکا ۔ ہر جا حاضر ۔

پُورناہُت ۔ } ہوم ختم ہونیکے بعد کی ایک رسم ۔
پُورناہُتی ۔

پُورَن برَھمہ ۔ پُر از وحدانیت یا مالکیت ۔

پُورَن بھوت ۔ جسے گزر کر دیر ہوئی ہو ۔

پُورَن پاتر ۔ چانولوں سے بھرا ہوا خیرات کا برتن ۔

پُورَن پولی ۔ ایک قسم کی روٹی جس کے اندر شکر اور چنا وغیرہ رکھکر تلتے ہیں ۔

پُورنتا ۔ پورا ہونا ۔ بھرپور ہونا ۔

پُورَن چندر ۔ ماہ کامل ۔ بدر کامل ۔

پُورَن کمبھ ۔ پانی سے بھرا ہوا گھڑا ۔

پُورنما ۔ } وہ تاریخ جس دن چاند کامل طور پر نمودار ہوتا ہے ۔ بدر کامل ۔
پُورنماس ۔

پُورنہ ماس ۔ } ایک جگیہ کا نام جو بدر کامل کے روز کیا جاتا ہے ۔
پُورنہ ماشیہ ۔

پُورنہ ماسی ۔ دیکھو (پُورنما)

پُورنیہ ۔ پورا ہونیکے قابل ۔

پُورو ۔ (پُورَب) مغرب (سمت)

پُورو ۔ پہلے کا ۔ گزشتہ ۔

پُورَو ۔ پُرو مہاراج کی اولاد ۔

پُوروا ۔ گاؤں ۔ موضع ۔

پُوروا پر ۔ آگے پیچھے ۔

پُوروا ردھ ۔ پہلا یا پچھلا نصف حصہ ۔

پُوروا شاڈھ ۔ چاند کی بیسویں منزل ۔

پُوروا وستھا ۔ پہلی حالت ۔

پُورواہ ۔ دن کا پہلا نصف حصہ ۔

پُورواہن ۔ دن کا پہلا حصہ ۔

پُوروَپتامہہ ۔ پردادا ۔

پُوروَپچھ ۔ دیکھو (پُوروَپکش)

پُوروَپُرش ۔ اپنے بزرگ لوگ جیسے باپ دادا وغیرہ ۔

پُوروَپکش ۔ تردید ۔ مدعی کی بحث ۔

پُوروَج } وہ جو پہلے پیدا ہو ۔ بڑا بھائی ۔ مشرق ۔
پُوروَجنما ۔

پُوروَجا ۔ بڑی بہن ۔

پُوروَجَن ۔ گزشتہ لوگ ۔ اگلے زمانے والے ۔

پُوروَجنم ۔ پچھلا جنم ۔

پُوروَک ۔ باپ دادا ۔ آبا و اجداد ۔

پُوروَرُوپ ۔ قسمت ۔ تقدیر ۔

پُوروَواد ۔ نالش ۔ دعوے ۔

پُوروَوادی ۔ } مدعی ۔
پُوروَویدک ۔

پُوروَوت ۔ پہلے کی طرح ۔

پُوروَوتر ۔ شمال و مشرق ۔

پُوروَورتی۔ پہلے کا۔ جو پہلے سے رہ چکا ہو۔
پُوروَہ۔ پُورب کی جانب کا۔ پہلے۔ آگے۔ اول۔
پَوری۔ دروازہ۔ پھاٹک۔ ڈیوڑھی۔
پَوریا۔ دربان۔ پاسبان۔
پَوڑھا۔ مضبوط۔ طاقتور۔
پَوڑھائی۔ طاقت۔ مضبوطی۔ چوڑائی۔ عرض۔
پَوش۔ ہندی سال کا دسواں مہینہ یعنی پُشیہ ماس۔
پَوش۔ پالنا۔ پرورش کرنا۔ حفاظت کرنا۔
پَوشِت۔ پالا ہوا۔ پروردہ۔
پَوشتا۔ پرورش کرنے والا۔
پَوشٹِک۔ قوت دینے والی دوا یا غذا۔ مقوی۔
پَوشَک۔ پالنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ حامی۔ مربی۔
پُوشَن۔ سورج۔ آفتاب۔
پَوشَن۔ پالن۔ پرورش۔ تربیت۔ حفاظت۔
پَوشنیہ۔ پالنے کے قابل۔ پرورش کرنے کے لائق۔
پَوشیہ۔ جو قابل پرورش ہو۔
پَوشیہ پُتر۔ پالا ہوا لڑکا۔ متبنٰی لڑکا۔ لے پالک۔
پَوشیہ وَرگ۔ قابل پرورش اشخاص یعنی ماں۔ باپ۔ بیٹا۔ بیٹی۔ زوجہ۔ ملازم وغیرہ۔

پُوکھر۔ }
پوکھرا۔ } (پُشکر) بڑا تالاب۔ تال جھیل۔

پُوگ۔ سپاری کا درخت اور اُس کا پھل ذخیرہ۔ ڈھیر۔ گروہ۔
پَوگنڈ۔ نامرد۔ ہیز۔ سولہ سال کی عمر۔
پُوگی پھل۔ سپاری۔
پَومان۔ ہوا۔ باد۔ صبا۔

پَوَن۔ ہوا۔ باد۔ صبا۔ اناج کا پسانا۔
پُوَن۔ مرد۔ آدمی۔
پَونا۔ جھرنا۔ جھرنی چھلنی۔
پَوناشتر۔ ایک طرح کا ہتھیار جس کے چلانے سے تیز ہوا پیدا ہوتی تھی۔

پَوناش۔ }
پَوناشَن۔ } بادخوار یعنی سانپ۔ مار۔

پَوناٹن۔ کھڑکی۔ جھروکا۔ دریچہ۔ روشندان۔

پَوَن پُتر۔ }
پَوَن تنیہ۔ } (پَوَن یعنی ہوا۔ پُتر یعنی بیٹا) ہوا کا بیٹا لقب
پَوَن کمار۔ } ہنومان جی کا۔

پُونچھ۔ }
پچھ۔ } دُم۔ ذنب۔

پَونڈریک۔ ایک جگہ کا نام۔
پَوڈھنا۔ سونا۔ لیٹنا۔ آرام کرنا۔
پَوَن سُت۔ دیکھو (پَوَن پُتر)

پُونو۔ }
پُورنیا۔ } ہندی مہینے کی درمیانی تاریخ یعنی پورن ماسی۔
پُونو۔ }

پَوہ۔ بھور۔ تڑکا۔ صبح۔
پَوی۔ اندر کا ہتھیار۔ ہیرا۔
پُویہ۔ پیپ۔ ریم۔ قیح۔
پھ۔ ہندی اور سنسکرت حروف تہجی کا (۲۲) واں حرف۔

پھانس۔ پھانسی۔ پھندا۔ جال۔ دام۔ بیڑی۔ زنجیر۔
طوق۔ گانٹھ۔ وہ رسّی جس سے پالتو جانور باندھیں۔
ایک آلۂ حرب کا نام۔

پھاگ۔ پھاگن کے مہینے میں ہونے والا ایک تیوہار۔
(ہولی) جس میں لوگ ایک دوسرے پر رنگ یا گلال
ڈالتے اور بسنت رُتو کا گیت گاتے ہیں۔

پھاگن۔ دیکھو (پھالگن)

پھال۔ لوہے کی وہ چیز جسے ہل کے نیچے لگاتے اور
زمین جوتتے ہیں۔

پھالگن۔ ایک قمری مہینہ کا نام جو ماگھ کے ختم ہونے پر شروع
ہوتا ہے۔ یعنی پھاگن۔ واضح ہو کہ اس مہینے کی پورنما
کی رات کو ہولی جلائی جاتی ہے۔

پھالگنی۔ پھالگن مہینے کی پورنما۔ ایک نچھتر کا نام۔

پھاوڑا۔ پھاوڑہ۔ کلند۔

پھٹک۔ نادر۔ عجیب۔ الگ۔ جدا۔ طاق۔

پھٹک۔ دیکھو (اسپھٹک) بلور۔ جو مشہور پتھر ہے۔

پھٹکر۔ عجیب۔ نادر۔ جدا۔ علیحدہ۔

پھٹکی۔ عجیب۔ نادر۔

پہر۔ پاس یعنی تین ساعت۔

پھر۔ پھل۔ سپر۔

پھر پھند۔ مکر۔ حیلہ۔ کید۔ فریب چھل۔ کپٹ۔ دھوکا۔

پھرت۔ پھرتی۔ جلدی۔ تیزی۔ چالاکی۔

پھرسا۔ کلہاڑی۔ تبر۔ تیشہ۔ کدال۔

پہرنا۔ کپڑا پہننا۔ کپڑا اوڑھنا۔

پھریری۔ رونگٹے کھڑے ہو جانا۔

پھری۔ ڈھال۔ سپر۔

پہریا۔
پہروا۔
پہرو۔
} چوکیدار۔ پاسبان۔ محافظ۔

پہڑنا۔ لیٹنا۔ سونا۔ آرام کرنا۔

پھکر۔ دیکھو (پشکر)

پھکا۔ فریب۔ مکر۔ کپٹ۔ دھوکا۔ دلیلِ باطل۔

پھگوا۔ ہولی کا تیوہار۔

پھل۔ کھلنا۔ شگفتہ ہونا۔ خوش ہونا۔ گلدار درخت۔

پھل۔ } ثمر۔ میوہ۔ نتیجہ۔ فائدہ۔ حاصل۔ مطلب۔ اولاد۔
پھلم۔ } تیر۔ تلوار۔ مکافات۔ جزا۔ واضح ہو کہ یہ چار ہیں۔
(۱) ارتھ۔ (۲) دھرم۔ (۳) کام۔ (۴) موکش۔

پھلا پھل۔ اچھا اور برا پھل۔ نیک و بد نتیجہ۔

پھلاکمش۔ مطلب۔ نتیجہ۔

پھلاہار۔ پھل کھا کر روزہ رکھنا۔ ماکولات ثمریہ۔

پھل پراپتی۔ مطلب دلی حاصل ہونا۔

پھل پھلاری۔ طرح طرح کے پھل۔

پھلت۔ پھلا ہوا۔ پورا۔ پھلدار۔ پیداوار۔ بارور۔
ثمر۔ فائدہ۔ نتیجہ۔ حاصل۔ انجام۔ جوتش کا ایک حصہ۔

پھلتہ۔ اس لئے۔

پھل جنک۔
پھلد۔
پھل داتا۔
} پھل دینے والا۔ درخت۔

پھلدان۔ اُسے کہتے ہیں جو بیاہ کے پہلے کوئی شخص اپنی
لڑکی کا بیاہ کسی کے لڑکے کے ساتھ کرنا منظور کرتا ہے۔

تو لڑکی والے روپیہ وغیرہ نیک ساعت میں دولہا کے
گھر بھیجتے ہیں۔ اس رسم کے بعد بیاہ کا قرار داد ہونا مانا جاتا
ہے۔ اس رسم کو (وَر رکشا) بھی کہتے ہیں۔

پھَل دَایَک ۔ مُراد پوری کرنیوالا۔ نفع بخش۔

پھَلشرُتی ۔ وہ بات جس میں کسی فعل کے نتیجے کا ذکر ہو اور جسے
سُنکر لوگ اُسکے کرنے پر آمادہ ہوں۔

پھَلَک ۔ ڈھال۔ سپر۔ تختہ۔ بُنیاد۔ سطح۔

پھَل کوشَک ۔ خصیہ۔ فوطہ۔

پھَلگُ ۔ نثار۔ ایک ندی کا نام۔

پھَلگُن ۔ دیکھو (پھاگُن)

پھَلگُو ۔ ایک ندی کا نام جسکے کنارے (گیا) شہر آباد ہے۔ ایک
قسم کا انجیر کا درخت۔ گُلال۔

پھَل مُول ۔ پھَل اور جڑ۔

پھَلَن ۔ پیداوار۔ حاصلات۔

پھَلونتا ۔ بارور۔ ثمردار۔

پُھلواری ۔ چھوٹا باغ۔ باغیچہ۔ گلزار۔

پھَلوان ۔ پھل والا۔ بارور۔ ثمردار۔

پھَلی تارتھ ۔ نتیجہ۔

پھَن ۔ سانپ کا پھیلایا ہوا سر۔

پھَنِت ۔ } سانپ۔ مار۔
پھَن دَھر ۔

پھَنِن ۔ پھندار سانپ۔

پُھننگ ۔ درخت کی چوٹی۔

پھَنی ۔ (یائے نسبتی) پھندار یعنی سانپ۔ پچڑ۔ پھانا۔

پھوہڑ ۔ نالائق۔ احمق۔

پھیر ۔ شغال۔ گیدڑ۔

پھین ۔ } کف دریا۔ جھاگ۔ زبد۔
پھینا ۔

پَینڈ ۔ پاؤں۔ قدم۔ ڈگ۔ اونچان۔ اونچی زمین۔

پَینڈا ۔ راستہ۔ راہ۔ سڑک۔

پھینِل ۔ پھین والا یعنی جس میں کف ہو۔ ریٹھا۔

پی ۔ عاشق۔ معشوق۔ پیارا۔ محبوب۔ شوہر۔ مالک۔

پَئی ۔ اوپر۔ پر۔ مگر۔ لیکن۔ دودھ۔ پانی۔

پیا ۔ پیارا۔ محبوب۔ عاشق۔ شوہر۔ خاوند۔ مالک۔

پَیال ۔ پرال۔ کاہ۔ تِنکا۔ کھڑ۔

پَیان ۔ (پریان) کوچ۔ روانگی۔ نہضت۔

پیت ۔ پیا ہوا۔ نوش کیا ہوا۔ پیلا۔ زرد رنگ۔ اصفر۔
محبت۔ پیار۔ مہربانی۔ دوستی۔

پیتا ۔ ہلدی۔ زرد چوب۔

پیتامبر ۔ زرد رنگ کا ریشمی کپڑا یا دھوتی۔ جس کے کپڑے
زرد رنگ کے ہوں۔ سری کرشن جی کا لقب۔

پیت بَرن ۔ (ورن) زرد رنگ۔

پیتَرَس ۔ کسیرو۔

پَیتَرِک ۔ آبائی جائداد۔ موروثی جائداد۔

پیتکند ۔ گاجر۔ گزر۔

پیتلوہ ۔ پیتل۔

پیتم ۔ (پریتم) بہت عزیز عاشق۔ نہایت محبت
کرنیوالا شوہر۔ پیارا۔

پیت مَن ۔ پکھراج۔

پیتَن ۔ زعفران۔

پیتی ۔ پیار ۔ محبت ۔

پٹیکا ۔ پٹارا ۔ پیٹی ۔ صندوق ۔ ڈبہ ۔

پیٹھ ۔ / پیٹھک ۔ } چوکی ۔ تختہ ۔ تخت ۔

پیٹھکا ۔ دیباچہ ۔

پیٹھنا ۔ اندر گھسنا ۔

پیچ ۔ عہد ۔ قول ۔

پیچا ۔ / پیچک ۔ } اُلو ۔ چغد ۔ بوم ۔

پیڈ ۔ / پیڈا ۔ } دُکھ ۔ درد ۔ رنج ۔ آفت ۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔

پیڈن ۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔

پیڈت ۔ دُکھیا ۔ دُکھی ۔ مصیبت زدہ ۔ رنجور ۔ دردمند ۔ بیمار ۔

پیڈک ۔ تکلیف دینے والا ۔

پیڈی ۔ سیڑھی ۔ زینہ ۔ نردبان ۔

پیڑ ۔ پیڈا ۔ تکلیف ۔ درد ۔ دُکھ ۔

پیرو ۔ سمندر ۔ سورج ۔

پیساچ ۔ متعلق بہ پساچ ۔ آٹھ قسم کی شادیوں میں سے ایک قسم جو بالکل ناقص مانی گئی ہے ۔

پیشونی ۔ ندی ۔ رود ۔ دودھیل گائے ۔ بھیڑ ۔ بکری ۔

پیشل ۔ خوبصورت ۔ نازک ۔ چالاک ۔ صاف ۔ دلربا ۔ روشن ۔ قادر ۔

پیشا ۔ / پیشکا ۔ } انڈا ۔ بیضہ ۔

پیشاچ وواہ ۔ آٹھ قسم کی شادیوں میں سے ایک جس میں دولہا بحالت بے خبری ۔ دولہن کو اڑا لے جا کر شادی کر لیتا ہے ۔ مگر اس قسم کی شادی مطلق ناقص مانی جاتی ہے ۔

پیشک ۔ پیسنے والا ۔

پیشن ۔ پیسنا ۔

پیشنی ۔ چکی ۔ آسیا ۔

پیکڑنا ۔ دیکھو (پرکڑنا)

پیکھنا ۔ دیکھنا ۔ کھیل ۔ سوانگ ۔

پیلام ۔ ایک طرح کا ریشمی کپڑا ۔

پیم ۔ (پریم) پیار ۔ محبت ۔

پین ۔ موٹا ۔ بھرا ہوا ۔

پین ۔ نالی ۔ نالا ۔

پینا ۔ تیز ۔ تیز کانٹا ۔ آر ۔ آنکس ۔ چابک ۔

پینٹھ ۔ بازار ۔ ہاٹ ۔ منڈی ۔

پینگ ۔ جھولے کی رسّی ۔ جھولے کا ہلنا ۔

پینی ۔ کلہاڑی ۔ تبر ۔

پیو ۔ پیارا ۔ دوست ۔ محبوب ۔ عاشق ۔ معشوق ۔ شوہر ۔

پیوو ۔ بادل ۔ ابر ۔

پیودھر ۔ چوچی ۔ پستان ۔ ابر ۔ بادل ۔ ناریل ۔ نے شکر ۔ پہاڑ ۔ ہر شیر دار درخت ۔

پیودھی ۔ / پیوندھی ۔ } سمندر ۔ دریا ۔ بحر ۔

پیور ۔ موٹا ۔ بھاری ۔

پیوش / پےیوش ۔ } امرت ۔ آب حیات ۔ دودھ ۔ پیوسی ۔ فلہ ۔

پیُوکھ ۔ دیکھو (پیُوش)
پیُوَرت ۔ صرف دودھ پیکر گزران کرنا۔
پیہ ۔ پیارا ۔ محبوب ۔ عاشق ۔ خاوند ۔ مالک ۔
پی ہر ۔ بیاہی عورتوں کے ماں باپ کا گھر ۔ میکا۔
پیہ ندھی ۔ سمندر ۔ دریا ۔ بحر۔
پیہہ ۔ پانی ۔ آب ۔ دودھ ۔ شیر۔
پییُو ۔ پیارا ۔ عزیز ۔ محب ۔ عاشق ۔ شوہر ۔ مالک۔
پییہ ۔ پینے کے قابل ۔ پینے کی چیز ۔ پانی ۔ دودھ۔

ت

ت ۔ سنسکرت اور ہندی حروف تہجی کا (۳۲) واں
حرف ہے ۔ چور ۔ دم ۔ رتن ۔ ثواب ۔ جھوٹ ۔ تیز ۔
خمیدہ ۔ تیرنا ۔
تا ۔ یہ لفظ اسم اور صفت کے آگے لگایا جاتا ہے ۔ جیسے
اُتم ۔ اُتمتا ۔ شترو ۔ شتروتا ۔ وغیرہ ۔
تاپ ۔ تپ ۔ گرمی ۔ حرارت ۔ بخار ۔ جلن ۔ سوزش تپش۔
تکلیف ۔ مصیبت ۔ فکر ۔ آفت ۔ رنج دلی ۔
شہوت ۔
تاپت ۔ جو تپایا گیا ہو ۔ پریشان ۔ مغموم ۔
تاپترے ۔ تین طرح کے تاپ ۔ یعنی (آدھیاتمک ۔ آدھی
دیوک ۔ آدھی بھوتک ۔)
تاپ جنک ۔ حرارت دینے والا ۔
تاپس ۔ عبادت کرنیوالا ۔ زاہد ۔ تپسی ۔ مجازاً بگلا ۔
تاپسی ۔ عبادت کرنیوالی (عورت)

تاپک ۔ حرارت پیدا کرنے والا ۔ دُکھ دینے والا ۔ گرمی ۔
حرارت ۔ بخار ۔
تاپن ۔ گرم کرنا ۔ جلانا ۔ سورج ۔ مدار کا درخت ۔
تاپنا ۔ آگ کے سامنے بیٹھنا ۔ دھوپ کھانا ۔
تاپ ہاری ۔ تپ دور کرنیوالا ۔ رنج دور کرنیوالا ۔
تاپ ہین ۔ جس میں حرارت نہ ہو ۔ جسے کوئی تکلیف نہو ۔
تاپی ۔ تاپ یعنی گرمی دینے والا ۔
تات ۔ باپ ۔ پدر ۔ پیارا ۔ بھائی ۔ حرارت ۔ دوست ۔
بڑا ۔ بزرگ ۔ اوستاد ۔ گرم ۔ گرم کیا ہوا ۔ قابل احترام
شخص ۔ واضح ہو کہ یہ پیار کا ایک لفظ ہے جو اپنے
سے چھوٹوں کے نسبت کہا جاتا ہے ۔
تاتا ۔ تپا ہوا ۔ گرم ۔ معزز ۔ واجب التعظیم ۔
تاتپرج ۔ (تاتپریہ) مطلب ۔ منشا ۔ مقصد ۔ مدعا ۔
معنی نتیجہ ۔ خلاصہ ۔ سمجھ ۔ تفسیر ۔ قوتِ مدرکہ ۔
تاتپریہ ۔ دیکھو (تاتپرج)
تاتکالت ۔ اسی وقت کا ۔
تاتکالک ۔ اسی وقت کا ۔ اوسی دم کا ۔
تاتل ۔ } گرم ۔
تاتر ۔ }
تاتوک ۔ اصلی ۔ صحیح ۔
تاٹنک ۔ }
تاڈنک ۔ } کرن پھول ۔
تاڈنک ۔ }
تادآتمیہ ۔ کسی چیز کا کسی دوسری چیز میں ملکر ہمشکل ہوجانا ۔
مشابہت ۔

تادرِش۔ ویساہی۔اُسی کے برابر۔اُسکاسا۔ویسا۔

تادرِشیہ۔ مانند اُسکے۔

تاڈِت۔ مارا گیا۔سزایافتہ۔

تاڈک۔ مارنیوالا۔سزادینے والا۔ایک منتر کا نام۔

تاڈکا۔ / تاڑکا۔ } ایک راچھسی کا نام جکو سری رامچندر نے مارا تھا۔

تاڈن۔ / تاڈنا۔ } سزا۔مار۔جھڑکی۔دھمکی۔

تاڈنی۔ کوڑا۔چابک۔اوگی۔

تاڈنیہ۔ مارنیکے قابل۔لائق سزا۔

تارا۔ ستارہ۔اختر۔آنکھ کی پتلی۔بالی بانر کی زوجہ۔برہسپتی کی بیوی۔ایک دیوی کا نام۔

تاراپتھ۔ ستاروں کا راستہ۔مجازاً آسمان۔فلک۔

تاراپتی۔ چاند۔ماہ۔

تاراگن۔ مجموعہ ستارگان۔

تارامنڈل۔ مجموعہ ستارگان۔ایک قسم کی آتشبازی۔

تارتمیہ۔ تمیز و امتیاز۔تفاوت۔فرق۔درجہ بدرجہ۔کم و بیشی۔

تارک۔ بچانیوالا۔نجات دینے والا۔حفاظت کرنیوالا۔ستارہ۔آنکھ کی پتلی۔ناؤ چلانے والا۔ایک راچھس کا نام۔

تارک۔ ندی وغیرہ پار اُتارنیکا کرایہ۔اُترائی۔

تارکا۔ ستارہ۔اختر۔آنکھ کی پتلی۔

تارکامئے۔ لقب مہادیوجی کا۔

تارکِک۔ ترک شاستر یعنی علم منطق جاننے والا۔منطقی۔

تارک منتر۔ رام کے چھ حروف کا منتر یعنی (اوم رامایہ نمہ)

تارکیشور۔ لقب مہادیوجی کا۔

تارن۔ نجات۔رہائی۔مخلصی۔نجات دینے والا۔پار کرنیوالا۔پار اتارنیکا کام۔مجازاً ناؤ۔کشتی۔بیڑا۔

تارنا۔ نجات دینا۔پار کرنا۔بچانا۔ٹھکانے لگانا۔تناسخ تزاید سے بری کرنا۔

تارن ترن۔ پار کرنے والا۔پار ہونے والا۔نجات پانے والا۔

تارنی۔ نجات دینے والی عورت۔درگا۔دیبی۔

تارُنیہ۔ جوانی۔

تارو۔ تالو۔کام۔حنک۔

تاری۔ کنجی۔کلید۔تالی بجانا۔بے خبری۔خیال یا عبادت میں محو ہونا۔

تاڑت۔ مارا ہوا۔جو ڈانٹا گیا ہو۔سزایافتہ۔

تاڑک۔ سزا دینے والا۔الزام لگانیوالا۔سرزنش کرنیوالا۔

تاڑن۔ / تاڑنا۔ } مارنا۔چابک سے مارنا۔سزا دینا۔سرزنش کرنا۔ملامت۔سزا۔سیاست۔

تاڑنک۔ کان کا زیور۔

تاڑنیہ۔ / تاڑیہ۔ } سزا دینے کے قابل۔

تاڑی۔ تالی۔

تاک۔ نظر۔نگاہ۔نشانہ۔جھانک۔ٹکٹکی۔

تاگ۔ تاگا۔ڈورا۔دھاگا۔

تال۔ تالاب۔آہنگ سرود و دستک زنی۔سرود کا ایک آلہ۔سوت وغیرہ کا رشتہ۔تاڑ کا درخت۔کھجور۔

جھانجھ - منجیرا۔ کُشتی گیر کی کُشتی کے وقت بازوؤں پر ہاتھ سے مارنے کی آواز۔

تالا - قفل - برتن کا ڈھکنا۔

تالانک - ناچنے والا - تال کی آواز - آرا - کتاب - مہادیو بلرام کا لقب۔

تالک - دروازہ یا پھاٹک بند کرنیکی بلی۔

تالکا - چابی - کنجی - کلید۔

تال ورنت - تاڑ کے پتّے کا پنکھا۔

تالہ - تاڑ کا درخت۔

تالہ پترہ - درخت تاڑ کا پتّا۔

تالی - چابی - کنجی - کلید - ہاتھ بجانا - ایک قسم کا تاڑ کا درخت۔

تامبر - تانبا - مس۔

تامبول - پان - پان کا بیڑا۔

تامبولک - / تامبولی - } پان بیچنے والا - تمولی۔

تامبول کرنڈ - پاندان۔

تامبول ولی - پان کا درخت۔

تامبول ویٹکا - پان کا بیڑا۔

تامر - پانی - آب۔

تامر - / تامرا - } تانبا - مس - نحاس - گہرے سُرخ رنگ کی کوئی چیز۔

تامر پتر - تانبے کا ورق - واضح ہو کہ زمانہ سابق میں تانبے کے ورقوں پر احکام وغیرہ کندہ ہوا کرتے تھے۔

تامر چوڑ - / تامر شکھی - } مُرغا - خروس۔

تامرس - کنول - گل نیلوفر - تانبا - سونا۔

تامرک - تانبے کے برتن بنانے والا - مسگر۔

تامرکا / تامری } تانبے کا وہ کٹورہ جسے پانی میں ڈالکر وقت معلوم کیا جاتا ہے - کاسۂ ساعت۔

تامر گربھ - نیلا طوطہ - زاک سبز۔

تامریشور - (تانبیسر) تانبے کا کشتہ۔

تامس - / تامسک - } تموگن والا - آتشی مزاج والا - اندھیرا - تاریکی - ظلمت - رنج - شہوت - غصّہ - غرور۔

تامس اندری - وہ ساتواں حاسہ جس سے تاریکی (ظلمت)

تامسی - غصہ ور عورت - تموگن خصلت۔

تامیشور - تانبے کی خاک - کشتۂ مس۔

تان - گانے کی آواز - نغمہ۔

تامبول - تمبول - پان۔

تانت - تھکا ہوا۔

تانترک - تنتر شاستر کا جاننے والا یعنی مارن - موہن - اُچھاٹن وغیرہ سحر کرنیوالا۔

تانتی - بُننے والا - جولاہا - قطار۔

تانڈو - مردوں کا بھاؤ بتاتے ہوے - رقص کرنا - مہادیو اور اُنکے مصاحبوں کا ناچ - واضح ہو کہ عورتوں کے ناچ کو (لاسیہ) کہتے ہیں۔

تانڈوی - گانے کے چودہ تالوں میں سے ایک کا نام۔

تان سین - ایک مشہور گویّے کا نام جو گوڑ برہمن تھا۔

تاؤ - باپ کا بڑا بھائی - تایا۔

تاوت - تب تک - یہانتک - اُس قدر دیر تک - اُتنے تک - اِتنا - اوتنا۔

تاوَل - جلدی - تیزی۔
تائی - باپ کے بڑے بھائی کی زوجہ۔
تایِت - گنڈا، تعویذ۔
تَپ - گرمی - حرارت - پرستش - عبادت - ریاضت، صعوبت۔
تپا - عبادت گزار - مرتاض۔
تپت - تپایا ہوا - تپا ہوا - جلتا ہوا - گرم - حرارت - گرمی۔
تکلیف یا فکر سے جلا ہوا - رنجیدہ۔
تپسا - عبادت - پرستش۔
تپسونی - عبادت کرنیوالی (عورت)
تپسوی - جو عبادت اور پرستش کرتا ہو - مرتاض۔
تپسی - عبادت کرنیوالا - مرتاض۔
تپسیہ - / تپسیا - } عبادت - پرستش - ریاضت - پھاگن کا مہینہ۔
تپسچرن - عبادت کرنا۔
تپسچریا - عبادت - پرستش۔
تپک - بندوق - تفنگ۔
تپ لوک - / تپولوک - } طبقات فلکی کے سات طبقوں میں سے چھٹا طبقہ۔
تپن - حرارت - جلن - سوزش - آنچ - گرمی - سورج - آفتاب۔
گرمجوشی - موسم گرما - ایک دوزخ۔
تپوبل - طاقت عبادت - قوت ریاضت۔
تپودھن - وہ لوگ جن کی دولت عبادت ہے۔ یعنی
منی - رشی - وغیرہ۔
تپولوک - طبقات افلاک کے سات طبقوں میں سے چھٹا طبقہ۔
تپوون - عبادت اور ریاضت کرنیکا جنگل - ایک تیرتھ کا نام۔

تپوونت - وہ جو عبادت کرتا ہو۔
تپہ - عشقِ صادق۔
تپی - / تپسوی - } زاہد - عابد - مرتاض - یوگی۔
تپیہ - جو تپنے یا تپانیکے قابل ہو۔
تت - برہمہ یا خداوند تعالیٰ کا ایک نام - ہوا - باد۔
وہ - اُس۔
تتت - اُدھر - اُسطرف۔
تتا - گرم - گرمی - سرگرم - غضبناک۔
تت پد - درجۂ اعلیٰ نجات عقبیٰ۔
تتپر - مشغول - مستعد - سرگرم - متوجہ - خوگر - مائل، تیار۔
محنتی - تیز - چالاک - ماہر۔
تتپرائن - اُسی میں مشغول۔
تت پرتا - مستعدی - ہوشیاری۔
تتر - وہاں - اُس جگہ - اُسمیں - اُس حالت میں۔
تتر - تیتر - تیہو - دُراج۔
تترا - وہاں - اُس مقام پر - اُس جگہ۔
تترپی - توبھی - تاہم۔
تتر بھوان - آپ - آنجناب۔
تتر بھوتی - آنجنابہ۔
تتسم - اُس کے برابر - جیون کا تیوں۔
تتکال - اُسیوقت - اُسی دم - اِس زمانے میں - فوراً۔
تتکرت - اُس کا بنایا ہوا۔
تتکش - / تتکشت - } متحمل - صابر - راضی بہ رضا۔

تتِکشا ۔ سہنے کی خصلت ۔ صبر ۔ تحمل ۔ ہمت ۔ برداشت ۔ گرم و سرد روزگار ۔ رضا و تسلیم ۔ ارادت ۔

تتِکشک ۔ صابر ۔ متحمل ۔

تتِکشن ۔ اُسی وقت ۔ بلاتوقف ۔ فوراً ۔

تتِکشو ۔ سہنے والا ۔ متحمل ۔

تتنا ۔ } اُتنا ۔ اُتنی ۔ اُسکے برابر ۔
تتنی ۔

تتو ۔ حقیقت ۔ سچائی ۔ جوہر ۔ ذات ۔ خصلت ۔ خاصیت ۔ دل ۔ سمجھ ۔ فہم ۔ علوم متعارفہ ۔ عناصر خمسہ ۔ خلاصہ ۔ محسوسات ۔

تتو تہہ ۔ صحیح طور پر ۔ ٹھیک طور پر ۔ حقیقت میں ۔

تتو گیان ۔ الہامی ۔ عرفان ۔

تتو گیہ ۔ وہ جو خداوند تعالیٰ کو جانتا ہو ۔ مرتاض ۔

تتوہ ۔ پیدائش عالم کی اصلیت ۔ حقیقت ۔ خلاصہ ۔ عناصر خمسہ ۔ خداوند تعالیٰ ۔

تتوہ ورشی ۔ وہ شخص جو خداوند تعالیٰ اور روح وغیرہ کے اصلی حالات جانتا ہو ۔

تتوہ گیان ۔ پیدائش عالم کے صحیح حالات جاننے کی عقل ۔ عقل ۔ خداشناسی ۔

تتو گیانی ۔ اصل حقیقت کو جاننے والا یعنی خداشناس ۔

تتوہ مسی ۔ وہ آتما تو ہے ۔

تتوہ وادی ۔ صحیح طور پر کہنے والا ۔ راست گو ۔

تتوہ وِت ۔ } اصلیت کو جاننے والا یعنی خداشناس ۔
تتوہ ویتا ۔

تتھ ۔ سچا ۔ واجب ۔ راست ۔ کامل ۔ درست ۔ حق ۔ مناسب ۔ ٹھیک

تتہ ۔ ہوا ۔ باد ۔ کشادہ ۔ باپ ۔ بیٹا ۔ تار لگے ہوئے باجے ۔

تتھا ۔ اُس طرح سے ۔ ویسا ہی ۔ اُسی طرح سے ۔ وہی ۔

تتھاپی ۔ توبھی ۔ تسپر بھی ۔ تب بھی ۔ تاہم ۔

تتھاستو ۔ ایسا ہی ہو ۔ اسی طرح ہو ۔ آمین ۔ قبول ہے ۔ منظور ہے ۔ ہاں ۔

تتھاگت ۔ بودھ مت کے دیوتا کا لقب ۔

تتھی ۔ چاند کے مہینے کی تاریخ ۔ دن ۔ روز ۔

تتھی پتر ۔ } پنچانگ ۔ جنتری ۔ تقویم ۔
تتھی پتری ۔
تتھی پترکا ۔

تتھی کشیہ ۔ تاریخ کی کمی ۔ زوال تاریخ ۔

تتھیہ ۔ سچ ۔ سچ مچ ۔ راست ۔ واقعی ۔

تتھیہ بھاشی ۔ } سچی بات کہنے والا ۔ راست گو ۔
تتھیہ وادی ۔

تتھی وہ ۔ ویسا ہی ۔ اُسی طرح ۔

تتی ۔ گروہ ۔ سلسلہ ۔ قطار ۔ جماعت ۔ کشادہ ۔

تٹ ۔ کنارۂ رود ۔ کنارۂ دریا ۔ ساحل ۔ کھیت ۔

تٹاک ۔ (تڑاگ) تالاب ۔ غدیر ۔ برکہ ۔

تٹستھ ۔ دریا کے کنارے پر رہنے والا ۔ نزدیک رہنے والا ۔ الگ رہنے والا ۔ غیر جانبدار ۔

تٹنی ۔ ندی ۔ نہر ۔

تٹی ۔ کنارے پر رہنے والا ۔

تج ۔ تیج پات کا درخت یا اوسکی چھال ۔

تجنا ۔ } ترک کرنا ۔ چھوڑنا ۔ تیاگنا ۔
تیجنا ۔

تُچھّہ - حقیر - ذلیل - خوار - ناکارہ - ہیچ - پنچ - بیکار - کھوکھلا - ہلکا - خالی - ہیچی - بے حقیقت - کھوٹا - نکما - کمینہ - فرومایہ - ناقص - ناچیز - تھوڑا -

تُچھتا - کھوکھلاپن - بیکاری - کھوٹاپن -

تچھک - سانپوں کے سردار کا نام جو پاتال میں ہے -

تچھّن - (تکشن) اُسیوقت - فی الفور - فوراً -

تیچھّن - } (تیکشن) تیز - تند - تلخ - سخت -
تیچھّن -

تد - وہ - تب - اُس وقت - پھر - اس کے پیچھے - اُس حالت میں -

تدا - } تب - اُس وقت -
تدانیم -

تداپرانت - اُس کے پیچھے - اُس کے بعد -

تداکار - اُسی شکل کا - ویسا ہی - اُسی طرح -

تدان - تب - اُس وقت -

تدبھو - سنسکرت لفظ سے بگڑ کر بنا ہوا لفظ جیسے ہست کا ہاتھ - اشرو کا آنسو - آردھ کا آدھا وغیرہ -

تدپ - مگر - لیکن -

تدپی - تو بھی - تسپر بھی - تب بھی -

تدرتھ - اُس کے لئے - اُس وجہ سے -

تدروپ - } ویسا ہی - اُسی طرح کا - برابر - مطابق -
تداکار -

تدگت - اُس سے تعلق رکھنے والا - اُس کے متعلق - اُسکے اندر شامل -

تدنتر - اسکے بعد - بعد ازیں - من بعد -

تدنتر - } اُس کے بعد - اُسکے پیچھے - بعد ازاں -
تداپرانت -

تدنو - اُسکے پیچھے - اُسکے بعد - اُسکے موافق - اُسی طرح -

تدنوروپ - اُسی کے جیسا - اُسی کی شکل کا - اُسی کے برابر -

تدنوسار - } اُسکے مطابق - اُسکے موافق -
تدنسار -

تدنویائی - اُسکے پیچھے چلنے والا -

تدوت - اُسی کے موافق - اُسکے برابر - جیون کا تیون -

تدھان - تب - اُس وقت -

تدھت - دوسرے کی بھلائی -

تدھر - وہاں - اُس مقام پر -

تدھن - لالچ سے - بخالت سے - کنجوسی سے -

تدھی - اُسی وقت - تب ہی -

تدپی - تو بھی - تسپر بھی - تب بھی -

تدیہ - اُس کا - اُس سے تعلق رکھنے والا -

تڑت - بجلی - چمک -

تڑت سماچار - بجلی کے ذریعہ آئی ہوئی کیفیت یعنی تاربرقی -

تر - } تلے - نیچے - زیر - زیادہ - اعلیٰ - جیسے سرشتہ وغیرہ -
ترئے -

تر - } تین - سہ - (۳) - (سے) -
تری -

تُر - جلد - تیز - تیز چلنے والا -

تراتا - حفاظت کرنیوالا - بچانیوالا - سنجات دینے والا -

تراس - خوف - ترس - ڈر - بیم - ہراس - تھکاوٹ - تشنگی -

تراسا - ہراسان - خائف - تشنہ -

ترَاسِت۔ ڈرایا ہوا۔ خوف دلایا ہوا۔ مخوف۔

ترَاسَک۔ ڈرانیوالا۔ خوف دلانیوالا۔

ترَان۔ حفاظت۔ بچاؤ۔ (جیسے پادتران یعنی پاپوش) طاقت
قوت۔ توانائی۔ پرورش۔ چھٹکارا۔ نجات عقبیٰ۔
بکتر جو جنگ کے وقت پہنتے ہیں۔ زرہ۔

ترَان کرتا۔ حفاظت کرنیوالا۔ بچانیوالا۔ محافظ۔ نگہبان۔

ترَانی۔ نجات دہندہ۔ شفیع۔ محافظ۔

ترَاہ۔ / ترَاہی۔ } الامان۔ الغیاث۔ بچاؤ۔ مہربانی کرو۔ توبہ۔ رحمت حفاظت

ترَاہ ترَاہ۔ یعنی حفاظت کُن حفاظت کُن۔

ترَاہکار۔ رحم یا بچاؤ کیلئے پکارنا۔

ترَاہی۔ حفاظت کرو؟ بچاؤ؟

ترَائی۔ زمین۔ نمدار زمین۔ دلدل۔ چرنیکی جگہ۔

ترَائی۔ سیج۔ بچھونا۔ توشک۔ جلدی سے۔

ترِ بدھ۔ دیکھو (ترِ ودھ)

ترِ بھج۔ تکونا۔ مثلث۔

ترِ بھنگا۔ ٹیڑھا کھڑے رہنا۔ جھکنا۔

ترِ بھون۔ عوالم ثلثہ یعنی (سورگ) بہشت (پاتال)
دوزخ (مرتبہ) دنیا۔

ترِ بید۔ (وید) تین وید یعنی رگ۔ یجر۔ اور سام۔

ترِ بیدی۔ (ویدی) رگ۔ یجر۔ اور سام۔ ان تین ویدونکا
جاننے والا۔

ترِ بینی۔ دیکھو (ترِ وینی)

ترِپا۔ شرم۔ حیا۔ لاج۔ نیک نامی۔ شہرت۔

ترِ پاٹھی۔ تین ویدوں کا جاننے والا۔

ترِپت۔ جسکی خواہش پوری ہوچکی ہو۔ خوش۔ بشاش۔
آسودہ۔ اطمینان۔

ترَپت۔ شرمایا ہوا۔ شرمندہ۔

ترِ پتھ۔ کرم۔ گیان۔ اور اُپاسنا۔ ان تینوں طریقونکا مجموعہ

ترِپتی۔ خوشی۔ بشاشت۔ اطمینان۔ سیری۔ آرام۔ چین۔

ترِپتی کارک۔ / ترِپتی کر۔ / ترِپتی جنک } خوش کرنیوالا۔ مسرت بخش۔

ترِ پٹی۔ تفریق سہ گونہ یعنی علم۔ عالم۔ معلوم۔ تثلیث۔

ترِ پد۔ / ترِ پادکا۔ } تپائی۔ سہ پائی۔

ترِ پدی۔ رنگنے والا پودا یعنی بیل۔

ترِ پُر۔ مَی دانو کے بنائے ہوئے سونے۔ چاندی۔ اور
لوہے کے تین قلعے۔

ترِ پُرا۔ ایک دیبی کا نام۔

ترِ پُراری۔ / ترِ پُرانتک۔ } مہادیوجی کا لقب۔

ترِ پُرش۔ باپ۔ دادا۔ پردادا۔

ترِ پک۔ تسلی دینے والا۔ خوش کرنیوالا۔

ترِ پن۔ آرام دینا۔ تسلی دینا۔ خوش کرنا۔ مرے ہوئے
بزرگوں کے نام پر پانی چھوڑنا۔

ترِ پنتھ۔ سہ راہی یعنی وہ مقام جہاں تین راستے ملے ہوں۔

ترِ پنڈ۔ وہ شرادھ جس میں باپ۔ دادا۔ پردادا کے نام پر تین پنڈ
دیے جاتے ہیں۔

ترپُنڈر۔ } بھسم کی تین آڑی لکیروں کا ٹیکا۔ شیو یا شاکت مت والے
ترپُنڈرا۔ } پیشانی پر لگاتے ہیں۔

ترپولیا۔ تین دروازے والا مکان۔

ترپھلا۔ ایک مرکب دوا کا نام جو ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ سے بنتی ہے۔ اطریفل

تُرت۔ } جھٹ پٹ۔ فوراً۔ ابھی وقت۔ فی الفور۔
تُرنت۔ } شتاب۔ جلد۔ ابھی۔ جلدی سے۔

تُرتا۔ (تریتا) } چار جگوں میں سے دوسرا
تُرتا جگ۔ (تریتا یگ) } جگ جسے قرن کہتے ہیں
جو (۱۲۹۶۰۰۰) برس کا ہوتا ہے۔

تُرتیا۔ تیسری تتھی (تاریخ)

تُرتیا شرم۔ وانپرستھ آشرم۔

تُرتیہ۔ تیسرا۔ سوم۔

تُرٹت۔ ٹوٹا ہوا۔

تُرٹی۔ کمی۔ کسر۔ نقصان۔ نابودی۔ بھول۔ چوک۔ شک۔

ترج۔ } خوف۔ ڈر۔
ترجن۔ }

ترجٹا۔ ایک راچھسی کا نام جو لنکا میں سیتا جی کی نگہداشت کے لئے مقرر کی گئی تھی۔

ترجاک۔ کودنیوالا۔

ترجن۔ جھڑکنا۔ غصہ۔ دھمکی۔ گرج۔

ترجنا۔ غصہ کرنا۔ کودنا۔ دھمکانا۔

ترجنی۔ انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔ سبّابہ۔

تردش۔ دیوتا۔ دیو۔

تردنڈ۔ سنیاسیوں کے پکڑنے کا عصا۔

تردنڈی۔ من۔ وچن۔ کرم۔ ان تینوں کو اپنے اختیار میں رکھنے والا یعنی سنیاسی۔

تردوش۔ وات۔ پت۔ کف۔ یہ تینوں دوش۔ (نقص)

تردھا۔ تین طرح سے۔ تین طرح کا۔

تردھاتو۔ تین دھاتوں یعنی سونا۔ چاندی اور تانبا۔

تردھارا۔ یعنی گنگا۔

ترس۔ طاقت۔ قوت۔ تیزی۔ بندر۔ بیماری۔ کنارۂ رود۔ رحم۔

ترشت۔ ڈرا ہوا۔ ڈرپوک۔ بزدل۔ مخوف۔

ترستھلی۔ تین مقامات یعنی بنارس۔ گیا۔ پریاگ۔

ترسکار۔ بے عزتی۔ بے قدری۔ پھٹکار۔ خفت۔ ملامت۔

ترسکر۔ ڈھکنے والا۔ سایہ کرنیوالا۔ پردہ کرنیوالا۔

ترسکرت۔ جس کی بے عزتی کی گئی ہو۔ پردے کی آڑ میں چھپا ہوا۔

ترسکری۔ } پردہ۔ آڑ۔ قنات۔ چلمن۔ وہ علم جسکے
ترسکرنی۔ } ذریعہ انسان غائب ہو جاتا ہے۔

ترسکریا۔ بے عزتی۔ ڈھکن۔ لباس۔

ترشنا۔ مشتاق ہونا۔ عاجزی کرنا۔ رحم کرنا۔

ترسندھیا۔ شام۔ صبح۔ اور دوپہر کا وقت۔

تُرش۔ خواہش۔ تمنا۔ پیاس۔ ناخوشی۔ سمندر۔

تُرشا۔ پیاس۔ تشنگی۔ عطش۔ آرزو۔ تمنا۔ خواہش۔ لالچ۔ آس۔ امید۔

تُرشالو }

ترشاونت - } پیاسا - خواہشمند -
ترشت -

ترشچین - ٹیڑھا - ترچھا -

ترشر - راون کے بھائی اور بیٹے کا نام -

ترشرن - } صبح - دوپہر اور شام - یہ تینوں وقت -
ترسندھیہ -

ترشک - ترکستان کا رہنے والا -

ترشکتی - یعنی خواہش - عقل اور فعل - واضح ہو کہ یہ تینوں قدرتیں قادر مطلق کی ہیں -

ترش - } پیاس - خواہش -
ترشن -

ترشنا - لالچ - ہوس - چاہ - خواہش - حرص - طمع - بخالت - پیاس - سراب - ہوس نفسانی -

ترشول - ایک طرح کا آلہ حرب جس کے سر پر تین شاخیں ہوتی ہیں یہ مہادیوجی کا ہتھیار ہے -

ترشول پانی - } ترشول رکھنے والا یعنی مہادیوجی -
ترشول دھاری -

ترک - شبہہ - شک - بحث - مباحثہ - اعتراض - تکرار - دلیل - عذر - حیلہ - دلائل یا ثبوت - علم منطق -

ترکال - اوقات ثلاثہ یعنی زمانہ حال - ماضی - مستقبل -

ترکال ورشی - ماضی - حال اور مستقبل ان تینوں زمانوں کے حالات جاننے والا - رشی منی -

ترکالگیہ - موجودہ - آیندہ - گزشتہ حالات کا جاننے والا -

ترکت - حجت کیا گیا - مشتبہ -

ترکٹ - } ایک مرکب دوا کا نام جس میں زنجبیل - دار فلفل اور فلفل شامل ہوتے ہیں -
ترکٹا -

ترکٹو - سونٹھ - مرچ - پیپل - ان تینوں چیزوں کا مرکب -

ترکٹی - دونوں بھوؤں کا درمیانی مقام -

ترکرن - قول - فعل - ارادہ -

ترک شاشتر - بحث کا شاستر یعنی وہ علم جسے نیائے شاستر بھی کہتے ہیں - علم منطق -

ترکک - بحث و مباحثہ کرنیوالا منطقی -

ترک ودیا - (بدیا) علم منطق -

ترک وترک - سوچ بچار - بحث - سوال وجواب - دلیل بر دلیل -

ترکوٹ - (تین چوٹی والا پہاڑ) نام ایک پہاڑ کا جس پر لنکا معمور ہے -

ترکون - تکون - سہ گوشہ - زاویہ مثلثہ - مجازاً ف - ر - ج -

ترکی - غور و فکر کرنے والا منطقی -

ترکیہ - جسپر کچھ سوچ بچار کرنیکی ضرورت ہو -

ترگ - } تیز چلنے والا - مجازاً گھوڑا - اسپ - خیال -
ترگی -

ترگرت - ایک ملک کا نام یعنی نواح کانگڑا -

ترگرتا - زن فاحشہ -

ترگن - صفت سہ گانہ - یعنی (۱) ست - (۲) رج - (۳)
ترگنا - (۱) ست - (۲) رج - (۳) تم - ان تینوں گنوں کا میل -

ترگناتمک - تین گن یعنی ست - رج - تم والا - واضح ہو کہ عموماً مایا پر اطلاق ہوتا ہے - فطرت -

پیدا شدہ اشیا۔

ترگنا تیت۔ تینوں گنوں سے مبرا یعنی۔ برہما۔

ترگی۔ جلد چلنے والی۔ مجازاً مادیان۔ (گھوڑی)

ترل۔ خیالی۔ وہمی۔ تلون۔ بے قرار۔ غیر مستقل۔ متحرک۔ رقیق۔ ہار کے بیچ کی منی۔ ہار۔ ہیرا۔ عیاش۔ زناکار۔

ترلوچن۔ (تر یعنی تین۔ لوچن یعنی آنکھ۔ بمعنی تین آنکھوں والا) لقب شیوجی کا۔ اس وجہ سے کہ آپ کی تین آنکھیں تھیں۔

ترلوک۔ تین لوک۔ عوالم ثلثہ۔ یعنی سورگ (بہشت) مرتیہ (دنیا) پاتال (دوزخ)

ترلوک ناتھ۔ (تر بمعنی تین۔ لوک۔ بمعنی عوالم۔ ناتھ بمعنی مالک) تین لوگوں کا مالک یعنی خداوند عوالم ثلثہ۔ یعنی ربّ العالمین۔

ترلوکی۔ تین لوک یعنی عوالم ثلثہ (سورگ۔ مرتیہ۔ پاتال) کا رہنے والا۔

ترلوکیہ۔ تین دنیا۔ عوالم ثلثہ۔

ترمارگی۔ وہ مقام جہاں تین راستے ایک جگہ ملے ہوں۔

ترمدھر۔ یعنی گھی۔ شہد۔ اور شکر۔ ان تینوں کا مجموعہ۔

ترمرانا۔ چندھیانا۔ پھڑپھڑانا۔ ہلنا۔ پانی پر تیل کا تیرنا۔

ترمری۔ اندھیرا۔ تاریکی۔ دوران سر۔ چکر۔ گھمیری۔

ترمکٹ۔ تین چوٹی والا پہاڑ۔

ترمورتی۔ تینوں دیوتا یعنی۔ برہما۔ وشنو۔ مہیش۔

ترن۔ تیرنا۔ ندی وغیرہ کو پار کرنا۔ بچاؤ۔ ناؤ۔ ڈونگا۔ رستگاری۔ نجات بہشت۔ پار ہونے والا۔ نجات پانیوالا۔

ترن۔ جوان۔ (مرد) بالغ۔ نیا۔ نو۔

ترن۔ گھاس۔ کاہ۔ گیاہ۔ تنکا۔ چارا۔

ترنا۔ نجات پانا۔ پار ہونا۔ عبور کرنا۔ چھٹکارا پانا۔

ترناپن۔ شباب۔ بلوغت۔

ترنائی۔ جوانی۔ شباب۔

ترشٹ۔ موسلا دھار بارش۔ کوہر۔ سمندر۔ دریا۔

ترنت۔ اسیوقت۔ جلد۔ جھٹ پٹ۔ فوراً۔ فی الفور۔

ترنتا۔ / ترنائی۔ } شباب۔ بلوغت۔

ترن تارن۔ (ترن۔ وہ جو خود پار ہو جائے۔ تارن۔ وہ جو دوسروں کو پار کرے) گناہوں سے پاک کرنیوالا۔ نجات دہندہ۔

ترنی۔ کشتی۔ ناو۔ سفینہ۔

ترنڈ۔ سمندر میں تیرنیوالا پیپا جو علامت کے لئے ایسے مقام پر رکھا جاتا ہے۔ کہ جہاں پانی کم ہو۔

ترنگ۔ لہر۔ موج۔ لطمہ آب۔ تلاطم۔ امنگ۔ جوش دل۔ خیال۔ تصور۔ تخیل۔ وجد۔

ترنگ۔ جلد چلنے والا۔ مجازاً گھوڑا۔ اسپ۔ خیال۔

ترنگت۔ لہراتا ہوا۔ نیچے اوپر اٹھتا ہوا۔

ترنگ شالا۔ گھوڑسار۔ اصطبل۔

ترنگم۔ جلد چلنے والا۔ گھوڑا۔ اسپ۔ خیال۔

ترنگنی۔ ندی۔ رود۔ جوبار۔

ترنگی ۔ شیخی باز ۔ متلوّن مزاج ۔ وہمی ۔ خیالی ۔

ترنودک ۔ گھاس اور پانی ۔ کاہ و آب ۔

ترنی ۔ ناؤ ۔ کشتی ۔ جہاز ۔ سورج ۔ آفتاب ۔ شعاع آفتاب ۔
وہ جو بچایا گیا ہو ۔

ترنی ۔ جوان عورت ۔

ترین ۔
ترنیتر ۔ } مراد ہے جہاد یوجی سے ۔

ترو ۔ پیڑ ۔ درخت ۔ شجر ۔

تروار ۔ تلوار ۔ شمشیر ۔

تروبھاؤ ۔ چھپاؤ ۔ مخفی ۔

تروبھوت ۔ چھپا ہوا ۔ مخفی ۔ پوشیدہ ۔

تروٹی ۔ چڑیا کی چونچ ۔ کسی برتن کی ٹوٹی ۔

ترودھ ۔ تین طرح کا ۔ تین قسم کا ۔

ترودھان ۔ چھپنا ۔ مخفی ہونا ۔ غائب ہونا ۔

ترودھایک ۔ چھپانیوالا ۔ آڑ کرنیوالا ۔

تروَرگ ۔ جماعت ثلثہ ۔ یعنی ارتھ[1] ۔ دھرم[2] ۔ کام[3] ۔
بُدھی[1] ۔ اِستھتی[2] ۔ چھیے[3] ۔
ستوہ[1] ۔ رج[2] ۔ تم[3] ۔
برہمن[1] ۔ چھتری[2] ۔ ویش[3] ۔
ہلیلہ[1] ۔ بلیلہ[2] ۔ آملہ[3] ۔
گایتری منتر ۔

تروریا ۔ تلوار رکھنے والا ۔

تروور ۔
ترور ۔ } بڑا درخت ۔

تروہت ۔ چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ۔ مخفی ۔ غائب ۔

ترویدی ۔ (تبیدی) وہ جس نے تین وید پڑھے ہوں ۔

تروینی ۔ (تبینی) عموماً وہ مقام جہاں تین مقدس دریا ملے ہوں ۔
خصوصاً وہ مقام جہاں گنگا[1] ۔ جمنا[2] ۔ سرسوتی[3] ملے ہیں ۔
جو پریاگ میں ہے ۔

ترہی ۔
تری ۔ } نفیری ۔ شہنائی ۔ کرنائی ۔

تری ۔ کشتی ۔ ناؤ ۔ جہاز ۔ دامن ۔

ترلی ۔ ستارہ ۔ نجم ۔

ترے ۔ تین ۔ سہ ۔ ۳ ۔

تری ۔ تین ۔ سہ ۔ ۳ ۔

ترئی ۔ تین وید یعنی رگ[1] وید ۔ یجر[2] وید ۔ سام[3] وید ۔

تریا ۔ ستارہ ۔ نجم ۔

تریا ۔ عورت ۔ زن ۔

تریا ۔ چوتھا ۔ چہارم ۔

تریا اوستھا ۔ حالت لاہوت ۔ عالم ذات ۔

تریابید ۔ (وید) عورتوں کے حالات کا علم ۔

تریاتیت اوستھا ۔ حالت لاہوت ۔

تریاچرتر ۔ عورتوں کا مکر و فریب ۔ کید زنان ۔

تریاشرم ۔ چوتھا آشرم یعنی سنیاس ۔

تریاما ۔ رات ۔ شب ۔ لیل ۔

تریامک ۔ وہ گناہ جو مقاصد زندگی میں حارج ہو ۔

تریاہٹ ۔ عورتوں کی ضد ۔

تریتا ۔ ترتا جگ جو (۱۲۹۶۰۰۰) سال کا تھا ۔ جگیہ کے
تین مقدس آگ ۔

ترے تاگنی ۔ تین قسم کی آگ یعنی (دکش۱) وہ آگ جو مردہ جلانیکے کام میں لائی جاوے۔ (گارھ پتیہ۲) وہ آگ جس سے ہوم کریں۔ (آہونیہ۳) وہ آگ جس سے جگیہ کریں۔

ترِیدش ۔ تیرھواں ۔ سیزدہم۔

ترئی دھرم ۔ بید کے مطابق دھرم۔

ترے راشِک ۔ اربعۂ متناسبہ۔

ترِیک ۔ ترچھا ۔ آڑا ۔ ٹیڑھا ۔ حیوان ۔ طائر۔

ترِیکۂ ۔ مال متروکہ۔

ترِیک یونی ۔ مجازاً پرند اور حیوانات۔

ترے لوک ۔ } عالم ثلثہ یعنی زمین۱ ۔ آسمان۲ ۔ پاتال۳ ۔ یا
ترے لوکیہ ۔ } مرتیہ۱ لوک ۔ سورگ۲ لوک ۔ پاتال۳ لوک

ترِیمبک ۔ تین آنکھوں والا مراد ہے مہادیوجی سے

ترِیودس ۔ تیرہ ۔ سیزدہ ۔ ۱۳۔

ترِیودسی ۔ چاند کی تیرھویں تاریخ۔ (تیتھی)

ترِیاوستھا ۔ چوتھی حالت یعنی ضعیفی۔

ترِیہ ۔ چوتھا ۔ چہارم۔

ترِاک ۔ (تڑاگ) تالاب۔

ترِت ۔ بجلی ۔ برق۔

ترِت سماچار ۔ تاربرقی کی کیفیت

تتش ۔ اس کے پیچھے ۔ اسکے بعد۔

تسکر ۔ چور ۔ دزد ۔ ایک قسم کا پودہ۔

تسکرتا ۔ چوری ۔ دزدی۔

تسکری ۔ چوری ۔ دزدی ۔ پُرشہوت عورت۔

تسمات ۔ اِس لئے ۔ اسوجہ سے۔

تسمٰے ۔ اوس کے لئے۔

تسیہ ۔ اُس کا۔

تُش ۔ بھوسا ۔ بھوسی ۔ چھلکا ۔ پوست ۔ انڈے کے اوپر کا چھلکا۔

ترِش ۔ پیاس ۔ تشنگی ۔ عطش ۔ خواہش۔

تُشار ۔ کُہر ۔ اوس ۔ برف ۔ پالا ۔ شبنم ۔ ٹھنڈا۔

تُشارا ۔ ٹھنڈا ۔ خنک ۔ برف ۔ یخ۔

تُشار گری ۔ کوہ ہمالیہ۔

تُشاگنی ۔ } بھوسے سے بنی ہوئی آگ۔
تُشانل ۔ }

تُشٹ ۔ راضی ۔ تسلیم ۔ خوش ۔ شاد ۔ صابر۔

تُشٹتا ۔ خوشی ۔ بشاشت۔

تُشٹی ۔ خوشی ۔ بشاشت ۔ قناعت۔

ترِشنا ۔ ترغیب ۔ تحریص ۔ تشنگی۔

تُک ۔ تعلق ۔ دوہے وغیرہ کا قافیہ۔

تِکت ۔ کڑوا ۔ تلخ ۔ مُر۔

تِکت پھل ۔ ریٹھا ۔ فندق ہندی۔

تِکتتا ۔ کڑواپن۔

تِکتک ۔ چرائتا ۔ قصب الزریرہ۔

تکر ۔ چھاچھ ۔ مٹھا ۔ دوغ۔

تکراٹ ۔ متھنی ۔ شیرزنہ۔

تکشک ۔ سایہ ۔ کاٹنا ۔ چترا نامی بچھڑ ۔ سماک ۔ ناگ بنشی خاندان کا ایک راجہ۔

تکشک ۔ لکڑی کاٹنے والا ۔ بڑھئی ۔ سنجار ۔ پاتال کے آٹھ ناگوں (سانپ) میں سے ایک کا نام ۔ ایک درخت

ٹکشن ۔ (ٹچھِن) اُسی وقت ۔ اُسی دم ۔ فوراً ۔ بڑھئی ۔ نجار ۔

ٹکشنی ۔ بڑھئی کا بسولا ۔

تِکونیہ ۔ سہ گوشہ ۔ مثلثی ۔

تکھان ۔ بڑھئی ۔ نجار ۔

ٹکھڑی ۔ ٹکڑی ۔ ترازو ۔

تِکھہ ۔ تیز ۔ نوکدار ۔ جلد ۔ ترش ۔ کھار ۔

تِگن ۔ سہ چند ۔ تین گنا ۔ تہرا ۔ موسیقی کی ایک نوا کا نام ۔

تل ۔ نیچے کا حصہ ۔ تلا ۔ تکی ۔ تہ ۔ نیچا ۔ پیندا ۔ نچلی جگہ ۔ تھاہ ۔ سطح ۔ پانی کے نیچے کی زمین ۔ پیر کا تلوا ۔ ہتھیلی ۔ تھپڑ ۔

تِل ۔ کنجد ۔ سمسم ۔ خال ۔

تُل ۔ مانند ۔ برابر ۔ مماثل ۔ موافق ۔ یکساں ۔ تُول ۔

تُلا ۔ برابری ۔ نظیر ۔ تول ۔ پیمانہ ۔ ترازو ۔ بروج فلکی میں سے ساتواں برج یعنی میزان ۔

تلاتل ۔ طبقات اسفل کے سات طبقوں میں سے ایک طبقہ ۔ تحت الثریٰ ۔

تُلادان ۔ سونا چاندی وغیرہ کے ساتھ اپنے جسم کو وزن کرکے خیرات کرنا ۔

تُلادھار ۔ بنیا ۔ بقال ۔

تِلانجل ۔ تِل اور پانی ۔

تِلانجلی ۔ مُردوں کے نام پر ہتھیلی میں پانی اور تِل لیکر چھوڑنا ۔ مجازاً قطع تعلق کرنا ۔

تُلاینتر ۔ ترازو ۔ میزان ۔

تلپ ۔ پلنگ ۔ بچھونا ۔ سیج ۔ اٹاری ۔ عورت ۔

تُلت ۔ تُلا ہوا ۔ وزن کیا ہوا ۔ برابر ۔ موافق ۔

تَلت ۔ تَلا ہوا ۔ بھونا ہوا ۔

تُلتا ۔ برابری ۔

تِل چٹا ۔ جھینگر ۔

تُلسی ، تُلسکا ۔ ایک نبات جسکی پتیوں سے ایک قسم کی تیز بو آتی ہے جو متبرک سمجھا جاتا ہے ۔ اسفرغم ۔ ریحان ۔ کرشن جی کی محبوبہ ۔

تُلسی دل ۔ تُلسی نامی درخت کا پتا ۔

تِلک ۔ ٹیکا ۔ قشقہ ۔ شرح ۔ تفسیر ۔ بڑا ۔ بزرگ ۔ اگوا ۔ رسم تاجپوشی ۔

تِلک دھارن ۔ رسم مسند نشینی ۔

تِلکا ۔ تالی ۔ کُنجی ۔ کلید ۔

تِلک دھاری ۔ مجازاً ہندو ۔

تَلنا ۔ کسی چیز کو روغن میں بھونا ۔

تُلنا ۔ تولنا ۔ وزن کرنا ۔ برابر کرنا ۔ مماثل ہونا ۔

تِلنگ ۔ ایک راگنی کا نام ۔ ایک ملک کا نام ۔ جسے تیلنگانہ کہتے ہیں ۔

تِلنگا ۔ تیلنگ دیش کا رہنے والا ۔ مجازاً سپاہی ۔

تِلنگانہ ۔ تیلنگ نامی ملک ۔

تلوا ۔ ایڑی ۔ کف پا ۔

تِلوتما ۔ بہشت کی ایک رقاصہ کا نام ۔

تلوری ۔ عورت ۔ زن ۔

تِلودک ۔ تِل اور پانی ان دونوں کے ساتھ بزرگوں کا ترپن کرنا

تِلودن ۔ کھچڑی (ایک قسم کا کھانا)

تِلوریا ۔ سپاہی ۔ شمشیرزن ۔

تِلوک۔ دیکھو (ترِلوک)

تِلوک پتی۔ دیکھو (ترِلوک ناتھ) خداوند عالم۔

تَلی۔ کسی چیز کے نیچے کی سطح۔ پیندا۔ ایڑی۔

تَلیا۔ ڈگی۔ حوض۔

تُلیتا۔ برابری۔ ہمسری۔

تُلیہ۔ مانند۔ برابر۔ مماثل۔ موافق۔ مطابق۔ مشابہت۔ ہمسر۔

تَم۔ اندھیارا۔ تاریکی۔ ظلمت۔ ستارۂ راہو۔ گُنہ۔ غُصّہ۔ بے خودی۔ جہالت۔ دوزخ۔ عشق۔ طبیعت کی تیسری خاصیت۔ یعنی تموگُن۔

تَماری۔ سورج۔ آفتاب۔

تَمال۔ پان۔ صندل کا قشقہ۔ تمباکو۔ مور کے پر۔

تُمبا۔ خالی کدو جس میں فقرا بھیک مانگتے ہیں۔

تُمبُرو۔ تنبورہ۔ ایک گندھرب کا نام۔

تُمبُری۔ بین۔ بینا۔

تمبول۔ (تانبول۔ تنبول) پان۔

تمبی۔ لمبا کدو۔ ایک قسم کی نلکی۔

تِمِت۔ غیر متحرک۔ قائم۔ مستقل۔ مستحکم۔

تِمِر۔ اندھیارا۔ تاریکی۔ ظلمت۔ بے عقل۔ ایک قسم کی آنکھ کی بیماری۔

تمِرہر۔ اندھیرا دور کرنیوالا۔ سورج۔ آفتاب۔

تمس۔ مخفف (تامس) اندھیرا۔ تاریکی۔ ظلمت۔ غضب۔ خشم۔ ایک دوزخ کا نام۔ ستارہ راہو۔

تمسا۔ ایک ندی کا نام۔

تمِسر۔ اندھیرا۔ غصّہ۔ ایک دوزخ کا نام۔

تمِسرا۔ اندھیری رات۔ شب دیجور۔

تمسونی۔ رات۔ شب لیل۔

تمسہ۔ ایک ندی کا نام

تمش۔ ترُبز۔ ہندوانہ۔

تمنک۔ گھمنڈ۔ غرور۔ تکبر۔ غصّہ۔ خود بینی۔

تمکا۔ تمازت آفتاب۔

تُمل۔ فوج کی گڑبڑ۔ لڑائی کی ہل چل۔ جنگ عظیم۔

تِمِنگل۔ ایک بہت بڑی غیر تواریخی مچھلی۔

تموگُن۔ طبیعت کی تیسری خصلت۔ یعنی صفت فنا و غضب۔ تاریکی و جہل۔

تموگُنی۔ بدخصلت۔ بدخو۔

تموگھن۔ سورج۔ آفتاب۔ چاند۔ ماہ۔ آگ۔ آتش۔ چراغ۔ مُرشد۔ عاقل۔ دانا۔

تمومئے۔ احمق۔ بے وقوف۔ جاہل۔

تمونڈھ۔ غُصّہ ور۔ احمق۔

تمہ۔ اندھیرا۔ تاریک۔ بے خودی۔ جہالت۔ گناہ۔ ستارۂ راہو۔

تمی۔ رات۔ شب۔ ہلدی۔ زرد چوب۔

تِمی۔ بڑی مچھلی۔

تمی چر۔ شب گرو۔ راچھس۔

تن۔ بدن۔ جسم۔ طرف۔ جانب۔

تِن۔ تِس لفظ کی جمع جیسے تِن نے۔ تِن کو۔ تِن سے۔

تنبا۔ بیٹی۔ دختر۔

تنبو۔ ڈیرا۔ خیمہ۔ شامیانہ۔ راوٹی۔ پال۔

تنبول ۔ تانبول ۔ پان ۔

تنبولن ۔ پان بیچنے والی (عورت)

تنبولی ۔ پان بیچنے والا ۔ (مرد)

تنبی ۔ چھوٹا کڑوا کدو ۔ پوست کدو ۔

تنت ۔ تانت ڈورا ۔ تاگا ۔ تار نسل ۔ اولاد ۔

تنتر ۔ تانت سوت ۔ پرورش خاندان ۔ منتر ۔ جادو ۔ ٹونا ۔ ٹوٹکا ۔ مکر ۔ فریب ۔ عمل ۔ کام ۔ وجہ ۔ ترک ۔ حکمت ۔ تدبیر ۔ حکومت ۔ رسومِ متفقہ ۔ باب ۔ فصل ۔ ایک باجا ۔

تنتر سمستھا ۔ گورنمنٹ ۔

تنتر شاشتر ۔ افسون علوی کا علم ۔

تنترنی ۔ املی ۔ تمر ہندی ۔

تنتری ۔
تنت کار ۔ } تار والا باجہ ۔ وہ شخص جو تار والا باجا بجاتا ہو ۔
تنت واوک ۔ } گویا ۔ مطرب ۔

تنت کیٹ ۔ مکڑی ۔ عنکبوت ۔ ریشم کا کیڑا ۔

تنتو ۔ تاگا ۔ دھاگا ۔ سوت ۔ ڈورا ۔ تار ۔ خاندان ۔ اولاد ۔ پھیلاؤ ۔ تانت ۔ مکڑی کا جالا ۔ تارِ عنکبوت ۔

تنت واے ۔
تنتر واے ۔ } جولاہا ۔ مکڑی ۔ عنکبوت ۔

تنتی ۔ بننے والا ۔ جولاہا ۔ تانت ۔ تانتی ۔

تنج ۔ بیٹا ۔ پسر ۔

تنجا ۔ بیٹی ۔ دختر ۔

تند ۔ پیٹ ۔ شکم ۔

تندرا ۔ تھکاوٹ ۔ کاہلی سستی ۔ اونگھ ۔ نوم ۔

تندل ۔ بڑے پیٹ والا ۔

تندی ۔ ناف ۔

تنڈ ۔
تنڈی ۔ } منہ ۔ رخ ۔ چونچ ۔ منقار ۔ تھوتھن ۔

تنڈ کوپی ۔ ناف ۔

تنڈل ۔ چاول ۔ برنج ۔ ایک وزن ۔

تنک ۔ خوف ۔ ڈر ۔ فراق کا رنج ۔ پہننے کا کپڑا ۔

تنک ۔ (تنک) تھوڑا ۔ قلیل ۔ کم ۔ ذرا ۔ چھوٹا ۔ خورد ۔

تنگ ۔ اونچا ۔ لمبا ۔ بلند ۔ غضبناک ۔ پہاڑ ۔ ناریل ۔ ایک درخت کا نام ۔

تنگ بھدرا ۔ ایک ندی کا نام جو سہیا نامی پہاڑ سے نکل کر کرشنا ندی میں جا ملتی ہے ۔

تنگتا ۔ اونچائی ۔ بلندی ۔

تن ماتر ۔ صرف اتنا ہی ۔ عنصر لطیف ۔ آواز ۔

تن من ۔ جسم و جان ۔ قالب و روح ۔

تن مے ۔ اس کے موافق ہونا یا اس میں مل جانا ۔ جس کا تصور ہو ۔ ہم شکل ۔

تن مایا سکتی ۔ عبادت الٰہی میں اپنے آپ کو بھول جانا ۔ اور خود کو خدا سمجھنا ۔

تنو ۔ دبلا پتلا ۔ تھوڑا ۔ کم ۔ قلیل ۔ نازک ۔ تن ۔ جسم ۔ بدن ۔ چرم ۔

تنو بھو ۔ بیٹا ۔ پسر

تنوج ۔ بیٹا ۔ پسر

تنوجا۔ بیٹی۔ دختر۔

تنوجاتا۔ بیٹی۔ دختر۔

تنورُہ۔ بال۔ مو۔

تنوی۔ دُبلی عورت۔

تنی۔ / تنیا۔ } بیٹی۔ دختر۔ عورت ذات۔

تنیہ۔ بیٹا۔ پسر۔ اولاد۔

تو۔ تمہارا۔ تیرا۔

تواک۔ جلد بدن۔ قوت لامسہ۔

توتر۔ / تودن۔ } چھڑی۔ چابک۔ ہنٹر۔

توچ۔ / توچا۔ } چھلکا۔ چھال۔ جلد۔ پوست۔ چرم۔ کھال۔ چمڑا۔

تودیہ۔ تمہارا۔ تیرا۔

تور۔ / تورا۔ } جلدی۔ زودی۔ تیزی۔

تورت۔ جھٹ پٹ۔ تیزی سے۔ جلدی۔ جلدی سے۔

تورن۔ جلد۔ شتاب۔ تیز۔ چست۔ چالاک۔

تورن۔ وہ ہار جو پھول اور پتوں سے بنا کر بیاہ اور تیوہاروں میں گھر یا شہر کے بیرونی دروازوں پر باندھتے ہیں۔ بندھنوار۔

تُورن۔ جھٹ پٹ۔ جلد۔ فوراً۔

تورنا۔ جلدی۔ فوراً۔

توش۔ / توشن۔ } خوشی۔ مسرت۔ بشاشت۔

توشا۔ رونق۔ روشنی۔ چمک۔ شعاع۔ کرن۔

توشنی۔ چپ۔ خاموش۔

توشنیم۔ چپ چاپ۔ خاموش۔

توک۔ / توچا۔ } چھلکا۔ چھال۔ کھال۔ پوست۔ چمڑا۔ چرم۔

تول۔ وزن۔

تُول۔ روئی۔ پنبہ۔

تولا۔ کپاس۔

تُولکا۔ مصوروں کا قلم۔ موقلم۔ برش۔ کوچی۔

توم۔ تم۔ آپ۔

تومر۔ بھالا۔ برچھی۔ ایک طرح کا چھند۔

تومڑ۔ تومڑی۔

تُون۔ / تُونی۔ } تیردان۔ ترکش۔ جعبہ۔ ایک درخت۔

توبا۔ بڑی تومڑی جس میں سادھو پانی پیتے ہیں۔

توشن۔ پیاس کی شدت۔

تُوتیر۔ تیردان۔ ترکش۔ جعبہ۔

توہن۔ برف۔

توے۔ / تویا۔ / تویم۔ } پانی۔ آب۔ مار۔

تویاشئے۔ پانی کا مقام جیسے تالاب وغیرہ۔

تویَد۔ بادل۔ ابر۔ سحاب۔

تویدہی۔ سمندر۔ دریا۔ بحر۔

ٹویہ دھر ۔ مجازاً ابر ۔ بادل ۔ میغ ۔

ٹویہ ندھی ۔ سمندر ۔ دریا ۔ بحر ۔

تیل ۔ تیل ۔ روغن ۔

تھ ۔ پہاڑ ۔ گھر ۔ بیماری ۔ ڈر ۔ بچاؤ ۔

تھاپا ۔ جانوروں کے پیر کی علامت ۔

تھال ۔ تھالی ۔ طشت ۔ قاب ۔

تھام ۔ / تھامبھ ۔ } کھم ۔ ستون ۔ عماد ۔

تھان ۔ (ستھان) جگہ ۔ ٹھکانا ۔ رہنے یا ٹھیرنیکا مقام ۔ ڈیرہ ۔

تہان ۔ وہاں ۔ اُس مقام پر ۔

تہایت ۔ پنچ ۔ تیسرا آدمی ۔

تھاہ ۔ تلا ۔ پیندا ۔ تہ ۔ قعر ۔ پایاب ۔

تھاہی ۔ پایابی ۔

تھائی ۔ (ستھائی) قائم رہنے والا ۔ نہ مٹنے والا ۔ نہ جانیوالا ۔

تھر ۔ شیر کا غار ۔

تھر ۔ (ستھر) قائم ۔ مضبوط ۔ برقرار ۔ محکم ۔

تھرتا ۔ (ستھرتا) مضبوطی ۔ مستحکمی ۔ چین ۔ آرام ۔

تہس نہس ۔ برباد ۔ تباہی ۔

تھکت ۔ تھکا ہوا ۔ رُکا ہوا ۔ متعجب ۔

تھل ۔ (ستھل) / تھلی ۔ (ستھلی) } جائے ۔ جگہ ۔ مقام ۔ زمین ۔ ٹھکانا ۔

تھل چر ۔ زمین پر چلنے والا حیوان وغیرہ ۔

تھلیا ۔ تھالی ۔ تھال ۔

تھم ۔ / تھمبا ۔ } کھم ۔ ستون ۔ رُکن ۔ عماد ۔

تھمب ۔ / تھمبھ ۔ } (ستھمب) کھم ۔ ستون ۔ عماد ۔

تھمبھن ۔ (ستھمبھن) رُکاوٹ ۔ ٹھیراؤ ۔

تھمبھنا ۔ ٹھیرنا ۔ قائم ہونا ۔ روکنا ۔ سنبھالنا ۔

تھن ۔ پستان حیوانات ۔

تُہن ۔ پالا ۔ کہرا ۔ برف ۔ چاندنی ۔ ٹھنڈک ۔

تھوتھ ۔ مُنہ ۔ دہن ۔

تھونی ۔ کھم ۔ ستون ۔

تھیر ۔ پُرامن ۔ آسودہ ۔ ساکن ۔ ہموار ۔

تھیگلی ۔ جوڑ ۔ پیوند ۔

تیا ۔ عورت ۔ زن ۔

تیاجت ۔ چھوڑا ہوا ۔ ترک کیا ہوا ۔

تیاجیہ ۔ ترک کرنے یا چھوڑنیکے قابل ۔

تیاگ ۔ ترک ۔ جُدائی ۔ قطع تعلق ۔ قطع علائق ۔ کنارہ کشی ۔ نفس کشی ۔ دست برداری ۔ ہجر ۔ خیرات ۔ قربانی ۔ تجرید ۔

تیاگ پتر ۔ استعفا ۔

تیاگ شیل ۔ دان یعنی خیرات کرنیوالا ۔ قربانی کرنیوالا ۔

تیاگنا ۔ چھوڑ دینا ۔ ترک کرنا ۔

تیاگی ۔ وہ شخص جس نے علائق دنیوی سے قطع تعلق کر لیا ہو ۔ وہ جس نے محسوسات کا خیال ترک کر دیا ہو ۔ تارک دُنیا ۔

تیبر ۔ (تیور) جلد ۔ تیز ۔ تُند ۔ زیادہ ۔ نہایت ۔ بہت گرم ۔

تیبرتا ۔ (تیورتا) جلدی ۔ تیزی ۔

تیبرؤیدنا۔ بہت بڑی مصیبت۔

تیت۔ / تیتا۔ } کڑوا۔ تلخ۔ تیز۔ ترش۔ چرپرا۔

تیج۔ روشنی۔ چمک۔ جلوہ۔ رونق۔ تیزی۔ تنویر۔ اقبال۔ جاہ و جلال۔

تیج۔ قمری مہینے کے ہر پندرہ دن کی تیسری تاریخ۔

تیجت۔ رونق دیا گیا۔

تیجس۔ روشنی۔ رونق۔ چمک۔ جلوہ۔ نور جلال۔ قوت۔ شان و شوکت۔ نور لطیف۔ خوبصورتی۔

تیجسکر۔ رونق بڑھانیوالی شئے۔

تیجسوی۔ رونق والا۔ رونقدار۔ جلوہ گر۔ منور۔ ذوالجلال۔

تیج مان۔ / تیج وان۔ / تیجوان۔ } اقبالمند۔ صاحب منزلت عظیم الشان مرد۔ منور۔ زور آور۔

تیجومے۔ چمکیلا۔ رونقدار۔

تیجومیہ۔ شکل منور۔

تیجونت۔ جلیل القدر۔ ذیشان۔ صاحب جلال۔ منور۔

تیچھن۔ / تیچھنتا۔ } دیکھو (تیکشن)

تیچھن بدھی۔ تیز عقل والا۔ دانا

تیچھن پتر۔ (تیکشن پتر) کوتمیر کشنیز سبز۔

تیچھن پشپا۔ (تیکشن پشپا) لونگ۔ قرنفل۔

تیچھن کند۔ (تیکشن کند) پیاز۔ بصل۔

تیچھن گندھا۔ (تیکشن گندھا) رائی۔ خردل۔

تیر۔ کنارۂ دریا۔ کڑکا۔ ساحل۔ نزدیک۔ قریب۔ پاس۔

تیرتھ۔ مقدس ندی یا مقام جہاں لوگ ثواب کی غرض سے نہانے یا پرستش کیلئے جاتے ہیں۔ جیسے بنارس وغیرہ۔ زیارتگاہ۔

تیرتھ جاترا۔ (یاترا) مقدس مقامات کی زیارت۔

تیرتھ راج۔ عموماً ملک مقدس۔ خصوصاً پریاگ وغیرہ۔

تیرتھک۔ تیرتھ کا برہمن یعنی پنڈا۔

تیرتھ یاترا۔ / تیرتھاٹن۔ } مقدس مقامات پر نہانے اور درشن کیلئے جانا۔

تیرتھیہ۔ ایک اوستاد کے شاگرد۔

تیرس۔ چاندھ کی تیرھویں تاریخ۔

تیرستھ۔ کنارے پر پہنچا ہوا۔ مرنیکے قریب آیا ہوا۔

تیرنہ۔ پار ہونا۔

تیرورتی۔ کنارے پر رہنے والا۔ پاس رہنے والا پڑوسی

تیکت۔ چھوڑا ہوا۔ ترک کیا ہوا۔

تیکشن۔ تلخ۔ چست۔ چالاک۔ تیز۔ نوکدار۔ تند۔ حار۔ کڑوا۔ تیکھا۔ گرم۔ ہوشیار۔ پھرتیلا۔ غصہ ور۔ غضبناک۔

تیکھا۔ گرم۔ تلخ۔ تیز۔ کڑوا۔ غصہ ور۔ تند مزاج۔

تیکھن۔ دیکھو (تیکشن)

تیل۔ تیل۔ روغن۔ دہن۔

تیلنگ۔ وہ ملک جہاں تلنگی زبان بولی جاتی ہے۔

تی منگل۔ سمندر میں رہنے والا مچھلی کی شکل کا ایک بڑا بھاری جانور جو (تمی) نام کی بڑی مچھلی کو بھی نگل سکتا ہے۔

تیوڑ ۔ تیز۔چرپرا۔بہت کڑوا۔نہایت۔بے اندازہ۔بے حد۔

تیون ۔ باغ۔جشن گاہ۔

تیوہار ۔ خوشی کا دن جیسے ہولی۔دیوالی وغیرہ۔

تیہ ۔ / تیہ ۔ } عورت۔زن۔جورو۔بیوی۔

ط

ٹ ۔ پست قد۔بونا۔آواز۔چاند۔سرو۔آنکس ضعیفی۔

ٹانکر ۔ کمینہ۔عیاش۔زانی۔بدکار۔

ٹپّن ۔ / ٹپّنی ۔ } ٹیکا۔شرح۔تفسیر۔زائچہ۔نوٹ۔

ٹک ۔ خصلت۔تاک۔نظر۔

ٹک ۔ تھوڑا۔کم۔اندک۔قلیل۔ذرا۔ذراسا۔

ٹنڈ ۔ کٹاہوا جسم۔

ٹنک ۔ تلوار۔کلہاڑی۔بسولا۔چھنی۔بیلچہ۔پھاوڑا۔ ایک وزن۔سکہ۔روپیہ۔

ٹنگک ۔ سکہ۔روپیہ۔

ٹنکار ۔ زہ کمان کی آواز جو چلانے کے وقت پیدا ہوتی ہے۔ناموری۔

ٹنکور ۔ ٹن ٹن کی آواز جو کسی تار وغیرہ پر انگلی مارنے سے ہوتی ہے۔تیر چلانیکی آواز۔

ٹنک پتی ۔ دار الضرب کا منتظم۔

ٹنک شالا ۔ / ٹنگک شالا ۔ } ٹکسال۔دار الضرب۔

ٹنکا ۔ پتھر کاٹنے کی ٹانکی چھینی

ٹنکن ۔ ٹانکا جانا۔میخ وغیرہ سے جوڑا جانا۔

ٹوسی ۔ کلی۔غنچہ۔

ٹھاکر ۔ مالک۔سردار۔بزرگ۔زمیندار۔دیوتا۔ الوہیت۔وشنوجی کی مورتی۔

ٹھاکر باری ۔ / ٹھاکر دوارہ ۔ } دیوتا کا مندر۔دیوالئے۔دیوستھان۔

ٹھٹ ۔ (تٹ) سمندر یا دریا کا کنارہ۔ساحل۔حاشیہ۔

ٹھکر ۔ دیکھو (ٹھاکر)

ٹھکرائی ۔ مالکیت۔سرداری۔بزرگی۔الوہیت۔

ٹھور ۔ چونچ۔منقار۔

ٹھونی ۔ چال۔

ٹیپ ۔ شرح۔دباؤ۔دباہٹ۔نوٹ کرلینا۔گانیکے وقت راگ کو اونچا نیچا کرنا۔

ٹیک ۔ گلے کا ایک زیور۔

ٹھینگا ۔ لاٹھی۔لٹھ۔انگوٹھا۔

ٹیکا ۔ شرح تفسیر۔حاشیہ کتاب کا۔نوٹ۔

تلک ۔ قشقہ۔شادی کی ایک رسم۔شادی کا تحفہ۔جہیز۔

ٹیکاکار ۔ شرح لکھنے والا۔شارح۔

ج

جَج ۔ شیوجی ۔ وشنو ۔ پیدائش ۔ ماں باپ ۔ شرما ۔ انجن ۔
جان ۔ جسم ۔

جَاَ ۔ ماں ۔ مادر ۔ دادا ۔ دیور کی عورت ۔ پید اشدہ ۔
جیسے جَنگجَاَ ۔ جو ۔ جس ۔ مناسب ۔ واجب ۔

جَاپ ۔ کسی منتر یا دیوتاؤں کے نام کو دِل ہی دِل میں باربار
دُھرانا ۔ رٹنا ۔ ورد کرنا ۔ مالا پھیرنا ۔ ذکر ۔ وظیفہ ۔

جَاپَک ۔ / جَاپِی ۔ } جپ کرنیوالا ۔ جپنے والا ۔ تسبیح خواں ۔ مالا ۔ تسبیح ۔

جَاپَن ۔ دیکھو (جَپ)

جَاَت ۔ جنا ہوا ۔ زائیدہ ۔ پیدائش ۔

جَاَتِ ۔ ذات ۔ قوم ۔ مذہب ۔ فرقہ ۔ قسم ۔ جنس ۔ درجہ ۔
نتیجہ ۔ پھل ۔

جَاَتَا ۔ لڑکی ۔ دختر ۔

جَاَتَا اَندھ ۔ پیدائشی اندھا ۔ کور مادرزاد ۔

جَاَت پَاَت ۔ / جَاَت پَاَنتِی ۔ } نسب نامہ ۔ حسب ونسب ۔

جَاَتَرَ ۔ (یَاَتر) روانگی ۔ مسافرت ۔ ہجرت ۔ کوچ ۔ زیارت ۔
تیرتھوں کے مقامات پر گشت لگانا ۔

جَاَتَر ۔ (یَاَتَر) مسافر ۔ راہگیر ۔ زائر ۔

جَاَترَا ۔ (یَاَترَا) تیرتھ یا مقدس مقامات کو جانا ۔ ملک پھرنا ۔
سفر ۔ روانگی ۔ کوچ ۔

جَاَتَرک ۔ / جَاَتری ۔ } (یَاَترک) تیرتھ کو جانیوالا ۔ زائر ۔ مسافر ۔ سیاح ۔

جَاَت رُوپ ۔ سونا ۔ چاندی ۔

جَاَتَک ۔ پیدائش ۔ بچہ ۔ بیٹا ۔ زائچہ ۔ علم نجوم کی ایک کتاب ۔

جَاَت کَرَم ۔ / جَاَت کِریَا ۔ } ہندوؤں کے دس سنسکاروں میں سے چوتھا سنسکار
جو بچہ تولد ہونے پر کیا جاتا ہے ۔

جَاَتَنَا ۔ (یَاَتنَا) سخت رنج ۔

جَاَتو ۔ گاہے ماہے ۔

جَاَت بَاہَر ۔ ذات باہر ۔ برادری سے خارج ۔

جَاَتِی ۔ ذات ۔ قوم ۔ مذہب ۔ ملت ۔ فرقہ ۔ گوتر ۔ خاندان ۔
پیدائش ۔ واضح ہو کہ ہندوؤں میں انسانی سماج کی تفریق
ابتدا میں کرم یعنی افعال کے مطابق کی جاتی تھی ۔ مگر
بعد ازاں جہالت کی وجہ پیدائشی مانی جارہی ہے ۔
حالانکہ ایسا نہیں ہے ۔ چمیلی ۔

جَاَتِی بَرَہمَن ۔ وہ برہمن جسکی پیدائش صرف کسی برہمن کے
خاندان میں ہوئی ہو ۔ مگر جس نے بید وغیرہ پڑھکر عبادت
نہ کی ہو ۔ یعنی برائے نام برہمن ۔

سَچل ۔ متحرک ۔ حرکت کی قابلیت رکھنا ۔

سُچنتا ۔ مناسب ۔ غور ۔ نیک خیال ۔
سَچِو ۔ مددگار ۔ وزیر ۔ مُشیر ۔ دوست ۔
سَچوئی ۔ سچائی ۔ راستی ۔
سِچھّا ۔ (سِکشا) تعلیم ۔ تربیت ۔ تادیب ۔ نصیحت نیک ۔ وعظ ۔
سِچھک ۔ (سکشک) اوستاد ۔ معلم ۔ اتالیق ۔ ادیب ۔ واعظ ۔
سُچیت ۔ چالاک ۔ مطمئن ۔ ہوشیار ۔
سَچیت ۔ ہوشیار ۔ خبردار ۔ آگاہ ۔ باخبر ۔ واقف ۔
سُچیتائی ۔ بے فکری ۔ آسانی ۔
سَچیتن ۔ زندہ ۔ ہوشیار ۔ سمجھدار ۔ عاقل ۔ دانا ۔
سَچیشٹ ۔ تردد کرنے والا ۔ کاروبار کرنے والا ۔
سَد ۔ نیک ۔ تازہ ۔
سَدا ۔ ہمیشہ ۔ لگاتار ۔ روزانہ ۔ دائم ۔ مدام ۔
سَدابرت ۔ (وَرت) وہ خیرات یا کھانا جو روزانہ دوا غربا اور مسافرین وغیرہ کو تقسیم کیا جاتا ہے ۔ خیرات جاریہ ۔
سَدا اُپدیش ۔ نیک ہدایت ۔ اچھی صلاح ۔
سَدا پھل ۔ ہمیشہ بہار ۔ نام ایک میوے کا ۔
سَدا تما ۔ نیک نہاد ۔ نیک ذات ۔
سَدا چار ۔ } نیک چال چلن ۔ نیک اخلاق ۔
سَدا چرن ۔ }
سَدا چاری ۔ راحت دائمی ۔
سَدا سُہاگن ۔ وہ عورت جو رانڈ نہ ہو ۔ ایک قسم کے فقیر ۔
سَدا شِو ۔ ہمیشہ بھلائی کرنے والا ۔ مہادیو جی کا ایک نام ۔
سَدا کال ۔ ہمیشہ ۔ دائم ۔
سُداما ۔ بادل ۔ ابر ۔ سمندر ۔ دریا ۔ ایک[1] مالی کا نام جس نے سری کرشن جی کو متھرا جاتے وقت مالا پہنائی تھی ۔ ایک[2]

گوالا کا نام جو سری کرشن جی کا دوست تھا۔ ایک غریب
برہمن کا نام جو سری کرشن جی کا ہم سبق تھا جسے سری کرشن جی نے
مالا مال کر دیا۔ دیکھو (سداما چرتر)

سُدانند۔ وہ جو ہمیشہ خوش اور بشاش رہے۔ مہادیو جی کا لقب۔

سُداورت۔ وہ کھانا جو غرباؤں کو ہمیشہ دیا جائے۔

سَدبھاؤ۔ اچھا خیال۔ محبت اور بہتری کا خیال۔ نیک خوئی۔
میل جول۔ دوستی۔

سُدْرِتھ۔ اصل بات۔ خاص کام میتمول۔

سُدْرِش۔ }
سُدْرِکش۔ } برابر۔ یکساں۔ مانند۔ موافق۔ مماثل۔

سُدَرشن۔ جو دیکھنے میں اچھا ہو۔ خوبصورت۔ وشنو بھگوان
کے چکر (آلہ حرب) کا نام۔

سَدَس۔ گھر۔ مکان۔ خانہ۔ سبھا۔ مجلس۔

سَدَسَت۔ سچ اور جھوٹ۔ راست و دروغ۔ بُرا اور بھلا۔
کسی چیز کا ہونا یا نہ ہونا۔ اچھا اور خراب۔

سَدَسیہ۔ وہ شخص جو کسی مجلس یا محفل میں حاضر رہے۔

سُدگت۔ نجات عقبیٰ۔ سعادت ابدی۔

سُدگتی۔ مرنے کے بعد کی اعلیٰ منزلت۔ نجات عقبیٰ۔ نیکی۔

سُدگُرو۔ مرشد نیک۔ خداوند تعالیٰ۔

سُدگُن۔ اچھی خصلت۔ نیک صفت۔

سَدم۔ مکان۔ گھر۔ خانہ۔

سَدَن۔ گھر۔ خانہ۔ محل۔ مکان۔ منزل۔ مقام۔ جگہ۔ پانی۔

سُدِن۔ اچھا دن۔ نیک دن۔ اچھا وقت۔

سُدمتی۔ اچھا شورہ۔ صلاح نیک۔

سُدْوِرتی۔ خوب ٹھیک۔ عمدہ چال چلن۔

سَدوش۔ عیب دار۔ گنہگار۔

سِدھ۔ تمام۔ پورا۔ کامل۔ خاص۔ نتیجہ تک پہنچایا گیا۔ علم منطق
سے ثابت کیا گیا۔ ختم کیا گیا۔ مرد خدا رسیدہ۔ بنا بنایا کام۔
لازوال۔ راجہ اندر کے دربار میں رہنے والے دیوتا۔
جوگی۔ وہ انسان جس کے اختیار میں آٹھ سدھی ہوں۔
دیکھو (سدھی)

سُدھ۔ یاد۔ آگاہی علم۔ خبرداری۔ واقفیت۔ حافظہ۔ حس۔
ہوش۔ ہوشیاری۔ صحیح۔ صاف۔ خبر۔ خیال۔ پاک۔
لطیف۔ خالص۔ درست۔ سیدھا۔ نفیس۔ عمدہ۔ چمکیلا۔
بے گناہ۔ سچا۔ بے میل۔ ایماندار۔

سُدھا۔ رس۔ پانی۔ امرت۔ آب حیات۔ چونا۔ آہک۔

سِدھارنا۔ جانا۔ رخصت ہونا۔ روانہ ہونا۔ سنوارنا۔ درست
کرنا۔ ترتیب دینا۔

سُدھاکر۔ چاند۔ ماہ۔ قمر۔ کافور۔

سُدھانشو۔ چاند۔ کافور۔

سُدھان۔ ہمراہ۔ ساتھ۔ با۔ مع۔ باہم۔

سُدھانا۔ سکھانا۔ بنانا۔ ہلانا۔

سِدھانت۔ اچھی طرح سوچ بچار کر قائم کی ہوئی بات۔ دلیل
سے جو بات قائم کی گئی ہو۔ ٹھیک مطلب۔ فیصلہ۔
ثبوت۔ علم نجوم۔

سِدھانتی۔ تعین کرنے والا۔ شاستر کے اصل مطلب کو جاننے والا۔

سُدھ بُدھ۔ سمجھ بوجھ۔ عقل و شعور۔ خبرداری۔

سُدھتا۔ صفائی۔ بے عیبی۔ پاکی۔

سُدھ چت۔ صاف دل۔ نکو باطن۔

سَدھرم - انصاف کے ساتھ - باضابطہ - جائز -

سَدھرمی - رسم ورواج نیک کا پیرو -

سِدھ سَنکلپ - جس کی تمام خواہشیں پوری ہوگئی ہوں -

سَدھن - دھنوان - دولتمند -

سُدھنا - بننا - خوب سکھانا - اچھی طرح تعلیم پانا -

سَدھوا - وہ عورت جس کا شوہر زندہ ہو - سہاگن -

سُدھی - عالم - عاقل - دانا - پنڈت -

سِدھی - دل کی خواہش پوری ہونا - دلخواہ نتیجہ پانا - کام پورا ہونا یا حالت انتہائی کو پہنچ جانا - عبادت یا ریاضت کا نتیجہ - عبادت وغیرہ سے بعید از انسانی قوت حاصل کرنا - کامل ہونا - کامیاب - تیاری - پوری واقفیت - فائدہ - کمال خوشی - دیکھو (اشٹ سِدھی)

سَدے - محبت کے ساتھ یعنی محبت والا -

سُدی - شکل پکش یعنی پہلی تاریخ سے ۱۵ ر تاریخ ماہ ہلالی تک

سَدیش - سامنے - روبرو - نزدیک - پاس - قریب -

سَدیشی - اپنے ملک کا باشندہ - اپنے وطن کی چیز -

سَدیو - ہمیشہ - دائم - مدام -

سُدیو - اچھی قسمت - خوش نصیب -

سَدیہ - اُسی وقت - آج ہی - فوراً -

سَدیہہ - جسم کے ساتھ - جسمانی - جسمی - مجسم -

سَدیہہ - اوسی دم - فوراً -

سِدّ - باولاپن - پاگل پن -

سِڈا -
سِڈی - } باولا - پاگل - بست -

سُڈَول - } ستھرا - صاف - خوبصورت - دلکش -

سُدھب -

سَر - بڑا تالاب - غدیر -

سُر - سورج - تال - تان - نوا - آواز - راگ - سرود - گانے کے سات سُر یعنی آہنگ - فرشتہ (ضد اسُر) یعنی دیوتا - مُنی - رُشی - عالم -

سُرا - شراب - مے - سیندھی - آبِ شجر -

سَراپ - شاپ - دعائے بد - لعنت -

سَراج - ہار -

سُراچاریہ - دیوتاؤں کے مرشد یعنی برہسپتی -

شرادھ - (شرادھ) مرحوم آباواجداد کے نام پر ہر سال کریا کرم کرنا اور غربا کو کھانا کھلانا -

سُراری - دیوتاؤں کے عدو یعنی راچھس -

سُرانگنا - دیوتاؤں کی عورتیں - اپسرا -

سَراؤ - بہنا - جھرنا - اسقاط حمل ہونا -

سَراوک - جینی یعنی جین دھرم کا پیرو -

سَراون - ہندی چوتھے مہینے کا نام -

سَرب - (سَرو) سارا - سالم - تمام - پورا - کامل - کُل - سب - ہمہ - ہر ایک -

سَربدا - (سَروَدا) ہمیشہ - دائم - علی الدوام - ہروقت - ہمواره -

سَربس - (سَروَس) کامل - کُل - تمام - پورا - ہر ایک - سالم جائداد

سَرب سکتی مان - (سَرو) قادر مطلق - قدیر -

سَرب گیہ - (سَرو گیہ) جس کو سب کا علم ہو - دانائے کُل ہمہ دان - دانائے نہاں و آشکار یعنی خداوند تعالیٰ -

سَرب لوک - (سَرو) تمام عالم -

سُربوتّم ۔ (سُروُتّم) سب سے عمدہ ۔ بہترین ۔ اعلیٰ ترین ۔

سُربھ ۔ بوئے خوش ۔ جائفل ۔ جوزبویہ ۔

سُربھتی
سُرپتھ } کہکشان ۔

سُربھنگی ۔ ایک فرقہ جو ذات پات کا کچھ خیال نہیں کرتا ہے ۔

سُربھی ۔ موسم بہار ۔ گائے ۔ کامدھین ۔ شراب ۔ تلسی ۔ بیل ۔ کیلا ۔ خوشبو ۔ خوبصورت ۔ اچھا ۔ اعلیٰ ۔ جائفل ۔ چیت کا مہینہ ۔ ہرن ۔ سونا ۔ طلا ۔ زمین ۔ مشہور ۔

سُرب بیاپک ۔ (سروویاپک) محیط کل یعنی خداوند تعالیٰ ۔

سُرب بیاپی ۔ (سُروُویاپی) محیط کل یعنی خداوند تعالیٰ ۔

سُرپ ۔ رینگنا ۔ سانپ ۔ مار ۔

سُرپتی ۔ دیوتاؤں کا راجہ یعنی اندر ۔

سُرپُر
سُرپُری } دیوتاؤں کا شہر یعنی بہشت ۔ جنّت ۔

سُرپ راج ۔ سانپوں کا راجہ یعنی شیش ناگ ۔

سُرپ منی ۔ مُہرۂ مار ۔

سُرپی ۔ گھی ۔ روغن زرد ۔

سُرت ۔ فصول ستہ سے ایک فصل جو موسم گرما میں ہوتا ہے ۔

سُرت
سُرتا } ندی ۔ رود ۔ جوے ۔ دریا ۔ تاگا ۔ رشتہ ۔

سُرت ۔ صحبت زن ۔ مجامعت ۔

سُرت
سُرتا } عقل ۔ دل ۔ خبر ۔ یاد ۔ خیال ۔ غور ۔

سُرتا ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ عاقل ۔

سُرت پتی ۔ مجازاً سمندر ۔ بحر ۔

سُرت سُت ۔ گنگا کا بیٹا یعنی بھیشم ۔ گھاتیا ۔

سُرترو ۔ دیوتاؤں کا درخت یعنی کلپ ورکش ۔

سُرتی ۔ راہ ۔ راستہ ۔ بید کا وہ فقرہ جو کسی امر کے لئے حکم قطعی

سُرتی ۔ بہاؤ ۔ جھرن ۔

سُرٹ ۔ چھپکلی ۔ گرگٹ ۔ حربا ۔

سُرج ۔ روگی ۔ بیمار ۔ مریض ۔

سُرجگت ۔ تارک دنیا ۔ آفریننده ۔ ایک درخت ۔

سُرجن ۔ نکلنا ۔ چھوڑنا ۔ دنیا کی پیدائش ۔ تخلیق عالم ۔

سُرجن
سجّن } عزت دار یا قابل تعظیم شخص ۔ دلربا ۔ محبوب ۔

سرجنا ۔ پیدا کرنا ۔ بنانا ۔

سُرجنہار ۔ پیدا کرنے والا ۔ خالق مطلق ۔

سُرجو ۔ (سَرَیو) ایک ندی کا نام ۔

سُرجیون ۔ ہمیشہ سرسبز ۔ لازوال ۔ گیلی زمین ۔ زندگی ۔ دنیا ۔

سُردا ۔ خربوزہ ۔

سُردھا ۔ بھروسہ ۔ اطمینان ۔ محبت ۔ الفت ۔ تردد ۔ فکر ۔ یقین ۔ عقیدہ ۔ ارادت ۔ تمنا ۔ اشتیاق ۔ کوشش ۔ اعتقاد ۔ میلان ۔ جستجو ۔ وفاداری ۔ توفیق ۔

سُرس ۔ رسدار ۔ رسیلا ۔ رس والا ۔ پانی ۔ تالاب ۔ عمدہ ۔ اعلیٰ ۔ بہتر ۔ زیادہ ۔ کثرت ۔ نفیس ۔ تازہ ۔ خوبصورت ۔ بھیگا ہوا ۔ تر ۔

سُرس ۔ برابر ۔

سُرس ۔ میٹھا ۔ ذائقہ دار ۔ خوش ذائقہ ۔

سُرسا ۔ اعلیٰ ۔ عمدہ ۔ بہت اچھا ۔ بہت ۔ زیادہ ۔

سُرسا ۔ ناگوں کی ماں ۔

سَرسِج - کنول - نیلوفر -

سَرسِجا - کنول - نیلوفر - سمندر -

سَرسُری - گنگا جو مشہور ہے -

سَرسُوَت - خوش نما - خوبصورت -

سَرسُوَتی - برہما کی زوجہ - سرود اور علوم کی دیبی - ایک ندی کا نام - ایک راگنی کا نام - گویائی - بولی

سَرسی - چھوٹا تالاب - جھیل - باولی -

سَرسی رُہ - کنول نیلوفر -

سَرشپ - سرسوں - رائی -

سِرِشٹ - / سِرِشٹی - پیدا کیا گیا - بنایا گیا - مجازاً دنیا - جہان ہستی - عالم موجودات - نظام کائنات - حشر و نشر - خلقت - دنیا و ما فیہا - اشیائے مصنوعی -

سُرِشٹی سِرومنی - اشرف المخلوقات یعنی انسان -

سِرِشٹی کرتا - پیدا کرنے والا - خالق ارض وسما یعنی خداوند تعالیٰ -

سَرَک - پھولوں کا مالا -

سَرگ - پیدائش - آفرینش - ازل - حصہ - باب - فصل - چھوڑنا - خصلت - یقین -

سَرگم - راگ کے سات سُروں میں اتار - چڑھاؤ کا طریقہ -

سَرگھا - شہد کی مکھی - نحل -

سَرل - سیدھا - سادہ - آسان - سہل - بھولا - بھالا - سچا - صادق - ایماندار - راست باز - درخت سَرو -

سَرلا - کالی تلسی - موتیا -

سَرلتا - سیدھا پن - آسانی - سادگی - دانائی - بھولا پن - سچائی - ایمانداری -

سَرل چِت - صاف دل - نیک باطن -

سُرلوک - دیوتاؤں کی دنیا - دیولوک - بہشت -

سَرم - تھکاوٹ - محنت - تکلیف - ماندگی - تعب -

سَرمکھ - سامنے - روبرو - بالمواجہہ -

سَرن - / سَرنا - آسرے کی جگہ - بچاؤ کا مقام - مقامِ حفاظت - پناہ - آسرا - امن - ماویٰ - بھروسہ - حفاظت - مدد - گھر - خانہ - آہستہ آہستہ چلنا -

سَرنا - انجام پانا - تمام ہونا - آخر ہونا -

سَرناگت - پناہ گزیں - پناہ لینے والا - ملتجی -

سَرناگت وتسل - پناہ گزینوں کے ساتھ رحم کرنیوالا - عاجز نواز - واضح ہو کہ دیوتاؤں کی ایک صفت ہے -

سَرناگتی - پناہ گزینی -

سَرنگ - (شرنگہ) شرنگ - نقب - رخنہ - ڈھالو زمین - سینگ - قرن - چوٹی - شاخ - نشان - بادشاہت - اسپ کمیت رنگ -

سُرنگار - آرائش - زیبائش - زیب و زینت - حسن - واضح ہو کہ یہ سولہ[16] ہیں - صفائی[1] - غسل[2] - صاف لباس[3] - مہاور[4] لگانا - بال باندھنا[5] - مانگ میں[6] سیندور لگانا - تلک - رخساروں پر سیاہ تل بنانا - زعفران[9] ملنا - مہندی[10] لگانا - پھولوں کا[11] زیور پہنا - سونے کا[12] زیور پہنا - لونگ کا[13] زیور - مسی[14] لگانا - پان کھانا[15] - سرمہ لگانا[16] -

شرنگی - سینگ - قرن - وار - طرہ دار -

سُرنی - آنکس - کجک فیل - دشمن -

سَرنی - راہ - راستہ -

سَرو - (سَرب) سارا - سب - پورا - تمام - کل - شیوا اور وشنوجی -

سَرو / سَروَن - بہنا - بہاؤ - جھرنا -

سَرْدَا - پانی کا پیالہ۔ سبقت لیجانا۔ فضیلت۔ بزرگواری۔ خسر پورہ یعنی سالا۔

سَرْوَا - ایک قسم کا چمچہ جس سے ہون کے وقت گھی وغیرہ آگ پر ڈالتے ہیں۔

سَرْوَاتْمَا - سب کی جان۔ جمیع مخلوقات۔ خداوند تعالیٰ۔

سَرْوَادھکارْ - مختار کل۔ مختار عام۔

سَرْوَارْتھم - سب کے لئے۔ سب کے سب۔

سَرْوَانْگ - تمام جسم۔ جملہ کالبد۔

سَرْوَبھوت - مخلوق کل۔ جملہ ذی روح۔

سَرْوَیاپک - (ویاپک) سب میں رہنے والا محیط کل

سَرُوپ - ہم شکل۔ مشابہت۔ مانند۔ برابر۔ صورت۔ چہرہ۔ ماہیت شئے۔ حقیقت شئے۔ ترکیب طبعی۔

سَرُوپ - (رُس۔ رنیک) خوبصورت۔ سڈول۔ حسین۔ خوشرو۔ خوشنما شکیل۔

سَرُوپ آنند - ذات حقیقی کا سرور۔

سَرْوَپردھان - سب کا سردار۔ افسر کل۔

سَرْوَپری - سب سے اوپر۔ بالاتر۔

سَرُوپی - خوبصورتی حسن۔

سَرُوپی - اصلی شکل میں۔

سَروت - چشمہ۔ سوتا۔

سَرْوَتر - سب جگہ۔ ہر جگہ۔ ہر مقام پر۔ ہمیشہ۔ دائم۔ تمام۔

سَرْوَتو بھدر - سب طرف سے نیکی۔ وہ جسکے سر۔ داڑھی۔ مونچھ وغیرہ کے بال مونڈے گئے ہوں۔ جگیہ میں خاص دیوتاؤں کی نشست گاہ۔ وشنو دیوتا کی رتھ۔ ایک قسم کا دائرہ۔

سَرْوَتھہ - سب طرف۔ چاروں جانب۔ سب طرح سے۔ ہر طرح سے۔ پوری طرح سے۔

سَرْوَتھا - سب طرح سے۔ سب قسم سے۔ بالکل۔ سب۔ تمام۔ فی الواقع۔ بے شبہہ۔ بے چوک۔ سچ مچ۔ بالضرور۔

سَرُوج - کنول۔ کمل۔ نیلوفر۔

سَرْوَجگت - جملہ کائنات عالم۔

سَرُوجنی - کنول کے پھولوں سے بھرا ہوا تالاب۔ کنول کی

سَرْوَدا - ہمیشہ۔ دائم۔ ہر موسم میں۔

سَرُورُہ - کنول۔ نیلوفر

سَرْوَرہت - آزاد مطلق۔

سَرْوَس - } سب کچھ۔ پورا۔ تمام۔ کل۔ ہر ایک۔ جملہ جائداد۔
سَرْوَسْوہ - } تمام دولت۔

سَرْوَساکشی - مجازاً آگ۔ ہوا۔ خداوند تعالیٰ۔

سَرُوش - غصہ ور۔ غضبناک۔ غصہ میں۔

سَرْوَشکتی مان - سب کچھ کرنے کی قدرت رکھنے والا۔ قادر

سَرْوَشہہ - پورا۔ پورا۔

سَرْوَگ - تمام چیزوں میں پھیلا ہوا۔ مجازاً خداوند تعالیٰ۔ پانی۔ ہوا۔ روح۔ جان۔

سَرُوگ - بیمار۔ مریض۔

سَرْوَگت - سب میں شامل۔ ساری۔

سَرْوَگیہ - سب جاننے والا۔ دانائے کل۔ عالم الغیب۔

سَرْوَگیہ تا - جملہ حالات سے واقفیت۔

سَرُومَن - } سرتاج۔
سَرُومَنی - }

شَرَوَن - کان۔ گوش۔ اذن۔ سُننا۔ سماعت کرنا۔ شاستر پڑھنا۔

یاُنا۔ قمر کی تیسویں منزل۔

سَرُونا۔ بہنا۔ گرنا۔

سَرُوناش۔ سب کچھ تباہ۔ کامل طور پر برباد ہونا۔

سَرُو نام۔ اِسم ضمیر یعنی وہ اسم جو دوسرے ناموں کی جگہ آتے ہیں جیسے وہ۔ یہ۔ ہیں۔ تو وغیرہ۔

سَرُوِوِد۔ دانائے کل۔ مجازاً خداوند تعالیٰ۔

سَرُووَر۔ / سَرُوَر۔ } تالاب۔ جھیل۔

سَرُوِیاپی۔ / سَرُوِیاپک۔ } سب میں رہنے والا۔ محیطِ کل یعنی خداوند تعالیٰ۔

سَرُوپا۔ خوبصورت (عورت)

سَرُویش۔ / سَرُویشور۔ } مالکِ کل۔ خداوند تعالیٰ۔

سِری۔ سر۔ راس۔

شری۔ دولت کی دیبی یعنے لکشمی۔ اقبالمندی۔ دولت و ثروت۔ واضح ہو کہ یہ لفظ اکثر بطورِ تعظیم۔ بزرگوں اور دیوتاؤں کے اسماء کے قبل تبرکاً لکھا جاتا ہے۔

شری پت۔ شوہر لکشمی یعنی وشنو۔

سری پھل۔ ناریل۔ نارجیل۔

شریر۔ بدن۔ تن جسم۔ طبیعت۔ مزاج۔

شریری۔ جسمی۔ جاندار۔

سَری سَرپ۔ رینگنے والے جانور۔ زواحف۔ سانپ۔

سُریش۔ دیوتاؤں کا راجہ اندر۔

شریشٹھ۔ بہت عمدہ۔ اعلیٰ ترین۔ افضل۔ برتر۔ بالاتر۔ بزرگتر۔ سردار۔ سب پر فائق۔ بہترین۔

سری کرشن۔ کنھیاجی کا لقب۔

سَرِیکھا۔ قمر کی نویں منزل کا نام۔ دغاباز۔ عیّار۔

سَری گم۔ دیکھو (سرگم)

سِری مان۔ (مان صاحب کا) صاحب دولت۔

سری مت۔ اقبالمند۔ متموّل۔ دولتمند۔

سری مد۔ (مد بمعنی غرور) مال و دولت کی مستی۔ غرورِ دولت

سَریو۔ ایک ندی کا نام جو اجودھیا کے قریب ہے۔ اسے گھاگھرا۔ گھرگھرا۔ دیویکا اور دیوا بھی کہتے ہیں۔

سَرِیو۔ حمایت۔ پناہ۔ حفاظت۔ دستگیری

سری واستو۔ کایستھوں کا ایک لقب۔

سَسِ۔ چاند۔ قمر۔ آسمان۔ فلک۔

سَسا۔ خرگوش۔ ارنب۔

سُستھ۔ بھلا۔ چنگا۔ صحت ور۔ تندرست۔

سُستھر۔ مضبوط۔ مستقل مزاج۔ غیر متحرک۔ ٹھیراؤ۔

سُسُر۔ شوہر یا زوجہ کا باپ یعنی خسر۔

سِسِر۔ ایک فصل جو ماگھ اور پھاگن میں ہوتی ہے۔ شبنم۔

سَسِر۔ چاند۔ ماہ۔ قمر۔

سُسمے۔ (سُ بمعنی نیک) نیک ساعت۔ اچھا وقت۔ اچھا موسم۔

سُسنتا۔ (سُ بمعنی نیک) نیک خاندان۔ نیک اولاد۔

سُسندیش۔ (سُ بمعنی نیک) اچھی خبر۔ خبرِ نیک۔

سَسنشے۔ مشتبہ۔

سُسنگ۔ (سُ بمعنی نیک) صحبت نیک۔ اچھی صحابت

سُسواد۔ (سُ اچھا) جس میں اچھا ذائقہ ہو۔ مزیدار۔ میٹھا۔

سُسیل۔ (سُ بمعنی نیک) نیک خصلت والا۔ اچھے اخلاق والا۔ نیک نہاد۔ خلیق۔ خوش طبع۔ خوش خو۔

سُشیہ۔ اناج۔غلّہ۔

سِشّ۔ مرید۔شاگرد۔طالب علم۔پیرو۔معتقد۔دوست۔

سُشُپ۔ } سونیکی خواہش کرنیوالا۔
سُشُپش۔ }

سُشُپت۔ خواب غفلت یعنی نہایت آرام سے سویا ہوا۔عالم جبروت۔

سُشُپت اَوَستھا۔ عالم جبروت۔

سُشُپتی۔ گہری نیند۔خواب غفلت۔واضح ہو کہ طبیعت کی تیسری خاصیت۔اس حالت میں روح خداوند تعالیٰ کا وصال حاصل کرتی ہے۔مگر اُسے اس کا علم نہیں ہوتا ہے۔اس کے چار حالتیں ہیں۔جاگرت۔سوپن۔سُشُپتی۔تُریہ۔

سُشُپسا۔ سونیکی خواہش۔

سِشٹ۔ سکھایا ہوا۔محکوم۔صحیح۔خلیق۔خاص۔

سُشٹ۔ (ضد۔دُشٹ) اچھا بھلا۔نیک۔

سِشٹاچار۔ مروّت۔خلق۔انکساری۔خوش اخلاقی۔

سُشِر۔ سوراخ۔چھید۔

سُشِرا۔ کلی۔غنچہ۔مونگے کی بیل۔

سُشروشا۔ اطاعت۔فرمانبرداری

سُشِنک۔ ٹھنڈک۔

سُشم۔ بہت خوبصورت۔

سُشمنا۔ جسم کی اندرونی تین خاص ناڑیوں میں سے ایک۔واضح ہو کہ منجملہ دس ناڑیوں کے (اِڈا)۔(پنگلا) اور (سُشمنا) یہ تین خاص ہیں۔(اِڈا) اور (پنگلا) کے درمیان (سُشمنا) ہے یعنی ناک کی بائیں جانب (اِڈا) اور دائیں جانب (پنگلا) اور (برہمہ رندھر) کے درمیان میں (سُشمنا) کا مقام ہے۔

سَشنک۔ شبہ کے ساتھ۔جس میں شک ہو۔ڈرا ہوا۔مخوف۔

سِشنہ۔ آلہ تناسل مرد۔

سِشُو۔ لڑکا۔بچہ۔طفل۔

سُشی۔ چھید۔سوراخ۔بِل۔

سُشیل۔ نیک نہاد۔نیک خو۔نیک ذات۔نیک اندیش۔خلیق۔سادھو۔

سِشیہ۔ مرید۔شاگرد۔طالب علم۔دوست۔

سُک۔ طوطا جو مشہور طائر ہے۔

سَکار۔ صبح۔بامداد۔علی الصباح۔

سَکارن۔ کسی سبب سے۔کوئی وجہ رکھنا۔

سَکارنا۔ صحیح کرنا۔منظور کرنا۔ماننا۔

سَکارے۔ صبح۔بامداد۔علی الصباح۔

سَکاش۔ پاس۔نزدیک۔

سَکال۔ اچھا وقت۔فصل کی خوبی۔ارزانی۔وقت پر۔وقت سے۔ہر شئے کی کثرت اور افزونی۔صبح۔بامداد۔

سُکال۔ اچھا وقت۔اچھا موسم۔پیداوار کی کثرت۔ارزانی۔

سَکام۔ خواہش کے ساتھ کیا ہوا فعل۔خواہشمند۔مُرادور۔سپھل۔

سَکام کرم۔ وہ کام جو بالغرض ہو۔وہ فعل یا کام جو کسی مطلب براری کے لئے کیا جائے۔

سَکت۔ ملا ہوا۔خواہش۔تمنّا۔

سَکت۔ } بل۔طاقت۔زور۔توانائی۔قوت۔قوت فاعلہ
سَکتی۔ }

سِکْت ۔ بھیگا ہوا۔ بھگویا ہوا۔ سینچا ہوا۔ تر۔ گیلا۔

سِکْتَا ۔ ریت۔ ریتی۔ بالو۔ ریگ۔

سَکَٹ ۔ گاڑی۔ چھکڑا۔ بہل۔ ایک عید کا نام۔

سَکُٹُمْب ۔ خاندان کے ساتھ۔ مع عیال و اطفال۔

سَنکوچ ۔ خوف۔ ڈر۔ بیم۔ شرم۔

سُکچانا ۔ شرمندہ کرنا۔ ڈرانا۔

سَکُچنا ۔ شرمندہ ہونا۔ ڈرنا۔ ہچکنا۔ شرم کرنا۔

سُکَر ۔ بے محنت۔ سہج۔ آسان۔

سَکرا ۔ تنگ۔ مضیق۔

سَنکرانت ۔ آفتاب کی تحویل منجملہ بارہ بروج فلکی کے ایک برج میں

سَنکرانتی ۔ متعلق بہ (سنکرانت)

سَکرِت ۔ ایکبار۔ ایک مرتبہ۔ ایک دفعہ۔

سُکرِت ۔ عمدہ اور نیک کام۔ کار ثواب۔ نیکی۔ خیرات۔
مہربانی۔ خیر۔ نیک خو۔ صاحب قسمت۔

سُکرِتی ۔ نیک خو۔ خیر۔ نیک کام کرنے والا۔ صاحب قسمت

سُکرم ۔ اچھا کام۔ کار خیر۔ فعل نیک۔ کاریگر۔ ساتواں جوگ
جو نجوم میں آتا ہے۔

سَکرمک ۔ فعل متعدی جیسے کہنا۔ پینا وغیرہ۔

سُکرمی ۔ کردار نیک۔

سُکروار ۔ روز جمعہ۔ آدینہ۔

سِکری ۔ سنکل۔ زنجیر۔

سُکریا ۔ عمل نیک۔ کار نیک۔ کردار نیک۔ اخلاق جوہر یا نیکی

سَکسینہ ۔ کایستھوں کی ایک قسم۔

سِکشا ۔
سیکشا ۔ } تعلیم۔ تربیت۔ نصیحت۔

سِکش گراہک ۔ شاگرد۔ تلمیذ۔

سَکَل ۔ سب۔ تمام۔ سارا۔ پورا۔ کل۔ کامل۔ ہر ایک۔

سُکُل ۔ اچھے خاندان کا۔ نیک ذات۔

شُکَل ۔ وہ جو اپنی کمائی کا استعمال خیرات اور اپنے تصرف
میں لاتا ہو۔

شُکُل ۔ سفید۔ برہمنوں کا ایک لقب۔

شُکل پکش ۔ چاند کی نصف نورانی چودھویں رات۔ زاید النور۔

سَکُلیہ ۔ رشتہ دار۔ ہمقوم۔ جملہ عزیز و اقارب خواہ وہ
کسی درجہ کے ہوں۔

سُکُمار ۔ نازک (مرد) ملائم۔ نرم۔ نفیس۔ کمزور۔ دلکش۔ خوبصورت

سُکُماری ۔ نازک (عورت)

سَگُن ۔ شگون۔ فال۔

سَکنٹک ۔ خار دار۔ تکلیف رسان۔ خطرناک۔

سکند ۔ اچھلنے والی چیز۔ نکلنا۔ بہنا۔ گرنا۔ پارا۔ عالم۔ راجہ۔
جسم۔ کنارہ رود۔

سکند پران ۔ سترھواں پران۔

سکندھ ۔ کندھا۔ کتف۔ دوش۔ حصہ۔ جزو۔ باب۔ فصل۔
تنہ درخت۔ مجمع۔ گروہ۔ فوج کا ایک دستہ۔ بادشاہ۔

سکندھا ۔ درخت کی ڈالی۔ ٹہنی۔ بیل۔

سکوپ ۔ غضبناک۔ ناخوش۔ خفا۔

سنکوچ ۔ عزت۔ منزلت۔ قدرت۔ تعظیم و تکریم۔

سکھ ۔
سکھا ۔ } دوست۔ محب۔ آشنا۔ ساتھی۔ سنگھی۔ ہمراہی۔ ندیم۔ رشتہ دار

سُکھ ۔
سُکھم ۔ } آرام۔ راحت۔ تندرستی۔ امن۔ تسلی۔ آسائش۔ چین۔
خوشی۔ قناعت۔ فارغ البالی۔

سِکھ ۔ (سِش) چیلا ۔ گرونانک کے پیرو۔
سِکھا ۔ چوٹی ۔ زلف ۔ آنچ ۔ شعلۂ نار ۔ کاکل ۔ گیسو ۔ جعد۔
سُکھاری ۔ سُکھی ۔ آرام۔
سُکھ پال ۔ عورتوں کی ایک قسم کی پالکی ۔ ڈولی۔
سُکھ پوروک ۔ آرام کے ساتھ۔
سُکھت ۔ آسودہ ۔ بآرام ۔ خوش ۔ خوشحال ۔ مرفہ الحال۔
سُکھد ۔ آرام دینے والا ۔ راحت بخش ۔ خوشگوار ۔ دلپذیر۔ دلکشا۔
سُکھدان ۔ راحت بخش ۔ آرام دہ۔
سُکھدایک ۔ } راحت بخش ۔ آرام دہ ۔ فرحت افزا۔
سُکھدائی ۔
سُکھدھام ۔ مکان راحت۔
سِکھر ۔ پہاڑ کی چوٹی ۔ قلۂ کوہ ۔ سرا ۔ سہرا ۔ طرہ ۔ سرتاج ۔ کسی چیز کی اونچائی ۔ پر کے بالوں کا مجموعہ ۔ مندروں کے اوپر کا گنبد۔
سُکھ کر ۔ } آرام دینے والا ۔ راحت رساں۔
سُکھ کارک ۔
سُکھلت ۔ پھیلا ہوا ۔ گرا ہوا ۔ نکلا ہوا۔
سُکھلن ۔ پھسلنا ۔ گرنا۔
سکھی ۔ وہ عورت جو دوسری عورت کی رازدار دمشیر ہو۔ ہمجولی ۔ سہیلی۔
سُکھی ۔ سکھ پانے والا ۔ جسے کسی طرح کی تکلیف نہ ہو ۔ باآرام ۔ باامن ۔ خوش ۔ آسودہ ۔ شاد ۔ خوشحال۔
سُکھیا ۔ آسودہ ۔ مرفہ الحال۔
سُکھیات ۔ مشہور ۔ نیک نام۔

سُکھیاتی ۔ شہرت ۔ نیکنامی ۔ بڑائی
سُکھیہ ۔ دوستی۔
سَنکیت ۔ اشارہ ۔ عاشق اور معشوق کے ملنے کا مقررہ مقام۔
سُگتی ۔ رستگاری ۔ نجات ۔ نیک یا بالاتر مقام پر پہنچنا۔
سگر ۔ زہریلا ۔ زہردار ۔ مسموم ۔ اجودھیا کے ایک راجہ کا نام۔
سگرا ۔ } سارا ۔ سب ۔ پورا ۔ تمام ۔ ہمہ ۔ جمیع ۔ کل ۔ کامل ۔ ہر ایک
سگرو ۔
سگربھ ۔ } بھائی ۔ بہن جو ایک ماں سے ہوں۔
سگربھیہ ۔
سُگریو ۔ کشکندھا کا راجہ سورج کا بیٹا جو سری رام چندر کا دوست تھا ۔ وشنو کی رتھ کا گھوڑا۔
سُگر ۔ پسندیدہ ۔ آراستہ ۔ صاحب فضیلت۔
سُگم ۔ جو سہل سے جانا یا پایا جا سکے ۔ سہج ۔ آسان ۔ اچھا ۔ عمدہ ۔ صاف ۔ قابل فہم۔
سُگمتا ۔ سہولت ۔ آسانی۔
سَگن ۔ (گن کے ساتھ) نیک خو ۔ خداوند تعالیٰ کا وہ روپ جو ستوہ ۔ رج ۔ تم ۔ تینوں گنوں سے ملے ہوئے ہیں جیسے رامچندر ۔ کرشن وغیرہ اوتار ۔ واجب الوجود۔
سُگن ۔ شگون ۔ پیشین گوئی۔
سُگندھ ۔ اچھی بو ۔ خوشبو ۔ مجازاً کافور۔
سُگندھت ۔ (سُ نیک) جس میں اچھی بو ہو ۔ خوشبودار معطر۔
سگوتر ۔ ہم گوتر ۔ ایک ہی خاندان کا۔

سُگھٹ ۔ اچھا بنا ہوا ۔ سڈول۔
سُگھٹت ۔ (سُ نیک) اچھا بنایا گیا۔

شُگندھ - (سُ اچھا) خوبصورت - ستھرا - دلکش - بہت اچھا -

سگھن - گنجان - موٹا - کثیف - گہرا - ژرف -

سگیان - } عقل کے ساتھ یعنی عاقل - دانا -
سگیانی -

سِل - } پتھر - سنگ - حجر - چٹان - کافور -
سِلا -

سَلا - جدول - سطر - جراحون کا ایک آلہ جس سے زخم کی گہرائی دریافت کرتے ہیں -

سلاکا - حکومت - حکومت کرنے والا - جراحی کی سلائی -

سُلبھ - (سُ نیک) آسانی سے ہمدست ہونا - آسان - سہل - سہج

سلبھ - پتنگا - ٹڈی -

سِلپ - ہنر - کاریگری - صنعت -

سلِتا - ندی - رود - رودبار -

سلج - (س ساتھ) شرم کے ساتھ یعنی شرمندہ - شرمگیں - شرمسار -

سُلچھن - (سُلکشن) نیک اور محمود علامت - آثار نیک - اخلاق حمیدہ - شگون نیک - عمدگی - خوبی خوبصورتی - حسن -

سَلِل - پانی - آب - موج - لہر - رقیق اور بہنے والی شئے - آسان - سہل -

سلوپ - تھوڑا - اندک - قلیل -

سُلوچن - چشم نیک - عینک -

سُلوچنا - جس عورت کی آنکھیں خوشنما ہوں - حسین عورت - راون کے بیٹے میگھ ناد کی زوجہ کا نام -

شلوک - (شلوک) بیت - فرد - شعر -

سلول - کھلاڑی - شوخ - چنچل -

سلون - } نمکیلا - نمکدار - نمکین - ذائقہ دار - خوبصورت -
سلونا - } سانولا - ہوشیار - دانا - فہیم -

شلیش - ملنا - جڑنا - ملاپ - جوڑ - ذومعنی کلام - ابہام -

شلیشما - نزلہ -

سلیلا - پانی - آب - مار -

سم - اچھی طرح سے - خوبصورتی سے - برابر - یکساں - نیک - عمدہ - اکٹھا - بہت - کُل - تمام - پورا - اعلیٰ - مجموعہ - مشابہ - مانند - مساوی - سامنے - ہمشکل - رونق - ہمراہ - پاس - ساتھ - باہم - پاک - سکون قلب - آفتاب کا ایک برج سے دوسرے برج میں تحویل ہونا - واضح ہو کہ یہ لفظ اکثر متذکرہ معنون میں الفاظ کے ابتدا میں لگایا جاتا ہے - جیسے سمبھوگ - سمیوگ وغیرہ -

سما - برس - سنہ - سال -

سماپت - پورا - تمام - ختم - آخر - انجام - تمت - سب - انتہا - نتیجہ -

سماپتی - آخر - ختم - تمام - خاتمہ - پورا ہونا - ختم ہونا - تمام ہونا -

سماپن - پورا کرنا - ختم کرنا - مجازاً مار ڈالنا -

سماج - مجمع - گروہ - مجلس - سبھا - کمیٹی - قافلہ - طائفہ - انجمن - اسباب - صحبت -

سماجی - وہ گانے اور بجانیوالے جو ناچنے والوں کا ساتھ دیتے ہیں - اہل مجلس - ممبر -

سماچار - کیفیت - خبر - ماجرا - حال - سرگذشت - روایت -

سماچار پتر - اخبار - نیوز پیپر -

سماچار واہک - ہرکارہ - قاصد -

سمادر - عزت - تعظیم -

سمادھ - } کسی یوگی یا سنیاسی کی قبر - مزار - دل کی یکسوئی گیان

سمادھی - } تصور کرنا - مراقبہ کرنا - استغراق - حبس دم -

محویت - حالت یکسوئی - ایک ریاضت کا نام جس کی مدد سے جوگی روح کو عرصۂ معینہ تک جسم سے الگ کرتے ہیں - وہ حالت نفس جس میں عالم - علم اور معلوم تینوں ایک ہو جاتے ہیں -

سمادھان - کسی دلیل کا ٹھیک جواب - اعتراض دور کرنا - تشفی دینا - راضی کرنا - شک دور کرنا - جواب دینا - دلاسا صلح - تصفیہ - فیصلہ - اطمینان - یکسوئی قلب جانب خالق مطلق -

سمارادھن - اچھی طرح پوجا (پرستش) کرنا -

سمارجک -
سمارجنی - } جھاڑو - جاروب - کوچی - برش -

سمارک - یاد دلانے والا - ہوش - خیال -

سمارمبھ - اچھی طرح شروع کرنا -

سماروپ -
سماروپن - } الزام لگانا - عیب لگانا -

سماروہ - کرّوفر - دھوم دھام - بھیڑ بھاڑ - مجمع عام - میلا -

سماس - اختصار - خلاصہ - انتخاب - مختصر - ایجاز - لفظ مرکب - بھیڑ - مجمع - اتفاق -

سماسیہ - نظم کا ایک قطعہ -

سماشرئے - سہارا - مدد -

سماکرشن - جمع کرنا - تحصیل -

سماکل - پریشان - متفکر - مغموم -

سماکھیات - شہرت - ناموری -

سماگت - آیا ہوا - ملا ہوا - پہنچا ہوا - آمد -

سماگتی - ملنا - اتفاق -

سماگم - آنا - ملنا - میل - ملاپ - میل جول - شرکت - مصاحبت - ملاقات - مجمع - بھیڑ بھاڑ - میلا - انبوہ -

سمالوچنا - اچھی طرح دیکھنا بھالنا - کسی چیز کے حالات کو دریافت کرنا - غور - تجسس -

سمان - برابر - موافق - مطابق - مناسب - مشابہ - ہمشکل - مساوی - بموجب - کافی - واجب - یکساں - ہمسر - مانند - ایک طرح - مثل - پانچ پرانوں میں سے ایک پران

سمّان - عزت - حرمت - توقیر - شہرت -

سمانا - بھرنا - پورنا -

سمّانت - عزت دار - معزز - جس کی عزت کی گئی ہو -

سمانتا -
سمانتوہ - } مشابہت - برابری - ہمشکل - ہمتا - ہمسر -

سمانودک - گیارھویں پشت سے چودھویں پشت تک جن کے آبا و اجداد (باپ دادے) ایک ہوں -

سمائی - صبر - تحمل - قدرت - لیاقت -

سمّانیہ - معزز -

سماورت -
سماورتن - } واپس آنا -

سماویش - ایک ساتھ یا ایک جگہ رہنا - شامل ہونا -

سماہار - بہت سی چیزوں کو ایک جگہ اکٹھا کرنا -

سماہت - مشغول - مطمئن - قائم - غیر متحرک -

سماہوان - پکارنا - بلانا - طلب کرنا -

سمایوگ - بہت سے لوگوں کا ایک جگہ جمع ہونا -

سمباؤ ۔ (سمواد) بات چیت ۔ گفتگو ۔ تقریر ۔ بحث ۔ مکالمہ
مباحثہ ۔ تکرار لفظی کسی کیفیت کی اطلاع ۔
سمباوھ ۔ سختی ۔ بھیڑ ۔ انبوہ ۔ تکلیف ۔
سمباودھک ۔ دبانے والا ۔ ستانے والا ۔ تنگ کرنیوالا
تکلیف دینے والا ۔
سمبت ۔ سال ۔ سنہ ۔ ساکھا ۔
سمبدھ ۔ سمجھایا گیا ۔
سمبدھ ۔ باندھا ہوا ۔ جڑا ہوا ۔ لگا ہوا ۔
سمبر ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ پانی ۔ آب ۔
سمبل ۔ توشہ ۔ زادراہ ۔ پانی ۔
سمبلت ۔ سمیت ۔ مع ۔
سمبندھ ۔ تعلق ۔ رشتہ ۔ ناتا ۔ لگاؤ ۔ واسطہ ۔ نسبت
میل ۔ رشتہ داری ۔ راہ و رسم ۔ قرابت ۔ خویشی ۔
عزیزداری ۔ قافیہ شعر کا ۔
سمبندھو ۔ بھائی برادر ۔ رشتہ دار ۔
سمبندھی ۔ تعلق رکھنے والا ۔ ناتادار ۔ قرابتدار ۔ رشتہ دار
خویش ۔ عزیز ۔ بیٹا یا بیٹی کا خسر ۔ پوتی ۔ نواسی ۔
مضاف ۔
سمبودھت ۔ جتایا گیا ۔ پکارا گیا ۔ منادی ۔
سمبودھک ۔ جتانیوالا ۔ منادی کرنیوالا ۔
سمبودھن ۔ نیند سے جگانا ۔ پکارنا ۔ بلانا ۔ جتلانا ۔ سامنے کرنا ۔
پکارنا ۔ مخاطب کرنا ۔ سمجھانا ۔ تشفی دینا ۔ مخاطب ۔ تسلی ۔
ترغیب ۔ دلاسا ۔ تسکین ۔ حرف ندا ۔
سمبھو ۔ والد ۔ مورث ۔
سمبھار ۔ جمع کرنا ۔ اکٹھا کرنا ۔ تیاری ۔ سامان ۔

سمبھارنا ۔ سنبھالنا ۔ تھامنا ۔ پکڑنا ۔ مدد دینا ۔ سہارا دینا ۔
سمبھاش ۔ } بول چال ۔ بات چیت ۔ گفتگو ۔ تقریر ۔ کلام ۔
سمبھاشن ۔ } سخن ۔ ہم بستری ۔
سمبھاو ۔ ایک ہی طبیعت اور خاصیت کا ۔ برابری ۔ مطابقت
مشابہت ۔
سمبھاوت ۔ ممکن ۔
سمبھاونا ۔ ممکن ہونا ۔ خواہش ۔ تمنا ۔ شک ۔ شبہہ ۔ دل میں
کسی ایک امر کے متعلق یقین کرنا ۔ عزت ۔ توقیر ۔
قابلیت ۔ شہرت ۔
سمبھرم ۔ جلدی ۔ زودی ۔ گھبراہٹ ۔ پریشانی ۔ ہڑبڑی ۔
ڈر ۔ عزت ۔ توقیر ۔ خاطرداری ۔ گھومنا ۔
سمبھو ۔ ہوسکنا ۔ یقین ۔ ممکن ۔ لائق ۔ ٹھیک ۔ قابل ۔ زیبا ۔
سزاوار ۔ ہونہار ۔ ہونے کے قابل ۔ پیدائش ۔ میل ملاپ ۔
صحبت ۔ سبب ۔ جان پہچان ۔ لیاقت ۔ نقصان ۔
ٹھیک ۔ پیدا ہونا ۔
سمبھوجن ۔ سب ساتھ ملکر کھانا ۔
سمبھوگ ۔ مباشرت ۔ مجامعت ۔ ہم بستری ۔ عیش و عشرت ۔
سکھ ۔ خوشی ۔ فرحت ۔ کامرانی ۔ تصرف ۔
سمبھوگی ۔ عیاش ۔
سمپات ۔ ایک ہی بار گرنا ۔ ٹوٹ پڑنا ۔ میل ۔ ملاپ ۔
پہنچ ۔ رسائی ۔ ملنے کی جگہ ۔ تیار ۔ موجود ۔ خط مماس ۔
سمپاتی ۔ جٹایو (گدھ) کا بھائی جس کا ذکر رامائن میں ہے ۔
سمپاوت ۔ حاصل کیا گیا ۔
سمپادک ۔ حاصل کرنے والا ۔ پیدا کرنے والا ۔ پورا کرنیوالا
کہنے والا ۔ تالیف کرنیوالا ۔ جمع کرنے والا ۔ کارندہ ۔

مُرتّب ۔ ایڈیٹر۔

سَمپادَن ۔ کسی کام کو پورا کرنا ۔ انجام دینا ۔ درست کرنا ۔ جمع کرنا ۔ تیار کرنا کسی کتاب کو مرتّب کرنا ۔

سَمپَت ۔ دھن دولت ۔ مرفہ الحالی ۔ اقبالمندی ۔ کامیابی اختیار ۔ فائدہ ۔ خزانہ ۔ جوڑ ۔ اتصال ۔

سَمپَتِی ۔ دھن ۔ دولت ۔ مال ومنال ۔ جائداد ۔ ملکیت ۔ سُکھ چین ۔ قسمت ۔

سَمپُٹ ۔ ظرف کی طرح کی کوئی چیز جس میں بھرنے کے لئے خالی جگہ ہو ۔ دونا ۔ انجلی ۔ کشکول ۔ ٹھیکرا ۔ ڈبیا ۔ صندوق ۔ ڈِلیا ۔

سَمپُٹَک ۔ پٹارا ۔ ڈبیا ۔

سَمپُٹی ۔ چھوٹی کٹوری یا تھالی جس میں پوجا وغیرہ کا سامان رکھا جاتا ہے ۔

سَمپَد ۔ سَمپَدا ۔ دھن دولت ۔ مال ومنال ۔ نعمت ۔ اقبالمندی ۔ جائداد ۔ عیش وعشرت ۔

سَمپَراپت ۔ حاصل کیا گیا ۔ پایا ہوا ۔ جوڑا ہوا ۔

سَمپَراپتِی ۔ پہنچنا ۔ فائدہ ہونا ۔ حاصل ہونا ۔

سَمپَرائے ۔ موت ۔ مرگ ۔ لڑائی ۔ جھگڑا ۔ آفت ۔

سَمپَرتِی ۔ اب ۔ اِس وقت ۔ ابھی ۔ آجکل ۔ بالمواجہ ۔ ٹھیک طور سے ۔

سَمپَردا ۔ دیدینا ۔

سَمپَردان ۔ عطیہ ۔ بخشش ۔ داو ودہش ۔ دان دینا ۔

سَمپَردائے ۔ دینے والا ۔ داتا ۔ طریقۂ خاندان ۔ وہ رسوم یا منتر جو بزرگوں سے چلے آتے ہوں ۔ راستہ ۔

سَمپَرسادھن ۔ ختم کرنا ۔ پورا کرنا ۔

سَمپَرستھان ۔ سفر کے لئے نکلنا ۔

سَمپَرک ۔ لگاؤ ۔ میل ۔ ملاپ ۔ ملاوٹ ۔ صحبت ۔ تعلق ۔ مجامعت ۔ لمس ۔ جوڑ ۔

سَمپَرکت ۔ ملا ہوا ۔ شامل ۔

سَمپَروکشن ۔ خوب پانی چھڑکنا ۔ دھونا ۔

سَمپَریت ۔ خوش ۔ بشاش ۔

سَمپَریکت ۔ جوڑا ہوا ۔ ساتھ کیا ہوا ۔ جوتا ہوا ۔ ملا ہوا ۔ برتا ہوا ۔ استعمال کیا ہوا ۔

سَمپَریکشن ۔ اچھی طرح دیکھنا ۔ جانچنا ۔

سَمپَنّ ۔ پورا کرنا ۔ مکمل ۔ ملا ہوا ۔ ساتھ ۔ بھرا ہوا ۔ بھرپور ۔ شامل ۔ خوشحال ۔ دولتمند ۔ صاحب قسمت ۔

سَمپُورن ۔ پورا ۔ سارا ۔ تمام ۔ سب ۔ سالم ۔ کُل ۔ جمیع ۔ ہمہ ۔ ختم ۔ حسب دستور ۔ جیسا چاہیے ۔ بھرا ہوا ۔

سَمّت ۔ سَمّتِی ۔ منظور کیا گیا ۔ قبول کیا گیا ۔ اقبال کیا گیا ۔ مان لیا گیا ۔ رضامندی ۔ تجویز ۔ رائے ۔ خیال ۔ قیاس ۔ گمان ۔ صلاح ۔ مشورہ کے موافق ۔

سَمّت ۔ سال ۔ سنہ ۔ برس ۔ واضح ہو کہ یہ لفظ اکثر بکرماجیت کے سنہ کے لئے مستعمل ہوتا ہے ۔

سَمَت ۔ مانند ۔ مثل ۔ مشابہ ۔ ایک ہی انداز وپیمانہ کا ۔

سُمَت ۔ نیک خوئی ۔ نکوئی ۔ مہربانی ۔ خیراندیشی ۔ معقولیت ۔ صلح ۔ خیر ۔ رائے نیک ۔ باہمی اقرار ۔ اخلاقی تمیز ۔ خوبی ۔ مروت ۔ لطف ۔

سَمتا ۔ سَمتوہ ۔ برابری ۔ ہمسری ۔ مشابہت ۔ مطابقت ۔ مساوات ۔ مقابلہ ۔ ہمواری ۔ اعتدال ۔

سَمُتپت ۔ آغاز ۔ ابتدا ۔ پیدائش ۔

سُمِترا۔ راجہ دشرتھ کی زوجہ لچھمن کی والدہ کا نام۔

سُمُتسو۔ عید جشن۔

سُمتی۔ نیک عقل۔ نیک خوئی۔

سمتی۔ مجلس۔ سماج۔ لڑائی۔ جنگ۔

سمّتی۔ بچار۔ صلاح۔ رائے۔ مشورہ۔ رضامندی۔

سمّتی پتر۔ راضی نامہ۔ صلح نامہ۔

سمجیا۔ سبھا۔ مجلس۔ نیک نامی۔

سمپا۔ مکمل۔ تمام۔ پورا۔

سمچت۔ بالکل درست۔ مناسب۔ معقول۔

سمچھت۔ برباد۔ تباہی۔ چھوڑا ہوا۔ ترک کیا ہوا۔

سمچھید۔ / سمچھیدن۔ } جڑ سے اکھاڑنا۔ برباد کرنا۔

سمچّے۔ بہت سی چیزوں کا اکٹھا کرنا۔ ڈھیر۔ انبار۔ مخزن۔ گروہ۔ کلام کا میل۔ عطف۔

سمدائے۔ انبار۔ ڈھیر۔ جماعت۔ انبوہ۔ گروہ۔ جھنڈ۔ سب

سمدبھو۔ پیدائش۔ ہوم کی آگ۔

سمدر۔ سمندر۔ دریا۔ بحر۔

سمدرانت۔ کنارہ دریا۔ بندرگاہ۔

سمدر پھین۔ کف دریا یا جھاگ۔

سمدر کف۔ / سمدر فین۔ } کف دریا یا جھاگ جو دریا کے کناری پایا جاتا ہے۔

سمدر کھار۔ سنکھیا۔ سم الفار۔

سمدریاترا۔ / سمدریان۔ } (جاترا) سفر دریا۔

سمدکھ۔ ہمدردی کرنا۔ کسی کے رنج و دکھ میں شریک ہونا۔

سمدواہ۔ بیاہ۔ شادی۔

سمدھ۔ لکڑی کے وہ ٹکڑے جو ہوم کے وقت آگ میں جلاتے ہیں۔ ایندھن۔

سمدھن۔ بیٹے یا بیٹی کی ساس۔

سمدھی۔ سگا۔ ناتہ دار۔ بیٹے یا بیٹی کا خسر۔

سمدھیانا۔ سمدھی کا گھرانا۔

سمدیم۔ شروع۔ آغاز۔ کام۔ فعل۔

سمر۔ لڑائی۔ جنگ۔ حرب۔

سُمر۔ ذکر۔ یاد۔

سمراج۔ / سمرات۔ } کل دنیا کا مالک۔ شہنشاہ۔ ایمپرر۔

سمرادھن۔ ہر طرح سے خدمت کرنا۔ پوجا کرنا۔ پرستش کرنا۔ دھیان کرنا۔ سوچنا۔

سمراگنی۔ شہنشاہ کی بیوی۔

سمربھومی۔ میدان جنگ۔ نبردگاہ۔

سمرپت۔ سپرد کیا ہوا۔ حوالہ کیا گیا۔ دیا ہوا۔ منتقل کیا گیا۔

سمرپن۔ کسی کو کوئی چیز احترام کے ساتھ دینا۔ سونپنا۔ سپرد کرنا۔ نذر۔

سمرپنا۔ دیوتا کو بھینٹ دینا۔ سونپنا۔ نذر کر دینا۔

سُمرت۔ یاد۔ حافظہ۔ تذکرہ۔ ذکر۔ یادداشت۔ روایت۔ حدیث۔ یاد رکھنا۔

سمرتھ۔ طاقت۔ قوت۔ قدرت۔ زور۔ توانائی۔ توانا۔
قادر۔ لائق۔ طاقتور۔ صاحب قدرت۔ امیر۔

سمرتھتا۔ طاقت۔ قوت۔ قدرت۔

سمرتھن۔ نظائر سے ثابت کرنا۔ تائید کرنا۔

سمرتھنا۔ سفارش کرنا۔

سمرتھی۔ صاحب قدرت۔ زور آور۔ قادر۔

سمرتی۔ یاد۔ حافظہ۔ ہوش۔ مجموعہ قوانین دھرم شاستر جو اٹھارہ ہیں جن کو رکھیشروں نے احکام بید کے مطابق مرتب کیا ہے۔ جیسے منوسمرتی۔ وغیرہ۔ وہ رواجات جو نسلاً بعد نسلٍ زبانی چلے آتے ہیں منقولات۔

سمردھ۔ گھیرا ہوا۔ روکا ہوا۔ ڈھکا ہوا۔ منع کیا ہوا۔ انکار۔ زیادتی۔ دولتمند۔ قادر۔

سمردھی۔ بڑی ترقی۔ ازبس افزونی۔ کثرت۔ مجازاً امیری۔

سمرشیا۔ میدان جنگ۔ نبردگاہ۔

سمرکشن۔ حفاظت۔ دیکھ بھال۔

سمرمبھ۔ ابتدار۔ آغاز۔ غصہ۔ غضب۔ تیزی۔

سمرن۔ / سُمرن۔ } یاد۔ دھیان۔ ذکر۔ نام لینا۔ یاد کرنا۔ کسی مضمون کو لگاتار رٹنا۔ مالا جپنا۔ ورد۔ غیر مرئی شے کا علم۔ تسبیح۔ مالا۔

سُمرن۔ دعائیں جو تسبیح پر پڑھی جاتی ہیں۔ ورد۔ وظیفہ۔ یاد۔

سمرنا۔ / سُمرنا۔ } یاد کرنا۔ ذکر کرنا۔ نام لینا۔ مالا۔ تسبیح۔

سمرمبھ۔ لینا۔ پکڑنا۔ لالچ۔ شوق۔ غصہ۔

سمروپ۔ مشابہت۔ یکسانیت۔

سمسار۔ (سنسار) لگاتار ایک حالت سے دوسری حالت میں داخل ہوتے رہنا۔ بار بار پیدا ہونے کا سلسلہ آواگمن۔ دنیا۔ زندگی کا جنجال۔

سمساری۔ دنیا کا۔ دنیوی۔

سمشان۔ مُردوں کو جلانے کا مقام۔ مرگھٹ۔ گورستان۔

سمسپرش۔ اچھی طرح لمس کرنا یعنی چھونا۔ ایک جسم کا دوسرے جسم کے ساتھ لگنا۔

سمست۔ سب۔ سارا۔ پورا۔ تمام۔ کُل۔ سالم۔ ہمہ۔ جمیع۔ مرکب۔

سمستتو۔ تعریف۔ ثنا۔

سمستھا۔ ٹھہراو۔ حالت۔ طریقہ۔ نیم۔ روپ۔ شکل۔ گُن۔ صفت۔ خاتمہ۔ موت۔ فنا۔ قیامت۔ انجمن۔ کمیٹی۔ گروہ۔ جتھا۔ سماج۔ حکم شاہی۔

سمستھاپن۔ کھڑا کرنا۔ اٹھانا۔ تیار کرنا۔ جمانا۔ بٹھانا۔ کوئی نئی بات پیدا کرنا۔ نیا کام جاری کرنا۔

سمستھان۔ ٹھہرنا۔ جمع ہونا۔ اچھی طرح پرورش کرنا۔ تمام لوگوں کے رہنے یا جمع ہونے کا مقام۔ داوری کی جگہ۔ راجاؤں کے رہنے کا مقام۔ گھر۔ مکان۔ بستی۔ قصبہ۔ برقرار۔ قیام۔ شکل۔ رونق۔ خصلت۔ حالت۔ جوڑ۔ ختم۔ فنا۔ موت۔ بناوٹ۔ پورا۔

سمستھت۔ ٹکا ہوا۔ گھرا ہوا۔ بیٹھا ہوا۔

سمسد۔ / سمست۔ } سماج۔ سبھا۔ مجلس۔ جماعت۔ دربار۔ عدالت۔

سمسرگ۔ رشتہ داری۔ شرکت۔ تعلق۔ میل۔ ملاپ۔ صحبت۔ ساتھ بیٹھنا۔ زن و مرد کی صحبت۔

سمسرگی۔ رشتہ دار۔

سمسکار - کسی چیز میں سے اس کے عیوب نکال کر عمدہ
سمسکرن - خاصیت پیدا کرنا - ٹھیک کرنا - درست کرنا -
سجانا - صفائی - مرمت - پاک کرنے کا طریقہ -
قسمت -

سمسکرت - صاف و پاک کیا ہوا - سدھارا ہوا - آراستہ کیا ہوا - اعلیٰ - ایک مشہور زبان جسے بید بانی - یا دیو بانی یعنی دیوتاؤں کی زبان کہتے ہیں -

سمسکرن - ٹھیک کرنا - درست کرنا سجانا - پاک کرنا - سدھارنا - نظر ثانی کرنا - مکرر دیکھنا -

سمسکھلن - گرنا - چوک جانا - بھولنا -

سمسمرن - خوب یاد کرنا - اچھی طرح نام لینا -

سمسیا - دقت طلب سوال نظم کی ترکیب میں دیا ہوا کوئی حصہ (جزو) طرز - طرح - اشارہ -

شمشان - مردوں کو جلانے یا دفن کرنے کا مقام - مرگھٹ -

سمشتا - اکٹھا ہونا - جمع ہونا -

سمشٹی - آپس میں - باہم - مشترک - کل -

سمشرے - میل تعلق - لگاؤ - ذریعہ - پرورش - پناہ سہارا -

سمشودھن - ترمیم کرنا - پاک و صاف کرنا - دوبارہ دیکھنا غور سے دیکھنا - نظر ثانی کرنا -

سمشیا شمن - ڈانواں ڈول دل -

سمشیہ
سمشے - شک - شبہہ - گمان -

سمکش - آنکھوں کے سامنے - روبرو - بالمواجہ - بالمشافہ -

سُمکھ - خوبرو - حسین - عالم -

سمکھ - سامنے - روبرو - آگے - مقابل -

سُمکھی - خوبصورت (عورت) حسینہ -

سمگدھ - فریفتہ و شیفتہ کیا گیا - بدحواس کیا ہوا -

سمگر - سارا - سب - پورا - تمام - کل - ہمہ - جملہ -

سنگم - ملاقات - جان پہچان -

سمگیا - نیک نامی - شہرت -

سمگیا - نام - اسم - ہوش - عقل - متحرک - جنیو -

سمل - میلا - غلیظ - گندہ - گنہ گار -

سملپن
سملاپ - ادھر ادھر کی گفتگو - گپ شپ -

سم لگن - ملا ہوا - شامل -

سُمن - نیک طبیعت والا - نیک خو - پھول - گل -

سم ملت - ملا ہوا - شامل -

سُمنا - چمیلی - مالتی -

سُمنت - راجہ دشرتھ کا وزیر اور رتھبان -

سمنتات - چاروں طرف سے - سب - تمام -

سُمنتر - مشورۂ نیک - صلاح سعید -

سُمنترک - (نیک مشورہ دینے والا) وزیر - مشیر -

سمنجس - ٹھیک - مناسب - درست - جسے کسی بات کی عادت ہو -

سمندر - دیکھو (سمدر) - بحر -

سمندر پھین - کف دریا -

سُمنگل - نہایت نیک - اسعد - مبارک تر -

سمنوت - سمیت - ساتھ - باہم ملا ہوا - بے روک ٹوک

سُمنوہر - دل خوش کن -

سمنوے - ملاپ - دوستی -

سَمَے ۔ وقت ۔ موسم ۔ ہنگام ۔

سَمْوَادْ ۔ بات چیت ۔ گفتگو ۔ بحث ۔ خبر ۔ حال ۔ کیفیت ۔ تذکرہ ۔ پیغام ۔

سَمْوَادَنْ ۔ گفتگو ۔ بات چیت ۔

سَمْوَارْنَا ۔ سُدھارنا ۔ سجانا ۔ تیار کرنا ۔

سَمْوَاسْ ۔ ساتھ رہنا سہنا ۔

سَمْوَاہَنْ ۔ لیجانا ۔ ڈھونا ۔ پہنچانا ۔ چلانا ۔ مالش کرنا ۔ دبانا

سَمْوَائے ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ میل ۔ اتفاق ۔ دائمی تعلق ۔ تعلق لاینفک ۔

سَمْوَائے کَارَنْ ۔ سبب مادّی ۔ علت مادی ۔

سَمْوَتْ ۔ (سمبت) راجہ بکرماجیت کا چلایا ہوا برس ۔ سال ۔ سنہ ۔

سَمْوَتْسَرْ ۔ برس ۔ سال ۔ سنہ ۔

سَمْوَتْسَرِی ۔ ہر وہ رسم جو سال میں ایک بار آجایا کرے ۔

سَمْوَچا ۔ سارا ۔ پورا ۔ سب کا سب ۔ تمام ۔ کامل ۔ کُل ۔

سَمُوچِت ۔ ٹھیک ۔ واجب ۔ دُرست ۔

سَمْوِدْ ۔ سمجھ ۔ عقل ۔ قرار ۔ سمجھوتا ۔ تدبیر ۔

سَمْوُدْ ۔ خوشی ۔ بشاشت ۔ بہجت ۔

سَمْوُدھا ۔ رہنا سہنا ۔ آچار بچار ۔ ڈول ۔

سَمْوَرْ ۔ روک ۔ دور کرنا ۔ حواس کو قبضہ میں رکھنا ۔ دل کو قابو میں رکھنا ۔

سَمْوَرْتَکْ ۔ فنا یا نابود کرنے والا ۔

سَمْوَرْدّھ ۔ بڑھا ہوا ۔ ترقی ۔ زیادتی ۔ کثرت ۔

سَمْوَرْدھَن ۔ بڑھانا ۔ پالنا ۔ ترقی دینا ۔

سَمْوَرَنْ ۔ ڈھکنا ۔

سَمُول ۔ جڑ کے ساتھ جس کا کوئی سبب ہو ۔

سَمُونا ۔ ٹھنڈے اور گرم پانی کو ملا کر معتدل کرنا ۔

سَمُوہ ۔ بے وقوفی ۔ بے حواسی ۔ بہکانا ۔ بھلانا ۔

سَمُوہ ۔ بھیڑ بھاڑ ۔ جھنڈ ۔ مجمع ۔ ڈھیر ۔ انبار ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ ذخیرہ ۔ جتھا ۔ ٹھوک ۔

سَمُوہِت ۔ ملایا ہوا ۔ اکٹھا کیا ہوا ۔ جمع کیا ہوا ۔

سَمُویدنا ۔ ہمدردی ۔

سَمَہ ۔ برابر ۔ موافق ۔ مشابہت ۔ سب ۔ پورا ۔ دو ۔ چار وغیرہ کا عدد ۔ سادھو ۔

سَمَہ دَرْشِی ۔
سَمَہ دَرْشَن ۔
سَمَہ دَرْشی ۔
} دونوں جانب برابر دیکھنے والا ۔ جملہ مخلوقات عالم کو ایک نظر سے دیکھنے والا ۔ غیر جانبدار ۔ غیر طرفدار ۔ بے تعصب ۔

سِمْہَہ ۔ شرزہ ۔ شیر ۔ ببر ۔ برج اسد ۔ ایک خطاب ۔

سَمْہَار ۔ قتل ۔ نابودی ۔ تباہی ۔ بربادی ۔ قیامت ۔ ایک دوزخ کا نام ۔

سَمْہَارْنا ۔ جان سے مار ڈالنا ۔ برباد کرنا ۔

سِمْہَاسَن ۔ (سنگھاسن) تخت شاہی ۔

سَمْہِتا ۔ میل ۔ ملاپ ۔ منو وغیرہ رشیوں کے لکھے ہوئے سمرتی یا دھرم شاستر کی ۱۹ کتابیں ۔ پُران ۔ بید کا حصہ واضح ہو کہ ہر مصنف کے جُدا گانہ شاستر ہیں ۔ اور ان کے ناموں کے ساتھ موسوم ہیں ۔

سِمْہَہ دوار ۔ صدر دروازہ ۔ بڑا دروازہ ۔

سِمْہَہ ناد ۔ میدان جنگ میں بہادروں کی شیر کی جیسی

سِمْہنی ۔ شیرنی ۔ شیر مادہ ۔

سَمَہ یَگیہ ۔ وہ جو موقع کا خیال رکھتا ہو ۔ موقع اور محل

کے ساتھ چلنے والا۔ ابن الوقت۔

سمئے ۔
سمیا ۔ } وقت۔ موسم۔ فرصت۔ موقع۔ ہنگام۔ زمانہ۔ عصر۔ ضرورت۔
سمَی ۔

سمیپ۔ نزدیک۔ قریب۔ پاس۔ متصل۔

سمیپتا۔ قربت۔ نزدیکی۔

سمیپی۔ نزدیکی۔ قریبی۔ اتصال۔

سمیت۔ ساتھ۔ ہمراہ۔ مع۔ بامعیت۔ شامل۔

سمیُت۔ ملاہوا۔ لگاہوا۔

سمیچین۔ سچ۔ صحیح۔ ٹھیک۔ عمدہ۔ درست۔ واجب۔ لائق۔ بہت اچھا۔ اعلیٰ۔

سمیر۔
سمیرن۔ } ہوا۔ باد۔

سُمیرو۔ ایک پہاڑ کا نام۔ قطب شمالی (ستارہ) تسبیح کا سب سے بڑا دانہ یعنی امام۔

سمیک۔ پورا۔ سب۔ سب طرح سے۔ اچھی طرح سے۔ ٹھیک طور پر۔ مناسب طرح سے۔ لیاقت کے ساتھ

سمیکت۔ ملاہوا۔ جڑا ہوا۔ لگا ہوا۔ شامل۔

سمیکرن۔ برابر کرنا۔ ایک طرح کی گنتی۔

سمیکش
سمیکشن۔ } اچھی طرح دیکھنا۔

سمیگ۔ میل ملاپ۔ بھڑنا۔ لڑائی۔ جنگ۔

سُمیل۔ مناسب۔ خوش خو۔ شایاں۔ لائق۔ پسندیدہ۔ شائستہ مہذب۔

سمیلن۔ ایک جگہ جمع ہونا۔ جگھٹ۔ میل ملاپ۔

سمیم۔ طریقہ میں رہنا۔ چلنا۔ قبضہ میں لانا۔ ضبط کرنا۔ رکاوٹ۔ پرہیز۔ بندش۔ روزہ کے دن کئی چیزوں کے کھانے پینے کی احتیاط۔

سمیمی۔ جس نے حواسوں پر فتح حاصل کی ہو۔ منی رشی۔

سمیوجت۔ ملایا گیا۔

سمیوجنا۔ انتظام۔

سمیوگ۔ میل۔ ملاپ۔ شرکت۔ اتفاق۔ جوڑ۔ میزان۔ مشورہ۔ لگاؤ۔ تعلق۔ صحبت۔ تعلق زناشوئی۔

سمیہا۔ شرم۔ حیا۔

سن۔ ساتھ۔ باہم۔ سے۔

سنّا۔ ملنا۔ جڑنا۔

سُنّا۔ خالی۔ صفر۔ نقطہ۔

سُنابھ۔ پہاڑ۔ کوہ۔

سناتک۔ فارغ التعلیم۔

سناتن۔ کہنہ۔ قدیم۔ پرانا۔ ابتدائی۔ ازلی۔ ابدی۔ دائمی۔ جاودانی۔ ہمیشہ کا۔ برہما اور وشنو۔

سناتن دھرم۔ قدیم دھرم۔ آباواجداد کا دھرم۔ عام طور پر مروجہ ہندو دھرم۔

سناتنی۔ جو زمانہ دراز سے چلا آتا ہو۔ سناتن یعنی آباواجداد کے دھرم پر چلنے والا۔

سناتھ۔ جس کا مالک یا وارث ہو۔ وہ بندہ جس کا آقا ہو۔ شوہر والی عورت۔

سُناری۔ (سُ بمعنی نیک) خوبصورت اور نیک عورت۔

سنان۔ نہانا۔ غسل کرنا۔ غسل۔

سنان ستھان۔ حمام خانہ۔

سَنّاہ ۔ بکتر جو جنگ کے وقت پہنتے ہیں۔

سَنّبھ ۔ برابر ۔ ہمشکل ۔ ملتا جلتا۔

سَنّپات ۔ سرسام کی بیماری۔

سَنت ۔ سادھو ۔ سنیاسی ۔ عابد ۔ پارسا ۔ ولی ۔ عارف ۔ زاہد۔

سَنّتِ ۔ تعظیم ۔ عزت۔

سَنتا ۔ محروم ۔ بخیل۔

سَنتاپ ۔ گرمی ۔ حرارت ۔ دُکھ ۔ غم ۔ رنج ۔ فکر ۔ تکلیف۔
درد ۔ مصیبت ۔ پریشانی ۔ سوچ ۔ غصہ ۔ حسد۔

سَنتاپت ۔ } حرارت یافتہ ۔ غم زدہ ۔ مغموم ۔ متفکر ۔ محزون۔
سَنتاپی ۔ } پریشان حال۔

سَنتاپک ۔ رنج دینے والا۔

سَنتان ۔ لڑکے بالے ۔ بال بچے ۔ عیال و اطفال ۔ آل اولاد۔
خاندان ۔ نسل ۔ دودمان۔

سَنتپت ۔ تپا ہوا ۔ جلا ہوا ۔ تھکا ہوا ۔ ستایا ہوا ۔ مصیبت زدہ۔
گرم ۔ دکھی۔

سَنتت ۔ لگاتار ۔ ہمیشہ ۔ دائم ۔ برابر ۔ کشادہ ۔ پھیلا ہوا۔

سَنتتی ۔ بال بچے ۔ اولاد ۔ نسل ۔ خاندان ۔ پھیلاؤ ۔ جھنڈ ۔ گروہ۔

سَنترپن ۔ خواہش پوری کرنا ۔ اچھی طرح اطمینان کرنا۔

سَنتشٹ ۔ خوش ۔ بشاش ۔ مسرور ۔ تسکین ۔ قانع ۔ راضی۔
متحمل ۔ آسودہ حال ۔ خوشی کے ساتھ ۔ آرام سے۔

سَنتشٹتا ۔ تسلی ۔ قناعت۔

سَنتشٹی ۔ خوشی ۔ بشاشت ۔ صبر ۔ قناعت۔

سَنت کمار ۔ برہما کا بیٹا ۔ سنک منی کا نام۔

سَنتمس ۔ اندھیرا ۔ تاریک ۔ عشق۔

سَنتنا ۔ معذرت ۔ پردہ پوشی ۔ تسلی ۔ دلاسا۔

سَنتوش ۔ } خوشی ۔ تسلی ۔ قناعت ۔ صبر ۔ سُکھ ۔ راحت ۔ تسکین۔
سَنتوشن ۔ } اطمینان ۔ راضی بہ رضا۔

سَنتوشِت ۔ خوش ۔ بشاش۔

سَنتوش دایک ۔ خوشی دینے والا ۔ مسرت بخش۔

سَنتوشک ۔ خوش کرنے والا ۔ مسرت دینے والا۔

سَنتوشی ۔ خوش رہنے والا ۔ رضامند ۔ صابر ۔ قانع۔

سَنتوکھ ۔ دیکھو (سَنتوش)

سَنتھا ۔ سبق ۔ درس ۔ پڑھنا۔

سَنجات ۔ پیدائش۔

سِنجت ۔ آواز ۔ جھنک ۔ جھنکار۔

سَنجگت ۔ (سَنیگت) ملا ہوا ۔ شامل ۔ پیوستہ ۔ مرکب۔
منضم ۔ اشتراک۔

سَنجم ۔ روک ۔ ممانعت ۔ تاخیر ۔ صبر ۔ پابندی ۔ پرہیز۔
چند مقررہ ایام میں کسی خاص غذا سے پرہیز کرنا ۔ دل کا
روکنا یا پاک رہنا ۔ فرمودہ شاستر کا عمل۔

سَنجمی ۔ پرہیزگار ۔ متقی ۔ معتدل۔

سَنجوگ ۔ (سَنیوگ) حادثہ ۔ اتفاق ۔ ملاپ ۔ ملاقات۔
جماعت ۔ سبھا ۔ واقعہ ۔ بخت ۔ وصل ۔ پیوستگی۔
میل ۔ اتصال ۔ موقع ۔ قران السعدین۔

سَنجوگی ۔ (سَنیوگی) ملا ہوا ۔ گہری ملاقات ۔ وہ زاہد جو شرائط
تجرد کے خلاف اہل و عیال رکھتا ہو۔

سَنجھا ۔ (سَندھیا) شام ۔ صبح ۔ ظہر ۔ شام کی دعا۔

سَنجیو ۔ مرے ہوئے کو زندہ کرنا ۔ بار دیگر زندہ کرنا۔

سَنجیون ۔ جان ڈالنا ۔ جان پیدا کرنا۔

سَنجیونی ۔ مردے کا زندہ کرنے والی۔

سنجیونی ودیا۔ (ودّیا) علم احیائے اموات یعنی وہ علم جس سے مردہ کو زندہ کریں۔

سنچار۔ پھیلاؤ۔ سیر۔ شروع۔ آغاز۔ داخلہ۔ سرایت۔ سیارگان کا ایک برج سے دوسرے برج میں داخل ہونا۔

سنچارک۔ رہبر۔ رہنما۔

سنچارکا۔ پیغام لیجانیوالی عورت۔ کُٹنی۔

سنچارن۔ پھیلاؤ۔ سفر۔

سنچالن۔ چلانا۔ پھیلانا۔

سنچت۔ اکٹھا کیا ہوا۔ جمع کیا ہوا۔ ڈھیر لگایا گیا۔ بٹورا ہوا۔ اندوختہ۔ مجموعہ قوانین کا باقاعدہ فراہم کیا ہوا۔ وہ اعمال نیک و بد جو جنم جنمانتر سے جمع ہیں۔ سابقہ۔

سنچت کرم۔ تقدیر۔ قسمت۔

سنچر۔ چلنا۔ پھرنا۔

سنچرن۔ چلنا۔ پھرنا۔ پھیلانا۔ کانپنا۔

سنچلن۔ ہلنا۔ چلنا۔ پھرنا۔ کانپنا۔

سینچن۔
شینچن۔ } پانی چھڑکنا۔

سنچنا۔
سانچنا۔ } اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔

سنچھپت۔ (سنکشپت) خلاصہ۔ مختصر۔ اختصار۔ ایجاز۔

سنچھوپ۔ (سنکشوپ) کانپنا۔ الٹ پلٹ۔ گھمنڈ۔ شوخی۔

سنچھیے۔ (سنکشئے) بربادی۔ تباہی۔

سنچھیپ۔ (سنکشیپ) کم کرنا۔ مختصر کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ گھٹانا۔ مختصر۔ اختصار۔ خلاصہ۔ اجمال۔

سنچھیپن۔ (سنکشیپن) کانٹ چھانٹ۔ اختصار۔ خلاصہ۔ ایجاز۔

سنچے۔ ڈھیر۔ انبار۔ مقدار۔ تعداد۔ سرمایہ۔ بچت۔ جمع۔ ذخیرہ۔ مخزن۔ تھیلی۔ کیسہ۔ جمع کرنا۔ مقدار۔ راس المال۔

سنچیت۔ مطمئن۔ ہوشیار۔ خبردار۔

سنچین۔ جمع کرنا۔

سُندر۔ خوبصورت۔ (مرد) حسین۔ خوشنما۔ نیک۔ عمدہ۔ بھلا۔ سڈول۔ اچھا۔ بہتر۔

سُندُر۔
سُندُھر۔ } ہاتھی۔ فیل۔

سندربھ۔ موقع۔ اتفاق۔ بناوٹ۔ پھیلاؤ۔ انتظام۔

سُندرتا۔
سُندرتوہ۔ } خوبصورتی۔ حسن و جمال۔ زینت۔ رونق۔

سندرشن۔ اچھی طرح دیکھنا۔ امتحان۔ جانچ۔ صورت۔

سُندری۔ خوبصورت (عورت) ہلدی۔

سندشٹ۔ کہا ہوا۔ بتایا ہوا۔

سندگدھ۔ جس میں کوئی شک ہو۔ مشتبہ۔ مشکوک۔

سِندور۔ سیندور۔ شنگرف۔ شنجرف۔

سندوہ۔ گروہ۔ جماعت۔ بہت۔ کثرت۔

سنّدھ۔ لگا ہوا۔ تیار۔

سُندھو۔ میل۔ ملاپ۔ شگاف۔ سوراخ۔ درز۔ صلح۔ اتفاق۔ موافقت۔ جوڑ۔

سندھ۔ دیکھو (سندھو)

سندھا۔ قرار۔ ملاپ۔ تلاش۔ بیٹھا ہوا۔ ملا ہوا۔

سندھان۔ خفیہ طور سے حالات دریافت کرنا۔ بھید لینا۔ جاسوسی کرنا۔ ورد۔ وظیفہ۔ اتفاق۔ ساتھ۔ تیاری۔

توجہ۔ اندازہ۔ بھید۔ تجویز۔ سوچ۔ غور۔ عمل۔ تحقیقات۔
کھوج۔ پتہ۔ شراب۔ کمان پر تیر چڑھانا۔ نشان لگانا۔
جوڑنا۔ ملانا۔

سَنْدِھان۔ قریب۔ نزدیک۔ پاس۔

سَنْدھانی۔ مِلاپ۔ تلاش۔

سِنْدھُر۔ ہاتھی۔ فیل۔

سِنْدھو۔ سمندر۔ دریا۔ بحر۔ دریائے شور۔ ایک ندی کا
نام جسے اٹک کہتے ہیں۔ ایک ملک۔ ہاتھی کی مستی۔
ایک راگنی۔

سَنْدھی۔ سامنے۔ نزدیک۔

سَنْدھی۔ ملونی۔ مقام اتصال۔ مصالحت۔ میل۔ ملاپ۔
نزدیک۔ پاس۔ جوڑ۔ ملائم تلفظ۔ دونوں کے درمیان
صُلح ہو جانا۔

سَنْدھیا۔ شام۔ مغرب۔ برہمن۔ چھتری اور ویش کا روزانہ
نیم یعنی وہ دعا جو زوال اور غروب آفتاب اور
ظہر کے وقت پڑھی جاتی ہے۔

سَنْدھیا کال۔ وقت غروب آفتاب۔

سَنْدیپک۔ ترقی کرنے والا۔ اضافہ کرنے والا۔

سَنْدیش۔ } پیغام۔ خبر۔ کیفیت۔ رسالت۔
سَنْدیشا۔ }

سَنْدیشی۔ پیغام لیجانیوالا۔ پیغامبر۔ خبر رساں۔ مخبر۔ قاصد۔

سَنْدیہہ۔ گمان۔ شک۔ شبہہ۔ خوف۔ ڈر۔ اندیشہ۔ فکر۔
پس و پیش۔ احتمال۔ رنج۔ خطرہ۔

سَنْدیہک۔ شبہ کرنے والا۔ شکی۔

سَنْدیہی۔ شکی۔ شبہہ کرنے والا۔ بدگمان۔ وہمی۔ متردد۔ مشکوک۔

سَنْسار۔ خوف۔ ڈر۔ شک۔ شبہہ۔ اندیشہ۔ احتمال۔ تردد۔

سَنْسار۔ (سَمْسار) بمعنی جانے والا یعنی دنیائے گزشتنی و گزاشتنی۔
عالم۔ دنیا داری۔

سَنْسارِک۔ (سَمْسارِک) دنیوی۔

سَنْساری۔ (سَمْساری) سنسار میں رہنے والا یعنی دنیا دار۔

سُنْسان۔ خاموش۔ ساکت۔ ساکن۔ ویران۔

سَنْسپَرش۔ (سَمْسپَرش) چھوت۔ لگاؤ۔ اتصال۔ حس لمس۔

سَنْستھان۔ (سَمْستھان) شکل۔ صورت۔ بناوٹ۔ تعمیر۔
وہ مقام جہاں چو طرف کے لوگ جمع ہوں۔ راجدھانی۔
دار السلطنت۔

سَنْسَرگ۔ (سَمْسَرگ) ملاپ۔ قربت۔ چھوت۔ لگاؤ۔
بے تکلفی۔ ملاقات۔ ملنا۔ مُجامعت۔ مباشرت۔

سَنْسکار۔ (سَمْسکار) تکمیل کو پہنچانا۔ پاک کرنا۔ مرید ہونا۔
وہ رسومات جو زندگی کے خاص اوقات میں ادا کئے
جائیں جیسے زنّار بندی۔ شادی وغیرہ۔

سَنْسکرِت۔ (سَمْسکرِت) بنایا ہوا۔ زیور سے آراستہ کیا
گیا۔ عمدہ۔ شُستہ۔ آراستہ۔ مکمل۔ دیوتاؤں کی زبان۔
وہ زبان جو قواعد سے بنی ہو۔

سَنْشودھن۔ پاک کرنا۔ صاف کرنا۔ درست کرنا۔ ٹھیک کرنا۔

سَنْشئے۔ (سَمْشئے) خوف۔ ڈر۔ بیم۔ شک۔ شُبہہ۔ فکر۔
اندیشہ۔ احتمال۔ اسباب تفکر۔

سَنک۔ ایک مُنی کا نام جو برہما کا بیٹا ہے۔ ہمیشہ بحالت
طفلی رہتا ہے۔

سَنْک۔ } خوف۔ ڈر۔ بیم۔ شک۔ شبہہ۔ اندیشہ۔ گمان۔ اعتراض۔
سَنْکا۔ }

سنکار - اشارہ - ایما - آنکھوں کا اشارہ - سر کی جنبش - اشارے سے بلانا - گرو۔

سنکاش - برابر - ملتا جلتا۔

سنکٹ - تکلیف - رنج - مصیبت - درد - آفت - مشکل - دکھ خطرہ - دشوار گزار راستہ - گروہ۔

سنکٹ چوتھ - ایک عید کا نام جو ماگھ کے مہینے میں آتی ہے اور گنیش جی کی پوجا کی جاتی ہے۔

سنکچت - سمٹا ہوا - سکڑا ہوا - ناشگفتہ - شرمندہ - تنگ - پچھلا۔

سنکر - ملا ہوا - وہ جو اصل نہ ہو - مشترک - مخلوط - وہ نیچ (کم درجہ) قوم جو چاروں برنوں (مذاہب) کے ملاپ سے بنی ہو - دوغلا۔

سنکر - میوہ فروش۔

سنکرام - حرکت کرنا - سفر کرنا - کسی ستارے کا راس چکر میں ہو

سنکرامک - } پھیلنے والا - گھومنے والا - پھرنے والا - متعدی۔
سنکرامی -

سنکرامک روگ - مرض متعدی۔

سنکرانت - } میل - ملاپ - وہ دولت جو کئی نسلوں سے مسلسل چلی آئی ہو - تحویل آفتاب کا دن جس میں آفتاب ایک برج (آسمانی) سے دوسرے برج فلکی میں گزرتا ہے۔ اس روز ہندو تیوہار مانتے ہیں۔
سنکرانتی -

سنکربرن - (ورن) ولد الزنا۔

سنکرش - قربت - نزدیکی۔

سنکرشن - کشش کرنا - کھینچنا - سری کرشن جی کے بڑے بھائی بلرام کا لقب۔

سنکرم - دشوار گزار راستہ - قلعہ کا راستہ - حصار۔

سنکرمن - دیکھو (سنکرانت)

سنکروش - چلانا - واویلا کرنا - ایک بید کا نام۔

سنکری - دوغلا یعنی وہ جو جداگانہ مذہب کے ماں باپ سے پیدا ہوا ہو۔

سنکریڈ - ہنسی - دل لگی۔

سنکشے - مطلق بربادی - فنا - نقصان۔

سنکشیپ - مختصر - اختصار - خلاصہ۔

سنکشپت - کم کی ہوئی - اختصار کی ہوئی۔

سنکل - کھچا کھچ بھرا ہوا - اس طرح پر جس میں دخل پانا محال ہو - بھیڑ - نا ملائم گفتگو - حیران۔

سنکلپ - نیت - ارادۂ دلی - خواہش - تمنا - اقرار - عہد - منشا - پاک یا متبرک مقصد۔

سنکلپت - دی ہوئی - ارادہ کیا ہوا - چاہا ہوا - سوچا ہوا۔

سنکلپنا - کسی بات کو قائم کرنا - ارادہ کرنا - خیرات دینا۔

سنکلت - چنا ہوا - جوڑا ہوا - جمع کیا ہوا۔

سنکلن - جمع کرنا - ڈھیر - جوڑ - انتخاب - جمع (حساب)

سنکوچ - شرمندگی - ندامت - فکر - کمی - تنگی - خلاصہ - خوف - شرم - وسواس - کشیدگی - شک - شبہہ - خیال - گمان - کم گوئی - پس و پیش - افسوس - تکلیف۔

سنکوچت - سمٹا ہوا - سکڑا ہوا - شرمایا ہوا۔

سنکوچن - سکڑنا - سمٹنا - لپٹنا - کشیدگی۔

سنکوچی - شرمندہ - شرمسار - محجوب - نادم۔

سنکھ - سیپی - ناقوس - کوڑی - مہرہ - اعداد کا ایک مرتبہ۔

سنکھنی - عورتوں کی چار اقسام میں سے ایک قسم کی عورت

واضح ہو کہ اس قسم کی عورت تنک مزاج اور شہوت پرست ہوتی ہے۔

سنکھیا۔ تعداد۔ گنتی۔ شمار۔ سم الفار۔ حساب کا عدد۔

سنکھیہ۔ لڑائی۔ جنگ۔

سنکھیہ۔ دیکھو (سنکھیا)

سنکیت۔ اشارہ۔ نشان۔ علامت۔ وعدہ۔ حرکت۔ تنگ۔

سنکیت واچک۔ اسم اشارہ۔

سنکیرتن۔ تعریف کرنا۔ مدح کرنا۔ مشہور کرنا۔ عزت۔ بھجن۔ حمد۔

سنکیرن۔ بھرا ہوا۔ ملا ہوا۔ شامل۔ بھیڑ بھاڑ۔ تنگی۔ کوتاہی۔ نیچ۔ دوغلا۔

سنگ۔ ہمراہ۔ ساتھ۔ ہمراہی۔ میل۔ ملاپ۔ دوستی۔ اتفاق۔ شرکت۔ رفاقت۔ صحبت۔ تعلق۔

سِنگا۔ کرنا۔ نفیری۔ ترئی۔

سِنگار۔ (شرنگار) سجاوٹ۔ زیب و زینت۔ بناوٹ۔ آرائش۔ زیبائش۔ نو طرح کی صنعت شعری سے ایک۔

سِنگاسن۔ دیکھو (سِنگھاسن)

سنگت۔ ساتھ۔ ہمراہ۔ میل۔ ملاپ۔ صحبت۔ تعلق۔ شرکت۔ مجلس۔ جماعت۔ یکجائی۔ مباشرت۔ سوسائٹی۔ وہ مقام جہاں سکھ لوگ اپنے دھرم کے طریق پر رسم ادا کرتے ہیں۔

سنگتی۔ میل۔ ملاپ۔ ساتھی۔ ہمراہی۔ تعلق۔ تدبیر۔ پہلو (عورت)

سنگر۔ جھگڑا۔ لڑائی۔ جنگ۔ مصیبت۔ آفت۔ مورچہ بندی۔ خندق۔ عہد۔ اقرار۔ ایک درخت کا نام۔

سنگرام۔ لڑائی۔ جنگ۔ نبرد۔

سنگرہیتا۔

سنگراہک۔ } جمع کرنے والا۔ فراہم کرنیوالا۔ جوڑنیوالا۔ تالیف
سنگراہی۔ } کرنیوالا۔ مؤلف۔

سنگرہ۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ مجموعہ مضامین۔ تالیف۔

سنگرہن۔ جمع کرنا۔ ترتیب دینا۔ تالیف کرنا۔ عورت کو بھگا لے جانا۔

سنگرہنی۔ اسہال۔ پیچش۔

سنگرہیت۔ اکٹھا کیا ہوا۔ جمع کیا ہوا۔ تالیف کیا ہوا۔

سنگم۔ } ملنا۔ اتصال۔ میل۔ ملاپ۔ ساتھ۔ ہم بستری۔
سنگمن۔ } مجامعت۔ آمیزش۔ ملتقی البحرین یعنی وہ مقام جہاں دو مختلف دریا آکر ملیں۔

سُن گُن۔ خفیہ خبر۔ بھید۔ سُنی ہوئی بات۔

سنگوپن۔ چھپانا۔ پوشیدہ رکھنا۔

سنگھ۔ جماعت۔ گروہ۔ دَل۔ غول۔ جُھنڈ۔ ڈھیر۔ مقدار۔

سِنگھ۔ (سِمہ) شرزہ۔ شیر۔ نام ایک برج فلکی کا یعنی اسد۔ ایک خطاب۔

سنگھا۔ بھیڑ۔ جُھنڈ۔ تودہ۔ دوستی۔ مجمع۔ محفل۔ رفاقت۔ صحبت۔ ہمراہی۔ مرافقت۔

سنگھات۔ (سنگھا) گروہ۔ جماعت۔ چوٹ۔ ضرب۔

سنگھاتی۔ ساتھی۔ رفیق۔ دوست۔

سنگھار۔ (سنہار) مار ڈالنا قتل کرنا۔

سِنگھاسن۔ (سِمہاسن) تخت۔ اورنگ۔ چوکی۔

سنگھٹ۔ میل۔ ملاپ۔

سنگھٹت۔ ملا ہوا۔

سنگھٹک۔ ملانے والا۔ رگڑنیوالا۔ ایجاد کرنیوالا۔

سنگھٹن۔ ملاپ۔ میل۔ بناوٹ۔ ساتھ۔ ہمراہ۔

سنگھدوار - دشمہ دوار محل شاہی کا صدر دروازہ۔

سنگھرش - ایک چیز کا دوسری چیز کے ساتھ رگڑنا - رگڑ - گھِستا۔

سنگھرشن - ہوا - باد۔

سنگھل - ٹین پیتل - جزیرہ سیلون۔

سنگی - وہ جو ہمیشہ ساتھ رہے ہمراہی - ساتھی - رفیق - دوست - رشتہ دار

سنگیا - اسم - استعارہ - (قواعد میں)

سنگیت - گانا - سرود - نغمہ - علم موسیقی - کہا ہوا تعریف

سنگیت ودیا - (وِدیا) } علم موسیقی۔
سنگیت شاشتر - }

سنمان - عزت - توقیر - تعظیم - حرمت - قدر - منزلت - ادب۔

سنمانی - خلیق - مہذب - مؤدب - معزز - مکرم - متواضع - صاحب امتیاز۔

سنمکھ - سامنے - آگے - روبرو - بالمواجہہ - مقابل - مقابلہ میں - دوبدو - بالمشافہہ۔

سننند - } برہما کا بیٹا - ایک منی کا نام جو ہمیشہ بچہ رہتا ہے۔
سننندن - }

سنندھ - تیار۔

سنوشا - بیٹے کی زوجہ یعنی بہو - کنِیَن۔

سنہاسن - دیکھو (سِمہاسن)

سنہت - نزدیک رہنے والا - قرابتدار۔

سنہل دویپ - لنکا - سیلون۔

سنی - عرض - مدعا۔

سنیاس - چھوڑنا - دور کرنا - تعلقات دنیوی کو ترک کرنا - سنیاسی کا دہرم - چوتھا آشرم۔

سنیاسی - تارک دنیا - جوگی - زاہد - عابد - مرتاض - چوتھے آشرم والا

سنیت - خوش اطوار - خوش خو - نیک چلن۔

سنیچر - سنیوار - روز شنبہ - یوم السبت - زحل - کیوان۔

سنیم - پرہیزگاری - خداترسی۔

سنیمی - پرہیزگار - خداترس۔

سنینا - خوشنما آنکھ والی (عورت) راجہ جنک کی زوجہ

سنیوگ - دو چیز کا ایک جگہ ملنا - میل - ملاپ - ملاوٹ۔

سنیہہ - دوستی - محبت - پیار - تیل وغیرہ چکنی چیز - چکنائی۔

سنیہا - دوستی - محبت۔

سنیہت - دوست - محب - رشتہ دار۔

سنیہی - آشنا - عاشق - دوست - محب - مہربان - مصوّر۔

سو - اپنا - خود کا - آپ - آپکا - نج - نج کا - دولت - ذات - مانند - صد - (۱۰۰)

سو - } اچھا - عمدہ - نیک - بہتر - بھلا - خوب - اعلیٰ -
سُ - }

سو - سُو - سے۔

سوابھاوک - پیدائشی - ذاتی - فطرتی - جبلی۔

سواپ - نیند - خواب - لاعلمی۔

سوات - } قمر کی پندرھویں منزل - آبِ نیسان۔
سواتی - }

سواد - ذائقہ - مزہ - چاشنی - لذت - حلاوت۔

لطف ۔ پیار ۔ محبت ۔ میٹھاپن ۔ مٹھاس ۔ خوشی ۔

سَوادِشٹھ ۔ مزہ دار ۔ ذائقہ دار ۔

شوادک ۔ | خوش ذائقہ ۔ مزہ دار ۔ لذیذ ۔ رسیلا ۔
شوادل ۔ |

سَوادُو ۔ ذائقہ دار ۔ مزہ دار ۔ میٹھا ۔ چاہا ہوا ۔

سَوادِھپتیہ ۔ حکومت اعلیٰ ۔ بادشاہت ۔

سَوادِھیائے ۔ عموماً پڑھنا اور خصوصاً بید کا پڑھنا ۔ مطالعہ ۔

سَوادِھین ۔ خودمختار ۔ مطلق العنان ۔ آزاد ۔ حاکم ۔ سرکش ۔
فعل لازمی ۔

سَوادِھینتا ۔ | خودمختاری ۔ آزادی ۔
سَوادِھینی ۔ |

سَوادی ۔ مزہ چکھنے والا ۔ ذائقہ گیر ۔ چاشنی گیر ۔ بکاول ۔

سواڑ ۔ کنارہ ۔ حجرہ ۔ زچہ ۔ زچہ خانہ ۔

شوارتھ ۔ نیک ۔ بہتری ۔ اپنا مطلب ۔ اپنا کام ۔ اپنے
فائدہ کی خواہش ۔ مقصد ۔ غرض ۔ آرزو ۔ خوشی یعنی اصلی ۔
غرض نفسانی ۔ دُنیوی کاروبار اور خواہشات ۔

سُوارتھی ۔ خودغرض ۔ مطلبی ۔

شوارگھ ۔ جوہر ذاتی ۔ اپنی قدر ۔ اپنا استحقاق ۔

سُواری ۔ مادہ سُوّر ۔

سُواس ۔ | سانس ۔ جان ۔ روح ۔ زندگی ۔ دم ۔ نفس ۔ حیات ۔ ہوا ۔
سُواسا ۔ |

سُواس ۔ (سُ اچھا) خوشبودار ۔ اچھا مکان ۔ اچھا گھر ۔

سُواسنی ۔ شوہر والی عورت ۔ سہاگن ۔

سُواگت ۔ عزت ۔ تواضع ۔ تعظیم ۔ استقبال ۔ پیشوائی ۔ پیش قدمی ۔

شوامِشوہ ۔ بزرگی ۔ برتری ۔ مالکی ۔ حکومت ۔ اختیار ۔

سَوامنی ۔ مالکہ ۔ (عورت)

شوامی ۔ بڑا ۔ بزرگ ۔ مالک ۔ شوہر ۔ عاشق ۔ آقا ۔ راجہ ۔
گرو ۔ مرشد ۔ اوستاد ۔ حضرت ۔ بادشاہ ۔ خداوند جل و علیٰ ۔

شوان ۔ کُتّا ۔ سگ ۔ کلب ۔

شوانگ ۔ سانگ ۔ نقل ۔ شبیہہ ۔ کھیل ۔ تماشہ ۔ نقل کرنا ۔
بھیس بدلنا ۔

شوانگی ۔ مقلّد ۔ نقال ۔ نقلیہ ۔

سوانہ ۔ لب ۔ کنارہ ۔ خد ۔ سرحد ۔

شواہا ۔ یہ ایک کلمہ یا منتر ہے جس کا استعمال ہوم یا جگیہ کے
وقت جبکہ دیوتاؤں کو دعوت دی جاتی ہے دہرایا جاتا
ہے ۔ دیبی ۔ دُرگا ۔ مایا ۔ جلنا ۔ خاتمہ کرنا ۔

سَوائی ۔ جے پور کے راجاؤں کا لقب ۔

شوبھا ۔ خوبصورتی ۔ زینت ۔ جلوہ ۔ رونق ۔ آرائش ۔ زیبائش ۔
آراستگی ۔ زیور ۔ حسن ۔ لباس ۔ خوبی ۔

سَوبھاگیہ ۔ مبارکی ۔ خوش قسمتی ۔ دولتمندی ۔ خوبصورتی ۔
عورت کا سہاگ کا زمانہ ۔ جیوتش میں چوتھا یوگ ۔

سَوبھاگیہ وَتی ۔ خوش قسمت عورت ۔ مجازاً شوہر والی
عورت ۔ سہاگن ۔

سَوبھاؤ ۔ فطرت ۔ خصلت ۔ عادت ۔ خو ۔ چال چلن ۔
روش ۔ طرز ۔ طریق ۔ سیرت ۔ رواج ۔ مزاج ۔ خاصیت ۔
طبیعت ۔ خاصہ ۔

سُو بھدر ۔ سُبھدرا کا بیٹا ابھی مینو کا نام ۔

سُو بھگ ۔ خوش قسمتی ۔ خوش نصیبی ۔ خوبصورتی ۔

سُو پان ۔ سیڑھی ۔ نردبان ۔ زینہ ۔ سُلّم ۔

سُو پتنگ ۔ شب خون ۔

سُو پک ۔ / سُو پکار ۔ / سُو پکاری ۔ } رسوئیا ۔ باورچی ۔ طباخ ۔

سُوپن ۔ خواب ۔ نیند ۔ نوم ۔ عالم خواب ۔ رویا ۔ منام یعنی وہ ظہور جو نیند کی حالت میں نظر آئے ۔ ملکوت ۔

سُوپن اوستھا ۔ عالم ملکوت ۔

سُوپن درشی ۔ خواب دیکھنے والا ۔

سُوت ۔ / سُوتا ۔ } روانی آب چشمہ ۔ جھرنا ۔

سَوت ۔ / سَوتن ۔ / سَوتی ۔ } ایک خاوند کی دوسری بیوی یعنی سوکن ۔ اوسنی ۔ انباغ ۔ ضرّہ ۔

سُوت ۔ تاگا ۔ ڈورا ۔ بڑھئی ۔ بھاٹ ۔ رتھ بان ۔ وہ شخص جس کا باپ چھتری اور ماں برہمنی ہو ۔ دوغلا ۔

سوِتا ۔ سورج ۔ بارہ کا عدد ۔

سُوتر ۔ تاگا ۔ رشتہ ۔ ڈورا ۔ قاعدہ ۔ نصیحت ۔ زنار ۔ جنیو ۔ کردھنی ۔ مقولہ ۔ مسئلہ ۔ دستور ۔ قاعدہ ۔ منتر ۔ بید کے متفرق احکام جن کو رکھیشروں نے اختصار کے ساتھ سلسلہ وار عبارت میں ایک جگہ جمع کیا ہے ۔ خلاصہ ۔

سُوتر اتما ۔ روح ۔ جان ۔

سُوتر دھار ۔ تھیٹر کا منتظم یا ایکٹر ۔ نجار ۔ معمار ۔

سُوتک ۔ پیدائش ۔ وہ ناپاکی جو اولاد پیدا ہونے یا کسی رشتہ دار کے مرنے کی وجہ سے متعلقین کو ہوتی ہے ۔ گناہ ۔

سُوتکا ۔ زچہ یعنی وہ عورت جس کی زچگی حال میں ہوئی ہو ۔

سُوتل ۔ دوزخ ۔

سوَتنتر ۔ خودمختار ۔ آزاد ۔ مختار مطلق ۔ خودسر ۔ بے خوف ۔

سوَتنترتا ۔ خودمختاری ۔ آزادی ۔

سُوتھن ۔ پاجامہ ۔ ازار ۔ سُتھن ۔

سوتہ ۔ آپ سے آپ ۔ آپ ہی ۔ خصلت سے ۔ فطرت سے ۔

سُوتی ۔ پیدائش ۔ زچگی ۔

سَوتیلا ۔ سوت کی اولاد ۔ برادر علاتی ۔

سُوجن ۔ خویش و اقارب ۔

سُوجنیہ ۔ / سُوجنیتا ۔ } نیکی ۔ بہتری ۔ شرافت ۔

سُوجھا ۔ سیدھا ۔ راست ۔ کھڑا ۔

سُوچی ۔ درزی ۔ خیاط ۔ عمدہ میدہ ۔

سُوچ ۔ خیال ۔ تردد ۔ رنج ۔ غم ۔ غور ۔

سُوچار ۔ غور کے ساتھ سوچنا ۔

منڈلیک ۔ وہ شخص جس کی آمدنی دس لاکھ کی ہو ۔
منڈن ۔ سجاوٹ ۔ زینت ۔ زیبائش ۔ آرائش ۔ تائید ۔
زیور ۔ گہنا ۔ نظیر کے ساتھ کسی بات کو ثابت کرنا ۔
منڈن ۔ سر کے بال تراشنا ۔ واضح ہو کہ منجملہ سولہ سنسکاروں کے
ایک یعنی زنار بندی کے پہلے لڑکے کے بال پہلے
پہل کسی دیوتا کے سامنے منڈوانا ۔
منڈوک ۔ مینڈک ۔ غوک ۔ ایک جواہر کا نام ۔
منڈھی ۔ جھونپڑی ۔ کلبہ ۔
منڈی ۔ وہ عورت جس کا سر مونڈا گیا ہو ۔ رانڈ ۔ بیوہ ۔
سنیاسی ۔ نائی ۔ ایک نبات کا نام ۔
منڈیا ۔ سر ۔ راس ۔
منس ۔ دل ۔ خاطر ۔ ذہن ۔ سمجھ ۔ فہم ۔
منسا ۔ منشا ۔ خواہش ۔ بچار ۔ آرزو ۔ غور ۔ ارادہ ۔ مقصد ۔
تمنا ۔ خیال ۔ مرضی ۔ مطلب ۔
منسائی ۔ جوانمردی ۔ دلیری ۔ انسانیت ۔
منس تاپ ۔ رنج دلی ۔ تکلیف قلبی ۔ پچھتاوا ۔

منسج ۔ دل کا ۔ دلی ۔ جو دل سے پیدا ہو ۔ کامدیو کا نام ۔
منس کامنا ۔ خواہش دلی ۔
منسوین ۔ بہادر ۔ دلیر ۔ من موجی ۔
منسوی ۔ شریف ۔ اعلیٰ طبیعت والا ۔
منش ۔ آدمی ۔ انسان ۔ بشر ۔
منشیتوہ ۔ آدمیت ۔ انسانیت ۔ بشریت ۔
منشیہ ۔ منو کی اولاد ۔ آدمی ۔ انسان ۔ بشر ۔ آدمیت
انسانیت ۔ انسانی خاصیت ۔
منشیتا ۔ انسانیت ۔ آدمیت ۔
منشیہ گننا ۔ مردم شماری ۔
منکا ۔ مالے کا دانہ ۔ گردن کی ہڈی ۔
منکار ۔ جوہری ۔
من کامنا ۔ خواہش دلی ۔ مطلب دلی ۔ آرزو ۔
منکر ۔ آئینہ ۔ مرآۃ ۔
منگل ۔ نیک ۔ مبارک ۔ رونق ۔ خیریت ۔ بہبود ۔ خوشی ۔
نیکی ۔ سرور ۔ عافیت ۔ ستارۂ مریخ ۔ روز سہ شنبہ ۔
منگلاچار ۔ شادیانہ ۔ ترانۂ مبارکباد ۔
منگلاچرن ۔ خداوند تعالیٰ کو تیمناً پہلے یاد کرکے یا لکھ کر
بعد ازاں کسی کام کو شروع کرنا ۔ حمد باری تعالیٰ
جل جلالہٗ ۔
منگلامکھی ۔ بیاہ وغیرہ نیک کاموں میں گانیوالی عورت ۔
منگل پرو ۔ جس سے نیکی ہوتی ہو ۔
منگل سماچار ۔ خوش خبری ۔ بشارت ۔ مژدہ ۔
منگل شنان ۔ غسل صحت یا وہ غسل جو قبل از آغاز کار خیر

منگل سُوتر ۔ وہ تاگا جو بیاہ کے وقت دولہا۔ دلہن کے گلے میں منتر پڑھ کر باندھا جاتا ہے۔

منگل واد ۔ دعا۔

منگل وار ۔ سہ شنبہ ۔ یوم الثلاث ۔

منگلی ۔ شادمان ۔ نیک کاموں میں گانے والی ۔ (عورت) وہ جس کا جنم ۴-۷-۸- اور ۱۲ خانوں میں منگل گرہ پڑا ہو ۔ (نجوم)

منگلیہ ۔ برکت دینے والا۔ خوبصورت۔

من گھٹا ۔ کنوئے کے اطراف کا چبوترہ ۔

منگیتر ۔ وہ عورت یا مرد جو کسی مرد یا عورت کے ساتھ منسوب ہوئی یا ہوا ہو ۔ ست سوزہ ۔

من مان ۔ خواہش دلی ۔ تمنائے قلبی ۔

من مانا ۔
من مانتا ۔ } جو دل کو اچھا معلوم ہو۔ خاطر خواہ ۔ دلخواہ ۔

منمتھ ۔ موکل عشق یعنی کامدیو کا لقب ۔

منمنتر ۔ وہ زمانہ جو دیوتاؤں کے بارہ ہزار برس یا انسانی (۴۳۲۰۰۰۰) برس کے مساوی ہے ۔

من موہن ۔ دل کا لبھانے والا ۔ منوہر ۔ دلکش ۔ پیارا ۔ معشوق ۔ سری کرشن جی کا لقب ۔

من موہنی ۔ دلربا ۔ خوبصورت ۔ رادھا جی کا لقب ۔

منن ۔ دل ہی دل میں سوچنا ۔ غور و فکر کرنا ۔ بچار کرنا ۔ یقین کرنا ۔ یاد کرنا ۔ ماننا ۔ یاد ۔ دھیان ۔ خیال ۔ عادت ۔ بچار ۔ یاد خدا ۔

منا ۔ راضی ہونا ۔ خوش ہونا ۔

منن شکتی ۔ غور و خوض کرنے کی قدرت ۔

منو ۔ برہما کا بیٹا ۔ انسانوں کا جد اعلیٰ ۔ منوسمرتی کا مصنف واضح ہو کہ منو (۱۴) ہیں ۔

منوآن ۔ دل ۔ خاطر ۔ جان ۔ روح ۔

منوبھلاشت ۔ دلخواہ ۔

منوبھو ۔
منوبھو ۔
منوبھوت ۔ } جو من (دل) سے پیدا ہو ۔ مجازاً لقب کامدیو کا ۔

منوج ۔ جو دل سے پیدا ہو ۔ دلی ۔ کامدیو کا لقب ۔

منوجو ۔ من یعنی دل کے برابر ۔ جس کی تیزی ہو ۔ نہایت تیزرو ۔

منورتھ ۔ خواہش دلی ۔ تمنائے قلبی ۔ منشار دلی ۔ مقصد دلی ۔ ارادۂ قلبی ۔ مافی الضمیر ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ مدعا ۔

منورم ۔ دلکش ۔ دل خوش کن ۔ خوبصورت ۔

منورنجن ۔ دل خوش کن ۔ دلکش ۔

منو کامنا ۔ دل کی آرزوئیں ۔

منوگت ۔ جو دل میں ہو ۔ دلی ۔

منوگیہ ۔ دل خوش کن ۔ دلکش ۔ خوبصورت ۔

منوموکوش ۔ حجاب خودی ۔

منونتر ۔ چار جگ (۷۱) بار پھرنے کا زمانہ ۔ چودہ منوؤں میں سے ایک منو کا زمانہ ۔

منونگرہ ۔ دل کو اپنے قابو میں رکھنا ۔

منونیت ۔ پسندیدہ ۔ مقبول ۔

منوہار ۔ دلربا ۔ خوبصورت ۔ شیریں سخن ۔ ہر دل عزیز ۔

منوہاری - } دلکش - خوبصورت -
منوہارنی -

منوہر - دلکش - دلربا - دلبر - خوبصورت -

موہن - سری کرشن جی کا لقب -

منویوگ - دھیان -

منہار - دلاویز - دلفریب - دلکشا -

منی - } ہیرا - پنّہ وغیرہ جواہر - رتن - گوہر - مہرہ مار -
من -

منی - وہ شخص جو دکھ اور سکھ کی حالت میں یکساں رہے -
اور جس میں راگ - بھئے - اور کرودھ یہ تینوں گن نہ ہوں -
رشی - زاہد - عابد - ولی - مرتاض - وہ جو بان پرستھ
کی حالت میں ہو - سات کا عدد -

منی پنگو - } منیوں میں بڑا - بڑا رشی -
منیش -
منیشور -

منیشا - عقل - دانش - خرد - فراست -

منیشن - دانا عالم -

منیشی - عاقل - دانا - فریس -

منیندر - بڑا منی - بڑا رشی -

منیو - تعریف - کام - رنج - غصّہ - عاجزی - غرور - آگ -
جگیہ - شیوجی کا لقب -

مو - مجھکو - مجھے -

موتر - موت - پیشاب - شاش - بول - کمیز -

موتراشے - مثانہ -

موتر کرچھر - پتھری کی بیماری - سنگ مثانہ -

موٹ - } گٹھڑی - بستہ - پلندہ - گٹھا - چمڑے کا ڈھول -
موٹھ -

موٹیا - بوجھ اٹھانیوالا - حمّال - قلی -

موچا - کیلا - موز -

موچک - چھڑانیوالا - بری کرنے والا - نجات دینے والا -

موچن - چھٹکارا - چھڑانا - نجات - رہائی - مخلصی - رستگاری -
معافی - مکتی -

موچنا - چھوڑنا - تیاگنا - نجات دینا - آنسو گرانا -

موچھ - (موکش) رہائی - معافی - رستگاری - آزادی -
نجات عقبیٰ - مغفرت - روح کی تناسخ مزید سے
رہائی -

مود - آنند - خوشی - بشاشت - سرور -

مودک - آنند کرنے والا - لڈّو - مٹھائی -

مودی - آنند دینے والا - دکاندار - مہاجن -

موڈھ - جاہل - احمق - نادان - بیوقوف -

مور - } میرا -
مورا -

مور - آم کا پھول -

مول - } جڑ - بیخ -
مولی -

مورت - پتھر وغیرہ کی بنی ہوئی پتلی - صورت -
شکل - آدمی -

مورتی - جسم - شکل - شخص - بت - جنم - پتلا - پتلی - تصویر -
شبیہہ - صورت -

مورتی پوجک - بت پرست -

مُورچھا - بیہوشی - غشی ۔

مُورچھت - غش میں آیا ہوا - بے ہوش ۔

مُوردھا - سر کے اوپر کا حصہ یعنی تالو - اُم الدماغ ۔

مُورکھ ۔
مُورکھ ۔ } بے عقل - جاہل - احمق - نادان - گول ۔

مُورکھتا ۔
مُورکھتائی ۔ } جہالت - نادانی - سفاہت ۔

مُورمکٹ - مور کے پروں کا تاج - وہ تاج جو بشکل تاج طاؤس ہو ۔

مُوروی - کمان کا رودہ - چلّہ ۔

مُوردھ - سر - راس ۔

مُوسا - ماں کی بہن کا مرد - خالو ۔

مُوسا - چوہا - موش - فار ۔

مُوسل - اناج وغیرہ کوٹنے کا سونٹا - کوبہ ۔

مُوشلا - اصل جڑ - مادّہ ۔

مُوشنا - چُرانا - لُوٹنا ۔

مُوشی - ماں کی بہن - خالہ - ماسی ۔

مُوش ۔
مُوشک ۔ } چوہا - موش - فار - مجازاً چور - دزد ۔

مُوشت - چرایا گیا - دُزدیدہ ۔

مُوشک - چور - دزد ۔

مُوشکا - چھوٹا چوہا ۔

مُوشن - چوری کرنا - لوٹنا ۔

مُوک - گونگا جو بول نہ سکے - عاجز - مچھلی - راچھس ۔

مُوکتک - موتی - مروارید ۔

مُوکش - (موچھ) ہر طرح کے دنیوی بندشوں سے نجات پانا ۔ چھٹکارا - آواگمن سے بری ہونا - نجات اخروی ۔

مُوکش دایک - نجات دینے والا ۔

مُوکنا - چھوڑنا - ترک کرنا ۔

مُوکھا - کھڑکی - روشندان - چمنی ۔

مُوکی - ٹکّی - مُٹھی ۔

مُوگھ - بیکار - بے فائدہ - فضول - جھوٹ ۔

مُول - موروثی ۔

مُول - جڑ - بنیاد - اصل - ابتدا - بنا - شروع - آغاز - بیج - خاندان - اولاد - چاند کا (۱۹) واں نچھتر - عقرب - درحقیقت - پونجی - سرمایہ - راس المال - کتاب کا اصل حصہ - متن ۔

مُول - قیمت - بہا ۔

مُولا - ایک نچھتر کا نام - زبین ۔

مُول بھوت - جڑ - اصلیت - غایت ۔

مُول پرُش - کسی خاندان کا جدِ اعلیٰ ۔

مُول دھن - اصل پونجی - راس المال ۔

مُولِک - نباتات کی جڑ - بیج ۔

مُولک - مُولی - تُرب ۔

مُولکا - جڑ - جڑی - بیج ۔

مُول کارن - وجہ اصلی - علت غائی ۔

مُولی - ہر ایک چیز کا سب سے اونچا حصہ - چوٹی - سرا - سر - تاج - زبین ۔

مُولیہ - مول - دام - قیمت - بھاؤ - نرخ - محنتانہ ۔

مُون - خاموشی - چپ - سکوت - واضح ہو کہ شاستر کے

احکام کے رو سے حسب ذیل مواقع میں خاموش رہنا چاہیے۔ بول وبراز۔ مباشرت۔ غسل۔ تناول طعام اور دانت صاف کرنے کے وقت۔

مَوْن بَرْت۔ (وَرْت) خاموش رہنے کا روزہ۔

مَوْنتا۔ چپ۔ خاموش۔ سکوت۔

مُونج۔ / مُونجا۔ } ایک قسم کی گھاس جس سے رسی بنتی ہے۔

مَوْنجی۔ ایک قسم کی گھاس کی رسی جو رسم موبخ (زنار بندی) کے وقت باندھتے ہیں۔

مَوْنجی بَنْدھن۔ جنیو پہنے کا سنسکار۔ زنار بندی۔

مُوندری۔ انگوٹھی۔ انگشتری۔ مہر۔

مُونڈ۔ / مُوڈ۔ } سر۔ راس۔

مُونڈن۔ رسم موتراشی۔ عقیقہ۔

مُونڈی۔ سر۔ راس۔

مَوْنی۔ چپ۔ خاموش۔ ساکت۔ منیوں کا ایک زمرہ جو ہمیشہ خاموش رہتے ہیں۔

مَوْہ۔ الفت دنیا وغفلت عقبیٰ۔ پیار۔ محبت۔ لاڑ۔ جہل۔ نادانی۔ جہالت۔ غشی۔ بیہوشی۔ رحم۔ مہربانی۔ محبت۔ دلکشی۔ خواہش۔ اغوا۔ گھبراہٹ۔ بیوقوفی۔ غلطی۔ شفقت۔ فریفتگی۔ پندار حرص۔ ہوس۔

مَوْہت۔ موہا گیا۔ فریفتہ۔ مفتون۔ بھولا ہوا۔ بے ہوش۔ بے حواس۔ پریشان۔ لبھایا ہوا۔

مَوْہ مَئے۔ موہ میں پڑا ہوا۔ جھوٹا۔ کاذب۔

مَوْہَن۔ موہنے والا۔ فریفتہ ہونے والا۔ آشفتہ ہونیوالا۔ پیارا۔ دلربا۔ محبوب۔ معشوق۔ جادوگر۔ دلکش۔ عاشق۔ فریفتگی۔ پھسلاہٹ۔ سری کرشن جی کا لقب۔

مَوْہنا۔ دلربائی کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ جادو کرنا۔ افسونگر۔

مَوْہَن بھوگ۔ ایک قسم کی مٹھائی۔

مَوْہَن مالا۔ ایک قسم کا مالا جو سونے اور مونگونکے دانوں سے بنتا ہے۔

مَوْہنی۔ من ہر نیوالی یعنی دلربا (عورت) حسین عورت۔ پیاری۔ افسونگری۔

مَوْہی۔ ناوان۔ غافل۔ جاہل۔

مَہا۔ / مَہہ۔ } بڑا۔ بزرگ۔ کلاں۔ عظیم۔ کبیر۔ بھاری۔ اعلیٰ۔ بہت۔ بسیار۔ نہایت۔ زیادہ۔ گاڑے۔

مَہا اُتّم۔ بہت اعلیٰ۔ بہت عمدہ۔

مَہا باہو۔ دراز دست۔ مجازاً شجیع۔ دلیر۔ بہادر۔

مَہا بلی۔ بڑا بلوان۔ بڑا طاقتور۔ شہ زور۔ مجازاً ہنومان۔

مَہا بھارت۔ ایک رزمیہ منظوم کتاب کا نام جس میں (بھرت بنسی راجہ کوروں اور پانڈوں کی جنگ عظیم جو کرک کشیتر کے میدان میں ہوئی تھی۔) ذکر ہے۔ جس کے مصنف بیاس جی ہیں۔

مَہا بھوت۔ پانچ عناصر بسیط یعنی آب۱۔ آتش۲۔ باد۳۔ خاک۴۔ سما۵۔

مَہا بھیت۔ بڑا بزدل۔

مَہا بیر۔ (ویر) بڑا شجیع۔ لقب ہنومان جی۔

مَہا پاپ۔ / مَہا پاتک۔ } بڑا پاپ۔ گناہ عظیم۔

مَہا پاپی۔ مرتکب گناہ کبائر۔

مَہا پاتکی۔ گناہ عظیم کا مرتکب۔

مہا پنتھ ۔ بڑا راستہ ۔ شاہ راہ ۔

مہا پدم ۔ سو کھرب کی تعداد ۔

مہا پربھو ۔ بڑا راجہ ۔ شہنشاہ ۔ نیک نہاد انسان ۔

مہا پرشاد ۔ وہ کھانا وغیرہ جو دیوتاؤں کے سامنے پیش کیا گیا ہو ۔

مہا پرش ۔ بڑا آدمی ۔ مرد مقدس ۔ ولی کامل ۔

مہا پرلے ۔ قیامت کبریٰ ۔ (۴۳۲۰۰۰۰۰۰) سال کے بعد واقع ہوگی ۔

مہا تتوہ ۔ وہ تتوہ جو مایا سے اول ہے ۔

مہا تکت ۔ بہت کڑوا ۔ درخت نیم ۔

مہا تل ۔ زمین کے نیچے کے چودہ طبقوں میں سے پانچواں طبقہ ۔

مہا تم ۔ بڑائی ۔ بزرگی ۔ ثمرۂ نیک یعنی وہ فائدہ جو کسی نیک کام کی وجہ حاصل ہو ۔ حشمت ۔ شان ۔ دبدبہ ۔ عہدہ ۔ جاہ ۔ عظمت ۔ بڑائی ۔ شہرت ۔ نیکنامی ۔

مہا تما ۔ بڑا نیک آدمی ۔ نہایت مقدس آدمی بہت بڑا سادھو ۔ ولی کامل ۔ فیاض ۔ سخی ۔ بلند حوصلہ ۔ بزرگ ۔

مہا تمک ۔ بڑے حوصلہ والا ۔ شریف ۔ جلالی ۔

مہا تمیا ۔ بلند حوصلہ ۔ شہرت ۔ تعریف ۔ زور ۔

مہا تیکشن ۔ بہت تیز ۔

مہا جال ۔ دام بزرگ ۔ دنیائے دنی ۔

مہا جن ۔ بڑا آدمی ۔ بزرگ انسان ۔ سادھو ۔ دولتمند ساہوکار ۔

مہا جنی ۔ مہاجن کا کام ۔ ساہوکاری ۔

مہا دیو ۔ سب سے بڑا دیوتا ۔ شیوجی کا لقب ۔

مہا راتر ۔ آدھی رات ۔ نصف شب ۔

مہا راج ۔ }
مہا راجہ ۔ } بڑا راجہ ۔ شہنشاہ ۔

مہا راشٹر ۔ دکن کے ایک ملک کا نام ۔

مہا رانی ۔ راجہ کی بڑی رانی ۔ پٹ رانی ۔

مہا رتھ ۔ }
مہا رتھی ۔ } بہت بڑا جنگجو جو تنہا گیارہ ہزار نبرد آزماؤں سے مقابلہ کرے ۔

مہا رگھ ۔ بہت قیمتی ۔ بیش بہا ۔

مہا رنو ۔ بہت بڑا سمندر ۔

مہا شے ۔ }
مہا شا ۔ } بڑا اور بھلا آدمی ۔ صاحب حوصلہ ۔ فیاض ۔

مہا کال ۔ نہایت دیر یا عرصہ ۔ قیامت کے وقت کی شیوجی کی شکل ۔

مہا کالی ۔ پاربتی ۔ دیوی ۔

مہا کائے ۔ }
مہا کایہ ۔ } بڑے ڈیل ڈول والا ۔ جسیم ۔ ہاتھی ۔ شیوجی کا دربان ۔

مہا کشٹ ۔ نہایت تکلیف ۔ ازبس رنج و محن ۔

مہا کل ۔ }
مہا کلین ۔ } اچھے خاندان والا ۔

مہا کلپ ۔ دور ظہور ۔

مہا کند ۔ لہسن ۔ سیر ۔

مہا گھور ۔ نہایت خوفناک ۔ ایک دوزخ ۔

مہا لکشمی ۔ لکشمی یعنے دولت کی دیوی کا لقب ۔

مہا لوہ ۔ مجازاً مقناطیس ۔

مہالے ۔ کنوار کا کرشن پچھ جس میں آبا و اجداد کے لئے ترپن اور شرادھ وغیرہ کئے جاتے ہیں ۔

مہا ماری ۔ طاعون وغیرہ امراض متعدی ۔ وبا ۔ ہیضہ ۔

مہا ماںس ۔ انسان کا گوشت۔

مہا مایا ۔ قدرت کاملہ خداوند تعالیٰ ۔ دُرگا دیبی۔

مہا مُوڑھ ۔ بڑا بے وقوف۔

مہان ۔ بہت بڑا ۔ بزرگتر ۔ اعلیٰ۔

مُہانا ۔ ندی کا دہانہ ۔ وہ مقام جہاں دو دریاؤں کا ملاپ ہو۔

مہانِدرا ۔ مجازاً موت ۔ مرگ۔

مہانس ۔ چولہا ۔ دیگدان ۔ باورچی خانہ ۔ نہایت بشاش۔

مہانِشا ۔ آدھی رات ۔ قیامت کی رات۔

مہانُوبھاو ۔ بڑا صاحب قدرت ۔ تجربہ کار۔

مہانی ۔ متھنی ۔ شیر زنہ۔

مہاواتہ ۔ آندھی ۔ تُند باد۔

مہاواکیہ ۔ اُپنشد کے وہ فقرے یا جملے جو کلام عظیم مانے جاتے ہیں ۔ اسم اعظم۔

مہاوٹ ۔ ماگھ کے مہینے کی بارش۔

مہاور ۔ لاکھی رنگ۔

مہاویر ۔ (بیر) بڑا بہادر ۔ لقب ہنومان جی کا۔

مہیپا ۔ راجہ ۔ بادشاہ۔

مہت ۔ بڑا ۔ بزرگ ۔ اعلیٰ ۔ شاندار ۔ معزز ۔ محترم ۔ عمدہ۔ بڑائی ۔ عظمت ۔ عزت ۔ حرمت ۔ مادہ ۔ جوہر ۔ ذہن ۔ عقل ۔ ماننے کے قابل۔

مہتا ۔ گانوں کا مقام۔

مہتاری ۔ ماں ۔ مادر ۔ والدہ۔

مہتتوہ ۔ طبیعت کی پچیس خصلتوں میں سے تیسری خصلت جو طبیعت کی پہلی بُرائی ہے جس سے غرور پیدا ہوتا ہے ۔ روح۔

مہتر ۔ دو چیزوں میں سے بڑا یا بزرگ۔

مہتل ۔ زمین ۔ ارض۔

مہتم ۔ سب سے بڑا اور اعلیٰ۔

مہتو ۔ وہ آدمی جو زمیندار کی طرف سے محصول وصول کرنیکے لئے مقرر کیا گیا ہو ۔ سجاول۔

مہتوہ ۔ بڑائی ۔ بزرگی

مہر ۔ سورج ۔ آفتاب ۔ مہر ۔ بادل ۔ ہوا ۔ کہر۔

مہرا ۔ کہار ۔ بھوئی۔

مہرشی ۔ بہت بڑا اور بزرگ رشی جیسے بید بیاس وغیرہ۔

مہرلوک ۔ چودہ لوکوں میں سے چوتھا لوک۔

مُہر مُہُہ ۔ بار بار ۔ مکرر۔

مہرہ ۔ درخت ۔ شجر۔

مہری ۔ بیوی ۔ زوجہ۔

مہشاسُر ۔ ایک راچھس کا نام۔

مہش ۔ کھلگا ۔ بھینسا ۔ جاموش ۔ راجہ ۔ بادشاہ۔

مہشی ۔ بھینس ۔ گاؤمیش ۔ پٹ رانی ۔ بادشاہ بیگم۔

مہکا ۔ برف ۔ یخ۔

مہلا ۔ عورت ۔ زن۔

مہما ۔ قدرت ۔ کرامت ۔ کشف ۔ جلال ۔ شان و شوکت ۔ بڑائی ۔ بزرگی ۔ عظمت ۔ تعریف مادہ کی بڑھنے کی خاصیت۔

مہنت ۔ سرغنہ ۔ سرگروہ ۔ ولی ۔ گوسائیں ۔ بیراگی ۔ سادھو ۔ مرشد کامل ۔ سادھوؤں کے مٹھ کا افسر۔

مہنیہ ۔ پرستش کے قابل ۔ عزت کے لائق۔

مہوتساہ ۔ بھاری جشن ۔ بڑی خوشی ۔ سادھو سنت کی ضیافت۔

مہوتسو - بڑا اتسو - براون -

مہوداڑ - طاقتور - زبردست -

مہودے - نامور - ملک قنوج -

مہورت - دو گھڑی کا وقفہ - دن اور رات کا تیسواں حصہ (۴۸) منٹ کا وقت -

مہوہ - بار بار - ہر بار -

مہی - زمین - ارض - چھاچھ - مٹھا -

مہی پت -
مہی پتی -
مہیپ -
مہی پال -
} مالک ارض یعنی راجہ - بادشاہ -

مہیتل - سطح زمین -

مہی دھر - حامل ارض یعنی پہاڑ - کوہ -

مہی رُہ - درخت - نبات -

مہیش -
مہیشور -
} سب سے بڑا ایشور یعنی رب الارباب - صانع ثلثہ میں سے ایک یعنی مہادیو جی کا لقب -

مہیندر - راجہ اندر - مہاراجہ - ایک پہاڑ کا نام -

مئی - مملو - شامل - پُر - بھرا ہوا -

مَیا -
مایا -
} مہربانی - رحم - محبت - شفقت - لطف -

مَیّا - ماں - مادر -

میت - دوست - محب - عاشق -

میتا - ہم نام -

میتر - دوستی ایک چھند جسے انُورادھا کہتے ہیں -

میتری - دوستی - محبت - پیار - انسانی ہمدردی -

میتھل - شہر متھلا کا باشندہ -

میتھلی - راجہ جنک کی دختر سیتا -

میتھن - زن و مرد کا اتصال - مجامعت - مباشرت -

میٹ - گھمنڈ - غرور -

مرتیو - موت - مرگ - قضا - وفات -

میچک - کالا - سیاہ - اندھیرا - تاریک - دھواں - ابر - بادل - سرمہ - انجن -

میدُر - چکنا -

میدنی - زمین - ارض - جائداد منقولہ - زائروں کی وہ جماعت جو کسی ولی کی قبر کی زیارت کے لئے چلی جائے -

مید -
میدھ -
} جگیہ - جگ - نثار - قربانی - مغز - چربی - گودہ - سب سے عمدہ حصہ - حد درجہ کا موٹاپن ایک بیماری -

میدھا - سمجھ - رسائی - دانائی - ذہانت - تیز فہمی - روشن دماغی - قوت حافظہ -

میدھاوی -
میدھر -
} زود فہم - عالم - دانا - فاضل -

میدھیہ - پاک - مقدس - خیر - ہلدی - گوروچن یعنی حجر البقر - حافظہ کو ترقی دینے والی چیز -

میدھر - ابر - بادل - بکرا - بھیڑا - آلہ تناسل مرد -

میرو - تسبیح کا پہلا دانہ یعنی امام - ایک پہاڑ کا نام -

میش - مینڈھا - پہلے برج فلکی کا نام یعنی برج حمل -

میکا - بیاہی عورتوں کے ماں باپ کا گھر -

میکھلا۔ } کمر پیٹہ۔ جنیو۔ پرتلا۔ ڈنگول۔ پہاڑ کا اتار یا چڑھاؤ۔
میکھلی۔ } نربدا ندی کا نام۔

میگھ۔ میغ۔ ابر۔ بادل۔ بارش۔ ایک راگ کا نام جو ساون بھادوں میں گاتے ہیں۔ ایک راچھس کا نام۔

میگھاگم۔ موسم باراں۔

میگھ پشپ۔ اولہ۔ ژالہ۔

میگھ دوار۔ آسمان۔ فلک۔

میگھ ڈمبر۔ کڑک۔ گرج۔ رعد۔

میگھ دھنش۔ قوس قزح۔

میگھ دیپ۔ بجلی۔ برق۔

میگھ راج۔ فرشتہ ابر۔ موکل باراں۔

میگھ کال۔ موسم باراں۔

میگھ گھٹا۔ بادلوں کی گھٹا۔

میگھ ناد۔ بادل کی آواز۔ گرج۔ رعد۔ موکل باراں۔ راون کے ایک بیٹے کا نام۔ پلاس کا درخت۔

میگھ ورن۔ رنگ سحاب یعنی بادلوں کا سا رنگ۔

میل۔ اتفاق۔ ملاپ۔

میلت۔ بند ہوا۔ سکڑا ہوا۔

میلاک۔ ملانیوالا۔

میلن۔ اکٹھا ہونا۔ ملنا۔ جمع ہونا۔

میلن۔ بند کرنا۔ سکڑنا۔

میلنا۔ ملنا۔ دوچار ہونا۔

میمانسا۔ وید کے متعلق تحقیق کرنے کا شاستر۔ علم مناظرہ۔

میمانست۔ بچارا گیا۔ تحقیق کیا ہوا۔

میمانسک۔ بچار کرنیوالا۔ سوچنے والا۔ میمانسا کا جاننے والا۔

میمنا۔ بکری کا بچہ۔

مین۔ مچھلی۔ ماہی۔ ایک برج فلکی کا نام یعنی حوت۔ وشنوجی کا پہلا اوتار۔

میناک۔ ایک پہاڑ کا نام جسکا ذکر رامائن میں ہے۔

مینکا۔ بہشت کی ایک رقاصہ جو اندر کی اجازت سے وشوامتر کی عبادت درہم برہم کرنیکے لئے گئی تھی۔

میو۔ ایک قسم کے دیوتا۔

میواتی۔ ملک میوات کا باشندہ۔

میور۔ مور۔ طاؤس۔

میوراری۔ چھپکلی۔ گرگٹ۔

میورچامر۔ مورچھل۔

میوکھ۔ کرن۔ شعاع آفتاب۔ رونق۔ زینت۔ روشنی۔ شعلہ۔ نار۔ چوٹی۔

میہ۔ ملا ہوا۔ بنا ہوا۔ جیسے منی میہ۔ یعنی منیوں سے بنا ہوا۔ واضح ہو کہ یہ لفظ ہمیشہ دوسرے الفاظ کے ساتھ آتا ہے۔

مہش۔ کھدگا۔ جاموش۔

مہشی۔ بھینس۔ گاومیش۔

میہن۔ آلۂ تناسل مرد۔ منزل ہونا۔ پیشاب کرنا۔

میہنا۔ ملامت۔ طعن۔

میہہ۔ سوزاک۔

میّہ۔ جس کا ناپ یا حساب ہو سکے۔ جو ناپا یا وزن کیا جاسکے۔

ن

نَ ۔ (حرفِ نفی) نہ ۔ نہیں ۔ نیست ۔ نفی ۔ عدم ۔ سورج ۔
سنیچر ۔ زحل ۔ طول ۔ دراز ۔ انسان ۔

نَا ۔ (کلمۂ نفی) نہیں ۔ نہ ۔ نیست ۔

نَابھ ۔ } ناف ۔ مرکز ۔ ہر چیز کا درمیانی مقام ۔ مُشک ۔ ایک راجہ
نَابھی ۔ }

نَاپِتْ ۔ نائی ۔ حجّام ۔

نَاپِتْ شَالَا ۔ نائی کی دکان ۔

نَاپِتی ۔ نائن ۔

نَاتَرْ ۔ ایسا نہ ہو تو ۔ ورنہ ۔ والّا ۔ وگرنہ ۔

نَاتِنْ ۔ } بیٹی کی بیٹی یعنی نواسی ۔
نَاتِنی ۔ }

نَاتھ ۔ مالک ۔ آقا ۔ شوہر ۔ خاوند ۔ صاحب ۔ سوامی ۔ خداوند ۔
بیلوں کی ناک کی رسّی ۔ واضح ہو کہ یہ جوگیوں کا لقب
ہے جو اُن کے نام کے آخر میں لگایا جاتا ہے ۔
جیسے گورکھ ناتھ ۔ وغیرہ ۔

نَاتھتَا ۔ سرپرستی ۔ پشت پناہی ۔

نَاتی ۔ بیٹی کا بیٹا یعنے نواسہ ۔ نبسہ ۔

نَاٹْ ۔ ناچ ۔ رقص ۔ نقل ۔ مُلک کرناٹک ۔

نَاٹَکْ ۔ کھیل ۔ تماشا ۔ تھیٹر ۔ ڈرامہ ۔ مضامین شاعرانہ
سے بیان حال بزرگان وغیرہ ۔ جیسے ہنومان
ناٹک وغیرہ ۔

نَاٹِکَا ۔ ناٹک کرنے والی عورت ۔ نٹوی ۔

نَاٹَکْ شَالَا ۔ ناچ گھر ۔ خانۂ رقص و سرود ۔

نَاٹَکی ۔ ناٹک کرنیوالی عورت ۔ نٹوی ۔

نَاٹَنْ ۔ ناچنا ۔ رقص کرنا ۔

نَاٹْیَہ ۔ ناچ ۔ رقص ۔

نَاٹْیَہ شَالَا ۔ ناچ گھر ۔ رقص خانہ ۔

نَادْ ۔ آواز ۔ راگ ۔ نوا ۔ سرود ۔ گرج ۔ مٹی کا برتن ۔

نَادْ شَبْدْ ۔ آواز ربانی ۔

نَادَنْ ۔ آواز کرنا ۔ گرجنا ۔

نَادِیَا ۔ بیل کی ایک قسم ۔

نَاڈِیکَا ۔ گھڑی ۔

نَارْ ۔ ناری ۔ عورت ۔ زن ۔ جورو ۔ ران ۔ ساق ۔ گردن ۔
بندوق کی نالی ۔ کنولوں کی نالی ۔

نَارَا ۔ لیف ۔

نَارَاچْ ۔ بان ۔ تیر ۔

نَارَائِنْ ۔ وشنوجی کا لقب ۔

نَارَائِنی ۔ وشنوجی کی زوجہ ۔ لکشمی ۔ گنگا ۔ شتاوری ۔

نَارَدْ ۔ ایک مہارشی کا نام جو برہما کے بیٹے تھے ۔ دس دیوریشیوں
میں سے ایک ۔

نَارَکی ۔ نرک یعنی دوزخی ۔ گنہگار ۔

نَارِکیلْ ۔ } ناریل ۔ نارجیل ۔ جوز ہندی ۔
نَارِکیرْ ۔ }

نَاری ۔ (ضدِ نرؔ) عورت ۔ زن ۔

نَاڑی ۔ نس ۔ نبض ۔ آنول نال ۔

نَاسَا ۔ ناک ۔ بینی ۔ انف ۔

نَاسْتِکْ ۔ } وہ جو بید ۔ عاقبت اور ایشور کو نہ مانتا ہو ۔ بے دین ۔
نَاسْتِکی ۔ } ملحد ۔ لامذہب ۔ زندیق ۔

ناشتک واد ۔ خدا وند تعالیٰ کو نہ ماننا ۔ کفر کی باتیں ۔
لا مذہبوں کا جھگڑا ۔

ناشتی ۔ نیستی ۔ بربادی ۔ تباہی ۔ فنا ۔ معدوم ۔ نابودی ۔

ناسر ۔ آگے چلنے والی فوج ۔ مقدمۃ الجیش ۔

ناسکا ۔ ناک ۔ بینی ۔ انف ۔

ناش ۔ بربادی ۔ تباہی ۔ فنا ۔ زوال ۔ نقصان ۔ بگاڑ ۔
اُجاڑ ۔ نیست ۔ نابود ۔ عدم ۔ موت ۔

ناشٹ ۔ برباد کیا ہوا ۔ تباہ کیا گیا ۔

ناشک ۔ برباد کرنیوالا ۔ نابود کرنے والا ۔ فنا کرنیوالا ۔

ناشن ۔ تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ۔ فنا کرنا ۔ برباد ۔
تباہ ۔ فنا ۔

ناشنی ۔ برباد کرنیوالی عورت ۔ فنا کرنیوالی ۔

ناشنیہ ۔ } برباد کرنے کے قابل ۔ اُجاڑنے کے لائق ۔
ناشیہ ۔

ناشوان ۔ } فنا ہونیوالا ۔ مٹ جانیوالا ۔ معدوم ہونیوالا ۔
ناشمان ۔

ناشی ۔ اُجاڑ ۔ برباد ۔ فنا ۔ ناش کرنیوالا ۔ برباد کرنیوالا ۔

ناک ۔ آسمان ۔ کرۂ باد ۔ بہشت ۔

ناکا ۔ مگرمچھ ۔ گھڑیال ۔

ناکپتی ۔ بہشت کا راجہ اندر ۔

ناگ ۔ کشیپ مُنی کی زوجہ دکھشا کے بیٹے جن کی شکل سانپوں کی
سی ہوتی ہے جو پاتال میں رہتے ہیں اور دیوتا کہلاتے
ہیں ۔ کالا سانپ ۔ ہاتھی ۔ زہر ۔ چھتریوں کا ایک فرقہ ۔
ناگ کیسر ۔

ناگا ۔ ایک قسم کے سنیاسی جو برہنہ پھرتے ہیں ۔

ناگاری ۔ ناگ یعنی سانپ کا دشمن ۔ گرڑ ۔ مور ۔ نیولا ۔

ناگ بیل ۔ پان کی بیل ۔

ناگ پاش ۔ برن دیو کا استر ۔ (ہتھیار) ایک قسم کا کمند پھندا ۔

ناگ پنچمی ۔ ساون سدی پنچمی جس روز سانپ کی پوجا
کی جاتی ہے ۔

ناگ پھنی ۔ ایک قسم کا تھوہڑ جس کے پتے سانپ کے
پھن کی طرح ہوتے ہیں ۔

ناگ دنت ۔ } ہاتھی دانت ۔ عاج ۔
ناگ دنتک ۔

ناگر ۔ نگر یعنے شہر کا رہنے والا ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔
گجراتی برہمنوں کا ایک فرقہ ۔

ناگر بیل ۔ دیکھو (ناگ بیل)

ناگرک ۔ نگری یعنی شہری ۔ قصباتی ۔ چالاک ۔

ناگر موتھا ۔ ایک قسم کی خوشبودار گھانس کی جڑ ۔

ناگری ۔ شہر کی رہنے والی عورت ۔ چالاک عورت ۔
ٹھیٹ ہندی زبان ۔ دیوناگری حروف ۔ مرادھے
رادھکا یا گوپکاؤں سے ۔

ناگ کنیا ۔ ناگوں یا پاتال کے دیوتاؤں کی لڑکیاں
جو بڑے حسین ہوتی ہیں اور سانپوں کی نسل سے ہیں ۔

ناگ کیسر ۔ دیکھو (ناگیسر)

ناگ لوک ۔ ناگوں کی دنیا یعنی پاتال ۔ تحت الثریٰ ۔

ناگن ۔ } ناگ سانپ کی مادہ ۔ سانپن ۔
ناگنی ۔

ناگور ۔ مارواڑ کے ایک شہر کا نام ۔

ناگیسر ۔ ایک خوشبودار پھول ۔

ناگیسری۔ زرد رنگ۔ زعفران۔

نال۔ کنول وغیرہ پھولوں کی لمبی ڈنڈی یا ٹہنی۔ ڈنٹھل بندوق وغیرہ کی نلی۔ نالی۔ وہ آنت جو بچوں کی ناف کے ساتھ لگی رہتی ہے۔ آنول۔ ناف۔

نالک۔ بندوق۔ تفنگ۔

نام۔ / نامن۔ } نام۔ اسم۔ اشارہ۔

نامانکت۔ جس پر نام لکھا یا کندہ کیا گیا ہو۔

ناماولی۔ نسب نامہ۔

نامدھاری۔ نام والا۔ موسوم۔

نامدھیہ۔ نام۔ اسم۔

نامشیش۔ گم نام یعنی مرا ہوا۔ مردہ۔

نام کرن۔ لڑکا پیدا ہونے کے بعد کرنے کے سولہ سنسکاروں میں سے پانچواں سنسکار جس میں بچے کا نام رکھا جاتا ہے۔

نانا۔ بہت طرح۔ طرح طرح۔ گوناگون۔ انواع۔ مختلف اقسام۔ کئے۔ بہت۔ ماں کا باپ۔

ناناپرکار۔ طرح طرح۔ گونا گون۔ رنگا رنگ۔ بوقلموں۔

ناناارتھ۔ مختلف المعنی۔ نہایت فائدہ مند۔

ناند۔ مٹی کا بڑا برتن۔

ناندی۔ بشاشت۔ دلجمعی۔ ترقی۔ کثرت۔ حد باری۔

ناندیا۔ بیل۔ نرگاؤ۔ مہادیو جی کی سواری۔ (بیل)

ناندی مکھ۔ ایک شرادھ کرم کا نام جو بیاہ وغیرہ کے ابتدا میں بزرگوں اور دیوتاؤں کے نام پر کیا جاتا ہے۔

نانک۔ ایک مشہور سکھ مذہب کے بانی کا نام۔

نانک پنتھی۔ / نانک شاہی۔ } گرونانک جی کے پیرو۔ سکھ فقراء کا ایک گروہ۔

نانگھ۔ کود۔ پھاند۔ شلانگ۔

نانگھنا۔ کودنا۔ پھاندنا۔ لانگھنا۔ پار ہونا۔ اترنا۔

ناںہہ۔ نہیں۔ نہ۔ لا۔

ناؤ۔ کشتی۔ ڈونگی۔

ناؤ۔ / ناؤں۔ } نام۔ اسم۔ ناموری۔

ناونا۔ / نانا۔ } جھکانا۔ سر جھکانا۔ سلام کرنا۔

ناوک۔ کشتی بان۔ ملاح۔ ناخدا۔

ناہ۔ مالک۔ شوہر۔

ناہر۔ شیر۔

ناہ۔ / ناہی۔ } نہ۔ نہیں۔ لا۔ نیست۔

نایک۔ اگوا۔ سردار۔ مالک۔ افسر۔ پیشوا۔ پیش رو۔ سرہنگ۔ نوجوان لڑکا۔ ایک چھوٹے درجے کا فوجی افسر۔ ہار کے بیچ کی منی۔ وہ شخص جو ناچنے اور گانے میں مہارت تامہ رکھتا ہو۔

نایکا۔ نایک کی جورو۔ دوشیزہ۔ حسینہ۔ کسی ڈرامہ یا قصہ کی ہیروئن۔ یہ تین طرح کے ہیں۔ (۱) سوکیہ۔ جو صرف اپنے شوہر سے محبت کرے۔ (۲) پرکیہ۔ جو غیر شخص سے محبت کرے۔ (۳) سامانیہ جو پیسہ کی لالچ سے محبت کرے۔ واضح ہو کہ زمانہ حال میں قحبہ خانے

کی مالک کو کہتے ہیں یعنی کٹنی۔ دلالہ۔

نائن۔ نائی کی جورو۔

نِبارَن۔ (نِوارَن) روک۔ منع۔ ممانعت۔ بازداشت۔

نبارنا۔ روکنا۔ منع کرنا۔ باز رکھنا۔

نباس۔ دیکھو (نِواس)

نباہ۔ پورا کرنا۔ پورا۔ تمام۔ گزارہ۔ بسر۔

نِبَل۔ (نون نفی کا) ناتوان۔ کمزور۔ ضعیف۔

نبلا۔ (نون نفی کا) مجازاً عورت۔ زن۔

نِبندھ۔ / نِبندھن۔ } موقع۔ بندش۔ قید۔ سبب۔ تحریر۔ وعدہ۔ گرہ۔ مقرر۔ ثابت۔ تشریح۔ رکاوٹ۔
قبض۔ بیڑی۔ کڑی۔ حد۔ روک۔ رکاوٹ۔
چسپاں کیا گیا۔ ضمیمہ کتاب کا۔ دریافت کیا گیا۔
ماہیانہ۔ سالیانہ۔

نبڑنا۔ / نبٹنا۔ } نبٹنا۔ ہو چکنا۔ خرچ ہونا۔ پورا ہونا۔ برباد ہونا۔ ختم ہونا۔

نبھ۔ / نبھس۔ } آسمان۔ فلک۔ خلا۔ صفر۔ ساون کا مہینہ۔ سورج۔ ابر۔

نبھ۔ برابر۔ موافق۔ مطابق۔ کپٹ۔ بہانہ۔ عذر۔

نبھاگا۔ / نبھاگی۔ } (نون نفی کا) بدقسمت۔ بدبخت۔ بدنصیب۔

نبھ چر۔ آسمان میں پھرنے والا۔ پرندہ۔ طائر۔ ایک قسم کے دیوتا۔ ابر۔ ہوا۔

نبھرت۔ عاجز۔ قائم۔ برقرار۔ وہ مقام جہاں انسان نہ ہوں۔ لیا گیا۔ چھپا ہوا۔ خفیہ۔ عاقل۔

نبھسیہ۔ بھادون کا مہینہ۔

نبھک۔ / نبھ گامی۔ } فضائے آسمان میں پھرنے والے یعنی طائر۔ ستارے۔ دیوتا وغیرہ

نبھہ۔ آسمان۔ فلک۔

نِبیڑا۔ / نِویڑا۔ } نپٹنا۔ پورا کرنا۔ چھٹکارا۔

نپات۔ گرنا۔ مرنا۔ موت۔ گرا ہوا۔ اجاڑا گیا۔

نپاتت۔ نیچے گرا ہوا۔ اجاڑا ہوا۔

نپاتک۔ برباد کرنے والا۔ اجاڑنے والا۔ ڈھانے والا۔

نپاتنا۔ گرانا۔ برباد کرنا۔ مار ڈالنا۔

نپان۔ پینا۔ گڑھا۔ تالاب۔ کٹھرا۔ حوض۔ ہرن۔ دودھ دوہنے کا برتن۔

نپتا۔ لڑکی یا لڑکے کی اولاد کور۔

نپتن۔ نیچے گرنا۔ برباد ہونا۔

نپٹ۔ بہت زیادہ۔ برباد ہونا۔

نپُنسک۔ (نون نفی کا) نامرد۔ ہجڑا۔ مخنث۔ ہیز۔ ڈرپوک۔

نپُن۔ چالاک۔ ہوشیار۔ دانا۔ تیز۔ کامل۔ ماہر۔

نپُنائی۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ عقلمندی۔

نپوتا۔ (نون نفی کا) لاولد۔ بے اولاد۔

نپیڑت۔ تکلیف دیا گیا۔ نچوڑا گیا۔

نپیڑن۔ تکلیف دینا۔ نچوڑنا۔

نِت۔ / نتیتا۔ / نتیہ۔ / نتیم۔ } روز روز۔ روزانہ۔ ہمیشہ۔ ہموارہ۔ متواتر۔ یکساں۔ لگاتار۔ مسلسل۔ روزمرہ۔ جاوداں۔ دوام۔ مدام۔ دائم۔ راست۔ ہمیشگی۔

نت۔ جھکا ہوا۔ خمیدہ۔ عاجز۔

نِتیہ - دوام - مدام - ہمیشگی - مداومت -

نِتانْت - بہت - نہایت - زیادہ - بسیار - کثرت -

نَتانْگ - جھکا ہوا -

نَتانْگی - مجازاً عورت - زن -

نِتْرام - ہمیشہ - دائم - دوام -

نِت پرتی - / نِت دِن - } روز بروز - ہر روز - روزانہ - ہمیشہ - دائم -

نَتْرو - نہیں تو - ورنہ -

نِت کرم - / نِتیہ کرم - } فرائض مذہبی روزانہ - واضح ہو کہ وہ چھ ہیں - غسل - سندھیا - ترپن - عبادت - جپ - تپ وغیرہ -

نِتَمْب - عورتوں کے چوتڑ - سُرین - کنارۂ رود -

نِتَمْبنی - مجازاً عورت - زن -

نِت نِت - ہر روز - روزانہ - ہمیشہ - دوام -

نِت نیم - / نِتیہ نیم - } روزمرہ کرنے کا فرض یعنی سندھیا - عبادت - پرستش وغیرہ

نتھ - / نتھنی - } ناک کی بالی (گہنا)

نِتھرا - صاف پاک - بے عیب -

نَتی - جھکنا - جھکاؤ - اُتار - نمسکار - سلام - بندگی - عاجزی - خاکساری -

نِتی - روزانہ - ہمیشہ - دوام -

نُتی - تعریف - ثنا - پوجا - پرستش -

نتنی - بیٹی کی بیٹی - نواسی -

نِتیانند - سدا سُکھ - جو ہمیشہ آنند یعنی بشاش رہے -

نِتیاغشہ - روزانہ - ہمیشہ - دائم - مدام -

نِتیشت - ناتے دار - رشتہ دار - خویش و اقارب -

نِتیہ - جو دائم و برقرار رہے - سدا - ہمیشہ - دائم - لگاتار - معمولی - روزانہ -

نِتیہ پرتی - ہر روز - روزانہ - ہمیشہ - دائم -

نِتیہ تا - ہمیشگی -

نِتیہ دا - ہمیشہ - مدام - دائم -

نِتیہ کرم - / نِتیہ کرمہ - / نِتیہ کریا - } روزانہ کرنیکے مذہبی رسومات - شغل دائمی -

نَٹ - ناچ - کھیلا - مکار - دغاباز - بازیگر - ناٹک کا کھیل کرنیوالا - ایک راگنی کا نام -

نٹ کھٹ - فتنہ پرداز - شوخ - شریر -

نِٹل - پیشانی - جبیں - ناصیہ -

نٹن - ناچ - رقص -

نٹنا - ناچنا - رقص کرنا -

نٹ ناگر - سری کرشن جی کا لقب -

نٹنی - نٹ کی جورو - ناچنے والی عورت - رقاصہ -

نٹھر - سخت دل - بے مروّت - بے رحم - ظالم - دغاباز - مکار - عیار -

نٹھرتا - / نٹھرائی - } سختی - بے رحمی - ظالمی -

نٹی - نٹ کی عورت - نٹنی - رقاصہ -

نِج - اپنا - خاص - آپکا - خود کا - اصل - صحیح - خالص - سچ - حقیقی - ذاتی - خانگی - راست - درست

نِجاؔ ۔ نیک بخت بیوی ۔

نِج تنتر ۔ سوتنتر ۔ خود مختار ۔

نِج دھام ۔ ملک حقیقی ۔ بہشت ۔ مراد ہے مقام بھگوت سے ۔

نِج گتی ۔ اپنی حالت ۔

نِج ورتی ۔ اپنا پیشہ ۔

نِچاور ۔ دیکھو (نچھاور)

نِچنت ۔ / نِچنت ۔ } (نشچنت) بے فکر ۔ مطمئن ۔

نِچنتائی ۔ (نشچنتائی) فراغت ۔ بیفکری ۔ طمانیت ۔

نِچول ۔ اوڑھنی ۔ دوپٹہ ۔ غلاف ۔

نِچولک ۔ چولی ۔ انگیا ۔ بکتر ۔

نِچھاور ۔ نثار ۔ تصدق ۔ اُتارا ۔

نِچھتر ۔ (نکشتر) اشونی ۔ بھرنی وغیرہ (۲۷) نچھتر ۔ ستارہ ۔
اختر ۔ کوکب ۔

نِچھتر بدیا ۔ دوِدیا ۔ (نکشتر ودیا) علم نجوم ۔

نِچیے ۔ / نِچائے ۔ } ڈھیر ۔ انبار ۔ کثرت ۔

نَد ۔ ندی جو مغرب سے مشرق کی جانب بہتی ہو ۔ جوے ۔

نِدارُن ۔ سخت ۔ خوفناک ۔

نِداگھ ۔ گرمی ۔ دھوپ ۔ حرارت ۔ پسینہ ۔ موسم گرما ۔

نِدان ۔ آخر کار ۔ سب کے بعد ۔ آخر میں ۔ پیچھے ۔ ثبوت ۔
حکم ۔ نظیر ۔ سبب ۔ خلاصہ ۔ بالکل علاج کا وہ حصہ
یا کتاب جس میں بیماریوں کے اصل اسباب وحالات
شناخت کرنے کے طریقے درج ہوں ۔

نَدِتا ۔ آواز کرنے والا ۔

نِدِدھیاسن ۔ استغراق ۔

نِدرا ۔ نیند ۔ خواب ۔ نوم ۔

نِدراشن ۔ سوجانا اور کھاتا ۔ خواب وخور ۔

نِدرالو ۔ جسے نیند آتی ہو ۔ نیند میں مخمور ۔

نِدرت ۔ سویا ہوا ۔ خفتہ ۔

نِدرشن ۔ نمونہ ۔ مثال ۔ نظیر ۔ تمثیل ۔ مطابق ۔ ظاہر کرنے کا

نِدرنا ۔ بے عزت کرنا ۔

نِدشٹ ۔ حکم دیا گیا ۔ نصیحت کیا گیا ۔ تشریح کیا گیا ۔

نَدن ۔ آواز کرنا ۔

نِدھان ۔ ذریعہ ۔ سہارا ۔ گھر ۔ خانہ ۔ مسکن ۔ مقام ۔ جگہ ۔ برتن ۔
ظرف ۔ خزانہ ۔ معدن ۔ قائم کرنا ۔

نِدھانہ ۔ خاندان کا سردار ۔

نِدھاک ۔ خزانہ ۔

نِدھن ۔ (نون نفی کا) غریب ۔ محتاج ۔ مجازاً موت ۔

نِدھنتا ۔ (نون نفی کا) بے دولتی ۔ غریبی ۔

نِدھی ۔ خزانہ ۔ دولت ۔ مخزن ۔ معدن ۔ کبیر (خدائے
دولت) کے خاص خزانے کا نام ۔ ذریعہ ۔ جگہ ۔
مقام ۔ گھر ۔ آسرا ۔ دریا ۔

نِدھیان ۔ دیکھنا ۔ ملاقات ۔

نَدی ۔ بہتا ہوا پانی ۔ ندی ۔ رود ۔

نَدیش ۔ / نَدیش ۔ } دریا ۔ سمندر ۔

نِدیش ۔ اجازت ۔ حکم ۔ نزدیک ۔ برتن ۔ ظرف ۔

ندیکول ۔ کنارہ رود ۔ ساحل ۔

نِڈر ۔ (نون نفی کا) بے ڈر ۔ بے خوف ۔ بے باک ۔ ڈھیٹ ۔

نڈھال } قائم۔ غیر متحرک۔ سُنسان۔
نڈھول }

نَر ۔ } (ضد ناری یعنی) مرد۔ انسان۔ بشر۔ آدمی۔
نُر ۔ } مذکر۔ ارجن کا لقب۔ خداوند تعالی۔

نِر ۔ نہ نہیں۔ بن۔ بنا۔ لا۔ بے۔ بغیر۔ باہر۔ بلا۔ الگ۔
بدون۔ اچھی طرح سے۔ واضح ہو کہ یہ ایک کلمۂ نفی ہے۔
جب دوسرے کلمہ کے ساتھ آتا ہے تو کسی چیز کے
ساتھ عدم اِتصاف کا افادہ دیتا ہے۔ جیسے (نرگندھ)
یعنی ہر وہ چیز جس میں کسی قسم کی بو نہ ہو۔

نِرا ۔ محض۔ اکیلا۔ خالص۔ صرف۔ فقط۔ بالکل۔

نِراُپادھی۔ (نِر نفی کا) جسے کسی طرح کی تکلیف نہ ہو۔

نِرآپد۔ (نِر نفی کا) جسے کوئی آفت نہ ہو۔ بے مصیبت۔
اقبالمند۔

نِرپَرادھ۔ (نِر نفی کا) بے گناہ۔ بے قصور۔ بے عیب۔
بے نقص۔ پاک۔

نِراُپم۔ (نِر نفی کا) بے نظیر۔ لاثانی۔

نِراُتّر۔ (نِر نفی کا) لاجواب۔ جس کا کوئی جواب نہ ہو۔

نِرآجدھ۔ (نِر نفی کا۔ آیُدھ) بے ہتھیار۔

نِراچار۔ (نِر نفی کا) جسکے چال چلن نیک نہ ہوں۔

نِراچھر۔ (نِر نفی کا۔ اکشر) ناخواندہ۔ اُمّی۔

نِرآدر۔ (نِر نفی کا) بے ذریعہ۔ بے وسیلہ۔ بے عزت۔
بے حرمت۔ بے قدر۔ بے ادب۔ بے تمیز۔ بدوضع۔
بد اخلاق۔

نِرآدرن۔ (نِر نفی کا) بے قدری۔ عدم توجہی۔ بے پروائی۔

نِراَدھار۔ (نِر نفی کا) بے سہارا۔ جسکا کوئی ذریعہ نہ ہو۔ بے وسیلہ۔

نَرادھِپ۔ مالک البشر۔ راجہ۔ بادشاہ۔

نَرادھم۔ انسانوں میں نیچ۔ کمینہ۔ رذیل۔ مردود۔ نِکَمّا۔

نِرادھی۔ بے فکر۔ صحت مند۔

نِرادویگ۔ (نِر نفی کا) بے خوف۔ مطمئن۔

نِرادیم۔ (نِر نفی کا) بیکار۔ فضول۔

نِرادیوگ۔ (نِر نفی کا) بیکار۔ فضول۔

نِرارتھک۔ (نِر نفی کا) بے ضرورت۔ بے کار۔ بے نتیجہ۔
بے فائدہ۔ فضول۔

نِراستر۔ (نِر نفی کا) بے ہتھیار۔

نِراش } ناامید۔ مایوس۔ بے سہارا۔ بے بھروسا۔ دور کرنا۔
نِراشا } تردید کرنا۔ قطع کرنا۔

نِراشرے۔ (نِر نفی کا) جس کا کوئی سہارا نہ ہو۔ بے وسیلہ۔
بے ٹھور ٹھکانا۔ محتاج۔

نِراشیہ۔ (نِر نفی کا) ناامیدی۔

نِراکار۔ (نِر نفی کا) جس کی کوئی شکل و شباہت نہ ہو۔ بے نشان۔
مراد ہے خداوند تعالیٰ سے۔

نِراکانکش۔ (نِر نفی کا) جسے طمع نہ ہو۔

نِراکانکشی۔ (نِر نفی کا) لاطمع۔ قانع۔

نِراکرن۔ ہٹانا۔ دور کرنا۔ الگ کرنا۔ چھانٹنا۔ مٹانا۔ روکنا۔

نِرالسیہ۔ (نِر نفی کا) جس میں دیر نہ ہو۔ فوراً۔ چپٹ۔ تیز۔

نِرالمب۔ (نِر نفی کا) بے سہارا۔

نِرامش۔ (نِر نفی کا) بے گوشت خوراک۔ عیش و عشرت سے مبرا۔

نِراَمئے ۔ (نِر نفی کا) جسے کوئی بیماری نہ ہو ۔ تندرست ۔ صحت
آرام ۔ جنگلی بکرا ۔

نِراَنّ ۔ (نِر نفی کا) جس کو کھانا نہ ہو ۔

نِراَنْتْ ۔ (نِر نفی کا) بے کنارہ ۔ بے حد ۔

نِراَنَنْدْ ۔ (نِر نفی کا) جو خوش نہو ۔

نِراَوَدھی ۔ (نِر نفی کا) بے حد ۔ بے کنارہ ۔ ہمیشہ ۔ مسلسل ۔ برابر ۔ لگاتار ۔

نِرآوَرَنْ ۔ (نِر نفی کا) بے پردہ ۔ کھلا ۔ برملا ۔

نِراَوَکاشْ ۔ بے فرصت ۔ مشغول ۔

نِراونا ۔ کھیتی سے کوڑا کرکٹ دور کرنا ۔ پچھوڑنا ۔ صاف کرنا ۔

نِراہارْ ۔ (نِر نفی کا) بے غذا ۔ بے طعام ۔ بے خورد و نوش ۔
روزہ ۔ فاقہ ۔

نِراَہَنْکارْ ۔ (نِر نفی کا) جسکو غرور نہ ہو ۔ بے غرور ۔

نِرایاسْ ۔ (نِر نفی کا) بلا تکلیف ۔ آسان ۔

نِرایُدھْ ۔ بے ہتھیار ۔

نِرْباہْ ۔ دیکھو (نِرْواہْ)

نِرْباوْ ۔ (نِر نفی کا ۔ وِداوْ) بغیر جھگڑے کے

نِرْبُدھی ۔ (نِر نفی کا) بے عقل ۔ بے سمجھ ۔ ناداں ۔ مورکھ ۔
بے وقوف ۔

نِرْبِسی ۔ جدوار ۔

نِرْبَشْ ۔ (نِرْ نفی کا ۔ وَشْ) ناتوان ۔ کمزور ۔ بے طاقت ۔

نِرْبکارْ ۔ (نِرْ نفی کا ۔ وِکارْ) بے عیب ۔ بے نقص ۔
غیر متغیر ۔

نِرْبکھنْ ۔ (نِرْ نفی کا) دیکھو (نِرْ وِکھنْ)

نِرْبَلْ ۔ (نِرْ نفی کا) بے طاقت ۔ بے زور ۔ ناتوان ۔ کمزور ۔ ضعیف ۔ نحیف ۔ لاغر ۔

نِرْبَلْتا ۔ (نِرْ نفی کا) ناتوانی ۔ ضعف ۔

نِرْبَنْدھْ ۔ نِرْبَنْدھْ ۔ (نِر نفی کا) بے روک ۔ بے قید ۔
بے سہارا ۔ بے روزگار ۔

نِرْبَنْدھُو ۔ (نِرْ نفی کا) بے یار ۔ بے خویش ۔ بے چارہ ۔

نِرْبَنْشْ ۔ (نِرْ نفی کا) لاولد ۔ بے نسل ۔

نِرْبُودھْ ۔ (نِرْ نفی کا) بے سمجھ ۔ بے علم ۔

نِرْبھَرْ ۔ پورا ۔ بھرا ہوا ۔ بہت ۔ نہایت ۔ کثرت ۔

نِرْبھئے ۔ (نِرْ نفی کا) نڈر ۔ بے خوف ۔ دلیر ۔

نِرْبھیتْ ۔
نِرْبھیکْ ۔ } (نِرْ نفی کا) نڈر ۔ بے خوف ۔

نِرْبھیتا ۔ (نِرْ نفی کا) بے خوفی ۔ دلیری ۔

نِرْبیجْ ۔ (نِرْ نفی کا) بے تخم ۔ لاولد ۔ بے نسل ۔

نِرْبَیرْ ۔ (نِرْ نفی کا ۔ وَیرْ) بے دشمن ۔

نَرُپْ ۔
نَرُپَتْ ۔
نَرُپالْ ۔ } راجہ ۔ بادشاہ ۔
نَرُپَتی ۔
نَرُدیو ۔

نِرُپادھی ۔ (نِرْ نفی کا) جسکو کوئی آفت نہ ہو ۔ وہ جو کار خیر کی
جانب مائل ہو ۔

نَرُپاتْما ۔ شاہی نسل کا ۔ بادشاہ زادہ ۔

نَرُپاسَنْ ۔ تخت شاہی ۔

نَرُپانْشْ ۔ حصہ شاہی ۔ حق شاہی ۔ رقم مالگزاری ۔

نِرُپائے ۔ (نِرْ نفی کا) بے تجویز ۔ ناچار ۔

نَرپَتی ۔ انسانوں کا مالک ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔

نِرپُتریہ ۔ (نِر نفی کا) بے اولاد ۔ جس کی کوئی اولاد نہ ہو ۔

نِرپچھہ ۔ (نِر نفی کا پکشش ۔) بے یار و مددگار ۔ ناچار ۔ عاجز ۔ بےکس ۔

نِرپدرو ۔ (نِر نفی کا) جو بیمار نہ ہو ۔ جسکو کوئی تکلیف نہ ہو ۔

نَرپُر ۔ انسانوں کا شہر ۔ مجازاً دنیا ۔ زمین ۔ ارض ۔

نَرپریہ ۔ بنی نوع انسان کا دوست ۔

نرپ گھاتی ۔ راجاؤں کا قاتل ۔ پرشرام کا لقب ۔

نِرپھل ۔ (نِر نفی کا) بے پھل ۔ بے ثمر ۔ بے سود ۔ بے فائدہ ۔

نِرپیکشش ۔ (نِر نفی کا) بے پروا ۔ آزاد ۔

نَرت ۔ ناچنے والا ۔ رقص کرنیوالا ۔

نرت ۔
ورتیہ ۔
نرتیہ ۔ } ناچ ۔ رقص ۔

نِرت ۔ ہمیشہ لگا ہوا ۔ مشغول ۔

نِرُتّر ۔ (نِر نفی کا) بے جواب ۔ لاجواب ۔ خاموش ۔ چپ ۔

نِرُتساہ ۔ (نِر نفی کا) جسکو کسی بات کی خوشی نہ ہو ۔ سست ۔ کاہل ۔

نرتک ۔ ناچنے والا ۔ نٹ ۔ نقال ۔ شعبدہ باز ۔

نرتکی ۔ ناچنے والی (عورت) ۔ نٹنی ۔

نرتن ۔ ناچ ۔ رقص ۔ ناچنا ۔ رقص کرنا ۔ نقل کرنا ۔ بھاؤ بتلانا

نرتن شالا ۔ ناچ گھر ۔ رقص خانہ ۔

نرتو ۔ ناچنے والا ۔ نقال ۔

نِرتھ ۔ کسی کام میں لگا ہوا ۔ مشغول ۔

نرتی ۔ ناچ ۔ رقص ۔

نِرتی ۔ بے غرضی ۔

نرتیہ ۔ ناچ ۔ رقص ۔ ناچنا ۔ رقص کرنا ۔ نقل کرنا (بھاؤ بتانا) اشاروں سے مطلب ظاہر کرنا ۔

نرتیہ شالا ۔ ناچ گھر ۔ رقص خانہ ۔

نرتیہ کاری ۔ ناچنے والا ۔ رقاص ۔

نِرج ۔ (متعلق بہ نِر یعنی آب) کنول ۔ نیلوفر ۔

نِرجت ۔ (نِر نفی کا) جو ہارا ہو ۔ فتح کیا گیا ۔ مطیع کیا گیا ۔

نِرجتا ۔ (نِر نفی کا) غیر مفتوح ۔ مغلوب ۔

نِرجر ۔ (نِر نفی کا) جو ضعیف نہ ہو ۔ لازوال ۔ آب حیات ۔ مجازاً دیوتا ۔

نِرجل ۔ (نِر نفی کا) جہاں پانی نہ ہو ۔ بے آب ۔ ریگستان ۔ سراب ۔ اوسر زمین ۔

نِرجن ۔ (نِر نفی کا) جہاں کوئی انسان نہ ہو ۔ غیر آباد مقام ۔ اُجاڑ ۔ ویران ۔ سنسان ۔

نِرجھر ۔ جھرنا ۔ آبشار ۔ سیلاب ۔ چشمہ ۔

نِرجھرنی ۔ ندی ۔ رودبار ۔

نِرجیو ۔ (نِر نفی کا) بے جان ۔ بے روح ۔ غیر ذی روح ۔ مردہ ۔ غیر متحرک ۔ جمادات ۔

نِرچھل ۔ (نِر نفی کا) سادہ ۔ بے ریا ۔ بھولا بھالا ۔ صاف دل ۔ سادہ لوح ۔

نِردِشٹ ۔ اچھی طرح سے کہا ہوا ۔ دکھلایا ہوا ۔ اشارے سے ظاہر کیا گیا ۔ تعین کیا ہوا ۔

نِروَک ۔ بولنے والا ۔ کہنے والا ۔ گوینده ۔

نِروَمبھ ۔ بے کپٹ ۔ بے فکر ۔ صاف باطن ۔

نِروَن ۔ گرج ۔ خوفناک آواز ۔

نِرْدوش ۔ } (نِر نفی کا) بے عیب ۔ بے نقص ۔ بے قصور ۔
نِرْدوشی ۔ } بے خطا ۔ بے گناہ ۔ پاک ۔

نِرْدوشتا ۔ (نِر نفی کا) بے عیبی ۔ بے قصوری ۔

نِرْدوَندوَہ (نِر نفی کا) بلا حجت یا تکرار ۔ بے جھگڑا ۔ رنج وراحت میں یکساں آرام سے ۔ چین سے ۔ راگ ۔ دویش ۔ مان ۔ اور ایمان وغیرہ سے مُبّرا ۔

نِرُدھ ۔ رکا ہوا ۔ تغیر ۔ ابطالی

نِرْدھار ۔ } ٹھیک کرنا ۔ مقرر کرنا ۔ تحقیق کرنا ۔ دریافت کرنا
نِرْدھارن ۔ } تعین کرنا ۔ تشخیص کرنا ۔ جُدا کرنا ۔

نِرْدھارِت ۔ تعین کیا ہوا ۔ تحقیق کیا گیا ۔

نِرْدَھرم ۔ (نِر نفی کا) بے دینی ۔ بے انصافی ۔ بے دین ۔ بدکار ۔ فاسق ۔

نِرْدھن ۔ (نِر نفی کا) بے زر ۔ بے دولت ۔ مفلس ۔ محتاج ۔ غریب ۔ کنگال ۔

نِرْدھنی ۔ (نِر نفی کا) مفلس ۔ محتاج

نِرْدَئی ۔ (نِر نفی کا) جس کے دل میں محبت نہ ہو ۔ بے رحم ۔ نامہربان ۔ سخت دل ۔

نِرْدیش ۔ حکم ۔ بیان ۔ تعریف ۔ کہنا ۔ بتلانا ۔ دکھلانا ۔ ظاہر کرنا ۔ اشارہ کرنا ۔

نِرْدیو ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔

نِرْدیہہ ۔ (نِر نفی کا) بلا جسم وشباہت ۔

نِرَرتھ ۔ (نِر نفی کا) بے معنی ۔ بے ثمر ۔ بے بر ۔ بے فائدہ ۔ بے نذری ۔ بیکار ۔ فضول ۔ لاحاصل ۔

نِرَرتھک ۔ (نِر نفی کا) بے پروا ۔ بے معنی ۔ غیر مروج ۔ متروک الاستعمال ۔ بے کار ۔ بے سود ۔ فضول ۔ کاہل ۔ سُست ۔ غافل ۔ بے خبر ۔ منسوخ ۔

نِرَرگل ۔ (نِر نفی کا) بے روک ٹوک ۔ بے زنجیر ۔

نِرَس ۔ (نون نفی کا) بے رس ۔ پھیکا ۔ بے مزہ ۔ خشک ۔ مرجھایا ہوا ۔ پژمردہ ۔ نامطبوع ۔ خراب ۔ بے حسن ۔ کم درجہ کا ۔ زبون ۔

نِرَشت ۔ مارا ہوا ۔ مارا گیا ۔ ہٹایا ہوا ۔ بدر کیا گیا ۔ نکالا گیا

نُرسِمْہ ۔ انسانوں میں شرزہ یعنے ۔ وشنو کے دس اوتاروں میں سے چوتھا اوتار جو ہرنیہ کشیپ کو مارنے اور راور پرہلاد کو بچانے کے لئے ہوا تھا ۔

نِرَسن ۔ ترک کرنا ۔ پھینکنا ۔ دور کرنا ۔ ہٹانا ۔ خارج کرنا ۔ روکرنا ۔ نکالنا ۔ تھوکنا ۔ مار ڈالنا ۔

نرسنگا ۔ ایک طرح کا باجہ ۔ تُرہی ۔ کرنا ۔ سینگی ۔

نُرسنگھ ۔ (نُرسِمْہ) وشنو کا چوتھا اوتار ۔

نُرشَمس ۔ بد ۔ بدخو ۔ ظالم ۔ بدکار ۔

نرسوں ۔ آج سے چوتھا دن ۔ گذشتہ ہو یا آئندہ ۔

نرک ۔ دوزخ ۔ بھاری رنج یا گناہ ۔

نرکاسُر ۔ ایک راچھس کا نام ۔

نرکانتک ۔ وشنو کا لقب ۔

نِرُکت ۔ یقینی طور پر کہا ہوا ۔ ٹھیرایا ہوا ۔ بید کا ایک حصہ جس میں اس کے الفاظ معنے اور قواعد لکھے گئے ہیں ۔

نِرَکش ۔ خط استوا ۔ پہلا نصف النہار ۔

نِرکھنا ۔ دیکھنا ۔ تاکنا ۔

نرکی ۔ نرک کا رہنے والا یعنی دوزخی ۔ جہنمی ۔

نِرْگت ۔ نکلا ہوا ۔ باہر گیا ہوا ۔ نقل مکان کیا ہوا ۔

نرگم ۔ نکلنا۔ باہر جانا۔ روانگی۔ کوچ۔ رحلت۔

نرگمن ۔ نکلنا۔ نکاس۔

نرگن ۔ (نر نفی کا) بے گن یعنی بے صفات۔ بے ہنر۔ ناداں۔ بے شعور۔ خراب۔ بد۔ جس میں کوئی اچھی خصلت نہ ہو۔ مایا کے تینوں گن۔ یعنی ست۔ رج۔ اور تم سے بری۔ واضح ہو کہ یہ ایک صفت ہے صفات الٰہی سے

نرگندھ ۔ (نر نفی کا) بے بو۔ جس میں بو نہ ہو۔

نرگھرشن ۔ گھسنا۔ رگڑنا۔

نرگھنٹ ۔ } فہرست مضامین۔ فرہنگ۔ لغت۔
نرگھنٹک ۔ }

نرگھوش ۔ آواز۔ صدا۔

نرلیپت ۔ } (نر نفی کا) نہ لیپا ہوا۔ آلودہ نہیں کیا ہوا۔ غیر آلود
نرلیپ ۔ } بے لاگ۔ سری کرشن جی کا لقب۔

نرلج ۔ (نر نفی کا) بے شرم۔ بے حیا۔ بے باک۔ گستاخ۔ بے حجاب۔

نرلوبھ ۔ } (نر نفی کا) جس کو لالچ نہ ہو۔ بے غرض۔ لاطمع
نرلوبھی ۔ } مخیر۔ قانع۔ بے حرص۔

نرلوک ۔ دنیا۔ عالم۔

نرلیپ ۔ (نر نفی کا) بے لاگ۔ بے تعلق۔ بے لوث۔ بے عیب۔

نرم ۔ ہنسی۔ دل لگی۔

نرماتا ۔ بنانے والا۔ ایجاد کرنے والا۔

نرمالیہ ۔ صاف۔ پاک۔ صفائی۔ پاکیزگی۔ دیوتاؤں کا پس خوردہ یعنی وہ نیاز جو دیوتا کے پیش کرنے کے بعد بچا رہے جسے (نیویدیہ) کہتے ہیں۔

نرمان ۔ بناوٹ۔ ساخت۔ تعمیر۔ تیاری۔ صنعت۔ درستی۔ بنانا۔ ایجاد کرنا۔ تصنیف۔ خلاصہ۔

نرمانک ۔ ایجاد کرنیوالا۔ مصنف۔

نرمت ۔ بنایا ہوا۔ ایجاد کیا ہوا۔ تصنیف کیا ہوا۔ ساختہ۔ مصنوعی۔

نرماتا ۔ بنانے والا۔ خالق۔

نرمتی ۔ بنانا۔ تیار کرنا۔

نرمد ۔ خوشی دینے والا۔ مسخرہ۔ بھانڈ۔

نرمد ۔ اعتدال پر رہنے والا۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ خاموش۔ وہ ہاتھی جو مست نہ ہو۔

نرمدا ۔ ایک ندی کا نام جسے ریوا بھی کہتے ہیں۔

نرمکتی ۔ چھٹکارا۔ نجات۔

نرمل ۔ } (نر نفی کا) بے میل یعنی صاف۔ پاک۔ خالص۔
نرملا ۔ } بے عیب۔ بے کدورت۔ ستھرا۔ بے داغ۔ سفید۔ شفاف۔

نرملتا ۔ (نر نفی کا) صفائی۔ پاکی۔ پاکیزگی۔ شفافی۔

نرملی ۔ (نر نفی کا) ایک تخم کا نام جس سے پانی صاف کیا جاتا ہے۔

نرمم ۔ (نر نفی کا) بے غرض۔

نرممتا ۔ (نر نفی کا) بے غرضی۔

نرمنش ۔ (نر نفی کا) اُجاڑ جگہ۔ غیر آباد مقام۔

نرموک ۔ سانپ کی کینچلی۔ مسلاخ۔

نرمول ۔ (نر نفی کا) جڑ سے کھودا ہوا۔ بے بنیاد۔ بے تخم۔ بے ٹھکانا۔ بے اصل۔ بے وثیقہ۔ اُجڑ۔ برباد۔ تباہ۔

نِرْمُوہ ۔ (نِرنفی کا) نامہربانی۔

نِرْمُوہی۔ (نِرنفی کا) نامہربان۔ بےشفقت۔ بےالتفات۔
سنگ دل۔ کج خلق۔

نِرْمَئی۔ (نِرنفی کا) بےداغ۔ خالص۔ تندرست۔

نَرَمیدْھ۔ انسان کی قربانی۔

نِرْناتھ۔ (نِرنفی کا) بے مالک۔ بےولی۔ بےمحافظ۔ لاوارث۔
بےخداوند۔

نِرْناتھا۔ (نِرنفی کا) رنڈوا۔

نَرْنارائن۔ سری کرشن جی اور ارجن کا لقب۔

نَرْناری۔ مردوزن۔

نِرَنْت۔ جس کا انجام نہ ہو۔ بےانتہا۔

نِرَنْتَر۔ لگاتار۔ متواتر۔ دائم۔ ہمیشہ۔ روزانہ۔ ہروقت۔

نِرَنْج۔ (نِرنفی کا) بےشرم۔

نِرَنْجَن۔ (نِرنفی کا) جس نے کاجل نہ لگایا ہو۔ آلودہ نہیں
کیا گیا۔ جو نظر نہ آئے۔ بےگناہ۔ بےعیب۔ پاک۔
بےتمنا۔ بےریا۔ کام کرودھ سے بری۔ خداوندتعالی
کی ایک صفت۔

نِرَنْکار۔ (نِرنفی کا) غیرمجسم۔ مجازاً خداوندتعالی۔

نِرَنْکُش۔ (نِرنفی کا) بےروک ٹوک۔ بےقید۔ خودمختار۔
بےادب۔

نَرَنْگ۔ نارنگی۔ کونلہ۔

نِرْنِمِت۔ (نِرنفی کا) بےوجہ۔ بےسبب۔

نِرْنَے۔ قائم۔ تعین۔ برقرار۔ دریافت۔ بچار۔ سوچ۔
غور۔ تحقیق۔ تقرر۔ ثابت۔ فیصلہ۔ تیقن۔ ٹھیک۔
مقرر کیا گیا۔ قائم کیا گیا۔ یقین کیا گیا۔

نِرْنیت۔ تعین کیا گیا۔ بچارا گیا۔ حکم لگایا گیا۔ فیصلہ
کیا گیا۔

نِرْنیتا۔ قرارداد کرنے والا۔

نُرُو۔ آدمی۔ انسان۔ بشر۔

نِرْواپ۔ دان۔ وہ خیرات جو اپنے بزرگوں کے
نام پر دی جائے۔

نِرْواپن۔ آگ بجھانا۔

نِرْوات۔ (نِرنفی کا) وہ مقام جہاں ہوا کا گزر نہ ہو۔
خاموش۔ باامن۔

نِرْواس۔ } (نِرنفی کا) قوم وغیرہ سے الگ کرنا۔ ملک
نِرْواسَن۔ } سے باہر کرنا۔ منع کرنا۔ مارنا۔

نِرْواسِت۔ نکالا گیا۔ مارا گیا۔ منع کیا گیا۔

نِرْواسَک۔ نکالنے والا۔ باہر کرنیوالا۔ مارنیوالا۔

نِرْواسَن۔ مارڈالنا۔ جلاوطن کرنا۔

نِرْواشیہ۔ نکالے جانے کے قابل۔

نِرْوان۔ بجھا ہوا۔ ٹھنڈا کیا ہوا۔ منقطع کیا گیا۔ ڈوبا ہوا۔
مرا ہوا۔ فقدان۔ معدوم۔ زوال۔ نیست۔
نجات اُخروی۔ رستگاری۔ مزید پیدائش سے
نجات۔ مخلصی بخشا گیا یعنی مادی سے نجات دیکر
عین وصال خداوندتعالی عطا کیا گیا۔

نِرْواہ۔ نباہ۔ گزر۔ تکمیل۔ زندگی۔ کسی بات کا جاری
رہنا۔ پورا کرنا۔ تمام کرنا۔

نِرُوپ۔ (نون نفی کا) بےشکل۔ بےجسم۔ بےجسد۔ غیرمادی۔
خداوندتعالی۔

نِرُپادھی۔ (نِر نفی کا) جسمیں کوئی گُن نہو۔ بے عیب۔ پاک۔

نِرُوپت۔ تفصیل سے کہا ہوا۔ تحقیق کیا گیا۔ مقررہ۔

نِرُوپم۔ (نون نفی کا) جس کی برابری نہ ہوسکے۔ بے مثال

بے نظیر۔ لاثانی۔

نِرُوپن۔ کسی امر کے متعلق غور و تامل کے بعد رائے قائم

کرنا۔ تفصیل سے کہنا۔ ثبوت۔ تعریف۔ تعین۔

بچار۔ دیکھنا۔

نَرُوتّم۔ انسانوں میں اعلیٰ۔

نِرْوَچن۔ بیان۔ توضیح۔

نِرودھ۔ روکنا۔ ابطال۔ بطلان۔

نِرودھ۔ }
نِرودھن۔ } روک۔ رکاوٹ۔ بندش۔ گھیرا۔ قید۔

نِرَوَدیہ۔ بے عیب۔ پاک۔

نِرُوڈھ۔ پیدائش۔ مشہور۔

نِرْوَش۔ (نِر نفی کا) بے اختیاری۔ بے ہوشی۔

نِرْوِشَنگ۔ (نِر نفی کا) بغیر شک اور خطرے کے۔

نِرْوِکار۔ (نِر نفی کا) جس میں کوئی عیب یا بُرائی نہ ہو۔

غیر متبدل۔ جسمیں تلوّنی نہو۔ بے نقص۔ بلا خلل۔

ایکساں۔

نِرْوِکلپ۔ بے تغیر و تبدل۔ بے شک و شبہہ۔

نِرُوگ۔ }
نِروگا۔ } (نون نفی کا) بھلا۔ چنگا۔ تندرست۔ جسے کوئی
نِروگی۔ } بیماری نہ ہو۔ صحت۔ بے ضرر۔

نِرْوِگھن۔ (نِر نفی کا) بے بگاڑ۔ بے کھٹکا۔ بلا روک ٹوک۔

آزادی سے۔

نِرْوَنش۔ (نِر نفی کا) لاولد۔ بے اولاد۔ بے خانمان۔

نِرْوَن۔ (نِر نفی کا) کھلا میدان۔

نِرْوِویک۔ (نِر نفی کا) بیوقوف۔

نِرْوَہن۔ گزران۔

نِرْوِیادھی۔ (نِر نفی کا) جسے کوئی بیماری نہ ہو۔ صحتمند۔ تندرست۔

نِرْوِبیج۔ (نِر نفی کا۔ بیج) بے تخم۔ نامرد۔

نِرْوید۔ (نِر نفی کا) وید کا نہ ماننے والا۔ بے ایمان۔ بے پروا۔

استغنار۔ عجز۔ رنج۔

نِرْوَیر۔ (نِر نفی کا) غیر منافقت۔ دوستی۔

نِرْوِیرا۔ (نِر نفی کا) وہ عورت جس کا خاوند اور بیٹا نہ ہو۔

نِرْوِیرج۔ (نِر نفی کا) بے تخم کیا گیا۔ آختہ کیا ہوا۔ خصّی کیا گیا۔

نِرْہَرن۔ ناش کرنا۔ برباد کرنا۔

نُرْہَری۔ }
نَرْہَری۔ } (نَر سمہ اوتار) وشنو کا چوتھا اوتار۔

نِرْہیتو۔ (نِر نفی کا) جس میں کوئی سبب نہ ہو۔ بلا وجہ۔

نِرَیہ۔ نرک۔ دوزخ۔ بدحالی۔

نِرْیاتن۔ بدلہ لینا۔

نِرْیاس۔ گوند۔ صمغ۔ جوشاندہ۔

نِرْیان۔ باہر نکلنا۔ روانگی۔ سفر۔ جسم سے روح کا نکلنا

یعنی موت۔ نجات۔

نِرِیکش۔ (نِر ِیکش) دیکھنا۔ انتظار کرنا۔

نریچھا ۔ دیکھنا ۔ ملاقات ۔

نریچھن ۔ (دیکھو نریکشن) انتظار کرنا ۔ اُمید کرنا ۔

نریش ۔ } راجہ ۔ بادشاہ ۔
نریشور ۔

نریش ۔ (نر نفی کا) بے مالک ۔ ناستک ۔ وہ جو خدا کا قائل نہ ہو ۔ ہل کا پھال ۔

نریشور ۔ (نر نفی کا) بے خداوند تعالیٰ ۔

نریشورورشن ۔ (نر نفی کا) وہ شاستر جس میں خداوند تعالیٰ کو نہ مانا گیا ہو ۔

نریشوراواد ۔ (نر نفی کا) خداوند تعالیٰ کو نہ ماننے والا ۔ مذہب ۔ ناستک مذہب ۔

نریکشن ۔ دیکھنا ۔ منتظر رہنا ۔

نریکشا ۔ (نریچھا) امید ۔

نریکشن ۔ دیکھنا ۔ نظر کرنا ۔ ملنا ۔ نظر ۔ ملاقات ۔ نگرانی ۔

نریندر ۔ } مالک البشر ۔ مجازاً راجہ ۔ بادشاہ ۔
نریش ۔
نریشور ۔

نیرندریہ ۔ (نر نفی کا) بے حواس یعنی اندھا ۔ بہرا ۔ لولا وغیرہ ۔

نریہہ ۔ بے طمع ۔ بے لالچ ۔ بے نیاز ۔

نس ۔ رگ ۔ ناڑی ۔

نس ۔ نہ ۔ نہیں ۔ بلا ۔ غیر ۔ ٹھیک ۔ صحیح ۔ سب طرح سے ۔ ہر طرح سے ۔ ہر ۔ جیسے نس دن یعنی ہر دن ۔

نسا ۔ ناک ۔ بینی ۔

نساس ۔ سانس ۔ دم ۔ نفس ۔ آرزو ۔ پچھتاوا ۔

نساکر ۔ } چاند ۔ ماہ ۔ قمر ۔
نساناتھ ۔

نسانا ۔ نیست کرنا ۔ معدوم کرنا ۔

نسپت ۔ رات کا مالک یعنی چاند ۔ ماہ ۔

نسپرہ ۔ جس کو کسی بات کی خواہش نہ ہو ۔ بے طمع ۔ قانع ۔ وہ جو ہوا و ہوس سے مبرّا ہو ۔

نسپند ۔ ساکن ۔ بے حرکت ۔

نستار ۔ } چھٹکارا ۔ رہائی ۔ رستگاری ۔ مخلصی ۔ پار ہونا ۔ نجات اخروی ۔ کمال خوشی ۔ فراغت ۔
نسترن ۔

نستارا ۔ غیر مبہم تصفیہ ۔ فیصلہ ۔ برکت ۔ عنایت ۔ حجت تقرر ۔

نستارنا ۔ بچانا ۔ آزاد کرنا ۔ گناہ بخشنا ۔ حمات وحیات سے نجات دینا ۔

نس تبدھ ۔ جو گڑ گیا ہو ۔ جو ہلتا نہ ہو ۔ غیر متحرک ۔

نس تتو ۔ بے نتیجہ ۔ بے کار ۔

نس ترپ ۔ بے شرم ۔ بے حیا ۔

نسترن ۔ پار ہونا ۔ نجات پانا ۔

نستندر ۔ فوراً ۔ تیز ۔ چالاک ۔ طاقتور ۔

نستہ ۔ ناک ۔ بینی ۔

نس تیج ۔ } بے رونق ۔ بے قوت ۔ سست ۔ نامرد ۔
نس تیجس ۔

نستریہ ۔ جھوٹا ۔ دروغگو ۔

نسرشٹ ۔ چھوڑا ہوا ۔ بھیجا ہوا ۔ دیا ہوا ۔

نسرگ ۔ قدرت ۔ شکل ۔ آفرینش ۔ خلقت

نِسْتَرَن - دروازہ - راہ - موت - تدبیر - روانگی -
باہر نکلنا - مناسب - لازم - آخری نجات یعنی
نروان -

نِسْرنا - نکلنا -

نِس سار - بے رس - بے مغز - بے لطف - بیکار - کمزور -

نِس سندیہہ - بے شک - بلاشبہہ - یقین - لاریب -
لابد - ضرور -

نِس سوارتھ - بے حصول - فضول -

نِس کامنا - بلا مطلب - بے تمنا - بے خواہش ودعا -

نِسکھ - ناموافق - ناپسند - ناخوش -

نِسندھ - مضبوط - ٹھوس - بے روزن - سخت - تنگ -
چست - پُر - مستحکم -

نِسنکٹ - بلا تکلیف - بلا مصیبت - آسانی سے - بیخوف
بلاشک وشبہہ -

نِسنکوچ - بلا غیرت - بلا حجاب - بلا شرم -

نِسنگ - علیحدہ کیا گیا - بے لگاؤ -

نِسواد - بے مزہ - بے ذائقہ - بے رس - پھیکا -

نِسواس - سانس - دم - نفس - آرزو -

نِسوت - خالص -

نِسوہ - غریب - محتاج -

نِسہہ - ناقابل برداشت - ناقابل مقابلہ یا تعرض -

نِسی - / نِشی - } رات - شب - لیل -

نَسیا - ناک - نکیل -

نسینی - / نِسینی - } لکڑی کی سیڑھی - زینہ - نردبان - سُلّم -

نَسیہ - متعلق بہ نَسا یعنی ناک - ناس - نسوار -

نِش - بلا - غیر - و آخر ہو کر یہ کلمہ نفی ہے جیسے دِنِش کلنک

نِش - / نِشا - / نِشی - } رات - شب - لیل - ہلدی - زردچوب -

نِشاپتی - مالک شب یعنی چاند - ماہ - قمر -

نِشاچر - / نِشچر - / نِشچرا - } راتوں کو پھرنے یا چرنے والا - مجازاً چور - شیطان -
جن - بھوت - اُلو - گیدڑ وغیرہ -

نِشاچری - راتوں کو پھرنیوالی (عورت) مجازاً رنڈی -
کسبی - بھوتنی - ایک قسم کی خوشبو -

نِشاد - (دیکھاؤ) وہ شخص جس کا باپ برہمن اور
ماں شودرنی ہو - ایک نیچ مذہب کا نام - ماہی گیر -
ملّاح - موسیقی کے ایک لحن کا نام -

نِشادی - فیل بان -

نِشاک - پرندہ - طائر - ایک قسم کا کوّا -

نِشاکال - رات کا وقت -

نِشاکر - مجازاً چاند - ماہ - قمر -

نِشاناتھ - / نِشاپتی - } مجازاً رات کا مالک یعنی چاند - ماہ

نِشانت - خاموش - ساکن - باامن - صابر - مکان - رات کا
آخری حصہ - تڑکا - بھور -

نِشاندھ - رات کا اندھا - شب کور -

نِشَانَن } سر مغرب۔
نِشَامُکھ }

نِشَبْد ۔ (نون نفی کا) خاموش۔ بے زبان۔ بلا آواز۔

نِشَبْدَتا ۔ (نون نفی کا) خاموشی۔

نِش پاپ ۔ (نش نفی کا) بے گناہ۔ بے قصور۔

نِش پتی ۔ آخر۔ انجام۔ یقین۔ نچوڑ۔ کامیاب ہونا۔ حاصل ہونا۔ پورا ہونا۔

نِش پریوجن ۔ (نش نفی کا) بے سبب۔ بلاوجہ۔ بیکار۔

نِش پکش ۔ (نش نفی کا) بے سہارا۔ بے بس۔ بے مدد۔

نِش پکشپات ۔ (نش نفی کا) بے مروتی۔ غیر طرفداری۔ بے تعصبی۔ مدد نہ دینا۔

نِشپَن ۔ پورا۔ تمام۔ پورا کیا ہوا۔ کامیاب۔

نِشپَند ۔ قائم۔ غیر متحرک۔

نِشپَنہ ۔ جو ختم یا پورا ہو چکا ہو۔

نِش پھل ۔ (نش نفی کا) بے پھل۔ بے بر۔ بے ثمر۔ بیکار۔ بے فائدہ۔ فضول۔ بے نتیجہ۔ بانجھ۔ نامرد۔

نِش پیڈن ۔ نچوڑ۔

نِشِت ۔ تیز۔ تیز کیا ہوا۔ سان پر چڑھایا ہوا۔

نَشٹ ۔ برباد۔ گم۔ ضائع۔ نقصان۔ پامال۔ نیست۔ نابود۔ غائب۔ تباہ۔ فنا۔ خراب۔ آوارہ۔

نَشٹا ۔ بربادی۔ تباہی۔ بدکار عورت۔ فاحشہ۔

نِشٹھ } ٹھیرا ہوا۔ لگا ہوا۔ استحکام۔ برت۔ ثبوت۔ اعتقاد۔ ہمت۔ اعتبار۔ استقلال۔ یکسوئی خاطر۔ دوستی۔ یقین۔ پیدائش۔ بربادی۔ انجام۔ عمدگی۔
نِشٹھا }

نِشٹھان ۔ چٹنی وغیرہ۔

نِشٹھر ۔ سخت دل۔ بے مروت۔ کڑا۔

نِشٹھیون ۔ تھوک۔ آب دہن۔

نِشچِت ۔ یقینی طور پر معلوم کیا گیا۔ پختہ ارادہ کیا گیا۔ مقرر کیا گیا۔ تعین کیا گیا۔ راست۔ بلاشک۔ پکا۔

نِشچَل ۔ (نش نفی کا) اچل۔ اٹل۔ قائم۔ ٹھیرا ہوا۔ غیر متحرک۔ بے حس و حرکت۔ چپ۔ خاموش۔

نِشچَلا ۔ (نش نفی کا) غیر متحرک۔ مجازاً دنیا۔

نِشچِنت ۔ (نش نفی کا) نچنت۔ بے فکر۔ بے تردد۔ بے خوف۔ بے وغدغہ۔ بے پروا۔ مستقل۔

نِش چھدر ۔ (نش نفی کا) بے سوراخ۔ بے داغ۔

نِشچے ۔ ٹھیک کرنا۔ پکا کرنا۔ بے شبہ۔ یقین۔ تحقیق۔ بھروسہ۔ اعتقاد۔ حقیقی۔ متحقق۔ مقرر جس میں شک کی گنجائش نہ ہو۔ ضرور۔ بے شک۔ ہرآئینہ۔ البتہ۔ تقرر۔ تحقیق ہو جانے کی حالت۔ بے شک۔ سچ۔ ٹھیک۔ درست۔ صحیح۔ سچا۔ اعتبار۔ اعتماد۔ راست۔ باور۔

نِش چیتن ۔ (نش نفی کا) بے ہوش۔ بدحواس۔

نِش چیشٹ ۔ (نش نفی کا) بے کار۔ بے حرکت۔ بے ہوش۔ بدحواس۔ تدبیر سے خالی۔

نِشدھ ۔ نفی۔ ممنوع۔ مکروہ۔ حرام۔ ناجائز۔ روکا گیا۔ منع کیا ہوا۔ متروک۔

نِشدیا ۔ بازار۔ ہاٹ۔

نِشرینی ۔ سیڑھی۔ زدبان۔ سُلّم۔

نِش شَنک ۔ (نش نفی کا) نڈر ۔ بے خوف ۔

نِش شیش ۔ (نش نفی کا) پورا ۔ تمام ۔

نِشک ۔ اشرفی ۔ دینار ۔

نِش کارن ۔ (نش نفی کا) بے سبب ۔ بے وجہ ۔

نِش کاس ۔ نکالنا ۔ مکان کا برآمدہ ۔

نِش کام ۔ (نش نفی کا) وہ کام یا فعل جو بلا کسی خواہش اور تمنّا کے کیا جائے اور اس کے ثمرہ کی امید نہ رکھے غیر ارادہ ۔ بلا خواہش ۔

نِشکام کرم ۔ (نش نفی کا) اعمال بے تمنّا ۔ بے غرضانہ

نِش کپٹ ۔ (نش نفی کا) جس میں بغض و کدورت نہ ہو بے مکر ۔ صاف باطن ۔ سیدھا سادہ ۔ سچّا ۔

نِش کُٹ ۔ خانہ باغ ۔ کھیت ۔ زمین ۔ دروازہ زنانہ محل

نِشکر ۔ (نش نفی کا) بے لگان ۔ معافی ۔

نِشکراشٹ ۔ باہر نکلا ہوا ۔

نِشکرتی ۔ چھٹکارا ۔ نجات ۔

نِشکرش ۔ تحقیق ۔ یقین ۔ خلاصہ ۔ نچوڑ ۔

نِش کرم ۔ مغفرت ۔

نِش کرمن ۔ باہر نکلنا ۔ نکل جانا ۔ نومولود کو چوتھے مہینے گھر سے باہر نکالنا ۔

نِشکرے ۔ تنخواہ ۔ مزدوری ۔ کرایہ ۔ معاوضہ ۔ بکری ۔ انعام ۔

نِش کریہ ۔ بدلہ ۔ معاوضہ ۔ جو خریدا نہ گیا ہو ۔

نِش کریہ ۔ (نش نفی کا) بے کار ۔ فضول ۔

نِش کلنک ۔ (نش نفی کا) بے عیب ۔ بے داغ ۔ جو بدنام نہ ہو ۔

نِش کنٹک ۔ (نش نفی کا) بے خار ۔ بے درد ۔ بے عدو بے کھٹکا

نِش کنچن ۔ (نش نفی کا) جس کے پاس پیسہ نہ ہو ۔ بے زر ۔ مفلس ۔ محتاج ۔ مفلوک ۔

نِش کیول ۔ اکیلا ۔ تنہا ۔

نِشمن ۔ دیکھنا ۔ سُننا ۔

نِشات ۔ چالاک ۔ تیز ۔

نِسّنسے (نون نفی کا) بلا شُبہ ۔ بلا شک ۔

نِشّنک ۔ (نون نفی کا) بے شُبہ ۔ بے خوف ۔ نڈر ۔

نِشنگ ۔ تیر دان ۔ ترکش ۔

نِشواس ۔ سانس ۔ نفس ۔ دم ۔ پچھتاوا ۔ ہائے ۔ ٹھنڈی سانس ۔ لمبی سانس ۔

نِشودن ۔ مار ڈالنا ۔

نِشُور ۔ برباد ہونے والا ۔ تباہ ہونے والا ۔ بربادکن نقصان رساں ۔ مضر ۔ فانی ۔

نِشی ۔ رات ۔ شب ۔ لیل ۔ ہلدی ۔

نِشیتھ ۔ / نِشیتھنی ۔ } آدھی رات ۔ نصف شب ۔

نِشیچن ۔ بھگونا ۔ سینچنا ۔

نِشی چر ۔ شب گرد ۔ ریچھ ۔ چور ۔

نِشِدھ ۔ روکا ہوا ۔ دور کیا ہوا ۔ ترک کیا ہوا ۔

نِشیدھ ۔ / نِشیدھتا ۔ } روک ۔ رکاوٹ ۔ ممانعت ۔ تردید ۔ انکار ۔ تکلیف ۔ نامبارک ۔

نِشیدھک ۔ روکنے والا ۔ منع کرنیوالا ۔

نِشیش ۔ (نون نفی کا) بے بچا ہوا ۔ پورا ۔ تمام ۔ کامل ۔
بالکل ۔ مکمل ۔

نِشیُون ۔ استعمال ۔

نک ۔ (مخفف ناک) بینی ۔

نکار ۔ (نون نفی کا) نکرنا ۔ نہ ماننا ۔ انکار ۔ نہ نہیں ۔

نکار ۔ حقارت ۔ بے عزتی ۔ ہار ۔

نکاشنا ۔ نکالنا ۔ باہر لانا ۔ اکھاڑنا ۔ ظاہر کرنا ۔ نباہنا ۔

نکام ۔ (نون نفی کا) جس کو کسی بات کی خواہش نہ ہو ۔
بے تمنّا ۔ لاطمع ۔ خواہش سے ۔ دل سے ۔
آپ سے ۔

نکائے ۔ گھر ۔ گروہ ۔ مقام ۔ بے جسم ۔ خداوند تعالیٰ ۔

نکائی ۔ زینت ۔ بھلائی ۔ اچھائی ۔

نکپٹ ۔ (نون نفی کا) بے ریو ورنگ ۔ بے دغا ۔
بے کینہ ۔ صاف باطن ۔ سچّا ۔

نکت ۔ / نکتی ۔ } رات ۔ شب ۔ لیل ۔

نکتک ۔ میلا ۔ دھویں کا رنگ ۔

نکٹ ۔ پاس ۔ نزدیک ۔ قریب ۔

نکٹستھ ۔ پاس رہنے والا ۔ قریبی ۔ نزدیکی ۔

نکٹ ورتی ۔ نزدیک رہنے والا ۔ پڑوسی ۔ ہمسایہ ۔

نکٹتا ۔ قربت ۔ اتصال ۔

نکر ۔ گھڑیال ۔ مگر ۔ نہنگ ۔ جدی ۔

نکر ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ بھیڑ بھاڑ ۔

نکرت ۔ بے ایمان ۔ بد ۔ برا ۔ کمینہ ۔

نکرت ۔ نکالا ہوا ۔

نکرتّ ۔ جڑ سے کٹا ہوا ۔

نکرشٹ ۔ نیچ ۔ حقیر ۔ کمینہ ۔ چھوٹا ۔ ذات سے خارج ۔
برادری سے باہر ۔

نکرنتن ۔ کاٹنا ۔ قطع کرنا ۔ ٹکڑے کرنا ۔

نکٹستھ ۔ / نکٹ ورتی } نزدیک رہنے والا ۔

نکسنا ۔ نکلنا ۔ باہر آنا ۔

نکش ۔ کسوٹی ۔ محک ۔

نکشپت ۔ رد کیا گیا ۔ چھوڑا ہوا ۔ دے دیا گیا ۔
پھینکا ہوا ۔ ڈالا ہوا ۔ رہن رکھا ہوا ۔
امانت رکھا گیا ۔

نکشتر ۔ (نچھتر) تارہ ۔ ستارہ ۔ جو تعداد میں ستائیس ۲۷
ہیں ۔ منازل قمر ۔

نکشتر مالا ۔ تارہ منڈل ۔ ستائیس موتیوں کا مالا ۔

نکشتری ۔ صاحب قسمت ۔

نکشیپ ۔ پھینکنا ۔ ڈالنا ۔ چھوڑنا ۔ جلانا ۔ باقی ماندہ ۔
امانت ۔ رہن ۔

نکشیپک ۔ امانت رکھنے والا ۔

نکل ۔ (نہ نفی کا) بے نسل ۔ بے خاندان ۔ پانچ پانڈوں
میں سے چوتھا بھائی ۔ نیولا ۔ مہادیوجی کا لقب ۔

نکنٹک ۔ (نون نفی کا) بے خار ۔ بے عدو ۔ صاف ۔ آسان ۔
خوش ۔ سادہ ۔

نکند ۔ / نکندن } جڑ سے اکھاڑا گیا ۔ نیست ونابود کرنیوالا ۔

نکھ - } پیر یا ہاتھ کے ناخن۔ ظفر۔ بیس کی تعداد۔ حصّہ۔
نکھر - } کھانڈ۔ سیپ۔ کوڑی۔

نکھات - غار۔ خندق۔

نکھاؤ - دیکھو (نشاؤ)

نکھار - میل چھانٹنا۔ صاف کرنا۔

نکھت - دیکھو (نکشتر)

نکھٹو - سُست۔ کاہل۔ بے رحم۔ سخت دل۔

نکھد - مضر۔ مفسد۔ ناکارہ۔ بُرا۔

نکھرب - زیادہ۔ طویل۔ پست۔ بونا۔ دس کھرب کی تعداد۔

نکھ سِک - سر سے ناخن تک۔

نکھِل - پورا۔ سارا۔ سالم۔ تمام۔ سب۔

نکھنڈ - آدھا۔ نصف۔ نیم۔ بیچ۔ درمیان۔

نکھنن - کھودنا۔ گاڑنا۔

نکھی - نکھ یعنی ناخن والے جانور۔

نکیت - } گھر۔ مکان۔ خانہ۔ مقام۔ جگہ۔
نکیتن - }

نکیٹ - گھر۔ خانہ۔ مکان۔

نگ - غیر متحرک۔ پہاڑ۔ کوہ۔ درخت۔ سات کی تعداد۔
نگینہ۔ موتی۔ جگہ۔

نگنت - ننگا۔ برہنہ۔ عریاں۔

نگچانا - پاس آنا۔ پہنچنا۔

نگد - معنی سمجھے بغیر پڑھنا۔ کہنا۔ دوا۔

نگدِت - کہا ہوا۔ بولا ہوا۔

نگڈ - زنجیر۔ بیڑی۔ ہتھکڑی۔

نگڈِت - بندھا ہوا۔ کسا ہوا۔

نگر - شہر۔ بلدہ۔

نگر - }
نگرن - } نگلنا۔ کھانا۔ تناول کرنا۔

نگراہ - دعائے بد۔

نگر باسی - (واسی) شہری۔ شہر کا۔

نگر ناری - کسبی۔ لولی۔

نگرہ - } روک۔ آڑ۔ دباؤ۔ خلاف۔ سزا۔ بندش۔
نگرہن - } ڈانٹ۔ پھٹکار۔ گھرکی۔ دھمکی۔ حد۔ جنگ۔
طریقہ۔ شکست۔ بے عزتی۔ علاج۔ قید۔ جلانا۔

نگری - شہری۔ شہر کا۔ چھوٹا شہر۔ قصبہ۔

نگم - رستہ۔ راہ۔ طریق۔ تحریر۔ بید (جو چار ہیں)

نگمن - سبب۔ وجہ۔ نظیر۔

نگمی - (یائے نسبتی) ویدوں کا ماہر۔

نگن - }
نگن - } ننگا۔ برہنہ۔ ہاتھی۔ فیل۔

نگنتوہ - برہنگی۔ عُریانی۔

نگنڈا - سوزنی۔ سوزن کا۔

نگنہ - ننگا۔ برہنہ۔

نگنیہ - (نون نفی کا) جو شمار کے قابل نہ ہو۔ بیکار۔

نگوڑا - نکما۔ ناکارہ۔ بد۔ بدکار۔ ظالم۔

نگوڑھ - } چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ باریک۔ بہت دقیق۔
نگوڑھن - } بہت مشکل۔ گہرا۔ عمیق۔

نگھات - مارنا۔

نگھرشن - گھسنا۔ رگڑنا۔

نگھن - تربیت پذیر۔ فرمانبردار۔ تابعدار۔

نِگھنا ۔ آدھین ۔ تربیت پذیر ۔ فالتو ۔

نِگھنٹ ۔ / نِگھنٹو ۔ } فرہنگ ۔ لغت ۔ ڈکشنری ۔

نَل ۔ سرکنڈا ۔ نرکٹ ۔ بانس ۔ نلی ۔ ایک راجہ کا نام جو دمن کا عاشق تھا ۔ ایک بندر کا نام ۔ ایک راچھس کا نام ۔

نِلاہٹ ۔ نیلگوں ۔

نِلج ۔ / نِلجا ۔ } (نون نفی کا) بے شرم ۔ بے حیا ۔ بے غیرت ۔ جاہل ۔

نَلکا ۔ بندوق ۔ تفنگ ۔

نَلِن ۔ کنول کا پھول ۔ پانی ۔ سارس ۔

نَلِنی ۔ کنولوں کی کثرت ۔ کنولوں سے بھرا ہوا تالاب ۔

نَل نیر ۔ فوارہ ۔

نَلی ۔ نل ۔ نَے ۔ حلقوم ۔ بندوق کی نالی ۔ پنڈلی کی

نِلین ۔ دب جانا ۔ عاجز ہونا ۔

نِلیہ ۔ گھر ۔ خانہ ۔ مکان ۔ جگہ ۔ مقام ۔

نَم ۔ نمسکار ۔ سلام ۔ تصدق ۔

نِم ۔ سوئی ۔ سوزن ۔ قینچی ۔ مقراض ۔ گھونسلا ۔ آشیانہ ۔

نِمانا ۔ سادہ ۔ بے نقش و نگار ۔ نادر ۔ بے مثال ۔

نَمت ۔ مالک ۔ ناچنے والا ۔ دھواں ۔ خمیدہ ۔

نِمت ۔ سبب ۔ باعث ۔ لئے ۔ موجب ۔ وجہ ۔ برائے ۔ واسطے ۔ قسمت ۔ نتیجہ ۔ امکان ۔ فال ۔ ارادہ ۔ حصّہ ۔ علت غائی ۔ دلیل ۔ کنایۃً دولت و اقبال ۔

نِمت ۔ جھکا ہوا ۔ خمیدہ ۔

نِمتارتھ ۔ صورت مصدریہ ۔ حالت مصدری ۔

نِمت کارن ۔ وہ سبب جو اس چیز کے بننے کا باعث ہو ۔

نِمتمان ۔ / نِمتی ۔ } اقبالمندی ۔ صاحب اقبال ۔ سعید ۔

نَمتی ۔ جھکتا ہے ۔ آداب بجالاتا ہے ۔

نِمجن ۔ نہانا ۔ غسل کرنا ۔ پانی میں ڈوبنا ۔

نَمر ۔ / نَمرہ ۔ } جھکنا ۔ خلیق ۔ نرمی ۔ ملائم ۔ مائل ۔ متواضع ۔ جھکا ہوا ۔ خمیدہ ۔ عاجز ۔ ٹیڑھا ۔ ملنسار ۔ حلیم ۔ منکسر ۔

نِمر ۔ باقی ۔ لایموت ۔ حی ۔

نَمرتا ۔ ملائمت ۔ انکسار ۔ التفات ۔ خلق ۔ فروتنی ۔ عاجزی ۔ خاکساری ۔ ملنساری ۔ بندگی ۔ حلم ۔ خوش اخلاقی ۔

نَمرتائی ۔ عاجزی ۔ انکسار ۔ فروتنی ۔

نَمس ۔ سجدہ ۔ سلام ۔

نَمست ۔ مغرور ۔ مدمغ ۔

نَمستے ۔ آپ کو نمسکار ہے ۔ آپ کو سلام ہے ۔

نَمسکار ۔ سلام ۔ تعظیم ۔ بندگی ۔ تسلیم ۔ آداب ۔ پرنام ۔ ڈنڈوت ۔

نَمسیہ ۔ } عزت کیا گیا ۔ قابل عزت ۔ بندگی کے لائق ۔ تعظیم کے قابل ۔ پوجا گیا ۔ ممتاز ۔

نِمش ۔ / نِمیش ۔ } آنکھ بند کرنا ۔ پلک ۔ پل ۔ لحظ ۔ لمحہ ۔ آن ۔ دقیقہ ۔

نِمگن ۔ ڈوبا ہوا ۔ غرق ۔ مشغول ۔

نَمن ۔ جھکنا ۔ خمیدہ ہونا ۔ خم ۔ فروتنی کرنا ۔ سرنگونی ۔

نمن ۔ جھکانا ۔ خمانا ۔

نمن ۔ گہرا ۔ نیچے ۔ ذیل ۔ نشیب ۔ مغاک ۔ غیر مرتفع زمین ۔

نمنائی ۔ زور ۔ قوت ۔

نمنتا ۔ گہرائی ۔ عمق ۔

نمنترت ۔ بلایا گیا ۔ مدعو کیا گیا ۔

نمنترن ۔ بلاوا ۔ طلبی ۔ دعوت ۔

نمن گا ۔ ندی ۔ رود ۔

نمنہ ۔ نیچے ۔ نچلا ۔ گہرا ۔ نشیب ۔

نمہہ ۔ نمسکار ۔ پرنام ۔ سلام ۔ تسلیم ۔ تعظیم ۔ بندگی ۔
سجدہ ۔ پرستش ۔

نمیش ۔ پلک مارنا ۔ آنکھ جھپکنا ۔

نمیشن ۔ آنکھ بند کرنا ۔

نمیلت ۔ آنکھ بند کیا ہوا ۔ ڈھکا ہوا ۔ مردہ ۔

نمیلن ۔ انکھ بند کرنا ۔ آنکھ سے اشارہ کرنا ۔ پل ۔ لمحہ ۔
اونگھ ۔ موت ۔

ننا ۔ ماں ۔ مادر ۔ دختر ۔

نناد ۔ آواز ۔

نند ۔ خوشی ۔ خزانہ ۔ راجہ ۔ لڑکا ۔ ایک باجہ ۔ ایک
راگ ۔ ہمشیرہ شوہر یعنی خاوند کی بہن ۔ گوکل کے
گوپوں کا افسر جس نے سری کرشن جی کو پرورش
کیا تھا ۔

نندا ۔ برائی ۔ عیب ۔ نقص ۔ بدنامی ۔ الزام ۔ قصور ۔
حقارت ۔ ہتک ۔ بدگوئی ۔ شماتت ۔ شکایت ۔
تہمت ۔ غیبت ۔ سرزنش ۔ چغلی ۔ ہجو ۔ اونگھ ۔
غنودگی ۔

نندراس ۔ اونگھ ۔ غنودگی ۔

نندراسا ۔ خوابناک ۔ نائم ۔

نندراشنت ۔ ہجو ملیح ۔

نندت ۔ الزام لگایا گیا ۔ بدنام کیا گیا ۔ قصور وار ٹھیرا گیا ۔
سرزنش ۔ چغلی ۔ برائی ۔

نندولاری ۔ سری کرشن چندر ۔

نندرانی ۔ نند کی زوجہ یعنی جشودا جی ۔

نندک ۔ خوش ۔ خرم ۔

نندک ۔ غیبت کرنے والا ۔ برائی کرنے والا ۔ ہجو کرنیوالا
عیب جو ۔ شاکی ۔ چغل خور ۔

نندکائی ۔ عیب جوئی ۔ خوردہ گیری ۔

نندکشور ۔ لقب سری کرشن چندر کا ۔

نندکمار ۔ مجازاً سری کرشن جی ۔

نندگاوں ۔ ایک موضع کا نام جو برج میں ہے ۔

نندلال ۔ نندجی کا لڑکا یا عزیز ۔ مجازاً سری کرشن جی ۔

نندن ۔ بیٹا ۔ پسر ۔ جنت ۔ اندر کا باغ ۔ خوشی دینے والا ۔
وشنو یا شو کا نام ۔

نندنا ۔ آنند دینے والا ۔ بیٹا ۔ پسر ۔ ساٹھ سالوں میں سے
(۲۶) واں سال ۔

نندنا ۔ ملامت کرنا ۔ عیب لگانا ۔ سرزنش کرنا ۔

نندنندن ۔ نندجی کا بیٹا یعنی سری کرشن جی ۔

نندنی ۔ بیٹی ۔ دختر ۔ شوہر کی بہن ۔ گنگا ۔ پاربتی ۔
بششٹ منی کی گائے ۔

نندنیہ ۔ عیب لگانے کے قابل ۔

نندوسی ۔

نَنّدوئی۔ } شوہر کی بہن کا خاوند۔

نَنّڈلا۔ آوندگی۔ مٹی کا کونڈا۔

نِندہ۔ شکایت۔ عیب گوئی۔

نَنّدہ۔ خوشی۔

نَنّدی۔ خوش کرنے والا۔ شیوجی کی سواری کا بیل یا دربان

جُوآ کھیلنا۔

نَنّدیا۔ خواہر شوہر۔

نِندیہ۔ نندا یعنی برائی کرنے کے قابل۔

نِندیہ کرم۔ بُرا کام۔ کار بد۔

ننگ۔ } ننگا۔ برہنہ۔ بے شرم۔
ننگن۔

نَنَند۔ } شوہر کی بہن۔
نَنَندیا۔
نَنَندہی۔

ننھا۔ } چھوٹا۔ پیارا۔ لاڈلا۔ بیٹا۔ چھوٹا لڑکا۔
ننکا۔

نیتا۔ سردار۔ افسر۔

نِنیشا۔ پانے کی خواہش۔ لینے کی اچھا۔

نِنیشو۔ پانے کی خواہش کرنے والا۔ خواہشمند۔

نَو۔ نیا۔ نو۔ جدید۔ تازہ۔ نو کی تعداد۔

نو۔ (کلمہ نفی) نہ۔ نہیں۔ نیست۔

نَوا۔ نو۔ نہ۔ ۹۔

نِوارِت۔ منع کیا گیا۔ روکا گیا۔

نِوارک۔ روکنے والا۔ دور کرنیوالا۔ ہٹانیوالا۔

نِوارن۔ روک۔ رکاوٹ۔ اٹکاؤ۔ دور کرنا۔ روکنا۔ ہٹانا۔ دفع۔ رفع۔ رد۔

نِوارنا۔ روکنا۔ منع کرنا۔ باز رکھنا۔ دور کرنا۔ اٹکانا۔

نِوارئیہ۔ روک کر۔ ہٹا کر۔

نِوارا۔ ایک قسم کی کشتی۔ سفینہ۔ بجرا۔

نِواس۔ (دِنباس) رہنا۔ مقام کرنا۔ گھر۔ خانہ۔ مکان۔ جگہ۔ مقام۔ سکونت۔ قیام۔

نِواسی۔ رہنے والا۔ بسنے والا۔ ساکن۔ مقیم۔

نِوان۔ نشیب۔

نَوامش۔ نواں حصہ۔

نَوانا۔ جھکانا۔ نیچے کرنا۔ قابو میں لانا۔

نَوانش۔ نواں حصہ۔

نَوانہ۔ نیا کھانا۔ غلّۂ نو۔

نِواہ۔ (دنباہ) اول سے آخر تک ایک طور پر کسی امر کا انجام دینا۔ نگہداشت۔

نَوبالا۔ سولہ سال کی نوجوان لڑکی۔

نُوپُر۔ پاؤں کی انگلیوں کا زیور۔ بچھوا۔ بچھیا۔

نَوتا۔ دعوت۔

نَوتا۔ نیا پن۔

نُوتن۔ نیا۔ نو۔ جدید۔ تازہ۔ انوکھا۔

نَوتنا۔ دعوت دینا۔ مدعو کرنا۔

نَو چھاور۔ نچھاور۔ نثار۔ صدقہ۔ اُتارا۔

نَوون۔ تحریک۔ اشتعالک۔

نَو دوار۔ جسم کے نو راستے یعنی دو آنکھ۔ دو کان۔ دو نتھنے۔ منہہ۔ مقعد۔ سوراخ آلۂ تناسل۔

نَودویپ۔ بنگال کے ایک مشہور شہر کا نام جہاں کا راجہ لچھمن سین تھا۔

نَوڈھا ۔ پودے کی نئی ٹہنی ۔ کوپل ۔

نوڈھن ۔ جوان ۔

نوڈ ۔ گہرا ۔ گنجان ۔

نوڈھا ۔ نئی بیاہی عورت ۔

نوڈھانا ۔ سر جھکانا ۔

نوڈ ۔ دور کرنیوالا ۔

نوراتر ۔ (۱) آشوج سدی کی پہلی سے نویں تک کے نورات اور دن ۔ (۲) آشون ۔ چیت ۔ آساڑھ اور ماگھ کے شکل پکش کے نورات اور دن ۔ وہی پوجا کے نودن ۔

نوراتری ۔ وہی پوجا کے نودن ۔

نورتت ۔ ضد (پرورتت) نجات ۔ رستگاری ۔

نورتت ۔ چھوٹا ہوا ۔ الگ کیا گیا ۔ فراغت پایا ہوا نجات یافتہ خالی ۔ پورا ۔ انجام ۔

نورتت ۔ دور ہونا ۔ الگ ہونا ۔ جدا ہونا ۔

نورتن ۔ نوطرح کے رتن یعنی جواہر ۔ یاقوت ۔ زمرد ۔ الماس ۔ موتی ۔ مونگا ۔ گومیدک ۔ لہسنیہ ۔ نیلم ۔ پکھراج ۔

نورتن ۔ پیچھے ہٹانا یا لوٹانا ۔ واپس کرنا ۔

نورتی ۔ رہائی ۔ چھٹی ۔ لوٹنا ۔ ہٹنا ۔ نجات ۔ ترک ۔ سکھ ۔ آرام ۔

نورتی ۔ وہ جو پیچھے لوٹ آیا ہو ۔ وہ جو جنگ سے فرار ہوگیا ہو ۔

نورس ۔ نوتاثرات ۔ نوجذبات ۔ علم عروض کے نوطریقے ۔

نوستھ ۔ گاؤں ۔ حد ۔

نوسن ۔ گاؤں ۔ گھر ۔ خانہ ۔ پارچہ ۔

نوکا ۔ }
نو ۔ } ناو ۔ کشتی ۔ ڈونگی ۔ سفینہ ۔

نوکھنڈ ۔ اقالیم تسعہ ۔

نوگرہ ۔ نوسیارگان فلک ۔ یعنی سورج (شمس) چاند (قمر) منگل (مریخ) بدھ ۔ (عطارد) گرو (مشتری) شکر (زہرہ) شنی ۔ (زحل) راہو ۔ کیتو ۔

نول ۔ نیا ۔ نو ۔ جدید ۔ جوان ۔ حسین ۔ دلربا ۔ ایک درخت

نولا ۔ }
نولا ۔ } نوجوان عورت ۔ دوشیزہ ۔

نولاسی ۔ نرم ۔ نازک ۔

نولکشور ۔ سری کرشن چندر ۔

نوم ۔ نواں ۔ نہم ۔

نوماسا ۔ حمل کے نویں مہینے کی ایک رسم ۔

نومی ۔ نویں تاریخ ۔

نون ۔ تعریف ۔ تحسین ۔

نون ۔ }
نون ۔ } (لون) نمک ۔ ملح ۔ کھار ۔

نونا ۔ جھکنا ۔ خمیدہ ہونا ۔ مطیع ہونا

نونی ۔ }
نونیت ۔ } نکھن ۔ ماکھن ۔

نوہہ ۔ جماعت ۔ گروہ ۔

نویت ۔ چادر ۔ اوڑھنی ۔

نویذ ۔ چڑھاوا ۔ کسی تقریب میں بلانے کا پیام ۔

نویدت ۔ چڑھائی ہوئی چیز ۔ درخواست کی ہوئی بات ۔

نوَیدَک - عرض کرنیوالا - امتحان کرنیوالا - درخواست کرنیوالا۔
نوَیدَن - عرض - گزارش - التجا - خواہش - التماس -
درخواست - نذر - دیوتا کا بھوگ۔
نوَیدَن پتر - درخواست - عرضی -
نوَیش - ڈیرا - ضمیمہ - داخل - گھر -
نوَیشٹ - کسی چیز کے ڈھاکنے کا کپڑا - سرپوش -
نوَیلا - جوان (مرد)
نوَیلی - جوان (عورت)
نوِین - نیا - نو - تازہ - جدید - جوان -
نوَیوک - نوجوان -
نوَیوتا - سولہ سال کی نوجوان عورت -
نوَیہ - نیا - نو - جدید -
نہہ - (کلمۂ نفی) نہ - نہیں - نیست - مت - انسان -
نظیر - جوہر -
نکھ - ناخن -
نہار - کہرا - پالا - اوس -
نہارنا - دیکھنا - تاکنا - نگہبانی کرنا -
نہاروا - نارو یعنی رشتہ جو ایک مشہور بیماری ہے۔
نہاکا - ناک -
نہان - غسل -
نہت - مارا گیا - مردہ -
نہت - رکھا ہوا - گڑا ہوا - چھپا ہوا - برقرار -
نہرنا - جھکنا - خمیدہ ہونا - دبنا -
نہنتا - مار ڈالنے والا -
نہورا - احسان - بھلائی - نیکی - عاجزی -

نہی - نہیں - منع -
نہین - کمینہ -
نے - دھرم - انصاف - خلق - عاجزی - ایک طرح کی پرستش -
نی - نیچے - زیر - پائین - نہ - نہیں - بن - بنا - دائم -
ہمیشہ - یقین - سہارا - خیرات - نجات -
بندش - اندر - داخل - قریب - خوردی - ختم -
ہنسی - بھاؤ - چالاکی - باہر - اچھی طرح سے - سب طرح سے
بیچ میں -
نیا - کشتی - ناؤ -
نیاہ - جانوروں کے کھانیکی سوکھی گھاس - چارا -
نیارا - جدا - الگ - علیحدہ - تنہا -
نیاس - رکھنا - سجانا -
نیام - بندش -
نیامک - حکم دینے والا - حاکم - مالک - رکھ بان -
نیاو - انصاف - عدل - فیصلہ -
نیائی - انصاف کرنیوالا - عادل - منصف -
نیائے - دھرم - بچار - انصاف - عدل - داد -
دستور - علم منطق -
نیایاچار - } انصاف پسند - نیک مرد -
نیایاوچار - }
نیایاودھیش - منصف - جج -
نیایالیہ - کچہری - محکمہ - عدالت -
نیایتا - واجبیت - درستی -
نیاس - امانت - ڈپازٹ -
نیائے شاستر - وہ شاستر جو تین وجود یعنی مادہ -

روح اور خدا کو مانتا ہے۔ اور خلقت اشیاء میں
نیست سے ہست ہونیکا قائل ہے۔ علم منطق۔
علم مباحثہ۔

نیائے شالا۔ عدالت۔

نیایک ۔ } منصف۔ عادل منطقی۔ عالم علم فلسفہ۔
نیائے کاری۔ }

نیائے کرتا۔ منصف۔ جج۔

نیایہ۔ واجب۔ ٹھیک۔ درست۔

نیائی۔ منصف۔ عادل منطقی۔

نیبی۔ دیکھو (نیوی)

نیپال۔ ایک ملک کا نام۔

نیپتھیہ۔ بھیس۔ سوانگ۔ تماشا گاہ کا وہ مقام جہاں
سے نٹ بھیس بدل کر باہر آتے ہیں۔ پردے کا
پچھلا حصّہ۔

نپور۔ نوپر۔ پازیب۔

نے پنیہ۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔

نیت۔ زیر کیا ہوا۔ پابند کیا ہوا۔ قائم کیا ہوا۔
ناپا ہوا۔ قائم۔ مقرر۔ نفس امّارہ کو اپنے
اختیار میں رکھنا۔

نیست۔ لایا ہوا۔ روکا ہوا۔ ٹھہرا ہوا۔ قائم کیا ہوا۔
لگاتار۔

نیت۔ دس لاکھ تعداد۔

نیتا۔ مالک۔ پیشوا۔ لیڈر۔ لیجانیوالا۔

نیتاہار۔ غیر قوم کا کھانا کھانیوالا۔

نیتر۔ آنکھ۔ چشم۔ عین۔

نیتر امبو۔ آنسو۔ اشک۔

نیتر پنڈ۔ کرۂ چشم۔

نیتر چھد۔ پلک۔ مژگاں۔

نیتویہ۔ لیجانیکے قابل۔

نیتگیہ۔ نیتی یعنی انصاف۔ جاننے والا۔ علم سیاست کا
ماہر۔ منصف۔

نیتی۔ اچھا چلن۔ نیک کاروبار۔ رہنمائی۔ ہدایت۔
قاعدہ۔ علم سیاست۔ انصاف۔ دستور۔ ایمان۔
دھرم۔ حکمت۔ تدبیر۔ علم اخلاق۔ رسی اخلاقی
چال چلن۔ فرمانروائی کے عام اصول۔ واضح ہو کہ
یہ چار طرح کے ہیں۔ سام[1]۔ دان[2]۔ بھید[4]۔ دنڈ[5]۔

نیتی۔ ایسا نہیں۔ یہ نہیں۔ جس کا انجام نہ ہو۔ بے انتہا۔
وہی متھنے کی رسّی۔ صفت خداوند تعالیٰ۔

نیتی بدیا۔ دیکھو (نیتی ودیا)

نیتی ودھاتری۔ } محکمۂ دیوانی۔
نیتی ودھایک۔ }

نیتی شاستر۔ علم الاخلاق۔

نیتی کلا۔ حکمت عملی۔ پالسی۔

نیتی مت۔ عالم علم اخلاق۔ وہ جو امور سلطنت کا ماہر ہو۔

نیتی ودیا۔ علم سیاسیات۔

نیج۔ رسّی۔ ریسمان۔

نیجک۔ دھوبی۔ گاذر۔ تصفیہ کرنیوالا۔

نیجن۔ جانچنا۔ تشخیص کرنا۔

نیچ۔ کمینہ۔ نکمّا۔ چھوٹا۔ فرومایہ۔ بد۔ ذلیل۔ رذیل۔
تلے۔ نیچا۔ زیر۔ بیکار۔ ہلکا۔ کم درجہ کا۔

نِیچتا ۔ کمینہ پن ۔

نِیچ گا ۔ ندی ۔ دریا ۔

نِیچ گامی ۔ مجازاً پانی ۔ آب ۔

نَیدُھ ۔ کشتی ۔

نِیڈ ۔ گھونسلا ۔ آشیانہ ۔

نِیر ۔
نِیرا ۔ } جل ۔ پانی ۔ آب ۔ رس ۔ رونق ۔ چمک ۔ تیزی ۔

نِیڑ ۔ نزدیک ۔ نزد ۔

نیراجن ۔ دیپدان ۔ آرتی اُتارنا ۔

نَیراشیہ ۔ ناامیدی ۔

نیرائی ۔ نزدیکی ۔ قربت ۔

نَیرت
نَیرُتیہ ۔ } گوشہ مابین جنوب ومغرب ۔

نیرج ۔ ہر وہ چیز جو پانی میں پیدا ہو ۔ آبی ۔ کنول ۔ موتی وغیرہ ۔

نیرُج ۔
نیروگی ۔ } بے روگ ۔ صحت ور ۔

نیرد ۔ بادل ۔ ابر ۔ سحاب ۔

نیردھر ۔ بادل ۔ ابر ۔

نیردھی ۔
نیرندھی ۔ } سمندر ۔ دریا ۔

نیرس ۔ دنی نفی کا ۔ جس میں کوئی رس نہ ہو ۔ بے مزہ ۔ پھیکا ۔ سوکھا ۔ فضول ۔

نَیرمَلیہ ۔ پاکی ۔ صفائی ۔

نَیرُوتی ۔ مغرب اور جنوب کی درمیانی سمت ۔

نیڑے ۔
نیرو ۔ } پاس ۔ قریب ۔ ہمیشہ ۔

نیست ۔ رکھا ہوا ۔ دھرا ہوا ۔ قائم کیا ہوا ۔ جمایا ہوا ۔ سجایا ہوا ۔ دیا ہوا ۔

نَے سَرگِک ۔ فطرتی ۔ طبعی ۔ جبلی ۔ دلی ۔

نیشادھ ۔ ڈیرا ۔ خیمہ ۔ قنات ۔ کنول ۔ ریشمی کپڑا ۔

نَیشٹھِک ۔ جو اپنے اعتقاد میں مستقل ہو ۔ معتقد ۔

نیکا ۔ بھلا ۔ خوبصورت ۔ اچھا ۔

نیک ۔
نیکو ۔ } کچھ ۔ تھوڑا ۔ ذرا ۔

نیکتا ۔ پالنے والا ۔ پرورش کرنیوالا ۔

نیکت ۔ کسی کام پر مقرر کیا ہوا ۔ ٹھیرایا ہوا ۔ لگایا ہوا ۔ جوتا ہوا ۔ مقرر ۔ قائم ۔ برقرار ۔ مشغول ۔

نیگی ۔ باٹنے والا ۔ حصہ دار ۔

نیگ ۔ بیاہ یا کسی خوشی کے مواقع میں اپنے رشتہ داروں کو کچھ دینا ۔ بیاہ کے وقت پروہٹ کو دیا جانے کا دکشنا ۔ باٹا ہوا حصہ ۔

نیل ۔ نیلا رنگ ۔ سو کھرب کی تعداد ۔ ایک باندر کا نام ۔ کُبیر کے نو خزانوں میں سے ایک خزانے کا نام ۔

نیلاشمن ۔ یاقوت ۔

نیلامبج ۔ کالے رنگ کا کنول ۔

نیلامبر ۔ نیلا کپڑا ۔ نیلے کپڑے والا ۔ سنیچر یعنے زحل ۔ بلدیوجی کا لقب ۔

نیلانجن ۔ سُرمہ ۔

نیلک ۔ نیلگوں ۔

نِیل کمَل ـ نیلے رنگ کا کنول ـ نیلو فر ـ

نِیل کنٹھ ـ } سبز ک جو ایک خوشنما پرندہ ہے ـ طاؤس ـ
نِیل گرِیو ـ } مہادیو جی کا لقب ـ جنہوں نے سمندر متھنے کے وقت جو زہر نکلا تھا اُسے نوش کیا ـ اس وجہ سے انکا گلا نیلگوں ہو گیا ـ اور یہ نام ہوا ـ

نِیلم ـ
نِیل مَنی ـ } نیلے رنگ کا مشہور جواہر ـ

نِیلوتپَل ـ
نِیلوپَل ـ } نیلے رنگ کا کنول ـ نیلوفر ـ نیلم ـ

نِیل وَرن ـ آسمانی رنگ ـ

نِیَم ـ پابندی ـ روک ـ مقرر ـ قسم ـ عہد ـ شرط ـ پیمان ـ وعدہ ـ اقرار ـ ارادہ ـ اقبال ـ مضبوطی ـ استقلال ـ صبر ـ مذہبی رسم ـ طریقہ ـ چلن ـ رسم و رواج ـ بیوہار ـ قاعدہ ـ قانون ـ وچن ـ ضبط کرنا حواس و روانی کا ـ عہد واثق برائے بجا آوری احکام بید ـ جیسے برت وغیرہ ـ

نیَم ـ قاعدہ ـ طریقہ ـ بندھی ہوئی بات ـ دستور ـ روزہ ـ برَت ـ وقت ـ موقع ـ حد ـ ٹکڑا ـ احاطہ ـ دیوار ـ مکر ـ بہانہ ـ آدھا ـ نصف ـ گڑھا ـ غیر ـ اور ـ وقت مغرب ـ اصل ـ جڑ ـ

نِیمِت ـ بندھا ہوا ـ پابند ـ

نَیمِتّک ـ وہ کام جو کسی خاص وجہ سے کیا جائے جو ہمیشہ نہ ہو ـ غیر معمولی ـ

نِیَم دھرم ـ مقررہ دھرم ـ

نَیمِش ـ
نَیمشارَنیہ } ایک جنگل اور تیرتھ گاہ کا نام جو ہردوار کے متصل واقع ہے ـ جہاں کثرت سے رِشی رہتے اور وہاں سُوت جی (مُنی) نے اِن رشیوں کو مہابھارت وغیرہ پران سنایا کرتے تھے ـ

نَیمِتک ـ باقاعدہ ـ مقررہ ـ

نِیَمَن ـ محدود کرنا ـ مقید کرنا ـ روک ٹوک کرنا ـ مضبوط ـ استوار ـ محکم ـ شائستہ ـ

نیَمی ـ راست باز ـ پرہیزگار ـ ایماندار ـ سچّا ـ دُھری جس پر پہیا گھومتا ہے ـ

نَیَن ـ آنکھ ـ چشم ـ عین ـ

نَیَنا ـ آنکھ ـ نگاہ ـ مردمک چشم ـ

نَیَنا مُرت ـ سُرمہ ـ کاجل ـ کُحل ـ

نَیَن پَٹ ـ پلک ـ مژگان ـ

نِیَنتا ـ پابندیوں پر عمل کرنیوالا ـ رتھبان ـ گوالا ـ

نِیَنتِرت ـ جکڑا ہوا ـ روکا ہوا ـ

نیو ـ بنیاد ـ شروع ـ گھر کا اثاثہ ـ

نِیوا ـ خاموشی ـ سکون ـ ثبات ـ

نیوَار ـ نوار جس سے پلنگ بُنا جاتا ہے ـ

نِیوار ـ وہ اناج جو گھانس سے پیدا ہوتا ہے جسے اکثر مُنی ـ رِشی کھاتے ہیں ـ

نیوَتا ـ
نِیوتا ـ } کھانیکی دعوت ـ

نیوَتنا ـ
نِیوتنا ـ } دعوت دینا ـ کھانیکے لئے بلانا ـ

نِیوجِت ـ سپرد کیا گیا ـ مقرر کیا گیا ـ حکم دیا گیا ـ

نیوجن۔ حکم دینا۔ تاکید کرنا۔ مقرر کرنا۔ لگانا۔ ملانا۔

نیوڑ۔ } گھوڑے کے پیر کا زخم یا بیماری۔
نیول۔

نیوگ۔ حکم۔ تاکید۔ کام۔ شغل۔ اجازت۔ کسی کام میں مامور کرنا۔ مقرری۔ قدیم آریوں کا ایک رواج جس کے مطابق اگر کسی عورت کا شوہر نہ ہو یا اپنے شوہر سے اولاد نہ ہو تو وہ عورت اپنے دیور یا اپنے شوہر کے کسی ہم گوتر سے اولاد پیدا کرا لیتی تھی۔ مگر کلجگ میں یہ رواج مطلق ممنوع ہے۔

نیوگی۔ نائب دیوان۔ مختار۔ حاکم۔ وزیر۔ اہلکار۔ گماشتہ۔ کارندہ۔ کارکن۔

نیول۔ نیولا۔ راسو۔

نیون۔ تھوڑا۔ کم۔ قلیل۔ کمینہ۔ بد۔ بُرا۔ حقیر۔ ناقص۔ ناتمام۔ قصوروار۔

نیوناُدھک۔ تھوڑا بہت۔ کم زیادہ۔ غیر مساوی۔

نیونتا۔ کمی۔ کمتری۔ عاجزی۔ فروتنی۔ درجہ کی کمی۔ چھوٹا پن۔

نیوی۔ پونجی۔ سرمایہ۔ ناڑا۔ کمربند۔ ازاربند۔

نیویدّ۔ } وہ کھانا جو دیوتاؤں کے سامنے پیش کیا گیا
نیویدیہ۔ } ہو۔ پرساد۔ چڑھاوا۔

نیَہ۔ نیتی۔ ادب۔ رہنے۔

نیہاڑ۔ کُہر۔ پالا۔ اوس۔ برف۔ شبنم۔

نیہر۔ میکا یعنی بیاہی عورتوں کے ماں باپ کا گھر۔

نیہہ۔ پیار۔ دوستی۔ محبت۔ مہربانی۔ عشق۔ تیل روغن

نیہی۔ پیارا۔ دوست۔ عاشق۔ محب۔ آشنا۔

نیّے یایک۔ نیائے شاستر جاننے والا۔ منصف۔ عادل۔

و

(نوٹ) واضح ہو کہ حرف (واو) کی جگہ ہندی میں اکثر (ب) لکھا اور بولا جاتا ہے۔ جیسے (وانر) (بانر) وغیرہ۔ اس لئے جو لفظ اِس باب میں نہ ملے باب (ب) میں دیکھیں۔

وَ۔ ہوا۔ بازو۔ بہار کی تشفی۔ ستارہ راہو۔ سمندر۔ شیر۔ طلبی۔ صلاح۔ خداوند آب۔

وِ۔ جُدائی۔ مفارقت۔ خاص خصوصیت۔ صحیح۔ ضبط۔ باعث۔ وجہ۔ تھوڑا۔ حد۔ پاک۔ سہارا۔ عقل۔ روانگی۔ دیر۔ پرورش۔

وا۔ یا۔ یعنی۔

واپی۔ باولی۔ چاہ۔ ڈگی۔ کُنڈ۔

وات۔ ہوا۔ باد۔ باوی۔ بائی۔ ریح۔

واتاتمج۔ دفرزند باد) لقب ہنومان جی کا۔

واتاین۔ جھروکا۔ کھڑکی۔ دریچہ۔ روشندان۔

واتسلیہ۔ پیار۔ الفت۔ محبت۔ عنایت۔ شفقت۔ مہربانی

واٹ۔ (باٹ) راستہ۔ عمارت۔ منڈپ۔ روزی پیدا کرنیکا مقام۔

واٹکا۔ (باٹکا) باغ۔ گلشن۔

واٹی۔ (باٹی) مکان۔ خانہ۔ باغ۔ ثمرستان۔

وَاچ - غذا - گھی - پانی - تیزی - جگہ۔

وَاجی - گھوڑا - تیر - ایک پودے کا نام۔

وَاجی کرن - وہ دوا جس سے قوت باہ زیادہ ہو - منہی

وَاچ - (باچ) بولی - بات - زبان - گفتگو - کلام - جملہ - بات کرنا - بولنا۔

وَاچا - (باچا) بولی - زبان - کلام - بچن - سرسوتی کا لقب۔

وَاچاٹ - بدکلام - دشنام۔

وَاچال - باتونی - بکی۔

وَاچت - کہا ہوا - بولا ہوا۔

وَاچک - پڑھنے والا - کہنے والا - معنی دار لفظ۔

وَاچک پتر - خط - اخبار۔

وَاچن - کہنا - بولنا - پڑھنا۔

وَاچنک - زبانی کہا ہوا۔

وَاچیتا - ہجو - بے عزتی۔

وَاچیہ - کہنے کے قابل - جو کہا جائے - کلام - خاص معنی۔

وَاد - (باد) بات - بحث - جھگڑا - تکرار - دعویٰ - مباحثہ علمی - مقدمہ - فریاد۔

وَادک - کہنے والا - بجانے والا۔

وَادی - (بادی) بولنے والا - کہنے والا - بحث کرنے والا - مدعی - نالشی۔

وَادیہ - باجہ - آلۂ سرود - مزامیر۔

وَار - دن - روز - یوم - ڈھیر - مجمع - وقت - موقع - فرصت - روک - رکاوٹ - ڈھکنا - احاطہ مقررہ - زمانہ - مرتبہ - جیسے (وارم وار) بان - تیر۔

ندی یا سمندر کا کنارہ - باری - آبخورہ - پیالۂ شراب - دروازہ - ضرورت - شیو - لحظ - جگ کرنے کا برتن - دیر - تاخیر - توقف - صبر - انتظار۔

وَار - پانی - آب - رقیق چیز - آواز - سرسوتی - ہاتھی کے باندھنے کی زنجیر اور اس کے باندھنے کا مقام - چھوٹی گگری۔

وَارا - بہت - کفایت - فائدہ - نفع۔

وَارا پار - وار پار - آر پار۔

وَاراسی - دریا - سمندر۔

وَارانسی - (وارونا) اور (اسی) ان دو ندیوں کے درمیانی آبادی - کاشی (بنارس)

وَارانگنا - رنڈی - کسبی - طوائف۔

وَارت - روکا گیا - منع کیا گیا۔

وَارتا - خبر - حال - کیفیت - معاملہ - بات چیت - افواہ - گپ۔

وَارتک - سوتروں کے احکام پر نئے طریق سے تحقیق - شرح - تفسیر۔

وَارج - / وَارجات - } آبی - کنول - نیلوفر - سنکھ - ناقوس۔

وَارج نین - جس کی آنکھیں کنول کی سی ہوں۔

وَارچر - آبی جانور جیسے مچھلی وغیرہ۔

وَارد - پانی دینے والا - مجازاً ابر - بادل۔

وَاردناد - گرج - رعد - راون کا بیٹا۔

وَاردھک / وَاردھکیہ } بڑھاپا - پیری - ضعیفی۔

واردھی۔ } سمندر۔ دریا۔ بحر۔
وارندھی۔
وارناتھ۔

وارشک۔ برس کا۔ سالیانہ۔ موسم باراں کے متعلق۔

وارک۔ دور کرنیوالا۔ روکنے والا۔

وارکایا۔ } رنڈی کسبی۔ قحبہ۔
وارناری۔

وارن۔ روک۔ رکاوٹ۔ اٹکاؤ۔ منع۔ ممانعت۔ تکلیف۔ آنکس۔ کجک۔ بھینٹ۔ نثار۔ صدقہ۔ چڑھاوا۔ ہاتھی۔ بکتر۔

وارُن۔ پانی۔ آب۔ ایک نچھتر۔ ہرتال۔ ایک پُران کا نام

وارنا۔ اتارنا۔ نچھاور کرنا۔ نثار کرنا۔ گھیرنا۔

وارناتھ۔ لکڑی کا بیڑا۔

وارندھی۔ سمندر۔ دریا۔ بحر۔

وارُنی۔ شراب۔ جانب مغرب۔ ایک نچھتر۔ دُوب۔ ورُن کی زوجہ۔

واری۔ پانی۔ آب۔ ہر رقیق چیز۔ ہاتھی باندھنے کی زنجیر یا آنکس۔

واری پرواہ۔ آبشار۔

واری چر۔ پانی میں رہنے والے یعنی آبی جانور۔

واریش۔ سمندر۔ دریا۔ بحر۔

واری واہ۔ ابر۔ بادل۔

واریہ۔ } روکا گیا۔ منع کیا گیا۔
واریہ مان۔

واڑ۔ احاطہ۔ جگہ۔ مقام۔

واڑی۔ جگہ۔ مقام۔ احاطہ۔ صحن۔ باغ۔ ثمرستان کھیتی۔

واس۔ (باس) رہنا۔ قیام کرنا۔ گھر۔ خانہ۔

واسا۔ گھر۔ خانہ۔ مکان۔

واست۔ خوشبودار کیا ہوا۔ معطر کیا گیا۔ لباس پہنایا گیا۔ جو تازہ نہ ہو یعنی باسی۔

واستا۔ عورت۔ زن۔ ہتھنی۔

واستو۔ نیک۔ قیام۔ رہنے کے قابل مقام۔ گھر۔ خانہ۔ مکان بنانے کے پہلے اچھے اور برے کے نسبت غور کرنا۔

واستو۔ } سچ۔ صحیح۔ راست۔ ٹھیک۔ یقین۔ قائم۔ برقرار۔
واستوک۔

واستو پوجا۔ نئے مکان میں داخل ہونے کے پہلے کرنیکی پوجا۔

واستو ودیا۔ (بدیا) وہ علم جس میں عمارات کے متعلق حالات درج ہوں۔

واستویہ۔ رہنے کے قابل مقام۔ رشتہ دار۔

واسدیو۔ وسودیو کے فرزند یعنی سری کرشن جی۔

واسر۔ دن۔ روز۔ یوم۔ وہ مکان جس میں زن و مرد بیاہ ہونیکے بعد شب اول گزاریں۔

واسکی۔ بادشاہ ماران۔

واسن۔ خوشبودار کرنا۔ کپڑا۔ برتن۔ عقل۔

واسنا۔ خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔ عقل۔ رہنا۔ مقام۔ پہلے جنم کا گیان۔

واسنت۔ اونٹ۔ شتر۔ کوئل۔

واسو۔ اندر۔ شکر (زہرہ)۔ دیوتاؤں کا راجہ

واسُودیو۔ محیط کُل۔ خداوند تعالیٰ۔

واسی۔ (باسی) رہنے والا۔ ساکن۔

واشپ۔ بھاپ۔ دھواں۔ اسٹیم۔

واشِ۔ پرندوں کی بولی۔ مکھیوں کا بھنبھنانا۔

واک۔ زبان۔ کلام۔ سخن۔ لفظ۔ گویائی۔ گفتگو۔

واکیارتھ۔ بحث علمی۔

واکیہ۔ فقرہ۔ مقولہ لفظ۔ گفتگو۔ مثل۔ کلام۔ بچن۔
آواز۔ قول۔ سخن۔ حملہ۔ قوت گویائی۔

واگجال۔ دھوکے میں ڈالنے والی لمبی چوڑی باتیں۔

واگدان۔ زبان دینا یعنی وعدہ کرنا۔

واگدت۔ زبانی وعدہ۔

واگدتّا۔ وعدہ کیا ہوا۔

واگدنڈ۔ سخت سست کہنا۔ دھمکانا۔

واگڈمبر۔ بیہودہ گوئی۔

واگرا۔ جال۔ پھندا۔ پھانسی۔

واگلی۔ پاندان۔ ڈبیہ۔

واگمی۔ فصیح گو۔ برہسپتی کا نام۔

واگیش۔ شاعر۔ فصیح گو۔ برہسپتی۔ برہما۔

واگیشا۔ } سرسوتی کا لقب۔
واگیشوری۔

والکل۔ درخت کی چھال سے بنا ہوا (کپڑا وغیرہ)

والمیک } (بالمیک) رامائن کے مصنف ایک منی کا نام۔
والمیکی

والوکا۔ بالو۔ ریتی۔ ریگ۔

والیہ۔ (بالیہ) بچپنا۔ طفلی۔ کودکی۔

وام۔ بایاں۔ چپ۔ بُرا۔ کمینہ۔ ٹیڑھا۔ دولت۔ مہادیو۔
ووام دیو۔ احکام بید کے مخالفت۔ دلربا۔

واما۔ (باما) عورت۔ زن۔

واماچار۔ بید کے احکام کے خلاف ایک ملت کا طریقہ۔
جس میں شراب۔ گوشت وغیرہ کے ذریعہ دیوتا کی پوجا
کی جاتی ہے۔

وامتا۔ بدمزاجی۔ بُرائی۔ اختلاف۔

واملور۔ دیمک کی بانبی۔

وام مارگ۔ بید کے احکام کے برعکس چلنے والی ایک
ملت جس میں شراب گوشت وغیرہ سے دیوتا کی پوجا
کی جاتی ہے۔

وامن۔ (بامن) بونا۔ ٹھنگنا۔ وشنو کے ایک اوتار کا نام
ایک پران کا نام۔

وامہ۔ بائیں۔ چپ۔ یسار۔

وام ہست۔ بایاں ہاتھ۔ دست چپ۔

وامہ لوچن۔ خوبصورت آنکھ والی عورت۔

وامی۔ } (بامی) دیکھو (وام مارگ)
وام مارگی۔

وان۔ مالک۔ صاحب۔ والا۔ مند۔ واضح ہو کہ مرکب الفاظ
کے ساتھ رکھنا یا ہونا کے معنے دیتا ہے۔ جیسے
(دھن وان) وغیرہ۔

وانپرستھ۔ (بان) وہ شخص جو طالب علمی اور خانہ داری
کی مدت ختم کر کے عبادت الٰہی کے لئے صحرانشینی
اختیار کیا ہو۔ زمانہ تجردی۔

وان پرش ۔ تارک دنیا۔

وانت ۔ قے ۔ اُلٹی۔

وانچھا ۔ ارادہ ۔ خواہش ۔ منشا ۔ تمنا ۔ آرزو ۔ چاہ۔

وانچھت ۔ خواہش کیا گیا۔

وانچھن ۔ خواہش کرنا۔

وانچھنی ۔ بے حیا عورت۔

وانچھی ۔ خواہش کرنا۔

وانر ۔ / وانری ۔ } (بانر) بندر ۔ بوزنہ۔

وانریندر ۔ سگریو ۔ ہنومان۔

وانگ مکھ ۔ لکچر۔

وانگ میہ ۔ خوش گفتار ۔ لسان ۔ مضمون ۔ شاستر۔

وانپرستھ ۔ تیسرے آشرم والا جو برہم چریہ اور گرہستھ آشرم کے بعد بن میں رہکر عبادت کرتا ہے ۔ عابد ۔ مرتاض ۔ نیز دیکھو (وانپرستھ)

وانی ۔ (بانی) آواز ۔ زبان ۔ لسان ۔ نغمہ ۔ گفتگو۔

واوَدُوک ۔ بہت بولنے والا ۔ بکّی۔

واہ ۔ / واہن ۔ } سواری خواہ کسی قسم کی ہو۔

واہس ۔ اجگر ۔ اژدہا ۔ اژدر ۔ ثعبان۔

واہک ۔ بوجھ ڈھونے یا کھینچنے والا ۔ حمّال۔

واہک ۔ گاڑی ۔ چھکڑا وغیرہ۔

واہن ۔ ہر قسم کی سواری جیسے گھوڑا ۔ ہاتھی ۔ گاڑی وغیرہ۔

واہنی ۔ لے جانیوالی ۔ فوج ۔ لشکر ۔ ندی ۔ فوج کی ایک تعداد جس میں (۸۱) ہاتھی (۸۱) رتھ (۲۴۳) گھوڑے (۴۰۵) پیدل ہوں۔

واہو ۔ (باہو) بھج ۔ بازو۔

واہیہ ۔ سواری ہر قسم کی۔

وائے ۔ بُننا ۔ بافتن ۔ اوزار ۔ آلہ۔

وایس ۔ کوّا ۔ زاغ ۔ ایک درخت۔

وایک ۔ بُننے والا یعنی بافندہ ۔ جلاہا۔

وائن ۔ نیوتا ۔ نذر۔

وایو ۔ (بایو) ہوا ۔ باد ۔ شمال اور مغرب کا درمیانی حصہ۔

وایو پتر ۔ فرزند باد ۔ لقب ہنومان جی کا۔

وایو کون ۔ گوشۂ شمال مغرب۔

وایو گولا ۔ باد گولہ۔

وایو واہ ۔ دھواں ۔ دُود۔

وایویہ ۔ ہوا سے متعلق ۔ شمال اور مغرب کا درمیانی گوشہ۔

وبدھ ۔ جگا ہوا ۔ بیدار ۔ ہوشیار ۔ پنڈت ۔ چاند ۔ دیوتا۔

وبدھان ۔ پنڈت ۔ عالم۔

وبندھن ۔ روک ۔ رکاوٹ۔

وبودھ ۔ ہوشیار ۔ بیدار۔

وبودھن ۔ سمجھانا۔

وبھو ۔ ہر جا موجود ۔ حاضر و ناظر ۔ ہمیشہ ۔ مدام ۔ جاوید۔

وبھا ۔ چمک ۔ تیزی ۔ کرن۔

وبھات ۔ صبح۔

وبھاجت ۔ تقسیم کیا گیا ۔ بانٹا گیا۔

وبھاجک ۔ تقسیم کرنیوالا ۔ بانٹنے والا ۔ حصہ رسی کرنیوالا۔

وِبھاجَن ۔ بانٹنا تقسیم کرنا ۔ برتن ۔ ظرف ۔
وِبھاس ۔ چمک ۔ تیزی ۔
وِبھاگ ۔ (ﺩﺑﮭﺎﮒ) حصہ بخرا ۔ ٹکڑا ۔ تقسیم ۔ ترکہ ۔ علیحدہ ۔
جُدا ۔ بانٹ ۔ غیر مشترکہ ۔ کسر یا جز کے اوپر کا عدد ۔
فرق ۔ باب ۔ فصل ۔
وِبھاوَری ۔ رات ۔ شب ۔ لیل ۔
وِبھاوَش ۔ سورج ۔ چاند ۔ آگ ۔ ایک درخت ۔
وِبھُتا ۔ قوت ۔ اختیارات اعلیٰ ۔ اختیارات شاہی ۔
وِبھچار ۔ بدچال چلن ۔ عورت کا غیر مرد سے اور مرد کا
غیر عورت سے ناجائز تعلق ۔ چھنالا ۔
وِبھچاری ۔ وہ جو اپنے نیک چال چلن سے برگشتہ ہو گیا
ہو ۔ بدچلن ۔ وہ جو غیر عورت سے ناجائز تعلق
رکھتا ہو ۔ عیاش ۔
وِبھراج ۔ زینت دیا گیا ۔ مزین ۔
وِبھرانش ۔ } غلطی ۔ سہو ۔ غفلت ۔ شبہ ۔ شک ۔ عنایت ۔
وِبھرم ۔ } ایک عضو کا زیور دوسرے عضو میں پہننا
گردش ۔ زینت ۔
وِبھکت ۔ بانٹا گیا ۔ تقسیم کیا ہوا ۔ علیحدہ کیا ہوا ۔
وِبھُکت ۔ بہت کھایا ہوا ۔
وِبھکتی ۔ بانٹ ۔ تقسیم ۔ حصہ ۔ ٹکڑا ۔ ایک قسم کا نحو کا طریقہ ۔
وِبھنج ۔ ٹوٹنا ۔
وِبھَو ۔ دھن دولت ۔ ثروت ۔ کثرت ۔ نجات اخروی
وہ قوت جو خارج از قدرت بشری ہو ۔ ساٹھ
سالوں میں سے ایک سال کا نام ۔
وِبھُو ۔ قادر مطلق ۔ محیط کل ۔ مالک کُل ۔ بہت بڑا ۔ مضبوط ۔
دولتمند ۔ روح ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔ شیو ۔ برہما ۔ وشنو ۔
وِبھُوت ۔ آسمانی قوت ۔ قوت اعلیٰ ۔
وِبھُوتی ۔ (ﺩﺑﮭﻮﺗﯽ) ترقی ۔ کامیابی ۔ کثرت ۔ جلوہ ۔ دولت ۔
عیال و اطفال ۔ بھسم ۔ خاک ۔ راکھ ۔
وِبھُوشت ۔ آراستہ کیا گیا سنوارا گیا ۔ زینت دیا گیا ۔
وِبھُوشن ۔ گہنا ۔ زیور ۔ زیبائش ۔ زینت ۔
وِبھیتی ۔ ڈر ۔ خوف ۔ شک ۔ شبہ ۔
وِبھیچارنی ۔ ہرجائی عورت ۔ فاحشہ عورت ۔
وِبھیدک ۔ توڑنیوالا ۔
وِبھیشا ۔ خوف ۔ خوفناک ۔
وِبھیشکا ۔ ڈراونا ۔ خوف دکھانا ۔ خوفناک بات ۔
وِبھیشن ۔ خوفناک ۔ ڈرانیوالا ۔ راون کا چھوٹا بھائی ۔
وَپا ۔ چربی ۔ بانبی ۔
وِپات ۔ گرنا ۔ برباد ہونا ۔ بجلی گرنا ۔ تباہی ۔ رنج ۔ غم ۔ بے عزتی ۔
وِپادن ۔ مار ڈالنا ۔
وِپاک ۔ (ﺩﭘﺎﮎ) پکنا ۔ پچنا ۔ تیاری پر آنا ۔ پھل ۔ ثمر ۔ نتیجہ افعال ۔
وِپت ۔ (ﺩﭘﺖ) مصیبت ۔ تکلیف ۔ آفت ۔ دُکھ ۔
وَپتا ۔ بیج بونے والا ۔ پودہ لگانے والا ۔ مجازاً
باپ ۔ پدر ۔
وِپت کال ۔ (ﺩﭘﺖ ﮐﺎﻝ) مصیبت کا زمانہ ۔ روز بد ۔
وِپتھ ۔ (ﺩﭘﺘﮫ) بُرا راستہ ۔ بدراہ ۔ گمراہ ۔ بدطریقہ ۔
وِپتی ۔ (ﺩﭘﺘﯽ) تکلیف ۔ رنج ۔ مصیبت ۔ آفت ۔
وِپد ۔ } (ﺩﭘﺪ) مصیبت ۔ آفت ۔ تکلیف ۔ دُکھ ۔
وِپدا ۔ }
وِپد ۔ (ﺩﭘﺪ) بُرا راستہ ۔ بدراہ ۔ گمراہ ۔

وِپْر ۔ بید کا جاننے والا ۔ برہمن (بشرطیکہ بید پڑھا ہو)

وَپْر ۔ خندق ۔ شہر پناہ ۔ مٹی کا ٹیلہ ۔

وِپْرلبدھہ ۔ دھوکا دیا گیا ۔

وِپَریاس ۔ اُلٹ پلٹ ۔ خلاف ۔ اُلٹا ۔ برعکس ۔ معکوس ۔

وِپَرِیت ۔ (بپریت) اُلٹا ۔ خلاف ۔ مغائر ۔ برعکس ۔
کثرت ۔ زیادتی ۔ بربادی ۔ بیجا ۔ شرارت ۔

وِپَریے ۔ اُلٹ پلٹ ۔ خلاف ۔

وِپْرَیوگ ۔ جُدائی ۔ مفارقت ۔ بُری خبر ۔

وِپَرییہ ۔ اُلٹ ۔ خلاف ۔

وَپُس ۔ بدن ۔ جسم ۔

وِپشچِت ۔ دانا ۔ عاقل ۔

وِپکش ۔ دشمن ۔ عدو ۔ مخالف ۔ فریق ثانی ۔ مدعی علیہ ۔
تردید ۔ جواب ۔ بے مدد ۔

وِپکشپات ۔ غیر جانبدار ۔

وِپکشتا ۔ خلاف ہونا ۔ دشمن کے ساتھ مل جانا ۔

وِپل ۔ پل کا ساٹھواں حصہ ۔ سکنڈ ۔ لمحہ ۔ لحظہ ۔

وِپُل ۔ (بپل) بڑا ۔ بہت پھیلا ہوا ۔ زیادہ ۔ کثرت ۔ بے انتہا

وِپُلا ۔ زمین ۔ ارض ۔

وِپلت ۔ غدر ۔ آفت ۔

وِپُلتا ۔ کشادگی ۔ قد و قامت ۔

وِپلو ۔ تکلیف ۔ آفت ۔ ہنگامہ ۔ بلوہ ۔ مصائب ملکی ۔
کشتی غرق ہونا ۔

وِپُنسک ۔ نامرد ۔ ہیجڑ ۔

وَپن ۔ بیج بونا ۔ اصلاح بنانا ۔

وِپن ۔ بن ۔ جنگل ۔ صحرا ۔

وَپنی ۔ حجام خانہ ۔ اصلاح خانہ ۔

وَپُو ۔ تن ۔ جسم ۔

وِپھل ۔ (وِ او نفی کا) بے پھل ۔ بے نتیجہ ۔ بے کار ۔ بے ثمر ۔
بے فائدہ ۔

وِپھلتا ۔ (وِ او نفی کا) بے فائدہ مند ۔ غیر مفید ۔

وَت ۔ طرح ۔ طور ۔ برابر ۔ مطابق ۔ موافق ۔ مانند ۔ مثل ۔

وِت ۔ دھن ۔ دولت ۔ ثروت ۔ جائداد ۔ شئے ۔ چیز ۔
سوچ بچار ۔ بل ۔ طاقت ۔ مشہور ۔ جانا گیا ۔
بچارا گیا ۔ پایا گیا ۔

وُتّا ۔ جاننے والا ۔ دانندہ ۔

وِتان ۔ چاندنی جو مکان کی چھت کے نیچے باندھتے ہیں ۔
چندوا ۔ منڈپ ۔ جگیہ ۔ پھیلاؤ ۔ کشادگی ۔

وِتان ۔ جگیہ ۔ پھیلاؤ ۔ گروہ ۔ جماعت ۔

وِتت ۔ پھیلا یا گیا ۔ تانا گیا ۔

وِتامس ۔ اُجالا ۔ روشنی ۔

وِتتھ ۔ جھوٹ ۔ بیکار ۔ بے فائدہ ۔

وِتتی ۔ پھیلاؤ ۔ کشادہ ۔

وِتراس ۔ خوف ۔ ڈر ۔

وِترپ ۔ (وِ او نفی کا) بے شرم ۔ بے حیا ۔

وِترد ۔ سائبان ۔ ورانڈہ ۔

وِترشن ۔ قانع ۔ خوش ۔

وِترشنا ۔ قناعت ۔ تسلی ۔ تسکین ۔

وِترک ۔ (بترک) بڑی بحث ۔ بچار ۔ شک ۔ شبہ ۔
گمان ۔ قیاس ۔

وِترن - ترک کرنا - خیرات کرنا - آرپار جانا - باٹنا - خیرات - دان - چندہ -

وِترن - (دوا ونفی کا) وہ مقام جہاں گھانس نہ پیدا ہو -

وِترن شالی - دانی سخی - فیاض -

وَتس - بچہ - لڑکا - گائے وغیرہ کا بچہ - سال - سنہ - چھاتی - سینہ - پیار کا لفظ -

وَتسر - سال - سنہ - برس - بچھڑا -

وَتسریہ - سالانہ -

وَتسک - بچہ - بچھڑا -

وَتسل - پیارا - محب - مہربان - رحیم -

وَتسلتا - محبت - عنایت - مہربانی -

وَتسنابھ - ایک قسم کے زہر قاتل کا نام -

وَتسہ - بیٹا - پسر - بچھڑا -

وِتل - زمین کے سات طبقوں میں سے ایک طبقہ -

وِتنڈا - نکما - جھوٹا - بیکار - بحث - جھگڑا - مباحثہ - حجت - تفریط - نکتہ چینی - طرفداری - تعصب -

وِتہ - دولت - ثروت - جائداد -

وِتھرا - وہ عورت جو اپنے خاوند سے الگ ہوئی ہو -

وِتی - بچار - سوچ - فائدہ - عقل - خیال -

وِتی پات - بہت بھاری مصیبت جیسے زلزلہ وغیرہ - علم نجوم میں سترھواں یوگ -

وِتیکار - بربادی - رنج - ملاپ -

وَٹ - لڑکا - دینی طالب علم -

وَٹ - برگد (پیپل) کا درخت -

وِٹ - عیاش - زن مرید - چوہا -

وِٹپ - درخت - شجر - نئی ڈالی اور نئے پتے وغیرہ -

وِٹر - مرغا - چور - پگڑی - چوکی - چٹائی - جھڑی - بد - بدصورت - کاہل -

وِٹسارکا - مینا جو مشہور طائر ہے -

وَٹک - لڑکا - طفل -

وَٹکا -
وَٹی - } دواؤں کی گولی - قرص -

وَٹو - لڑکا - ناکتخدا - طالب علم - برہمن کا بیٹا -

وِٹورا - اپلیوں کا ڈھیر -

وَٹی -
وَٹکا - } دوا کی گولی - قرص - گولی جس سے بچے کھیلتے ہیں -

وِجاتی - دوسری قوم کا - دوسری ذات کا - دوسری طرح -

وِجت - (دجت) وہ جو جیت لیا گیا ہو - مفتوح -

وَجر - ہیرا - الماس - بجلی - فولاد - اندر کا ایک ہتھیار -

وِجر - جو کبھی ضعیف نہ ہو -

وَجر گھات - آسمان سے بجلی گرنا -

وَجر پات - بجلی گرنا - یکایک مصیبت نازل ہونا -

وَجر دشٹ - سؤر - چوہا -

وِجرمبھن - جماہی لینا -

وَجر منی - ہیرا - الماس -

وِجلپ - فضول اور بیکار باتیں کرنا - یادہ گوئی -

وُجن - پنکھا - بادکش -

وِجن - چالاک - ہوشیار - عالم -

وِجن - (دوا ونفی کا) تنہائی - خلوت -

وِجناپن - تعلیم دینا - ہدایت کرنا -

وِجُوَر ۔ زوال پانے یا تباہ ہونے سے محفوظ۔ بخار سے بچا ہوا۔

وِجیا ۔ بجے دشمی جو آسوج شکل دشمی کو ہوتی ہے۔ درگا دیوی۔ بھنگ۔

وِجَئی ۔ (بجَئی) بہت جیتنے والا۔ فاتح۔

وِجَے ۔ (بجے) جیت۔ فتح۔

وِجَے پتر ۔ (بجے پتر) فتح نامہ۔

وِجَے لکشمی ۔ فتح کی دیوی۔

وِچار ۔ (بچار) سوچ۔ فکر۔ غور۔ تامل۔ تمیز۔ خیال۔ دریافت۔

وِچارِت ۔ (بچارت) سوچا گیا۔ غور کیا گیا۔ بحث کیا گیا۔

وِچارَک ۔ (بچارک) سوچنے والا۔ تحقیق کرنے والا۔ محقق۔

وِچارَن
وِچارنا } (بچارن) پھرنا۔ خیال کرنا۔ غور۔ خیال۔

وِچاریہ ۔ لائق تحقیق۔

وِچالَن ۔ ہٹانا۔ چلانا۔

وِچِتر ۔ (بچتر) رنگ برنگ۔ گوناگوں۔ طرح طرح۔ بوقلموں۔ عجیب۔ تعجب خیز۔

وِچَرَن ۔ (بچرن) گھومنا۔ پھرنا۔

وِچَرنا ۔ (بچرنا) چلنا۔ پھرنا۔

وِچَکشَن ۔ جو صاف نظر آئے۔ منور۔ ہوشیار۔ چالاک۔ عاقل۔ عالم۔ ماہر۔ قابل۔ دانا۔

وِچَل ۔ (بچل) بے ثبات۔ ناپائدار۔ بے قیام۔ متلون۔ متحرک۔

وِچَلِت ۔ (بچلت) متحرک۔ چنچل۔

وِچَلَن ۔ تلون مزاجی۔ بے ثباتی۔ ناپائداری۔

وِچَلنا ۔ تتر بتر ہونا۔ ہمت ہارنا۔ روٹھنا۔

وَچَن ۔ (بچن) بات۔ کلام۔ گفتگو۔ قول۔ فقرہ۔ قاعدہ۔ کتاب کی کوئی نظیر یا داخلہ۔

وِچھِت ۔ کسی چیز کو کاٹ کر الگ الگ ٹکڑے کرنا۔

وِچھِن ۔ جو کاٹ یا چھید کر الگ کر دیا گیا ہو۔

وِچھوہ ۔ جُدائی۔ مفارقت۔

وِچھید ۔
وِچھیدَن } کاٹنا۔ قطع تعلق کرنا۔ برباد کرنا۔ علیحدگی۔ ممانعت۔ روک ٹوک۔ جُدائی۔ مُفارقت۔

وِچے ۔ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ جانچ پرتال کرنا۔ امتحان کرنا۔

وِچیُت ۔ پھسلا ہوا جس کا حمل ساقط ہو گیا ہو۔

وِد ۔ جاننے والا۔ دانا۔ عاقل۔ عالم۔

وِدا ۔ عقل۔ دانش۔ گیان۔

وِدا ۔ (بدا) رخصت۔ جدائی۔

وِدار ۔ لڑائی۔ جنگ۔

وِدارَن ۔ علیحدہ کرنا۔ پھاڑنا۔ چیرنا۔ ٹکڑے کرنا۔ گرانا۔ مار ڈالنا۔ لڑائی۔ جنگ۔ چیرنے والا۔ پھاڑنے والا۔

وَدانیہ ۔ فیاض۔ مخیر۔ فصیح۔ محب۔

وِداہ ۔ تشنگی۔ سوزش۔

وِداشے ۔ ترک کرنا۔ روانہ ہونا۔ جانے کی اجازت دینا۔

وِدائی ۔ (بدائی) رخصت۔ رخصتی نذر۔

وِدِت ۔ (بدت) ظاہر۔ برملا۔ واضح۔ مطلع کیا گیا۔ سمجھا گیا۔ جانا ہوا۔ التجا کیا گیا۔

وِدُر ۔ جاننے والا۔ دانا۔ عالم۔ عاقل۔ صاحب ہمت۔

کورئوں کا ایک وزیر۔ داسی کا لڑکا۔

وِدَرْ ۔ } پھاڑنا۔ چاک کرنا۔
وِدَرَن }

وِدْراؤ۔ بہنا۔ پگھلنا۔ گلنا۔

وِدْراوَک۔ ٹپکانیوالا۔

وِدَرْبھ۔ ایک ضلع اور شہر کا نام جسے اس وقت ناگپور یا برار کہتے ہیں۔

وِدْرُم۔ مونگا۔ مرجان۔

وِدْرَو۔ ڈر۔ عقل۔ فنا۔ لڑائی۔ بھاگنا۔ بہنا۔ پگھلنا۔ شکایت۔

وِدْروہ۔ دشمنی۔ عداوت۔

وِدْروہی۔ دشمن۔ عدو۔

وِدُش۔ عالم۔ فاضل۔ پنڈت۔

وِدِش۔ اسمات کا درمیانی گوشہ۔

وِدُشی۔ عالمہ۔ (عورت)

وِدگدھ۔ ہوشیار۔ چالاک۔

وِدَلَن۔ ملنا۔ دبانا۔ ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔

وَدَن۔ چہرہ۔ رُو۔ مُنہ۔ ہر چیز کا اگلا حصّہ۔

وَدَنتی۔ قصہ۔ کہانی۔ خبر کیفیت۔

وِدْوان۔ (بِدْوان) پنڈت۔ عالم۔ فاضل۔ دانا۔ لائق۔

وِدُورَج۔ لاجورد جو ایک جواہر ہے۔

وِدْوِش۔ دشمنی۔ عناد۔

وِدْوِش۔ دشمن۔ عدو۔

وِدُوشَک۔ راجہ یا بادشاہ کی دل لگی کرنے والا۔ بھانڈ۔ نقال۔

وِدْوِیشی۔ }
وِدْوِیشَک } دشمن۔ عدو۔
وِدْوِیشا }

وِدْوِیش۔ دشمنی۔ عداوت۔ خصومت۔

وِدھ۔ (بِدھ) طریقہ۔ طور۔ ڈھب۔ ڈھنگ۔ شکل

وَدھ۔ (بَدھ) بربادی۔ فنا۔ موت۔

وِدھ۔ سوراخ کیا ہوا۔ چھیدا ہوا۔ پھاڑا ہوا۔ پار کیا ہوا۔ مارا گیا۔ پھینکا ہوا۔ جسے چوٹ لگی ہو۔ ٹیڑھا۔ ملا ہوا۔ باندھا ہوا۔ برابر۔

وِدھاتا۔ (بِدھاتا) قسمت۔ برہما۔ خالق مطلق۔

وِدھاتری۔ برہما کی زوجہ۔ محکمۂ دیوانی۔

وِدھاتویہ۔ کرنے کے لائق۔ رکھنے کے قابل۔

وِدھان۔ (بِدھان) طریقہ۔ طور۔ ڈھنگ۔ قاعدہ۔ انتظام۔ احکام شاستر۔ بندوبست۔ ترکیب۔ تدبیر۔ بیوہار۔

وِدھایک۔ (بِدھایک) طریقہ بتلانے والا۔ حاکم۔

وِدُھر۔ گھبرایا ہوا۔ ڈرا ہوا۔ رنجور۔ متفکر۔ جُدائی۔

وِدھرم۔ (دھرم نفی کا) الحاد۔ بدعت۔

وِدھمن۔ آگ پھونکنے کی دھونکنی۔ دم کش۔ آتش افروز۔

وِدھو۔ چاند۔ ماہ۔ ہوا۔ باد۔ کافور۔ وشنو۔ برہما۔ ایک راچھس۔

وَدھو۔ (بَدھو) دلہن۔ بیٹے کی زوجہ یعنی بہو۔

وِدھوا۔ (بِدھوا) جس عورت کا خاوند مرگیا ہو۔ بیوہ۔ رانڈ۔

وِدھوت۔ حسب دستور۔ بموجب طریقہ۔

وَدھوٹی۔ نئی بیاہی ہوئی عورت۔ دلہن۔ زوجہ۔

وِدھوَسْت ۔ برباد کیا ہوا ۔ ہرایا گیا ۔

وِدھوَنْس ۔ (دودھونس) بربادی ۔ فنا ۔ بے عزتی ۔ دشمنی ۔

وِدھوَنْسی ۔ (دودھونسی) دشمن ۔ عدو ۔ مہلک ۔ مضر ۔ فاسد

وِدھوَن ۔ کانپنا ۔ ہلنا ۔

وَدھووَر ۔ دلہا اور دلہن ۔

وِدھی ۔ (بدھی) حکم ۔ طریقہ ۔ طور ۔ ترکیب ۔ دستور ۔ ڈھنگ ۔
قاعدہ ۔ قرینہ ۔ قسمت ۔ اثبات ۔ احکام شاستر ۔
برہما ۔ خدا ۔

وِدھیّ ۔ مارنا ۔ ضرب لگانا ۔

وِدھی وَت ۔ باقاعدہ ۔ طریقہ کے مطابق ۔

وِدھیہ ۔ فرمانبردار ۔ تابعدار ۔ محکوم ۔ کرنے کے قابل ۔
سفارش کے لائق ۔

وِدیا ۔ (بدیا) علم ۔ فن ۔ ہنر ۔ گیان ۔

وِدیا بھیاس ۔ تحصیل علم ۔

وِدیا پراپت ۔ حصول علم ۔

وِدیا دان ۔ علم یا ہنر کا پھیلانا یعنی اشاعت کرنا ۔

وِدیا دھر ۔ ایک طرح کے دیوتا ۔

وِدیا دھن ۔ وہ رقم جو تعلیم سے حاصل کی گئی ہو ۔

وِدیارتھی ۔ (بدیارتھی) علم پڑھنے والا ۔ طالب علم ۔

وِدیا لابھ ۔ حصول علم ۔

وِدیالے ۔ } (بدیالے) مدرسہ ۔ دارالعلوم ۔ اسکول ۔ کالج ۔
وِدیالیہ ۔

وِدیاوان ۔ صاحب علم ۔ پنڈت ۔ فاضل ۔ عالم ۔ دانا ۔

وِدیاہین ۔ بے علم ۔ جاہل ۔ اُمّی ۔

وِدیُت ۔ } بجلی ۔ برق ۔ سرِ مغرب ۔
وِدیوت ۔

وِدیرن ۔ (بدیرن) پھاڑا گیا ۔ چیرا ہوا ۔

وِدیش ۔ (بدیش) پردیش ۔ غیر ملک ۔ دیارِ غریب ۔

وِدیشی ۔ (بدیشی) پردیش کا رہنے والا ۔ غیر ملکی ۔ اجنبی ۔

وِدیہ مان ۔ زمانہ موجودہ ۔ زمانہ حال ۔

وِدیہہ ۔ (بدیہہ) وہ نفس کا جس کا جسم نہ ہو ۔ غیر مادی ۔
متھلا کا راجہ جنک یعنی سیتا کے والد کا نام ۔

وِدیہہ مُکت ۔ ولی کامل ۔

وَدّ ۔ بڑا کشادگی ۔ طوالت ۔

وَدا ۔ دال کا گلگلہ جو گھی یا تیل میں تلا جاتا ہے ۔

وِڈال ۔ بلاؤ ۔ بلی ۔ گربہ ۔

وِڈاری ۔ نہایت خوف سے ۔

وَڈِش ۔ } مچھلی پکڑنے کا کانٹا ۔
وَڈِشی ۔

وِڈمبک ۔ دھوکا باز ۔ مکار ۔ نقال ۔

وِڈمبن ۔ اچھی طرح نقل کرنا ۔

وِڈورج ۔ لاجورد جو مشہور جواہر ہے ۔

وَر ۔ (بر) دعا ۔ خواہش دلی ۔ بڑا ۔ اعلیٰ ۔ داماد ۔ مالک ۔
دُلہا ۔ سب سے اچھا ۔

وَرات ۔ جماعت ۔ گروہ ۔

وَراتھیہ ۔ وہ جو مذہبی احکام کی تعمیل نہ کرتا ہو ۔

وِرات ۔ (برات) بہت بڑا ۔ ہیئت مجموعی جملہ عالم ۔
خداوند تعالیٰ ۔ رونق ۔ ظہور ۔ ایک ملک کا نام ۔

وِرات روپ ۔ شکل مجموعی جملہ عوالم ۔

ورانٹک } کوڑی - کم درجہ کی چیز -
وراٹکا

وراجِت - (براجِت) زینت دیا گیا - روشن - منوّر - خوبصورت - عالیشان -

وراجمان - (براجمان) زینت دار - چکیلا - چمکتا ہوا - بیٹھا ہوا - موجود -

وراوڈھ - تکلیف - رنج - ایک راچھس کا نام -

وراسن - چوکی - تختہ - دربان -

وراگی - (براگی) جسے کسی چیز کی خواہش نہ ہو - تارکِ دنیا -

وراگ - (براگ) بیراگ - ترکِ محبت دنیا و متعلقاتِ آں -

وِرال - بلی - گُربہ -

وِرام - (برام) التوا - ٹھیراؤ - آرام - فرصت - امن - انجام - انتہا - دلیری - سکون - رُکنا - دیر کرنا - تھمنا - ٹھیرنا - آرام لینا - ستانا - دم لینا - فارغ ہونا - پریشاں - مغموم -

ورانک - لوٹا نیوالا -

وراشی } شہر بنارس - کاشی -
واراشی

ورانگنا - زن حسینہ -

ورانا - حسین عورت -

وراہ - سُور - خوک - وشنو کا ایک اوتار -

وربر - بہت باتونی - یاوہ گو - احمق - ہینگ - زرد صندل -

وِرپراوان - بخشش کرنا - عطا کرنا - دیدینا -

ورِت - (برت) کوئی نیک اور ثواب کا کام جیسے روزہ - فاقہ - عبادت وغیرہ -

وِرِت - (و او نفی کا) جسے کسی چیز کی خواہش نہ ہو - تارکِ دنیا - زاہد - رہا - بےغم -

وُرِت - گھیرا - چکر - گول کھیت - چال چلن - ایک قسم کی نظم - طریقہ - ہُوا - پیدا ہوا -

وُرتانت - (برتانت) کیفیت - خبر - حال - حالت - بات - ذکر - تذکرہ - حقیقت -

ورتاؤ - بیوہار - راہ رسم -

ورتکا - چراغ کی بتی - بیٹر - پودنہ -

ورتُل - گول - مدوّر -

ورتم } راستہ - راہ - کنارہ - پلک - لمحہ -
ورتمن

ورتمان - جو جاری ہو - زمانہ موجودہ - حال کا - حال -

ورتن - بیوہار - تدبیر زندگی - روزی - وجہ معاش - آمدنی - ٹھیراؤ - طریقہ - پھرانا -

ورتہ - گول نظم کا ایک طریقہ -

ورتھا - (برتھا) بیکار - فضول - رایگان - بے فائدہ -

ورتی - بتی چراغ کی - سُرمہ - عطر - دوا - چراغ -

ورتی - ذریعہ روزی - وجہ معاش - روزگار - پیشہ - کسب -

وِرتی - بیراگی - عابد - پارسا -

ورتیہ - کہنے کے قابل -

وِرج - جسے غصہ نہ ہو - جسے غرور نہ ہو - بے عیب - پاک -

وِرُج - تندرست -

ورج - (برج) گروہ - جماعت - گائیوں کے رہنے کا مقام - راستہ - گانوں - شہر متھرا کا نام -

ورج بھاشا - (بھاکھا) متھرا - آگرہ وغیرہ کے اطراف

واکناف میں بولی جانے والی زبان۔

وَرْجِتْ۔ } چھوڑا ہوا۔ انکار کیا ہوا۔ ترک کیا ہوا۔ روکا ہوا
وَرْجِیہ۔ }

وَرْجَکْ۔ چھوڑنیوالا۔ روکنے والا۔

وَرْجَنْ۔ انکار۔ ترک۔ ترک کرنا۔ چھوڑدینا۔ روکنا۔ پھرنا۔ گھومنا۔

وُرْجَنْ۔ پاپ۔ گناہ۔ آسمان۔

وَرْجَنِیَہ۔ غیر موزوں۔ لعنت و ملامت کے قابل۔ بد۔ بُرا۔ وہ جو ترک کرنے کے قابل ہو۔

وَرْجِیا۔ پھرنا۔ گھومنا۔ روانہ ہونا۔ جماعت۔ میدان جنگ۔ کھیل کود کا میدان۔ سنیاس۔

وِرَچِتْ۔ رچا ہوا۔ بنایا گیا۔ تیار کیا گیا۔ تصنیف کیا ہوا۔ انجام دیا گیا۔

وَرْچَسْ۔ شکل۔ رونق۔ تیزی۔ چمک۔

وَرَدْ۔ منشائے دلی پورا کرنیوالا۔

وِرَدْ۔ شہرت۔ ناموری۔ تعریف۔ ثنا۔ لباس۔ ہتھیار۔ جس کے دانت نہ ہوں۔

وَرَدا۔ لڑکی۔ دختر۔ پاربتی۔

وَرْدان۔ دعا دینا۔ خواہش دلی پوری کرنا۔

وَرْدایَکْ۔ وَر دینے والا یعنی چاہی ہوئی چیز کو دینے والا۔

وَرْدَکْشنا۔ وہ دولت جو داماد کو بیاہ کے وقت سسرال سے عطا ہو۔ جہیز۔

وَرْدھ۔ کاٹنا۔ تراشنا۔ پورا۔ تمام۔ ترقی۔

وِرُدھ۔ اُلٹا۔ خلاف۔ برعکس۔ ناخوش۔ نامناسب۔ دشمنی۔

وُرْدھ۔ (بُڑھ) بوڑھا۔ ضعیف۔ پُرانا۔ کہنہ۔

وُرْدھا۔ بوڑھی۔ ضعیفہ۔ (عورت)

وُرْدھاوَستھا۔ حالت ضعیفی۔ پیری۔

وَرْدھِت۔ بڑھا ہوا۔ اوگا ہوا۔ پھیلا ہوا۔ اونچا۔

وِرُدھتا۔ مخالف۔ دشمنی۔

وُرْدھتوَہ۔ بڑھاپا۔ ضعیفی۔ پیری۔

وَرْدھمان۔ } بڑھانا۔ ترقی دینا۔ بڑھتی۔ ترقی۔ کاٹنا۔
وَرْدھن۔ } چھیلنا۔ تراشنا۔

وَرْدھنی۔ بڑھانیوالا۔ ترقی دینے والا۔

وُرْدھی۔ (بُرْدھی) بڑھتی۔ ترقی۔ زیادتی۔ افزونی۔ کثرت۔ سود۔ بیاز۔ منافع۔

وِرَس۔ (دوا وغیرہ کا) بے مزہ۔ پھیکا۔

وَرْش۔ بارش۔ باران۔ مینھ۔ سن۔ سال۔ سنہ۔

وُرْش۔ بیل۔ ایک برج فلکی کا نام یعنی ثور۔

وَرْشا۔ (برکھا) بارش۔ مینھ۔ برسات۔ باران۔

وَرْشارُتو۔ سال کی چھ رُتوں میں سے موسم باران کی ایک رُتو جو ساون اور بھادون میں آتی ہے۔

وَرْشاسَن۔ سالیانہ۔

وَرْشاکال۔ موسم باران۔

وُرْشبھ۔ بیل۔ سانڈ۔ ایک برج فلکی کا نام یعنی ثور۔

وُرْشٹِ۔ بارش۔ باران۔ مینہ۔ مطر۔

وَرِشٹھ۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ بہت عزیز۔ قابل پرستش۔

وُرْشٹی۔ (بُرشٹی) بارش۔ باران۔

وُرْشچِک۔ بچھو۔ کژدم۔ آٹھوان برج آسمانی کا نام یعنی عقرب۔

وُرشَل - گاجر - پیاز - گھوڑا - شودر - ظالم - ایک راجہ -

وُرشلی - شُودر کی عورت - وہ اَن بیاہی لڑکی جو اپنے ماں باپ کے گھر بالغ ہوئی ہو -

وُرشما - جسم - مقدار -

وُرشن - برسنا - بارش ہونا - بارش -

وُرشن - فوط - خصیہ -

وُرشنی - بادل - ابر -

وُرش کیتُو - مہادیو جی کا لقب -

وُرک - گروہ -

وُرک - بھیڑیا -

وِرکت - (برکت) تارک دنیا - اُداسی - بیراگی -

وِرکتی - کسی چیز کی تمنا نہ ہونا -

وُرکش - (برکش) پیڑ - درخت - شجر -

وُرکودر - بھیم سین - برہما -

وَرگ - ایک ہی طرح کی بہت سی اشیا کا مجموعہ - ایک ذات کے لوگ - جماعت - درجہ - کلاس - باب - حروف تہجی کا ایک طریقہ - حاصل ضرب -

ورگ مول - جذر - اسکوئر روٹ -

وِرل - جُدا جُدا - الگ الگ -

وَرم - زرہ - چلتہ -

ورما - چھتریوں کا لقب جو اُن کے اسما کے بعد لگاتے ہیں

ورمہ - زرہ جو جنگ میں پہنی جاتی ہے - چلتہ -

وَرن - (برن) فرقہ - نوع - قوم - ملت - ذات - قسم - رنگ - حرف - خصلت - انسان کے چارون (فرقے) جیسے برہمن چھتری - ویش - شودر -

وُرن - گھاؤ - زخم - پھوڑا -

وَرن - لیپنا - پوجنا - کسی کو انتخاب کرکے کسی کام پر متعین کرنا -

وَرن - موکل آب - پانی - سورج - مغرب کا دگپال - (محافظ ابدال) جانب مغرب پختہ مکان -

وَرنا - ایک ندی کا نام جو بنارس کے جانب شمال بہتی ہوئی گنگا میں جا ملتی ہے -

وَرناشرم - قوم کے چار طبقے - آشرم کے چار حصے -

وَرنت - تعریف کیا گیا - تشریح کیا گیا -

وُرنتاک - بینگن - بادنجان -

وَرن تُولی - موقلم -

وِرنچی - برہما - خداوند تعالیٰ -

وُرند - جماعت - گروہ - ڈھیر - انبار - بھیڑ بھاڑ -

وُرندا - (برندا) تُلسی - رادھکا - ایک دیوی کا نام -

وُرندارک - دیوتا - منوہر - اعلیٰ -

وُرندارکا - دیوتاؤں کی عورتیں -

وُرنداون - (برندا) متھرا کے پاس ایک جنگل کا نام جہاں گوکل سے نندجی اور سری کرشن جی وغیرہ تمام گوالا جا کر آباد ہوئے تھے -

وَرن شنکر - وہ شخص جو جداگانہ اقوام کے زن و مرد کے ملاپ سے پیدا ہو - دوغلا - حرام زادہ -

وَرنک - تعریف کرنیوالا -

وَرْنِکَا۔ قلم۔ خامہ۔

وَرْنْ مَالَا۔ حروف تہجی۔

وَرْنَنْ۔ (بَرْنَنْ) تفصیل کے ساتھ بیان کرنا۔ خصائل حمیدہ بیان کرنا۔ رنگنا۔ تعریف۔ توصیف۔ بیان۔

وَرْنَنَا۔ تعریف۔ توصیف۔ تعریف کرنا۔ سراہنا۔

وَرُو۔ بہت اچھا۔ بہت خوب۔

وِرُوپْ۔ (وی بمعنی بد) بدشکل۔ بدصورت۔ مہیب۔

وِرُوپَنْ۔ لیپنا تھوپنا۔ تہ چڑھانا۔ زمین میں پودھا لگانا۔

وَرُوتھْ۔ جھُنڈ۔ دَل۔ جماعت۔ گروہ۔

وَرُوتھِنی۔ فوج۔ لشکر۔

وِرُوچَنْ۔ سورج۔ چاند۔ پرہلاد کا بیٹا راجہ بلی کا باپ۔

وِرُودھْ۔ (بِرُودھ) مخالفت۔ بگاڑ۔ دشمنی۔ عداوت۔

وِرُودھَنْ۔ بگاڑ کرنا۔ دشمنی کرنا۔ بیر کرنا۔

وِرُودھَکْ۔ دشمن۔ عدو۔

وِرُودھی۔ (بِرُودھی) دشمن۔ عدو۔ خصم۔

وِرُوگی۔ بیمار۔ مریض۔

وَرُونالَیہ۔ سمندر۔ دریا۔

وِرُوہَنْ۔ درخت کو ایک جگہ سے اُکھاڑ کر دوسری جگہ نصب کرنا۔

وِرَہ۔ (بِرَہ) علیحدگی۔ جدائی۔ مفارقت۔ رنجِ فراق۔

وَرْہَا۔ دیکھو (بَرْہا)

وُرْہَتْ۔ بڑا۔ بزرگ۔

وِرَہِتْ۔ خالی۔ خلو۔ محروم۔

وَرْہِنْ۔ | مور۔ طاؤس۔

وَرْہی۔ |

وِرَہی۔ } (بِرَہی) علیحدہ۔ غیر موجود۔ وہ عورت جو اپنے عاشق سے جُدا ہوگئی ہو۔

وِرَہِنی۔ }

وَرْیَا۔ لڑکی۔ دُلہن۔

وَرْیَاتْرَا۔ (بَرْ) بیاہ کے متعلق برات۔

وَرْیَانْ۔ اٹھارہواں جُگ یا زمانہ۔

وِرُیچَنْ۔ مُسہل۔ جُلاب۔

وِرُیچَکْ۔ دستاور۔

وِرِیڑ۔ } لاج۔ شرم۔ حیا۔

وِرِیڑا۔ }

وِرِیڑِتْ۔ شرمایا ہوا۔ شرمندہ۔

وَرْیَنیہ۔ اعلیٰ۔ قابل طلب۔ بر دینے والا۔

وَرْیَہ۔ پردھان۔ اعلیٰ۔

وِرِیہی۔ دھان۔ چانول۔ برنج۔

وَسُ۔ دولت۔ چیز۔ شئے۔ مادہ۔

وَسَا۔ چربی۔ پیہہ۔

وِسَارِنی۔ حاسدہ۔ ڈاہنی۔ سوتنی۔

وِشپَشْٹْ۔ ظاہر۔ صاف۔ عیاں۔ قابل فہم۔

وِشپھُلِنگْ۔ آگ کی چنگاری۔

وِشپھوٹْ۔ پھوڑا۔ زخم۔

وِشپھوٹَنْ۔ } پھوٹنے والا۔ پھوڑا۔ چھالا۔ آبلہ۔ چیچک۔

وِشپھوٹَکْ۔ } سیتلا۔ جدری۔

وِشتَارْ۔ (بِستار) پھیلاؤ۔ کشادگی۔ چوڑائی۔ وسعت صفحہ کا نصف حصہ یعنی کالم۔

وِشتارِت۔ پھیلایا ہوا۔ کشادہ کیا گیا۔

وِشتارک۔ } پھیلانیوالا۔
وِشتاری۔ }

وَشتر۔ (بَستر) کپڑا۔ پارچہ۔ پوشاک۔ لباس۔ جامہ۔

وِشتر۔ (بِستر) کشادہ۔ بہت۔ کثرت۔ ذریعہ۔ بچھونا۔

وَشتر بھیدی۔ درزی۔ خیاط۔

وِسترت۔ } پھیلا ہوا۔ چوڑا۔ کشادہ۔
وِستیرن۔ }

وِستُرتی۔ پھیلاؤ۔ کشادگی۔

وَشترکُٹم۔ چھتری۔ ڈیرا۔ خیمہ۔

وَشتر گرنتھی۔ ناڑا۔ ازار بند۔

وَستُو۔ (بَستُو) چیز۔ شئے۔ مادّہ۔

وَستُوتہہ۔ سچ مچ۔ اصل میں۔ فی الحقیقت۔

وَستی۔ بَستی۔ آبادی۔ رہنا۔ قیام کرنا۔ گھر۔ خانہ۔ جگہ۔ مٹھ۔

وِستیرن۔ پھیلا ہوا۔ کشادہ۔ بہت بڑا۔

وَسُدا۔ }
وَسُدھا۔ } زمین۔ ارض۔
وَسُدھرا۔ }

وِسراؤ۔ چانول وغیرہ کی پیچ۔

وِسَرجِت۔ الگ کیا گیا۔ رخصت کیا ہوا۔ ترک کیا ہوا۔
بھیجا گیا۔

وِسَرجن۔ (بِسَرجن) الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ ترک کرنا۔
جُدا کرنا۔ رخصت کرنا۔ جانے دینا۔ بھیجنا۔
چھوڑنا۔ دینا۔

وِسَرگ۔ دان۔ خیرات۔ ترک۔ جُدا۔ چھوڑنا۔

وِشرمبھہ۔ دوستی۔ یقین۔ اعتبار۔ مباشرت کے وقت
زن و مرد کی تکرار۔

وِسِشٹ۔ ملا ہوا۔ شامل۔ زیادہ۔ متّصف۔

وِسِشٹ اَدوَیت۔ مسئلہ وحدت وجود۔

وَسِشٹھ۔ ایک رشی کا نام جو برہما کا بیٹا اور سورج بنسیوں کا
مرشد تھا۔ مجازاً وکیل۔

وَشک۔ نمک۔ ملح۔

وَسُمان۔ دولتمند۔ متموّل۔

وِشمِت۔ (بِشمِت) متحیر۔ وحشت زدہ۔

وِشمِت۔ حیران۔ متحیر۔

وِشمرت۔ بھولا ہوا۔

وِشمرتتا۔ بیہوشی۔ بے خبری۔

وِشمرتی۔ بھول۔ غفلت۔ فراموشی۔ بیہوشی۔

وِسمرن۔ بھول جانا۔ فراموش کرنا۔

وِسمے۔ (بِسمے) تعجب۔ حیرت۔ اچنبھا۔

وِشمیہ۔ (بِشمیہ) تعجب۔ حیرت۔ غرور۔ شوخی۔

وَسن۔ پارچہ۔ کپڑا۔ ڈھکنے کی چیز۔ کمر پٹہ۔

وَسن۔ کپڑا۔ لباس۔ پارچہ۔ اوڑھنی۔ رہنا۔ قیام کرنا۔

وَسنت۔ (بسنت) برس کے چھ موسموں میں سے پہلا
موسم جو چیت اور ویساکھ میں ہوتا ہے۔ موسم بہار
ایک راگ کا نام۔

وَسنت دُوت۔ کوکل۔ کویل۔ آم کا درخت۔

وَسنت رُتو۔ (بَسنت رُتو) موسم بہاران۔

وَسنتوتسو۔ ہولی۔ (تیوہار)

وَسَنتی ۔ متعلق بہ (وَسَنت)
وَسُندھرا ۔ دُنیا ۔ عالم ۔
وَسُو ۔ دیوتاؤں کا ایک فرقہ جو تعداد میں آٹھ ہیں ۔ دولت ۔
کرن ۔ آگ ۔ سونا ۔ ایک درخت ۔ جواہر ۔ پانی میٹھا ۔
سوکھا ۔
وِشو ۔ دُنیا ۔ عالم ۔
وِشواد ۔ (داونفی کا) بے ذائقہ ۔ بے مزہ ۔ پھیکا ۔
وِسُوچِکا ۔ ہیضہ ۔ کالرا ۔
وَسُودیو ۔ سری کرشن جی کے والد کا نام ۔
وَسُومتی ۔ (وَسُومتی) زمین ۔ ارض ۔
وَسِیٹھ ۔ نامہ بر ۔ سفیر ۔ ایلچی ۔ وکیل ۔
وَسیٹھی ۔ نامہ بری ۔ سفیری ۔ وکالت ۔
وِشیش ۔ فرق ۔ طرح ۔ ڈھنگ ۔ قاعدہ ۔ خلاصہ ۔ نچوڑ ۔
مناسبت ۔ زیادتی ۔ کثرت ۔
وَش ۔ قابو ۔ اختیار ۔ قبضہ ۔ قُدرت ۔ مطیع ۔ مغلوب ۔
فریفتہ ۔ حکومت ۔
وِش ۔ (بِش) زہر ۔ سم ۔
وَشا ۔ بانجھ ۔ عقیمہ ۔
وِشاد ۔ (بِکھاد) رنج ۔ دُکھ ۔ تکلیف ۔ شوک ۔
وِشادِت ۔ تکلیف دیا گیا ۔ مغموم ۔ رنجور ۔
وِشادک ۔ دُکھ دینے والا ۔ رنج دینے والا ۔
وِشارد ۔ پنڈت ۔ عالم ۔ دانا ۔ اعلیٰ ۔ مشہور ۔
وِشاکھا ۔ (بِشاکھا) ستائیس[27] نچھتروں میں سے سولھواں[16] نچھتر ۔
وِشال ۔ (بِشال) بہت بڑا ۔ بہت کشادہ ۔ بہت
وسیع ۔ لمبا چوڑا ۔ پھیلا ہوا ۔

وِشالتا ۔ بڑاپن ۔ کشادگی ۔ شہرت ۔
وِشان ۔ جانور کا سینگ ۔ ہاتھی اور سور کے دانت ۔
وِشپ ۔ گھر ۔ خانہ ۔ مندر ۔
وَشتا ۔ فریفتگی ۔ اطاعت ۔
وِشٹر ۔ بیٹھک ۔ نشست گاہ ۔ کرسی ۔
وِشٹ ۔ محنت بلا اُجرت ۔
وَشٹ ۔ یہ وہ لفظ ہے جو دیوتاؤں کے نام پر ہون کرتے
کہا جاتا ہے ۔ عزت ۔ ملازمت ۔
وَشٹکار ۔ ہوم ۔ جگیہ ۔
وِشٹھا ۔ گو ۔ سرگین ۔ براز ۔
وِشد ۔ صاف ۔ پاک ۔ سفید ۔ بے عیب ۔ بے داغ ۔
ظاہر ۔ خلاصہ ۔
وِشُدھ ۔ بڑا پاک ۔ بہت صاف ۔ بالکل بے عیب ۔
وِشدھر ۔ (بِشدھر) زہریلا سانپ ۔
وِشُدھی ۔ عیب دور کرنا ۔ پاک وصاف کرنا ۔
وِشرام ۔ تھکاوٹ دور کرنا ۔ آرام لینا ۔ ستانا ۔ آرام ۔
سُکھ ۔ چین ۔ تھوڑا وقفہ ۔
وِشرانت ۔ (بِشرانت) تھکاوٹ دور کرنا ۔ آرام ہے
جو تھکا نہ ہو ۔
وِشرانتی ۔ آرام ۔ تسکین ۔ باقرار ۔
وِشرُتی ۔ شہرت ۔ بہنا ۔ رِسنا ۔
وِشرمبھ ۔ دوستی ۔ محبت ۔ اعتبار ۔ یقین ۔ صحیح ۔
وِشر ۔ کُش (ایک گھاس) کی بنی ہوئی چٹائی ۔ بوریا ۔
وِشِشٹ ۔ ملا ہوا ۔ شامل ۔ ساتھ ۔ ہمراہ ۔ مع ۔
اعلیٰ ۔ بزرگ ۔ بڑا ۔

وِشکھ ۔ تیر ۔ بان ۔ جس کے سر پر چوٹی ہو ۔

وِشکھاسَن ۔ دھنش ۔ کمان ۔

وِشلیش ۔ جُدائی ۔ مفارقت ۔

وِشَم ۔ } جو برابر نہو ۔ ناہموار ۔ کم وبیش ۔ سخت رنج دینے والا ۔ خوفناک ۔

وِشم جور ۔ باری کا بخار ۔ حمّی غب ۔

وِشمتا ۔ مخالفت ۔ بے اعتدالی سختی ۔

وِشَن ۔ دُکھی ۔ مغموم ۔ متفکر ۔

وِشنک ۔ بے باک ۔ بے خوف ۔ نڈر ۔

وِشنکا ۔ ڈر ۔ خوف ۔

وِشنو ۔ (بِشنو) خداوند تعالیٰ ۔

وِشنو پُران ۔ ایک پران کا نام ۔

وِشنو ولبھا ۔ لکشمی کا لقب ۔

وِشو ۔ دُنیا ۔ جہاں ۔ عالم ۔ سب ۔ تمام ۔ دیوتاؤں کی ایک جماعت جو تعداد میں دس ہیں ۔ ایک طرح کے دیوتا جن کو شرادھ میں پنڈ وغیرہ دیتے ہیں ۔

وِشوا ۔
وِشوت ۔ } وہ موسم جبکہ دن اور رات برابر ہوں ۔

وِشوا تما ۔ دیکھو (بِشوا تما)

وِشواس ۔ (بِشواس) بھروسا ۔ اعتماد ۔ یقین ۔ صداقت ۔ عقیدہ ۔ دوستی ۔ اعتبار ۔

وِشواس پاتر ۔ قابل بھروسہ ۔ قابل اعتماد ۔

وِشواس گھات ۔
وِشواس گھاتک ۔
وِشواس گھاتی ۔ } احسان فراموش ۔ محسن کش ۔ دغاباز ۔ مکار ۔

وِشواسی ۔ بھروسہ کرنیوالا ۔ دوست ۔ محب ۔

وِشوامِتر ۔ (بِشوامتر) گادھی راجہ کا بیٹا جو بوجہ کثرت عبادت (راجہ) چھتری سے برہم رشی ہوگیا ۔

وِشوَپ ۔ پرورش کنندۂ عالم ۔ مجازاً خداوند تعالیٰ ۔

وِشوَت ۔
وِشوُ ۔ } مساوات لیل ونہار کا وقت برابر ہونیکا زمانہ ۔

وِشوَت ۔
وِشوَت ریکھا ۔ } کرۂ ارض کی درمیانی لکیر یعنی خط استوا ۔

وِشوچی ۔ اسہال ۔

وِشو روپ ۔ محیط کُل یعنی خداوند تعالیٰ ۔

وِشو روپ درشن ۔ خداوند دو جہاں کو جملہ کائنات کی شکل میں دیکھنا ۔

وِشوشت ۔ جس پر اعتبار ہو ۔

وِشوسنیہ ۔ دوستی کے قابل ۔ اعتبار کے لائق ۔

وِشوک ۔ (واو نفی کا) بے غم ۔ بے فکر ۔ خوش ۔ بشاش ۔

وِشوک ۔ سیاح ۔

وِشوکسین ۔ وشنو ۔ خداوند تعالیٰ ۔

وِشومبھر ۔ دنیا کا پالنے والا یعنی خداوند تعالیٰ ۔

وِشومبھرا ۔ زمین ۔ ارض ۔

وِشوناتھ ۔ شیوجی کا لقب ۔

وِشوکرما ۔ برہما کا بیٹا دیوتاؤں کا صناع ۔ سورج ۔

وِشونیش ۔
وِشویشور ۔ } جملہ کائنات کا مالک ۔ شیوجی کا لقب ۔

وِشہر ۔ قاطع زہر ۔ تریاق ۔

وَشی ۔ مطیع کیا گیا ۔ حواس کو اپنے قابو میں لایا گیا ۔

وِشئے ۔ (بشئے) جو حواس خمسہ ظاہری سے معلوم کیا جائے
جیسے رنگ ۔ ذائقہ ۔ بو ۔ آواز وغیرہ ۔ لذات نفسی ۔
خواہش ۔ عیش وعشرت ۔ چیز ۔ شئے ۔ کام ۔ کاروبار ۔
بابت ۔ واسطے ۔ لئے ۔ وجہ ۔

وِشئی ۔ عیاش ۔

وِشیا تما ۔ دل ۔ خاطر ۔

وَشی بھوت ۔ ہموار کیا گیا ۔ مفتون کیا ہوا ۔ دوسروں کے اختیار میں ۔

وَشیتا ۔ قابو ۔ قبضہ ۔

وِشیش ۔ (بشیش) خاص ۔ رنج ۔ زیادہ ۔ بہت ۔ اعلیٰ ۔ طریقہ ۔ تفرقہ ۔ ذات ۔

وِشیشتا ۔ جدائی ۔ مفارقت ۔ زیادتی ۔ کثرت ۔

وِشیشن ۔ صفت ۔ خصلت ۔ تعریف ۔ وہرم ۔

وِشیشی ۔ نفس پرست ۔ دنیا دار ۔

وِشیشیہ ۔ نام ۔ علامت ۔ موصوف ۔ خاص ۔ اہم ۔ برتری ۔

وَشی کرن ۔ منتر یا دواؤں وغیرہ کی ذریعہ کسی کو اپنے قابو میں لانا ۔

وِشئے گیان ۔ دیکھو (بشئے گیان)

وِشین ۔ } عیاش ۔
وِشئی ۔

وَشیہ ۔ ہلایا ہوا ۔ مسکین کیا ہوا ۔ قابو میں ۔ اختیار میں ۔

وَک ۔ (بَک) بگلا ۔ بوتیمار ۔ ایک راچھس کا نام جسے سری کرشن جی نے طفلی میں مارا تھا ۔ ایک راچھس جو بھیم سین سے مارا گیا ۔

وِکار ۔ (بکار) کسی چیز کا رنگ شکل وغیرہ بدل جانا ۔
تبدیل خصلت ۔ بگڑ جانا ۔ بگاڑ ۔ خرابی ۔ برائی ۔ تبدیلی ۔ تغیر ۔ بیماری ۔

وِکاش ۔ پھیلاؤ ۔ کشادگی ۔ ترقی ۔ روشنی ۔ ظہور ۔ کھلنا ۔ پھولنا ۔ شگفتہ ہونا ۔ آہستہ ۔

وِکال ۔ شفق ۔

وِکالِکا ۔ گھڑیاں کا کٹورا ۔ جل گھڑی ۔

وُکت ۔ جو نظر آئے ۔ ظاہر ۔ صاف ۔ بڑا ۔ انسان ۔ بشر ۔

وَکتا ۔ بولنے والا ۔ کہنے والا ۔ گویا ۔ اسپیچر ۔

وَکتر ۔ منہ ۔ رُو ۔ چہرہ ۔ دہن ۔

وَکترتا ۔ کہنا ۔ وعظ کرنا ۔ اسپیچ ۔

وَکتویہ ۔ بولنے کے قابل ۔ کہنے کے لائق ۔

وُکتی ۔ ظاہر ہونا ۔ نظر آنا ۔ جسم ۔ کالبد ۔

وِکٹ ۔ (بکٹ) بڑا ۔ کشادہ ۔ خوفناک ۔ مخوف ۔ ٹیڑھا ۔ سخت ۔ مشکل ۔

وَکر ۔ ٹیڑھا ۔ بانکا ۔ ترچھا ۔ جھکا ہوا ۔ خمدار ۔ ناراست ۔ کج مج ۔ شنیچر (زحل) منگل (مریخ) گرداب ۔

وِکر ۔ پرندہ ۔ طائر ۔ چھٹکنا ۔

وِکرال ۔ بہت ڈراونا ۔ بہت خوفناک ۔ بدشکل ۔ ڈیل ڈول والا

وِکرانت ۔ ایک سفید جواہر ۔ بہادر ۔ دلیر ۔ ہمت ۔

وَکرانگ ۔ کبڑا ۔ ہنس ۔ چکوا ۔ سارس ۔

وِکرت ۔ بگڑا ہوا ۔ بدلا ہوا ۔ الٹا ۔ خلاف ۔ خراب ۔ جو بھدا اور بدشکل ہو گیا ہو ۔ ادھورا ۔ بیمار ۔ ساٹھ سالوں میں سے ایک ۔

وِکرت ۔ پیدائش ۔ وسعت ۔

وَکرتا ۔ ٹیڑھا پن ۔ فریب ۔ دغا ۔

وکرتی - بدلنا تبدیل شکل - خرابی - بگاڑ - بیماری۔

وکرشٹ - (دوا ونفی کا) بے رحم۔

وکرشن - کھینچنا۔

وکرگامی - کج رو - دھوکے باز - بے ایمان۔

وکرگت - ٹیڑھی چال - کج رفتاری۔

وکرم - ٹیڑھا - مکر - فریب - افعال ناقصہ۔

وکرم - شجاعت - جوانمردی - طاقت - زور - قوت۔
رفتار - ڈھنگ - ساٹھ سالوں میں سے ایک - اجین کا
راجہ وکرمادتیہ - وشنو۔

وکرمادتیہ - } (دیکھو) اجین کے ایک مشہور راجہ کا نام۔
وکرمارک - }

وکرمی - دلیر شجیع - قوی - طاقت ور - شرزہ۔

وکروکتی - ٹیڑھی بات - ہجو آمیز کلام طعنہ - ایک صنعت شعری

وکرہ - ٹیڑھا۔

وکری - ٹیڑھا بے ایمان۔

وکرئے - بیچنا - نیلام کرنا - بکری - فروخت - بیع۔

وکریا - بدل جانا - پھر جانا - پلٹ جانا۔

وکریت - بیچا گیا - فروخت کیا گیا۔

وکریتا - } بیچنے والا - فروخت کرنیوالا - بائع۔
وکرئی - }

وکریہ - فروختنی۔

وکست - (دیکھو وکسِت) کھلا ہوا شگفتہ۔

وکسن - کھلنا شگفتہ ہونا۔

وکش - چھاتی - سینہ۔

وکشپت - پھینک دیا گیا - پریشان - مضطرب بیقرار بیوقوف

وکشستھل - چھاتی - سینہ۔

وکشن - کھلنا - ظاہر ہونا - نمودار ہونا۔

وکشوبھ - دل کی پراگندگی۔

وکشوبھن - دل پریشان ہونا۔

وکشوج - چوچی - تھن - پستان۔

وکشورُہ - تھن - پستان۔

وکشہ - چھاتی - سینہ

وکشیپ - } پھینکنا - ڈالنا - دور کرنا - چھوڑنا - پراگندگی۔
وکشیپن - } اضطرابی - گھبراہٹ - بیقراری - پریشانی۔

وکل - (دیکھو) مولسری کا درخت۔

وکل - (دیکھو) ادھورا - ناتمام - بے کل - بیاکل - پریشان۔

وکلانت - پریشان - بیچین - تھکاوٹ۔

وکلپ - (دیکھو) طرح طرح کے خیالات - وہم - دھوکا۔
شبہہ - شک - گمان - تزلزل - پس و پیش۔

وکلمش - بے گناہ - بے عیب - بے نقص۔

وکلن - پرانا - کہنہ۔

وکلو - بیچین - پریشان - تھکاوٹ۔

وکلید - نمی - تری - رطوبت۔

وکمپت - کانپنا - ڈگمگانا۔

وکھ - (دیکھو وِش) زہر - سم۔

وک ورتی - دغاباز - مکار۔

وکھیات - بہت مشہور - نامور - نامی - واضح ہو کہ نیکی میں ہو خواہ بدی میں۔

وکھیاتی - شہرت - ناموری - نیکنامی۔

وکیرن - پھینکنا - پھیلانا - غسل۔

وگت - گیا ہوا - گزرا ہوا - گزشتہ - بلا - بغیر۔

وِگت شرم ۔ جسکی تھکاوٹ دور ہوگئی ہو ۔ بے محنت ۔

وِگتی ۔ خرابی ۔ بدنصیبی ۔

وِگڑ ۔ گھبرانا ۔ پریشان ہونا ۔

وگرہ ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ بگاڑ ۔ شکل ۔ شباہت ۔ بُت ۔ جسم ۔ بدن ۔ پھیلاؤ ۔ حصہ ۔ تنہا ۔ مفرد ۔

وِگرہن ۔ ڈانٹنا ۔ ڈوپٹنا ۔ پھٹکار ۔

وِگلت ۔ جو گر گیا ہو ۔

وِگم ۔ چلے جانا ۔ انجام ۔

وِگن ۔ (واو نفی کا) بے خصلت ۔ خداوند تعالیٰ ۔

وِگن ۔ (وبمعنی بد) خراب خصلت ۔ خوے بد ۔

وگوڑھ ۔ پوشیدہ ۔ چھپا ہوا ۔

وگھات ۔ روک ۔ آڑ ۔ رکاوٹ ۔ اٹکاؤ ۔ برباد ۔ تباہ ۔ سدِّ راہ

وِگھاتک ۔ برباد کرنیوالا ۔ تباہ کرنیوالا ۔

وِگھٹت ۔ لایا گیا ۔ توڑا گیا ۔ تصنیف کیا ہوا ۔

وِگھٹن ۔ توڑنا ۔ پھوڑنا ۔ بگاڑنا ۔ دور کرنا ۔

وِگھٹن ۔ کھولنا ۔ رگڑنا ۔

وِگھٹکا ۔ گھڑی کا (۲۴) واں حصہ ۔

وِگھرشن ۔ اچھی طرح رگڑنا یا گھسنا ۔

وِگھن ۔ (بگھن) اڑچن ۔ روک ۔ اٹکاؤ ۔ بگاڑ ۔ رکاوٹ ۔ خلل ۔ تکلیف ۔ آفت ۔

وِگھنت ۔ روکا گیا ۔ منع کیا گیا ۔

وِگیا ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ عالم ۔

وِگیاپن ۔ / وِگیاپنا ۔ ظاہر کرنا ۔ جتانا ۔ بتلانا ۔ یاد دہی کرنا ۔ اطلاع ۔ تعلیم ۔ نصیحت ۔ التجا ۔ نوٹس ۔ اشتہار ۔

وِگیات ۔ مشہور ۔

وِگیان ۔ بہت گیان ۔ بڑی عقل ۔ اشراق ۔ مصوری ۔ علوم دینوی ۔

وِگیان مئے کوش ۔ گیان اندریہ اور عقل کا مجموعہ ۔ حجاب وہمی ۔

وِگیپتی ۔ عرض ۔ التجا ۔ معلوم کرانا ۔ اشتہار دینا ۔

وِگیہ ۔ جو جانتا ہو ۔ عالم ۔ عاقل ۔ فاضل ۔ چالاک ۔

وِگیتا ۔ عالمی ۔ چالاکی ۔ عقلمندی ۔ لیاقت ۔

وَل ۔ فوج ۔ لشکر ۔ طاقت ۔ قوت ۔

وِل ۔ (بل) غار ۔ گپھا ۔ کھوہ ۔ سوراخ ۔ گڑھا ۔

وَلا ۔ فوج ۔ لشکر ۔ زمین ۔ لکشمی ۔ (دولت کی دیوی)

وِلاپ ۔ (بلاپ) رونا ۔ بلکنا ۔ چلانا ۔ ماتم کرنا ۔ گریہ کرنا ۔ رنج ۔ دکھ ۔ غم ۔

وِلاپنا ۔ (بلاپنا) رونا ۔ نوحہ کرنا ۔

وِلاس ۔ (بلاس) کھیل ۔ تماشا ۔ سیر ۔ خوشی ۔ ہنسی ۔ شوخی ۔ حظ ۔ عیش ۔ مباشرت ۔

وِلاسی ۔ (بلاسی) مسرور ۔ شہوت پرست ۔ عیاش ۔

وِلاسن ۔ عیاش ۔ سانپ ۔ آگ ۔ چاند ۔ مہادیو جی ۔ کرشن جی

وِلاسنی ۔ زن فاحشہ ۔ مجازاً عورت ۔

وَلاکا ۔ بگلا ۔ بوتیمار ۔

وَلاہک ۔ ابر ۔ بادل ۔ سحاب ۔

وَلبھ ۔ پیارا ۔ عاشق ۔ شوہر ۔ مالک ۔ عزیز ۔ افسر ۔

وَلبھا ۔ پیاری عورت ۔ معشوقہ ۔

وَلبھی ۔ گھر کا برامدہ ۔

وِلپت ۔ جو نظر نہ آئے ۔ غیر ظاہر ۔ پوشیدہ ۔ نقصان ۔

وِلپنا ۔ رونا ۔ گریہ کرنا ۔

وِکج ۔ (واؤ نفی کا) بے حیا ۔ بے شرم ۔ بے تمیز ۔

وَلّری ۔ بیل ۔ میتھی ۔ بیج ۔ گلدستہ ۔

وِلسن ۔ چمکنا ۔ خوشی کھیل کود ۔ بوس وکنار ۔

وَلک ۔ درختوں کی چھال یعنی پوست ۔ چھلکا ۔

وَلِکا ۔ } بیل ۔ درخت پیچاں ۔
وَلّی ۔ }

وَلِکال ۔ شام ۔ مغرب ۔

وِلکش ۔ گھبرایا ہوا ۔ صاف ۔ پاک ۔ نرالا ۔ انوکھا ۔
عجیب ۔ اعلیٰ ۔ بھلا ۔ عمدہ ۔ جدا ۔ الگ ، فرق ۔

وَلکل ۔ چھال ۔ چھلکا ۔ پوست درخت ۔

وَلّکی ۔ بین باجا ۔

وِلگ ۔ علیٰحدہ ۔ جدا ۔

وِلگاوَنا ۔ الگ کرنا ۔ نکال دینا ۔

وَلگو ۔ صندل ۔ جنگل ۔ خوبصورت ۔ بکرا ۔

وِلمب ۔ (بِلمب) آہستگی ۔ دلیری ۔ درنگ ۔ سستی ۔
عرصہ ۔ ٹال ٹول ۔

وِلمبن ۔ دیر کرنا ۔

وِلمبھ ۔ دان ۔ خیرات ۔ نذر ۔ چڑھاوا ۔ بھینٹ ۔

وِلمبی ۔ لٹکتا ہوا ۔ جھولتا ہوا ۔

وَلمیک ۔ دیمک ۔ دیمکوں کی بانبی ۔

وِلنگھن ۔ کودنا ۔ فاقہ کشی کرنا ۔

وِلوبھن ۔ فریفتگی ۔ لالچ ۔ ترغیب ۔

وِلوپ ۔ نظر نہ آنا ۔ بربادی ۔

وِلوچن ۔ آنکھ ۔ چشم ۔

وِلوکِت ۔ دیکھا ہوا ۔ تاکا ہوا ۔

وِلوکن ۔ (بِلوکن) دیکھنا ۔ مطالعہ کرنا ۔ نظر ۔ دید ۔ تاک ۔

وِلوکنا ۔ دیکھنا ۔ نظر کرنا ۔ تاکنا ۔

وِلوکنیہ ۔ پسند خاطر ۔ خوب رو ۔ خوبصورت ۔

وِلول ۔ چنچل ۔ خوبصورت ۔

وِلولن ۔ بلبلہ پانی کا ۔ حباب ۔

وِلوم ۔ الٹا ۔ مخالف ۔ برخلاف ۔ نیچے سے اوپر کی جانب ۔

وِلوہ ۔ (بِلوہ) بیل کا درخت ۔

وَلی ۔ (بَلی) لکیر ۔ جھری ۔ بل ۔ دیوتاؤں کو چڑھانے کی
چیز ۔ قربانی ۔

وَلّی ۔ درخت کی بیل ۔ زمین ۔ اجمود یعنی تخم کرفس ۔

وِلے شیہ ۔ بلوں میں رہنے والے حشرات جیسے سانپ وغیرہ ۔

وِلیک ۔ دروغ ۔ غیر مطبوع ۔ قصور ۔ رنج ۔ تکلیف ۔

وِلین ۔ شامل ہونا ۔ مل جانا ۔ چھپنا ۔ نقصان ہونا ۔ برباد
ہونا ۔ کھا جانا ۔ تباہ ہونا ۔

وَلیہ ۔ حلقہ ۔ کنگن ۔ چوڑی ۔ کڑا ۔ کمر پٹہ ۔

وِلیہ ۔ بربادی ۔ فنا ۔ موت ۔ بربادی عالم ۔ قیامت

وِماتا ۔ } سوتیلی ماں ۔
وِماتر ۔ }

وِمارگ ۔ (بِمارگ) برا یا غلط راستہ ۔ برا چال چلن ۔

وِمان ۔ (بِمان) ہوائی رتھ ۔ ہوائی جہاز ۔ مردوں کے
اٹھانے کا پلنگ ۔ بے عزتی ۔

وِمب ۔ (بِمب) مورت ۔ شکل ۔ تصویر ۔ سایہ ۔ عکس ۔ کرہ شمس

وَمِت ۔ رد کیا گیا ۔ قے کیا گیا ۔ اگلا گیا ۔

وِمَرش۔ } بچار۔غور۔تحقیق۔دریافت۔امتحان۔صلاح۔ناخوشی۔
وِمَرشَن۔

وَنش۔خاندان۔وودمان۔اولاد۔بانس۔پیٹھ اورناک کی ہڈی۔بانسری۔

وَنشاوَلی۔نسب نامہ۔شجرۂ خاندان۔

وَنش بھوجیہ۔آباواجداد کی جائداد۔جائداد موروثی۔

وِنشت۔بیس۔بست۔۲۰۔عدد۔

وَنشج۔اولاد۔بیٹا۔پسر۔

وَنشجا۔لڑکی۔دختر۔

وَنشکا۔اگر جو ایک خوشبودار چیز ہے۔تباشیر۔مُرلی۔بانسری۔

وَنش لوچن۔(بنس لوچن) تباشیر جو بانس کی گرہ سے نکلتی ہے۔

وَنشی۔ہم جدی۔ایک خاندان کا۔بانسری۔مُرلی۔

وَنشی دھر۔سری کرشن جی کا لقب۔

وَنشی وَٹ۔ایک بڑ کے درخت کا نام جسکے نیچے بیٹھکر سری کرشن جی بانسری بجایا کرتے تھے۔

وَنشیہ۔ایک خاندان کا۔بیٹا۔پسر۔

وِمُکت۔(بمُکت) چھوٹا ہوا۔رہا۔بری۔نجات اخروی۔

وِمُکھ۔(بمُکھ) منہ پھیرا ہوا۔برگشتہ رو۔برخلاف۔مخالف۔

وِمُگدھ۔جاہل۔احمق۔نادان۔

وِمَل۔(بمَل) پاک۔صاف۔بےداغ۔بےعیب۔

وِملا۔(بملا) پاک عورت۔ستھری عورت۔

وِملان۔تازہ جوزوال پذیر نہ ہو۔

وَمَن۔قے۔استفراغ۔

وَمنی۔جونک۔زلو۔

وِموچت۔(بموچت) بری کیا گیا۔رہا کیا گیا۔

وِموچن۔(بموچن) چھوڑنا۔نجات دینا۔رہا کرنا۔دور کرنیوالا۔چھڑانیوالا۔

وِموڈھ۔بڑا احمق۔بڑا بےوقوف۔

وِموکش۔(بموکش) نجات۔رہائی۔

وِمول۔جڑسے اکھاڑنا۔

وِموہت۔(بموہت) فریفتہ کیا ہوا۔بہکایا ہوا۔

وِموہن۔بہکانا۔لالچ دلانا۔شہوت میں تیزی کرنا۔

وَن۔بن۔جنگل۔صحرا۔پانی۔آب۔جگہ۔مقام۔

وِن۔پایا ہوا۔یافتہ۔جانا ہوا۔سوچا ہوا۔

وِنا۔(بنا) سوائے۔بجز۔بغیر۔اِلّا۔

وِناتھ۔(وواونفی کا) بےولی۔بےوارث۔غیرمدعی۔

وِناش۔(بناش) بہت تباہی۔بڑی بربادی۔

وِناشت۔برباد کیا ہوا۔تباہ کیا گیا۔

وِنایک۔(بنایک) گنیش جی۔بُدھ (عطارد) گرڑ۔

وِنپات۔نیچے گرنا۔مصیبت۔

وَنت۔مالک۔صاحب۔خداوند۔

وَنت۔(بنت) مانگا ہوا۔

وِنت۔جھکا ہوا۔ٹیڑھا۔سکڑا ہوا۔عاجز۔حلیم۔سلام

وَنِتا۔(بنتا) عورت۔زن۔جورو۔زوجہ۔پیاری۔

وِنتی۔(بنتی) جھکاؤ۔خمیدگی۔عاجزی۔خوشامد۔لجاجت۔التماس۔عرض۔تعریف۔

وَنٹک۔لوہے یا پتھر کے بانٹ۔بانٹنے والا۔تقسیم کرنیوالا۔

وَنج۔(بنج) ہروہ چیز جو پانی یا جنگل میں پیدا ہو۔کنول۔نیلوفر۔

وَن چاری ۔ (بَن چاری) جنگلی ۔ محافظ صحرا ۔
وَنچِت ۔ بے عزت کیا گیا ۔ ٹھگا ہوا ۔ دھوکا دیا گیا ۔ محروم ۔
وَنچر ۔ } (بنچر) جنگلی آدمی ۔ بن مانس ۔ بندر ۔
وَنیچر ۔ }
وَنچک ۔ بے عزت کرنے والا ۔ دھوکہ باز ۔ مکار ۔ ٹھگ ۔
گیدڑ ۔ شغال ۔ خرگوش ۔ نیولا ۔
وَنچن ۔ دھوکا دینا یا کھانا ۔ ٹھگی ۔
وَنچنا ۔ دھوکا ۔ مکر ۔ فریب ۔ بے عزتی ۔ گیدڑ ۔ شغال ۔
وَند ۔ بادل ۔ ابر ۔
وَندِت ۔ سلام کیا ہوا ۔ پرستیدہ ۔
وَندن ۔ پرستش ۔ سلام ۔ بندگی ۔ قدمبوسی ۔ آداب ۔
وَندنا ۔ عموماً تعریف کرنا خصوصاً دیوتاؤں اور بزرگوں کی
ثناخوانی کرنا ۔ سلام ۔ بندگی ۔
وَندن چرت ۔ قابل تعریف ۔
وَندنی ۔ تعظیم ۔ پرستش ۔
وَندنیہ ۔ } سلام کے قابل ۔ پرستش کے لائق ۔ تعریف کے قابل
وَندیہ ۔ }
وِندو ۔ (بِندو) بوند ۔ قطرہ ۔ نقطہ ۔ داغ ۔ صفر ۔
شناسا ۔ مخبر ۔ جاننے کے قابل ۔
وِندھیہ ۔ } ایک پہاڑ کا نام ۔
وِندھیاچل ۔ }
وَندی ۔ (بَندی) قیدی ۔ قصیدہ گو ۔ بھاٹ ۔ ایلچی ۔
وَندی } سلام کیا گیا ۔
وَندِت }
وَندی جن ۔ (بَندی جن) بھاٹ ۔

وَندی گرہ ۔ (بَندی گرہ) بندی خانہ ۔ محبس ۔
وَندیہ ۔ تعریف کے قابل ۔ ستائش کے لائق ۔
وَن راج ۔ (بَن راج) مجازاً شیر ۔ ببر ۔
وَن رُہ ۔ (بَن رُہ) کنول ۔ نیلوفر ۔
وَنش ۔ (وَمش) نسل ۔ خاندان ۔ حسب و نسب ۔
وَنسپت ۔ (بَنسپت) وہ درخت جس میں ثمر پیدا ہوں مگر
بظاہر کوئی پھول نہ ہوں ۔
وَنسپتی ۔ (بَنسپتی) نباتات ۔
وَنش چرتر ۔ (بَنش چرتر) ہسٹری ۔ تاریخ ۔
وَنسی ۔ (بَنسی) بانسری ۔
وَنسی وَدھر ۔ (بَنسی وَدھر) بانسری نواز مراد ہے سری کرشن جی سے
وَنش ۔ (بَنش) دیکھو (وَمش)
وَنشاوَلی ۔ دیکھو (وَمشاوَلی)
وِنشٹ ۔ (بِنشٹ) گم گشتگی ۔ بربادی ۔ عدم موجودگی ۔
وِنشور ۔ برباد ہونے والا ۔ تباہ ہونے والا ۔ فانی ۔
وَنک ۔ جھکا ہوا ۔ ٹیڑھا ۔ کج ۔ بانکا ۔
وَنِک ۔ وہ جو ہمیشہ تجارت کرتا ہو ۔ بنیا ۔
وَنکر ۔ وہ مقام جہاں سے ندی مڑی ہو ۔
وَنگل ۔ کانٹا ۔ ترشول ۔
وَنگ ۔ رانگا ۔ ارزیر ۔ ملک بنگال ۔
وَن مالا ۔ (بَن مالا) تلسی ۔ کند ۔ مندار ۔ پاریجات
اور کنول ان تمام پھولوں سے بنی ہوئی مالا ۔
وِنمے ۔ ادل بدل ۔ تبادلہ ۔ مبادلہ ۔
وَنواس ۔ } (بَن واس) صحرانشیں ۔ مجازاً زاہد ۔
وَنواسی ۔ }

ونود ۔ (ونود) جی بہلانا۔ تماشا۔ کھیل۔ خوشی۔ دل لگی۔ ہنسی۔

ونوکتی ۔ ذکر خیر۔

ونے ۔ (ونے) عاجزی۔ انکساری۔ ملائمت۔ التماس۔

ونیاس ۔ رکھنا۔ قائم کرنا۔ سجانا۔ جڑنا۔ کوئی کام کرنا۔ بنانا۔ تصنیف کرنا۔

ونیاس ۔ مجمع۔ جگہ۔ مقام۔ منبع۔ ملجا۔ ماوا۔

ونیت ۔ (ونیت) عاجزی۔ ملائمت۔ سکھایا ہوا۔ تعلیم یافتہ۔ نیک خو۔

ونیتا ۔ راجہ۔ بادشاہ۔

ونیت آتما ۔ (ونیت آتما) سلیقہ ور۔ خاکسار۔

ونیتی ۔ نیک خوئی۔ نیک چال چلن۔

ونچر ۔ (ونچر) جنگلی آدمی یا حیوان۔

ونیشت ۔ ترتیب وار رکھا ہوا۔

ونی مئے ۔ ادل بدل۔ زیروزبر۔ لینا۔ باندھنا۔ معاوضہ۔ رہن۔ غیر معمولی۔

ونی ورتن ۔ واپس ہونا۔ لوٹنا۔

ونیہ ۔ جنگل کا رہنے والا۔ جنگلی۔

ونی یکت ۔ کسی کام پر مقرر کیا ہوا۔

ونی یوگ ۔ کسی امید کی خواہش سے کسی چیز کا استعمال دینا۔ بانٹنا۔ بھیجنا۔

ونئی ۔ (ونئی) خلیق۔ خوش طبع۔

وواد ۔ (وواد) جھگڑا۔ تکرار۔ بحث۔

ووادی ۔ (ووادی) مدعی۔

وواس ۔ جلاوطنی۔

وواہ ۔ (وواہ) بیاہ۔ شادی۔ نکاح۔

وواہت ۔ (وواہت) شادی شدہ۔ (مرد)

وواہتا ۔ (وواہتا) بیاہی ہوئی (عورت)

وواہی ۔ شادی شدہ (عورت)

وودھ ۔ طرح طرح۔ گوناگون۔ اقسام۔ مختلف۔

وودھان ۔ } پردہ۔
وودھا ۔

وودھی ۔ اوٹ۔ آڑ۔ پردہ۔ عرصہ۔ مہلت۔

ور ۔ چھید۔ سوراخ۔ گپھا۔ پل۔ درار۔ گڑھا۔ عیب۔

ورت ۔ کوئی چیز اصل شکل میں نظر نہ آنا جیسے رسّی سانپ کی شکل میں۔

ورت ۔ پھیلا ہوا۔ کھلا ہوا۔

ورتن ۔ ناچ۔ رقص۔ پھرنا۔ گھومنا۔

ورتی ۔ کشادہ۔ شرح۔

ورجن ۔ ترک کرنا۔ دور کرنا۔

وردھن ۔ بڑھانا۔ ترقی کرنا۔

ورن ۔ (ورن) بیان۔ تفصیل۔ تشریح۔ تصریح۔ تفسیر۔ بحث۔ رپورٹ۔ ہجے۔

ورن ۔ (داؤں کا) بے رنگ۔ بے شکل۔ نیچ۔ کمینہ۔ غیر متحرک۔

ووس ۔ دیکھو (ووش)

ووسائے ۔ کوشش۔ زراعت۔

ووستر ۔ ننگا۔ برہنہ۔

ووشتھا ۔ کسی کام کا وہ طریقہ جو شاستر کی تائید سے مقرر کیا گیا ہو۔ انتظام۔

وِشُوَت۔ سورج۔ آفتاب۔ سُرخ (رنگ)
وِوَش۔ (واؤ نفی کا) ناچار۔ بے بس۔ مجبور۔ غیر اختیار۔ بے قابو۔
وِوِکت۔ چھوڑا ہوا۔ تنہا۔ پاک۔
وِوِکشا۔ خواہش۔ آرزو۔ تمنّا۔
وُیَوہار۔ کام۔ کاروبار۔ برتاؤ۔ بیوپار۔ لین دین۔
وِوِیچِت۔ } بچار اگیا۔ بچارنے کے قابل۔
وِوِیچیہ۔ }
وِوِیچک۔ راستی اور ناراستی کی تمیز کرنے والا۔ انصاف کرنے والا۔
وِوِیچن۔ }
وِوِیچنا۔ } عقل و دانش۔ امتیاز۔ تمیز۔ بچار۔ تیقن کرنا۔ تفصیل سے بیان کرنا۔ راستی اور ناراستی میں تمیز کرنا۔
وِوِیکتا۔ }
وِوِیک۔ (بِوِیک) دیکھو (وِوِیچن)
وِوِیکی۔ (بِوِیکی) بچار کرنیوالا۔ دانا۔ عاقل۔ منصف۔ فیلسوف۔
وَہا۔ ندی۔ رود بار۔
وِہار۔ (بِہار) دل بہلانے کے لئے آہستہ آہستہ چلنا۔ ٹہلنا۔ گھومنا۔ پھرنا۔ دل لگی۔ تفریح۔ ہنسی۔ مباشرت۔
وِہاری۔ (بہاری) وہار کرنے والا۔ خوشی کرنے والا۔ لقب سری کرشن جی کا۔
وِہت۔ جو معین کیا گیا ہو۔ ٹھیرایا گیا۔ کرنے کے قابل۔ موافق۔ ٹھیک۔ درست۔ مناسب۔
وَہتر۔ جہاز۔ کشتی۔
وِہتی۔ اجازت۔
وِہر۔ باہر۔ بیرون۔ جُدائی۔ مفارقت۔ بغیر۔

وِہرمکھ۔ باغی۔
وِہرن۔ چلنا۔ پھرنا۔ گھومنا۔ کھیلنا۔ سیر کرنا۔ جدائی۔ فراق۔
وِہگ۔ پرندہ۔ طائر۔ ابر۔ تیر۔ سورج۔ چاند۔ گرہ۔
وِہنگ۔ }
وِہنگم۔ } پرندہ۔ طائر۔ بادل۔ تیر۔ سورج۔ چاند۔ گرہ۔
وَہنی۔ آگ۔ آتش۔ کرشن جی کے ایک فرزند کا نام جو مترو بندا کے بطن سے تھے۔
وِہوَل۔ گھبرایا ہوا۔ پریشان۔ بیاکل۔ چنچل۔
وِہیہ۔ طرف۔ جانب۔ راستہ۔
وِہین۔ بغیر۔ بنا۔ سوا۔ الگ۔ ترک کیا ہوا۔ چھوڑا ہوا۔
وَہنیہ۔ بہنگی (ایک قسم کی ڈولی) کافور۔ ڈولا۔ ڈولی۔
وِیاپ۔ بیپار۔ بیوپار۔ پیشہ۔ کسب۔ تجارت۔
وِیاپاؤ۔ مار ڈالنا۔ قتل کرنا۔
وِیاپادِت۔ مارا ہوا۔ مقتول۔
وِیاپادن۔ موت۔ مرگ۔ قتل۔
وِیاپار۔ (بیاپار) بیپار۔ بیوپار۔ کاروبار۔ تجارت۔ روزگار۔ دھندا۔
وِیاپاری۔ بیوپاری۔ پیشہ وری۔
وِیاپت۔ (بیاپت) پھیلا ہوا۔ بھرا ہوا۔ ہر جا موجود۔
وِیاپتی۔ پھیلاؤ۔ کشادگی۔
وِیاپک۔ } (بیاپک) پھیلنے والا۔ بھرپور۔ وسیع۔ سالم۔ محیط۔ تمام و کمال۔ محیط کل۔ مالک کل۔
وِیاپی۔ }
وِیاپکتا۔ مالکی۔ پھیلاؤ۔
وِیاپن۔ پھیلاؤ۔ کشادگی۔
وِیاپنّا۔ مصیبت زدہ۔ مرا ہوا۔ مُردہ۔

وِیاپی ۔ بھرا ہوا ۔ بھرپور ۔ تمام ۔ سالم ۔

وِیاپیہ ۔ پھیلا ہوا ۔ پھیلنے کے قابل ۔

وِیاج ۔ (ببیاج) بیاز ۔ سود ۔ کپٹ ۔ مکر ۔ دھوکا ۔ دغابازی ۔ بدکاری ۔ بھیس بدلنا ۔

وِیادھ ۔ } (ببیادھ) شکاری ۔ صیاد ۔ اہیر ۔ بہیلیا ۔ کمینہ یا
وِیادھا ۔ } بدخو آدمی ۔

وِیادھی ۔ روگ ۔ بیماری ۔ مرض ۔ آفت ۔ مصیبت ۔ رنج ۔ دکھ ۔

وِیاس ۔ (ببیاس) پھیلاؤ ۔ مضمون ۔ قطر ۔ مہابھارت کے مصنف مُنی کا نام ۔

وِیاکرن ۔ (ببیاکرن) قواعد صرف و نحو ۔ گرامر ۔

وَیاکرن ۔ ویاکرن (صرف و نحو) پڑھا ہوا عالم ۔

وِیاکل ۔ } (ببیاکل) دکھی ۔ پریشان ۔ حیران ۔ گھبرایا ہوا ۔
وِیاکلت ۔ }

وِیاکلتا ۔ (ببیاکلتا) پریشانی ۔ حیرانی ۔ گھبراہٹ ۔

وِیاکھیا ۔ تعریف ۔ شرح ۔

وِیاکھیان ۔ (ببیاگیان) کہنا ۔ شرح ۔ تفسیر ۔ تعریف ۔

وِیاکھیات ۔ کہا ہوا ۔ شرح کیا ہوا ۔ مشرح ۔

وِیاگھات ۔ تکلیف ۔ روک ٹوک ۔

وِیاگھاتی ۔ روکنے والا ۔ آڑے آنیوالا ۔

وِیاگھر ۔ (ببیاگھر) باگھ ۔ شیر ۔ اسد ۔

وِیاگھراجن ۔ شیر کا چمڑا ۔ پوست اسد ۔

وِیال ۔ سانپ ۔ مست ہاتھی ۔ درندہ جانور ۔ ظالم ۔

وِیام ۔ دونوں ہاتھ کے پھیلانے سے جو فاصلہ ایک ہاتھ کی انگلیوں کے کنارے سے دوسرے ہاتھ کی انگلیوں کے کناروں تک ہوتا ہے ۔

وَیاموہ ۔ خواہش ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ پریشانی ۔ بھول ۔ فراموشی ۔

وِیان ۔ پران یعنی جسم کے پانچ روحوں میں سے ایک جو تمام جسم میں ساری اور جسم کو سہارے ہوئے ہے ۔ نفس مرطوب ۔

وِیاوہاری ۔ روزمرہ ۔ قانونی ۔ ناصح ۔ وزیر ۔

وَیاہار ۔ کلام ۔ گفتگو ۔

وِیاہتی ۔ مار ۔ چوٹ ۔

وِیایام ۔ ورزش ۔ کثرت ۔ تکان ۔ محنت ۔ کشتی ۔

وُیبھچار ۔ بدچلنی ۔ رنڈی بازی ۔ زناکاری ۔

وُیبھچارنی ۔ بدکار عورت ۔ فاحشہ ۔

وُیبھچاری ۔ زناکار ۔ رنڈی باز ۔ گمراہ ۔

وُیبھو ۔ شان و شوکت ۔ عظمت ۔ بزرگی ۔ دولت ۔ تموّل ۔ مال و منال ۔

وُیبھوشالی ۔ متمول ۔ دولتمند ۔

وِیشپسا ۔ پھیلنا ۔ عزت ۔ شہرت کی خواہش ۔

وُیشپتر ۔ وہ بھائی بہن جن کی ماں ایک ہی ہو ۔ مگر باپ جُدا جُدا ہوں ۔

وُیپدھو ۔ } کانپنا ۔
وُیپن ۔ }

وِیت ۔ بیتا ہوا ۔ گزرا ہوا ۔ گزشتہ ۔

وِیت ۔ آسمان ۔ کرۂ باد ۔

وِیُت ۔ } الگ ۔ جُدا ۔ نابود ۔
وُیکت ۔ }

وُیتا ۔ جاننے والا ۔ دانا ۔ عاقل ۔ قادر ۔ وہ جو روح اور خدا کو

وُیتیاس ۔ خلاف ۔ مخالفت ۔

وُیتال ۔ (بیتال) نگہبان ۔ سنتری ۔ ایک قسم کے بھوت ۔ پریت ۔ پشاچ ۔

وِیت پہتی ۔ لیاقت ۔

وِیت پَن ۔ لائق ۔

وُیتر ۔ بید جو ایک قسم کا درخت ہے ۔

وِیت رَاگ ۔ جس نے دنیا کے راگ (خواہش) چھوڑ دیا ہو ۔

وُیترِکت ۔ جداگانہ ۔ مختلف ۔ مخالف ۔

وُیترنی ۔ دوزخ کی ایک ندی کا نام جس کا پانی بہت گرم اور بدبودار ہوتا ہے ۔

وُیترِیک ۔ فرق ۔ جدا ۔ علیحدہ کرنا ۔

وُیتمسک ۔ گوشت فروش ۔ قصاب ۔ بوچڑ ۔

وُیتن ۔ اجرت ۔ معاوضہ ۔ تنخواہ ۔ مزدوری ۔

وُیتھا ۔ تکلیف ۔ رنج ۔ دُکھ ۔ درد ۔

وُیتہار ۔ بدلہ ۔ معاوضہ ۔ گالی گلوج ۔ مار پیٹ ۔

وُیتھت ۔ تکلیف دیا گیا ۔ دُکھ دیا گیا ۔

وُیتھک ۔ تکلیف دہ ۔

وُیتھن ۔ / وُیتھا ۔ } تکلیف ۔ درد ۔ مصیبت ۔ رنج ۔ ڈر ۔

وِیتھی ۔ بازار ۔ راستہ ۔ سڑک ۔ گلی ۔ قطار ۔ سطر ۔

وِیتی ۔ رفتار ۔ چال ۔ روشنی ۔ چمک ۔

وُیتیت ۔ بیتا ہوا ۔ گزرا ہوا ۔ گزشتہ ۔ ماضی ۔

وُیتی رِکت ۔ خلاف ۔ جدا ۔ علاوہ ۔ سوائے ۔

وُیتی رِیک ۔ خلاف ۔ اُلٹا ۔ مغائرت ۔ جُدائی ۔ تجاوز ۔ ایک قسم کی صنعت شعری ۔

وُیتی کرم ۔ اُلٹا پلٹا ۔ برعکس ۔

وِیٹکا ۔ درخت تنبول ۔

وِیٹی ۔ پان کا بیڑا ۔

وِیج ۔ (بیج) تخم ۔ سبب اصلی ۔ باعث ۔ ابتدا ۔ اُنکُر ۔ آب منی ۔ منتر ۔

وُیجن ۔ پنکھا ۔ بادکش ۔ سردہ ۔

وِیجی ۔ بیج بونے والا ۔ مورث ۔

وِیچی ۔ لہر ۔ موج ۔ ترنگ ۔ فرق ۔ چمک ۔

وُیڈ ۔ (بیڈ) وہ آسمانی کتابیں جو تعداد میں چار ہیں یعنے رگ وید ۔ یجر وید ۔ سام وید ۔ ادھروَن وید ۔ واضح ہو کہ پُرانوں اور اِتی ہاسوں کو پانچواں وید کہتے ہیں ۔ الہام ۔ گیان ۔ چار کی عدد ۔ چوتھائی ۔

وُیڈ ۔ بیڈ ۔ طبیب ۔ حکیم ۔ ڈاکٹر ۔

وُید ابھیاس ۔ وید کی تعلیم پانا یا مشق کرنا ۔

وُیدانت ۔ (بیدانت) انت بمعنی آخر ۔ انتہا ۔ (وید کی انتہا) یعنی گیان کی انتہا ۔ بید کا آخری حصہ جس میں تصوف کا بیان ہے ۔ علم توحید ۔ جس کے مصنف (ویاس) ہیں ۔

وُیدانتی ۔ (بیدانتی) وہ جو بیدانت (تصوف) کو اچھی طرح جانتا ہو صوفی ۔

وُید انگ ۔ ویدوں کے حصے جو تعداد میں چھ ہیں یعنی سکشا ۔ کلپ ۔ بیاکرن ۔ نِرکت ۔ جیوتش ۔ چھند ۔

وُیدک ۔ (بیدک) معلوم کرانے والا ۔ مطلع کرانے والا ۔ آگاہ کرنیوالا ۔

وُیدک ۔ وید پڑھا ہوا ۔ وید میں کہا ہوا ۔ وید کے مطابق

وید کے طریق پر۔

وَیدِک۔ دیکھو (وَیدِیک)

وُیدِکا۔ جگیہ کرنے کا چبوترہ۔

وُیدَن۔ } درد۔ تکلیف۔ آفت۔ مصیبت۔ دکھ۔ رنج
وُیدنا۔ } حالت جاں کندنی۔ تکلیف دینا۔ ستانا۔ مارنا۔ جاننا۔ رنج وراحت کی تمیز۔

وُیدوکت۔ (بَیدوکت) وید کے احکام کے مطابق۔

وُیدوِیاس۔ بیاس جی کا لقب۔

وُیدھ۔ (بَیدھ) سوراخ۔ سوراخ کرنا۔

وُیدھن۔ دیکھو (وُیدن)

وَیدھرمیہ۔ ناستک۔ وید کے خلاف دھرم۔

وُیدھک۔ سوراخ کرنیوالا۔ برما۔ مثقب۔

وَیدھویہ۔ رنڈاپا۔ بیوگی۔

وُیدی۔ } ہوم کرنے کے لئے بنا ہوا چبوترہ۔ وید کا جاننے والا
وُیدکا۔ }

وَیدیک۔ (بَیدیک) علم حکمت۔ طبابت۔

وُیدیہ۔ جاننے کے قابل۔

وَیدیہ۔ حکیم۔ طبیب۔ ڈاکٹر۔

وَیدیہی۔ وِدیہہ نامی ملک کے راجہ جنک کی لڑکی یعنے سیتاجی کا لقب۔ جانکی۔

وَیدوریہ۔ ایک جواہر جسے لاجورد کہتے ہیں۔ لہسنیا۔

وِیر۔ (بِیر) جوانمرد۔ بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ صنعت شعری کے نو طریقوں میں سے ایک۔

وَیر۔ (بَیر) دشمنی۔ عداوت۔ مخالفت۔ خصومت۔

وِیرا۔ بہادر لڑکے کی ماں۔ بیپل۔

وَیراگ۔ (بَیراگ) خواہشات دنیوی و نفسانی کو زیر کرنا۔ یعنی ترک کرنا۔ ترک تمنا۔ بے محبتی۔

وَیراگی۔ (بَیراگی) وہ جو دنیا ترک کیا ہو۔ سادھو۔ زاہد۔ عابد۔ مرتاض۔

وَیراگیہ۔ (بَیراگیہ) خواہشات دنیوی کی عدم موجودگی۔ ترک دنیا۔

وَیرتھ۔ (بَیرتھ) بیکار۔ بے فائدہ۔ بے معنی۔ بے مطلب۔ فضول۔ نکما۔

وِیربھدر۔ مہادیوجی کی ایک فوج کا نام جس نے دکش کو مع جگ کے برباد کر دیا تھا۔

وِیرپرسو۔ بہادر کی ماں۔

وِیرتا۔ (بِیرتا) دلیری۔ جوانمردی۔ بہادری۔

وِیرج۔ دیکھو (وِیریہ)

وِیرودھ۔ خلاف۔ برعکس۔ نامناسب۔

وِیرشیہ۔ } میدان جنگ۔ نبردگاہ۔
وِیرشین۔ }

وَیرکت۔ ترک دنیا۔

وِیرکیرن۔ بکھرا ہوا۔ چھترایا ہوا۔

وِیرلوک۔ } بہشت۔
وِیرمارگ۔ }

وِیرن۔ پیارا۔ پیارا بھائی۔

وَیرور۔ دیکھو (بِیرور)

وِیری۔ (بَیری) دشمن۔ عدو۔

وِیریہ۔ (بِیرج) طاقت۔ قوت۔ زور۔ دلیری۔ رونق۔ بیج۔ تخم۔ منی۔ دھاتو۔ مادۂ تولید مرد۔ جوانمردی۔

وِیرِیہ وانْ - بہادر - شجیع - دلیر۔

وِیرْوْرْتی - جوانمردوں کی علامت یا پیشہ۔

وَیشْ - (بَیش) ہندوں کے چار فرقوں میں سے تیسرا فرقہ جسکا پیشہ زراعت اور تجارت ہے۔ تاجر۔

وَیس - عمرگزشتہ - پرندہ - طائر۔

وَیشاکھ - (بیساکھ) ہندی دوسرے مہینے کا نام۔ مٹھنی۔

وْیَسْتْ - اُلٹ پلٹ - پریشان - غیر معمولی - ناقص - ہین۔

وْیَسْتھ - جوان - بالغ۔

وْیَسَرْ - خچر - استر۔

وْیَسَنْ - عادت - خصلت - چسکا - لت - آفت - کار بد جیسے چوری - دروغگوئی وغیرہ۔

وْیَسَنْ - آفت - مصیبت - تکلیف۔

وْیَسَنی - عادی۔

وَیَسْیَہ - برابر عمر والا - ہم عمر - ہم عہد - ہم عصر۔

وَیشیشِک - شاستر علم معقولات۔

وْیشْ - بھیس - سوانگ - زینت - زیبائش - آرائش - زیور ڈول - چال - طوائف کا گھر۔

وْیشْٹ - گوند خواہ کسی درخت کا ہو - صمغ - کپڑا - پارچہ۔

وْیشْٹِت - لپٹا ہوا - لپیٹا ہوا۔

وْیشْٹَن - لپٹن کسی چیز پر ڈھا پنے کا کپڑا - پگڑی - دستار۔

وْیشَرْ - }
وْیسَرْ - } خچر - استر - بغل۔

وْیشِک - دستکاری۔

وْیشْم - }
وْیشْمَن - } گھر - مکان - خانہ
وْیشْمَہ - }

وْیشَن - داخل ہونا - گھسنا۔

وَیشْنَو - (بَیشْنَو) وشنو کی پرستش کرنیوالا۔

وْیشْوانَر - حرارت غریزی - آگ - پنچ - ہوتا سب۔

وْیشْیا - (بیشیا) طوائف - کسبی - روسپی - کنچنی۔

وْیشْیانگنا - بد چلن عورت - زن فاحشہ۔

وَیشْیَہ - (بَیشْیَہ) منجملہ چار فرقوں کے تیسرے فرقہ کا نام۔ بنیا - مہاجن۔

وْیشْیَہ - طوائف کا گھر۔

وْیکْت - جانا ہوا - ظاہر - مشہور - عیاں - برملا۔

وْیکْتی - انسان - بشر - شخص - لوگ - ایک ایک کر کے۔

وَیکْرانْت - ایک جواہر کا نام۔

وِیکْش - نظر - دید۔

وِیکْشِت - دیکھا ہوا۔

وِیکْشَن - غور کے ساتھ دیکھنا۔

وِیکْشْیَہ - دیکھکر۔

وَیکْلْیَہ - گھبراہٹ - ٹیڑھاپن - جسم کے کسی عضو کا بیکار ہو جانا۔

وَیکُنْٹھ - (بَیکُنْٹھ) جنت - بہشت۔

وَیکھانَس - منجملہ چار آشرموں کے تیسرے آشرم میں رہنے والا - بان پرستھ۔

وَیکھری - ڈھنگ - طریقہ - طور۔

وْیگ - (بْیگ) جوش - زور - جلد - تیز - روانیٔ آب۔

وْیگْر - بیاکل - پریشان - حیران - متردد۔

وْیگْرَتا - جلدی - تیزی۔

وْیگی - (بْیگی) تیزی - جلدی - تیزی سے - جلدی سے۔

وْیلا - وقت - موسم - موقع - رات اور دن کا (۲۴) واں حصہ گھنٹہ

وِیَلکشنیہ ۔ مخالفت ۔ اختلاف ۔ ضد ۔

وِیَم ۔ ہم ۔

وِیماتر ۔ سوتیلا ۔

وِیماترییہ ۔ سوتیلا بھائی ۔

وِیمنسیہ ۔ مخالفت ۔ دشمنی ۔ بگاڑ ۔ نااتفاقی ۔ رنج ۔

وِین ۔ بُنّا ۔ بافتن ۔

وِینا ۔ (بینا) بین جو مشہور باجہ ہے ۔

وِیَنجک ۔ ظاہر کرنیوالا ۔ چمکنے والا ۔ ناچنے والا ۔

وِینجن ۔ ساگ ۔ ترکاری ۔ بقل ۔ کھانے کی اچھی چیز ۔ علامت ۔ وہ حرف جس میں سور نہو ۔

وِینجنا ۔ ذومعنی ۔

وِینگ ۔ جسکے جسم کا کوئی عضو نہو ۔ پریشان ۔

وِینو ۔ بانسری ۔ مُرلی ۔ مزمار ۔ نَے ۔ ایک راجہ کا نام ۔

وِینہہ ۔ روز گزشتہ ۔

وِینی ۔ عورتوں کی چوٹی ۔ روانی آب ۔ ندیوں کے ملنے کا مقام جیسے تروینی وغیرہ ۔

وِیواہ ۔ متعلق بہ وواہ ۔

وِیواہِک ۔ متعلق بہ بیاہ ۔ لڑکی یا لڑکے کا سُسرا ۔

وِیوجن ۔ الگ کرنا ۔ جُدا کرنا ۔

وِیودھا ۔ آڑ ۔ بیچ کا ۔ درمیانی ۔ دوری ۔

وِیودھان ۔ ڈھکن ۔ آڑ ۔ روک ۔ بیچ بیچ میں ۔

وِیوڈھ ۔ پھیلا ہوا ۔ طویل ۔ جماعت ۔ کثرت ۔ تیار ۔

وِیوسائے ۔ زراعت ۔ لین دین ۔ روزگار ۔ پیشہ ۔ عمل ۔ بچار ۔ منشا ۔

وِیوسائی ۔ ارادتمند ۔

وِیوسایہ ۔ کوشش ۔ محنت ۔ تردد ۔ ثابت قدمی

وِیوسائی ۔ کام میں مشغول ۔ چالاک ۔

وِیوستھا ۔ طریقہ ۔ طور ۔ معاہدہ ۔ فیصلہ ۔ دھرم ۔ شاستر ۔ قانون ۔ حال ۔

وِیوستھاپک ۔ فیصلہ کرنیوالا ۔

وِیوستھت ۔ فیصلہ کیا گیا ۔ تقسیم کیا گیا ۔ پابند قانون ۔

وِیوشیہ ۔ ناچاری ۔ کمزوری ۔

وِیوگ ۔ (بیوگ) علیحدگی ۔ جُدائی ۔ فرقت ۔ جُدا رہنا ۔

وِیوگی ۔ جُدا رہنے والا ۔ بچھڑا ہوا ۔

وِیوم ۔ آسمان ۔ فلک ۔

وِیوم یان ۔ وہ سواری جس پر چڑھکر انسان ہوا میں اڑ سکتا ہو ۔ بمان ۔ ہوائی جہاز ۔

وِیوہ ۔ گروہ ۔ بھیڑ ۔ جماعت ۔ طاقت ۔ بناوٹ ۔ لشکر ۔ فوج کی صف آرائی ۔

وِیوہار ۔ (بیوہار) برتاؤ ۔ رواج ۔ دستور ۔ کاروبار ۔ تجارت ۔ معاملہ ۔ پیشہ ۔ دھندا ۔ لین دین ۔ چال چلن ۔

وِیوہارِک ۔ دستور کے موافق ۔ رواج کے مطابق ۔ معمولی ۔

وِیوہاری ۔ مقدمہ بازی کرنیوالا ۔

وِیوہاریہ ۔ کرنے کے قابل ۔ حسب دستور ۔ بموجب رواج ۔

وِیوہن ۔ فوج کا پڑاؤ ۔ قلعہ بندی ۔

وِی ۔ خلاف ۔ اُلٹا ۔ زیادہ ۔ کثرت ۔ بہت ۔ نابود ۔ انکار ۔ دیگرگوں ۔ واضح ہو کہ یہ اکثر الفاظ کے پہلے آتا ہے ۔

وِے ۔ عمر گزشتہ ۔ پرندہ ۔ طائر ۔

وِیئے ۔ اخراجات ۔ بربادی ۔ گم گشتگی ۔ عدم موجودگی ۔ ہنود کے دور روزگار کا بیسواں سال ۔

وِییہ ۔ خرچ ۔ لاگت ۔ چھوڑنا ۔ ترک کرنا ۔ بربادی ۔

ھ

ہَ } ہنسی۔ پانی۔ صفر۔ تصور۔ شُبہہ۔ آسمان۔ بہشت۔
ھَ } نیک۔ خون۔ خوف۔ عقل۔ چاند۔ جنگ۔ گھوڑا۔
غرور۔ حکیم۔ سبب۔ مشہور۔ حرفِ ندا۔ پھینکنا۔
جوگیوں کی ایک قسم کی نسبت۔ شیوجی کا لقب۔

ہاَ ۔ ہائے۔

ہاٹ۔ چھوڑا ہوا۔ ترک کیا ہوا۔

ہاٹ ۔ دوکان۔ بازار۔ راہ۔

ہاٹک۔ سونا۔ طلا۔ دھتورا۔

ہاڑ ۔ لڑائی۔ کھیل۔ بازی۔ شکست۔ موتیوں یا پھولوں کا مالا۔

ہارت۔ ہارا ہوا۔ زبردستی سے لیا ہوا۔

ہارد ۔ محبت۔ عنایت۔ رحم۔

ہاردِک۔ ہردے سے نکلا ہوا یعنی دلی۔ سچا۔

ہاردِک دُکھ۔ صدمہ۔ دلی۔

ہارک ۔ لٹیرا۔ چور۔ ڈاکو۔ دغاباز۔ قمارباز۔

ہاری ۔ چور۔ ٹھگ۔

ہاریت ۔ چور۔ ڈاکو۔

ہاس ۔ ہنسی۔ دل لگی۔ تمسخر۔ مذاق۔

ہاسکا ۔ ہنسی۔ خوشی۔

ہاسیہ ۔ ہنسی۔ تمسخر۔ دل لگی۔ خوشی۔ کھیل۔

ہالا ۔ سیندھی۔ شراب۔

ہالاہل۔ زہر قاتل ۔

ہان ۔ دیکھو (ہانی)

ہانس ۔ گلا۔ بڑی ہنسلی۔ گلے کا ایک زیور۔

ہانگر ۔ گرمچھ۔ نہنگ۔

ہانی ۔ (ضد لابھ) نقصان۔ کمی۔ ضرر۔ ٹوٹا۔ گھاٹا۔ زیان۔
زوال۔ قتل۔

ہاؤ ۔ نخرہ۔

ہاؤ بھاؤ ۔ ناز و انداز۔

ہاہا ۔ ہائے ہائے۔ واضح ہو کہ یہ ایک کلمہ ہے جو حیرت اور
غم کے محل پر کہتے ہیں۔

ہاہا کار ۔ ہائے ہائے کی آواز۔ نوحہ۔ ماتم۔ آوازِ جنگ۔

ہاین ۔ برس۔ سال۔ سنہ۔

ہت ۔ جو مارا گیا ہو۔ پیٹا ہوا۔ کھویا ہوا۔ مار ڈالا ہوا۔
خراب کیا ہوا۔ نقصان۔ نہ۔ نہیں۔ لا۔

ہت ۔ احسان کرنیوالا۔ بہتری چاہنے والا۔ خیر خواہ۔
رشتہ دار۔ فائدہ۔ بھلائی۔ بہتری۔ موافقت۔
محبت۔ دوستی۔ ناتا۔ رشتہ۔ موافق۔ وجہ۔ لئے۔ واسطے۔
خاطر۔ پیار۔ خیر خواہی۔ مہربانی۔ فائدہ۔ احسان۔
سُود مند۔

ہُت ۔ ہوم کرنیکی چیز جیسے گھی وغیرہ۔ ہون کی ہوئی چیز۔

ہُتاشن۔ }
ہُتاشن۔ } آگ۔ آتش۔ نار۔

ہتاش۔ جسکو آس یعنے امید نہ ہو۔ ناامید۔ (مرد)

ہتاشا۔ ناامید۔ مایوس (عورت)

ہتاہت ۔ مارا اور گھایل کیا ہوا۔

ہتاہت ۔ بھلائی برائی۔ نفع نقصان۔

ہت بھاگیہ ۔ بدقسمت۔

ہت چنتک ۔ بھلائی چاہنے والا۔ خیر خواہ۔

ہتکار ۔ / ہتکر ۔ } بھلائی کرنیوالا ۔ دوست ۔ مہربان ۔ خیرخواہ ۔ محسن ۔ مربی

ہتکاری ۔ بھلائی کرنیوالا ۔ خیرخواہ ۔

ہتکام ۔ خیرخواہی ۔

ہتن ۔ قتل کرنا ۔ جان سے مارڈالنا ۔

ہتنا ۔ مارڈالنا ۔ قتل کرنا ۔

ہتو ۔ (از ہت) خیرخواہ ۔ بہی خواہ ۔ مہربان ۔ دوست

ہتوپدیش ۔ دوستانہ یا مفید نصیحت ۔ ایک کتاب کا نام ۔

ہتوکتی ۔ نیک صلاح ۔

ہتھ ۔ ہاتھ ۔ دست ۔

ہتھرس ۔ عشق کے متعلق بوس وکنار ۔ جلق بازی ۔

ہتی ۔ مارنا ۔ نقصان کرنا ۔

ہتیا ۔ مارڈالنا ۔ قتل کرنا ۔ خون کرنا ۔ بربادی ۔ گناہ ۔

ہتیارا ۔ ایذا دینے والا ۔ قاتل ۔ خونریز ۔ ستمگر ۔ ظالم ۔ بےرحم ۔

ہتیشی ۔ دوسرے کی بھلائی چاہنے والا ۔ خیرخواہ ۔ بہی خواہ ۔

ہٹ ۔ دیکھو ہاٹ ۔

ہٹ ۔ / ہٹھ ۔ } ضد ۔ اصرار ۔ تمرد ۔ جبر ۔ سرکشی ۔ زور وستم ۔

ہٹھات ۔ زبردستی سے ۔ ظلم سے ۔ جبراً ۔

ہٹھاتکار ۔ زبردستی ۔

ہٹتال ۔ (ہٹ یعنی بازار ۔ تال یعنی قفل لگانا) بازار

ہٹھ دھرم ۔ ضد ۔ بدمعاملہ ۔

ہٹھ دھرمی ۔ / ہٹھی ۔ } ضدی ۔ بدمعاملگی ۔ بےایمانی ۔ بےانصافی

ہٹکا ۔ شور ۔ غوغا ۔

ہٹھی ۔ ہٹ کرنیوالا ۔ ضدی ۔

ہٹھ یوگ ۔ ایک قسم کی یوگ ۔ (عبادت)

ہٹی ۔ دکان ۔ ہاٹ بازار ۔

ہر ۔ لے لینے والا ۔ لوٹنے والا ۔ شیوجی کا لقب ۔ آگ ۔ ہل ۔

ہراؤ ۔ آواز ۔ بادل ۔

ہراس ۔ دکھ ۔ رنج ۔ فکر ۔ کمی ۔ زوال ۔ آواز ۔

ہر بھجن ۔ شیوجی کا بھجن ۔

ہر بھگت ۔ شیوجی کی عبادت کرنے والا ۔

ہرت ۔ ہرا ۔ سبز ۔ ہرا رنگ ۔ سرسبز ۔ تروتازہ ۔ شرزہ ۔ سورج ۔ وشنو ۔

ہرتا ۔ لے بھاگنے والا ۔ دور کرنے والا ۔ برباد کرنے والا ۔ چور ۔ دزد ۔ ٹھگ ۔

ہرتویہ ۔ لینے کے قابل ۔

ہرد ۔ بڑا تالاب ۔ جھیل ۔

ہرد ۔ / ہرد ۔ / ہردا ۔ } دل ۔ خاطر ۔ قلب ۔ جگر ۔ روح ۔ جان ۔ سینہ ۔ ضمیر ۔ کانشنس ۔

ہرداس ۔ وشنو کا مطیع وفرمانبردار ۔

ہرور ۔ پیلا چندن ۔

ہردرا ۔ ہلدی ۔ زردچوب ۔ ایک ندی کا نام ۔ بن جنگل ۔

ہردوار ۔ شمالی ہند کے ایک مشہور تیرتھ گاہ کا نام جہاں سے گنگا نکلتی ہے ۔

ہردے ۔ دل ۔ خاطر ۔ قلب ۔ جگر ۔ جسم ۔ سینہ ۔ جان ۔ روح ۔ جی ۔ ضمیر ۔

ہردیہ ۔ دلکش ۔

ہرشوہ ۔ پست قد ۔ بونا چھوٹا ۔ خورد ۔ حرف مقصورہ ۔

ہرش ۔ (ہرکھ) خوشی ۔ خواہش ۔ رضامندی ۔ آرام سُکھ ۔

ہرشت ۔ (ہرکھت) خوش ۔ بشاش ۔ مسرور ۔

ہُرشٹ ۔ نہایت خوش ۔ بشاش ۔ آسودہ ۔

ہُرشٹ پُشٹ ۔ موٹا تازہ ۔ سنڈ مُسنڈ ۔

ہرشن ۔ رونگٹے کھڑے ہونا ۔ خوش ہونا ۔ جیوتش کا ایک

ہرشنا ۔ (ہرکھنا) خوش ہونا ۔ پھولنا ۔ کھِلنا ۔

ہُرشی ۔ خوشی ۔ بشاشت ۔ چمک ۔

ہُرشی کیش ۔ وشنوجی کا لقب ۔

ہرکھ ۔ دیکھو (ہرش)

ہرمُشتا ۔ طاقتور ۔ زور آور ۔

ہرمیہ ۔ حویلی ۔ بالاخانہ ۔ اٹاری ۔

ہرن ۔ جبراً چھین لینا ۔ لُوٹنا ۔ چُرانا ۔ لے بھاگنا ۔ مار ڈالنا ۔
لوٹ ۔ چوری ۔

ہرن ۔ سونا ۔ طلا ۔ جواہر ۔ کوڑی ۔

ہِرن ۔ ہرن ۔ آہو ۔

ہرنا ۔ کسی چیز کو ظلم سے لے لینا ۔ لوٹنا ۔ چُرالینا ۔ گوزن ۔

ہرنوٹا ۔ }
ہرنوٹا ۔ } ہرن کا بچہ ۔ آہو برہ ۔ بزغالہ ۔

ہرنی ۔ ہرے رنگ کی ۔ ہرن کی مادہ ۔ سونے کا بُت ۔

ہرنیاکش ۔ ہرنیہ کشیپ کا بھائی ۔

ہرنیہ ۔ لوٹنے کے قابل ۔

ہرنیہ ۔ سونا ۔ طلا ۔ جواہر ۔ نور ۔ تجلّی ۔

ہرنیہ کشیپ ۔ ایک راچھس کا نام جو پرہلاد کا باپ تھا ۔
جسے بھگوان نے نرسنگھ اوتار لیکر مار ڈالا ۔

ہرنیہ گربھ ۔ عموماً ہر وہ چیز جسکے پیٹ میں سونا ہو ۔ خصوصاً
سالگرام کی مورتی جسکے اندر سے سونا نکلتا ہے ۔ برہما جی کا
لقب ۔

ہری ۔ بھورا رنگ ۔ پیلا رنگ ۔ ہرا ۔ وشنو ۔ گھوڑا ۔ اندر ۔
بندر ۔ شرزہ ۔ برج اسد ۔ سورج ۔ کرن ۔ چاند ۔ گیدڑ ۔
طوطا ۔ مور ۔ کویل ۔ ہنس ۔ مینڈک ۔ سانپ ۔ آگ ۔
پہاڑ ۔ کمان ۔ ہوا ۔ شیوجی ۔ سری کرشن جی ۔ ملک الموت ۔
برہما ۔

ہری ۔ }
ہریتی ۔ } لاج ۔ شرم ۔ حیا ۔

ہری تال ۔ ہرتال ۔ زرنیخ ۔

ہری تالک ۔ ہرا کبوتر ۔ طوطا ۔ ناٹک ۔ ہرتال یعنی زرنیخ ۔

ہری تالکا ۔ عورتوں کا ایک برت جو بھادون سدی تیج
کو ہوتا ہے ۔ دُوب ۔

ہری جن ۔ وشنوجی کے معتقد ۔ پرہلاد ۔

ہری چند ۔ }
ہری چندر ۔ } ایک بڑے دانی راجہ کا نام ۔
ہرش چندر ۔ }

ہری چندن ۔ سفید صندل ۔ زعفران ۔ گوروچن ۔ (جگرالبقر)
ماہتاب ۔

ہری کیرتن ۔ حمد باری تعالیٰ ۔

ہری واسر ۔ اتوار ۔ یکشنبہ ۔

ہشت ۔ ہاتھ ۔ دست ۔ ہاتھی کی سونڈ ۔ چاند کی تیرھویں
منزل کا نام ۔ کہنی سے لیکر بیچ کی انگلی تک کا ناپ ۔

ہستاملک ۔ سہج ۔ آسان ۔ بے محنت ۔ ایک کتاب کا نام ۔

ہَشت تَل - ہتھیلی - کف دست -

ہَشت گت - ہاتھ آیا ہوا - ہمدست شدہ -

ہَشتِنی - ہتھنی - فیل مادہ - عورتوں کی چار قسموں میں سے

ہَشتی - ہاتھی - فیل -

ہَشتی پال - } فیلبان -
ہَشتی پک -

ہَشتی ناپُر - پرانی دہلی جسے (ہَشتن) راجہ نے آباد کیا -

ہَشر - جاہل - نادان -

ہَس - ہنسی - دل لگی -

ہَسنتیکا - انگیٹھی - آتشدان - مجمر -

ہکار - چلا کر بلانے کی آواز -

ہَل - وہ اوزار جس سے زمین جوتتے ہیں -

ہلا - زمین - پانی - شراب -

ہلاد - خوشی - آرام - سکھ -

ہلادت - مسرور - بشاش -

ہلادنی - بجلی - برق - خوشی کے ساتھ -

ہُلاس - خوشی - شادمانی - بشاشت -

ہلاہل - زہر - سم -

ہلاہلی - مجازاً شراب -

ہلدھر - بلدیو یعنی بلرام -

ہُلسی - خوشی - آرام - تلسی داس کی ماں کا نام -

ہلکور -
ہلکورا - } ترنگ - لہر - موج - تلاطم -
ہلورا -
ہلول -

ہلولن - لہرانا - ڈوبنا -

ہِم - پالا - برف - جاڑا - سردی - خنکی - ٹھنڈ - موسم سرما - جما ہوا - منجمد -

ہماچل -
ہمالیہ - } ہندوستان کی شمالی سرحد پر پھیلا ہوا (ہم) نام کا
ہم گری - } ایک بہت بڑا اور اونچا پہاڑ جسکے چوٹیاں ہمیشہ
ہماوری - } برف سے ڈھکی رہتی ہیں -

ہمانشو - چاند - قمر - کافور -

ہمانی - برف کا ڈھیر -

ہمبھا - گائے یا بیل وغیرہ کی آواز -

ہم رتو - موسم سرما -

ہمش - (ہنش) بطخ کی شکل کا ایک آبی پرندہ جو بڑی بڑی جھیلوں میں رہتا ہے - برہمہ - سورج - روح - راجہ - جوگی - گھوڑا - سفید - واضح ہو کہ اگر یہ لفظ کسی لفظ کے آخر میں آجائے تو اس کے معنے برتر کے ہوتے ہیں -

ہمس -
ہمسا - } تکلیف دینا - مار ڈالنا - قتل کرنا - نقصان
ہمسن - } پہنچانا - گھوڑوں کی ہنہناہٹ -

ہمسر - مار ڈالنے والا - درندہ - جانور -

ہمسک - ہنس نامی پرندہ - پیروں کی انگلیوں میں پہننے کا ایک گہنا یعنی بچھوا - گھنگھرو -

ہمسک - } تکلیف دینے والا - مار ڈالنے والا -
ہمسرک - } گنہگار - دشمن - ہتھیار - خونخوار جانور -

ہمش گامنی۔ / ہمش گمنی۔ / ہمش گونی۔ } وہ عورت جو ہنس کی طرح نازو انداز سے چلے۔

ہمش گتی۔ ہمس کے برابر خوشنما چال۔ نجات اُخروی۔

ہمش گمن۔ ہمس کی طرح خوش رفتار۔ (عورت)

ہمسنی۔ / ہمسکا۔ } مادہ ہنس۔

ہمکر۔ چاند۔ کافور۔

ہم کوٹ۔ موسم سرما۔

ہم گرہ۔ سردخانہ۔ ییلاق۔

ہموت۔ سرد۔ خنک۔ ٹھنڈا۔

ہننا۔ قتل کرنا۔ مارڈالنا۔

ہنت۔ رنج یا غم ظاہر کرنے کا لفظ۔

ہنتا۔ مارڈالنے والا۔ ایذا دینے والا۔

ہنتال۔ سیندھی کا درخت۔

ہنتویہ۔ مارنیکے قابل۔

ہند۔ یہ لفظ (سندھ) سے بنا ہے۔ کیونکہ ممالک مغربی کے لوگ (س) کی جگہ (ہ) اور (دھ) کی جگہ (د) کہتے ہیں۔ ہندوستان۔ بھرت کھنڈ۔ انڈیا۔

ہندو۔ بید۔ سُمرتی۔ پُران ان میں سے کسی ایک کے احکام کے مطابق چلنے والا۔ باشندگان ہندوستان یعنی آریہ ورت کے رہنے والے۔

ہنڈار۔ بھیڑیا۔

ہنڈول۔ جھولا۔ ہنڈولا۔ ایک راگ کا نام جو بسنت رُت میں صبح کے وقت گایا جاتا ہے۔

ہنڈن۔ گھومنا۔ پھرنا۔

ہنش۔ دیکھو (ہمش)

ہنسا۔ خندہ۔ ضحک۔

ہنس مکھ۔ خندہ رو۔

ہنکار۔ ہانک۔ پکار۔ چلاّہٹ۔ ڈرانے کی آواز۔ گرج۔ ہانکنا۔ نکالنا۔

ہنگ۔ / ہنگو۔ } ہینگ۔ انگوزہ۔

ہنن۔ مارڈالنا۔ قتل کرنا۔ ایذا دینا۔

ہننیہ۔ مارنیکے قابل۔

ہنو۔ داڑھ کی ہڈی یعنی جبڑا۔

ہنومان۔ / ہنومنت۔ } مہابیر جو سری رامچندرجی کے قاصد تھے۔

ہینتا۔ ناداری۔ غربت۔

ہنیمان۔ مارتا ہوا۔

ہو۔ / ہور۔ } دعوت۔ حکم۔ قربانی۔

ہواؤ۔ جبروت۔ دلیری۔

ہوانی۔ ہون کرنے کا کنڈ یعنے حوض۔

ہوت۔ طاقت۔ قدرت۔ اختیار۔

ہوتب۔ قسمت۔ نصیبہ۔

ہوتا۔ ہوم کرنیوالا۔ رشتہ دار۔

ہوتو۔ / ہوتویتا۔ } تقدیر۔ قسمت۔ نصیبہ۔

ہوڈ۔ شرط۔ بچن۔ پیچ۔ داؤ۔

ہُوتی - بُلاوا - طلبی -

ہوترجھ - دیوتا - آگ -

ہَوِس -
ہَوِشیَہ - } گھی - تل اور چانول وغیرہ ملی ہوئی چیز -

ہُول - چنا - نخود -

ہُولک - بھُونے ہوئے چنے -

ہُولی - ہندوؤں کا ایک تیوہار جو پھاگن کے آخر اور بسنت رتو کی ابتدا میں آتا ہے - ایک راگنی کا نام جو انہی دنوں میں گائی جاتی ہے -

ہُوم - جگیہ یعنی وید کے منتر پڑھتے ہوئے آگ میں آہُتی (قربانی) دینا یعنی دیوتاؤں کو جل دیتے ہوئے گھی وغیرہ آگ میں ڈالنا یعنی جلانا -

ہوم کُنڈ - ہوم کی آگ رکھنے کا حوض -

ہُومی - ہوم کرنے والا -

ہَوَن - ہوم - جگیہ -

ہُون - وہ قوم جو بید کے احکام کو نہ مانے -

ہَوِی - وہ شئے جو ہوم کے وقت آگ میں ہون کی جائے یعنی جلائے جائے -

ہَویَہ - ہوم کرنے کا سامان - دیوتاؤں کی بھینٹ -

ہَئی - گھوڑا - اسپ - فرس -

ہیاؤ - بہادری - دلیری - جوانمردی -

ہیت - پیار - محبت -

ہیتو - باعث - سبب - منشاء - وجہ - موجب - واسطے - دلیل - مطلب - نتیجہ - معنی -

ہیتی - ہتھیار - اوزار - گھاؤ - زخم - چوٹ - آگ کی لَو روشنی آفتاب -

ہیٹھ - تلے - نیچے - زیر -

ہیر - ہیرا جو مشہور جواہر ہے - بجلی - خلاصہ - مغز - سانپ - ہار - شرزہ - شیوجی -

ہیراول -
ہیراولی - } ایک طرح کا کمبل جسے جوگی اوڑھتے ہیں -

ہیرمب - گنیش جی کا لقب -

ہیرنا - کھوجنا - ڈھونڈنا - دیکھنا - کھدیڑنا - راہ تکنا -

ہیس - روز گزشتہ -

ہیگریو - وشنو کے (۲۴) اوتاروں میں سے ایک -

ہیلا - ناچیز سمجھنا - خیال نہ کرنا - بے پروائی - کھیل - بہت آسان کام -

ہیلن - ہجو کرنا -

ہیم - پالا - برف - سونا - طلا - فصول ستہ میں سے ایک فصل کا نام یعنی موسم سرما -

ہیماچل - ایک پہاڑ کا نام جو لنکا اور کوہ سمیر کے مابین واقع ہے -

ہیم چندر - اکشواکو بنسی ایک راجہ کا نام - ایک جین آچارج کا نام -

ہیم رتو - موسم سرما -

ہیم کار - سنار - زرگر -

ہیمل - سنار - زرگر - کسوٹی - محک -

ہیم مالی - مجازاً سورج - آفتاب -

ہیمنت - زمستان کی ایک فصل کا نام جو اگہن اور پوس کے مہینے میں ہوتی ہے -

ہیم وتی - لقب پاروتی دیبی کا - گنگا -

ہیموَنْت - دیکھو (ہیمنت)

ہَیَن - سال - سن - سنہ - برس۔

ہین - } بن - بنا - بلا - بغیر - کم - قلیل - خالی - نابود - ناداری

ہینا - } قاصر - ہیچ - کمینہ - محروم - ناقص - اندک - غریب - ناچیز - بُرا - بد - عاجز - خراب - گھٹا ہوا - چھوڑا ہوا زایل شدہ۔

ہینتا - } کمی - ناداری - نابودی - بُرائی - خرابی - حقارت۔

ہینتوہ -

ہین جاتی - کم ذات کا - نیچ قوم کا - ذلیل۔

ہین ورن (برن) نیچ ذات کا - کم قوم کا - ذلیل۔

ہیو -

ہیہ - } دل - خاطر - روح - جان - سینہ۔

ہیا -

ہیہ - گھوڑا - اسپ - فرس - علامت عدد ہفت۔

ہیہ گریو - وشنو کے (۲۴) اوتاروں میں سے ایک۔

ہیی - گھوڑی - مادیان۔

ہییہ - چھوڑنے کے قابل - بُرا - بد - خراب۔

ی

ی - نیک نامی - ہوا - میل - سواری - روانگی - جانیوالا۔

یاپن - چلانا - چال چلن - نبھانا - بتانا - نبٹانا - چھوڑنا - ہٹانا - ہٹانا۔

یاپنا - چلانا - ہانکنا - گزر اوقات کرنا - وہ دولت جو کسی کے گزران کے لئے دی گئی ہو - برتاؤ۔

یاپیہ - چھپانیکے قابل - حفاظت کے لائق - پھینکنے کے قابل۔

یات - گیا ہوا - رفتہ۔

یاتا - شوہر کے بھائی کی زوجہ - جیٹھانی - دیورانی - چلنے والا - جانے والا - رتھ بان - مار ڈالنے والا۔

یاتایات - آنا جانا - آمد و رفت - ایاب و ذہاب۔

یاترا - (جاترا) سفر - کوچ - روانگی - دیوتاؤں اور تیرتھوں کے مقامات پر زیارت کے لئے جانا۔

یاترک - } مسافر - سیاح - متبرک مقامات کی زیارت کیلئے

یاتری - } پھرنیوالا - زائر۔

یاتن - بدلا - انعام - امتحان۔

یاتنا - سخت مصیبت - رنج - دوزخ کی تکلیف۔

یاتو - راستہ چلنے والا - راہی - ہنگام - ہوا - تکلیف۔

یاتھارتھیہ - سچائی - راست بازی - ایمانداری۔

یاجک - وہ برہمن جو جگیہ وغیرہ رسومات مذہبی ادا کرے۔ پروہت - پجاری۔

یاجن - رسوم مذہبی ادا کرانا - جگیہ یا پوجا کرانا۔

یاجیہ - وہ جائداد یا تحفہ جو کسی مذہبی رسم کی ادائی کے صلہ میں

حاصل کیا گیا ہو۔

یاچا ۔ مانگنا ۔ سوال کرنا۔

یاچِت ۔ (جاچِت) پوچھا گیا ۔ مانگا گیا ۔ چاہا گیا ۔ التجا کیا گیا۔

یاچَک ۔ (جاچَک) مانگنے والا ۔ فقیر ۔ گدا ۔ امیدوار۔

یاچَن ۔ (جاچَن) مانگنا ۔ سوال کرنا۔

یاچنا ۔ (جاچنا) بھیک مانگنا ۔ چاہنا ۔ درخواست کرنا۔

یادُرش ۔ جیسا ۔ جس طرح ۔ جس کے برابر۔

یادَو ۔ (جادَو) یدو خاندان کے لوگ ۔ مجازاً سری کرشن۔

یادُو ۔ پانی ۔ آب ۔ ہر رقیق چیز۔

یاگ ۔ یگ ۔ ہوم ۔ ہون ۔ پوجا۔

یاگِنک ۔ جگیہ کرنے یا کرانے والا۔

یام ۔ شب و روز کا آٹھواں حصہ یعنی پہر ۔ پاس۔

یامِک ۔ نگہبان ۔ پاسبان ۔ چوکیدار۔

یامَل ۔ وہ دو بچے جو ایک ساتھ پیدا ہوں ۔ جڑواں ۔ توام

یامُن ۔ یمنا (جمنا) کے متعلق ۔ سُرمہ ۔ انجن ۔ ایک وشنو آچاریہ کا نام۔

یامنی ۔ غیر مذہب کا جو ہندو نہ ہو۔

یامنی ۔ رات ۔ شب ۔ لیل۔

یامنی پتی ۔ مالکِ شب مجازاً چاند ۔ ماہ۔

یامی ۔ بہن ۔ ہمشیرہ۔

یان ۔ دن کا چوتھا حصہ ۔ پہر ۔ پاس ۔ وقت۔

یان ۔ روانگی ۔ ہر قسم کی سواری جیسے گھوڑا ۔ گاڑی وغیرہ۔ دشمن پر حملہ کرنا ۔ دھاوا۔

یاوُ ۔ جتنا ۔ جس قدر ۔ سب ۔ کل ۔ جب تک ۔ جہاں تک۔

یاوَت ۔ جتنا ۔ جس قدر ۔ جبتک ۔ جب لگ ۔ وہاں تک۔

یاوجیون ۔ تمام عمر ۔ مادام الحیات۔

یاہی ۔ اسے ۔ اس کو۔

یائی ۔ جانیوالا ۔ جو جا رہا ہو۔

یُت ۔ پابند ۔ قبضہ کیا ہوا ۔ روکا ہوا ۔ مقرر کیا ہوا ۔ جو

یُت ۔ جو الگ نہ ہو ۔ ملا ہوا ۔ ساتھ ۔ مع ۔ شامل۔

یترہ ۔ جس جگہ ۔ جہاں۔

یترہ تترہ ۔ جہاں تہاں ۔ اِدھر اُدھر ۔ کچھ یہاں کچھ وہاں۔ جگہ جگہ۔

یترہ یترہ ۔ جہاں جہاں۔

یتکنچت ۔ تھوڑا بہت کچھ۔

یتن ۔ (جتن) کوشش ۔ تردد ۔ جد و جہد ۔ حکمت ۔ تدبیر ۔ تجویز ۔ حفاظت ۔ علاج۔

یتنہ ۔ کوشش ۔ کسب ۔ محنت ۔ تدبیر ۔ حفاظت۔

یتنی ۔ (جتنی) کوشش کرنیوالا۔

یتھا ۔ (جتھا) جس طرح سے ۔ جیسے ۔ جیوں ۔ مانند ۔ جیسا ۔ بموجب ۔ مطابق ۔ برابر۔

یتھا تتھا ۔ (جتھا تتھا) جیسا تیسا ۔ کسی طرح ۔ تاہم۔

یتھا تتھیہ ۔ جیسے کا تیسا ۔ جیوں کا تیوں ۔ ہو بہو ۔ جیسا ہو ویسا۔

یتھا پورو ۔ جیسا پہلے تھا ویسا ہی ۔ جیوں کا تیوں۔

یتھا جات ۔ مورکھ ۔ نادان ۔ احمق۔

یتھارتھ ۔ (جتھارتھ) ٹھیک ۔ سچ ۔ ٹھیک ٹھیک ۔ حقیقتاً ۔ جیسا چاہیے ۔ واجب ۔ مناسب۔

یتھارتھتا ۔ سچائی ۔ سچاپن۔

یتھا وشیہ ۔ حتی الامکان۔

یتھاستھان ۔ ٹھیک جگہ پر ۔ اپنے مقام پر ۔
یتھاستھت ۔ حسب حال ۔
یتھاسمبھو ۔ حسب موقع ۔ جہاں تک ہوسکے ۔
یتھاشاستر ۔ شاستر کے احکام کے مطابق ۔
یتھاشکتی ۔ حسب مقدور ۔ جیسی قدرت ہو ۔ جس قدر ہوسکے
حتی الامکان ۔
یتھاشکیہ ۔ جہاں تک ممکن ہو ۔
یتھاکال ۔ بر موقع ۔ برمحل ۔
یتھاکام ۔ حسب خواہش ۔ بموجب منشاء ۔
یتھاکامی ۔ اپنے منشا کے مطابق کام کرنے والا ۔ خودرائے
یتھاکتھنچت ۔ کسی نہ کسی طرح ۔
یتھاکرتویہ ۔ وہ جو ٹھیک ادا کرنے کے قابل ہو ۔
یتھاکرم ۔ ترتیب وار ۔ طریقہ کے موافق ۔ باقاعدہ طور پر ۔
یتھاکلپ ۔ جس طرح تجویز کی جائے ۔
یتھامتی ۔ عقل کے مطابق سمجھ کے موافق ۔
یتھاوت ۔ جیوں کا تیوں ۔ جیسا تھا ویسا ہی ۔
یتھاودھ ۔ حسب ضرورت ۔ حسب طریقہ ۔
یتھاودھی ۔ دستور کے موافق ۔
یتھاوستھت ۔ سچ ۔ راست ۔ ٹھیک ۔ قائم ۔
یتھاوسر ۔
یتھاوکاش ۔ } حسب موقع ۔ جیسا کہ اتفاق ہو ۔
یتھایوگ ۔ (جوگ) جیسا کہ مناسب ہے ۔ ٹھیک ٹھیک
کافی طور سے ۔ حسب حیثیت ۔
یتھایوگیہ ۔ جیسا چاہیے ویسا ۔ جیسا مناسب ہو ۔ موزوں
یتھوچت ۔ جیسا چاہیے ویسا ۔ حسب مناسب ۔ ٹھیک ۔

یتھوکت ۔ سچا ۔ صحیح ۔ جیسا کہا گیا ہے ۔
یتھہ ۔ کیونکہ ۔ چونکہ ۔
یتھیشٹ ۔ منشا کے مطابق ۔ حسب دلخواہ ۔
یتھیچھ ۔
یتھیچھا ۔ } حسب خواہش ۔ بموجب منشا ۔ حسب دلخواہ ۔
یتھیشٹ ۔ جتنا چاہیے اُتنا ۔ کافی ۔ پورا ۔ حسب دلخواہ ۔
یتی ۔ (جتی) وہ جو دنیوی آلایشات سے الگ ہو کر
نجات اخروی کی کوشش کرتا ہو ۔ سنیاسی ۔ جوگی ۔
بیراگی ۔
یُتی ۔ ملاپ ۔ ملن ۔
یتھیچھا ۔ کسی کے دلخواہ ۔
یجروید ۔ (جُجربید) چار بیدوں میں سے دوسرا بید ۔
یجرویدی ۔ (جُجربیدی) یجربید کا جاننے والا ۔
یجمان ۔ (جُجمان) جگیہ کرنیوالا ۔ مالک ۔ آقا ۔
یجن ۔ جگیہ ۔ پوجا ۔
یجوا ۔ حسب طریقہ ۔ جگیہ کرنیوالا ۔
یُجیہ ۔ ملا ہوا ۔ شامل ۔ ملانے کے قابل ۔
یدا ۔ جس وقت ۔ جب ۔
یدا کدا ۔ جب تب ۔ کبھی کبھی ۔
یدپی ۔ جو ۔ جو بھی ۔ تو بھی ۔ تاہم ۔
یدرچھا ۔ اپنے منشا کے موافق کرنا ۔ اپنے حسب دلخواہ ۔
جو اتفاق سے سرزد ہو ۔
یدرچھیا ۔ اچانک ۔ اتفاق سے ۔

یدُو ۔ ایک راجہ کا نام جو راجہ (دیپاتی) کا بڑا بیٹا اور سری کرشن کا جدِ اعلیٰ اور چندر بنسی راجاؤں میں پانچواں راجا تھا۔

یدۡوا ۔ جیون ۔ خواہ ۔ یا تو ۔

یدۡوا تدۡوا ۔ (جدۡوا تدۡوا) کبھی کبھی ۔ گاہے گاہے ۔

یدُو کُل ۔ / یدُو ونش ۔ } یدو راجہ کے خاندان کا ۔ خاندان یدو ۔

یُدھ ۔ / یدھ ۔ } (جُدھ) لڑائی ۔ جنگ ۔ پیکار ۔

یدھان ۔ جنگجو ۔ جنگی ۔

یدھ رنگ ۔ میدان جنگ ۔ رزمگاہ ۔

یُدھشٹھر ۔ پانچ پانڈوں میں سے بڑے کا نام جو کُنتی اور پانڈو کا بڑا بیٹا تھا۔

یُدھ شیّ ۔ میدان جنگ ۔ نبردگاہ ۔

یُدھ کشیتر ۔ (جُدھ چھیتر) میدان وغا ۔

یُدھ ندیش ۔ پیغام جنگ ۔

یدی ۔ (جدی) گاہے ۔ اگر ۔ جو ۔

یدیپی ۔ (جدیپی) اگر ۔ اگرچہ کہ ۔ تو بھی ۔

یش ۔ نیک نامی ۔ شہرت ۔ ناموری ۔ قسمت ۔

یشٹک ۔ پرندہ ۔ طائر ۔

یشٹی ۔ سونٹا ۔ لاٹھی ۔ لٹھ ۔ چھڑی ۔ لکڑی ۔ ٹہنی ۔ شاخ ۔

یشسوان ۔ / یشسوی ۔ } مشہور ۔ نامور ۔ معزز ۔ صاحب قسمت ۔

یُشمد ۔ تم ۔ آپ ۔ تمہارا ۔ آپ کا ۔

یشودا ۔ دیکھو (جشودا)

یُکت ۔ ملا ہوا ۔ جڑا ہوا ۔ لگا ہوا ۔ مملو ۔ شامل ۔ ملحق ۔ قائم ۔ ساتھ ۔ مع ۔ واجب ۔ مناسب ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ قابل ۔ لائق ۔ زیبا ۔ سزاوار ۔ منصوب ۔

یُکتی ۔ ڈھنگ ۔ ترکیب ۔ دلیل ۔ چال ۔ طریقہ ۔ انصاف ۔ تجویز ۔ حکمت ۔ مطلب ۔ عقلمندی ۔ اندازہ ۔ سبب ۔ ملاپ ۔ تدبیر ۔ رواج ۔ میل ۔ لیاقت ۔ چالاکی ۔

یکرہت ۔ تاپ تلی ۔ سپرز ۔ طحال ۔

یکش ۔ (دیچھ) ایک طرح کی مخلوق جو کُبیر کے ملازم ہے اور دیوتاؤں سے کمتر اور راچھسوں سے افضل ہے۔

یکشما ۔ / یکشمن ۔ } تپ ۔ دق ۔

یکشن ۔ پوجا کرنا ۔ کھانا ۔

یکشنی ۔ / یکشی ۔ } یکش کی زوجہ ۔ (دیکھو یکش)

یُگ ۔ (جُگ) جوڑا ۔ جفت ۔ جوا ۔ پُشت ۔ پیڑھی ۔ نر ۔ وقت ۔ موسم ۔ دور روزگار جو چار ہیں یعنی ست[۱] جگ (۱۷۲۸۰۰۰) سال کا ۔ ترتیا[۲] جگ ۔ (۱۲۹۶۰۰۰) سال کا ۔ دواپر[۳] جگ (۸۶۴۰۰۰) سال کا ۔ کلجگ (۴۳۲۰۰۰) سال کا ہے۔

یُگانت ۔ جگ کا انت یعنی انجام روزگار ۔ روز قیامت

یُگانتر ۔ دوسرا جگ (دیکھو یُگ)

یُگ پت ۔ ایک ہی وقت ۔ ساتھ ساتھ ۔ دو ۔ دونوں ۔

یُگ دھرم ۔ دور روزگار کا دھرم ۔ (طریقہ)

یُگل ۔ / یُگمہ ۔ / یُگم ۔ } جوڑا ۔ جفت ۔ دو ۔

یگیوپوِت ۔ (جگیوپَبِت) جنیو ۔ زنار ۔
یگیہ ۔ (جگیہ) قربانی جو بطریق شاستر ہو ۔ پوجا ۔ ہوم ۔ وشنو ۔
یگیہ ۔ دو گھوڑے یا دو بیل کی گاڑی ۔
یگیہ سُوتر ۔ جنیو ۔ زُنار ۔

یَم ۔
یَمج ۔
} وہ دو بچے جو ایک ساتھ پیدا ہوں ۔ جڑواں ۔ توام

یَم ۔ دکن ۔ جنوب ۔ دھرم راج ۔ جم راج ۔ راستی ۔ برہمچرج ۔ موت ۔ حبس دم ۔ جوڑا ۔ جفت ۔

یَم پُر ۔
یَم پُری ۔
} (جَم پُر) جم راج کے رہنے کا شہر

یَمدُوت ۔ (جَمدُوت) جم دیوتا کا قاصد یعنی ملک الموت ۔
یَم دھاڑ ۔ کٹار ۔ تلوار ۔
یَم راج ۔ (جَم راج) عُرف دھرم راج ۔ جزا و سزا کے حاکم ۔
یَمک ۔ جوڑا ۔ جفت ۔ ایک صنعت شعری ۔
یَمَل ۔ جوڑا ۔ جفت ۔ وہ دو بچے جو ایک ساتھ پیدا ہوئے ہوں ۔ جڑوان ۔ توام ۔
یَم لوک ۔ (جَم لوک) وہ عالم جہاں مرنیکے بعد انسان جاتے
یَمَن ۔ بندش ۔ باندھنا ۔ ٹھیرانا ۔ روکنا ۔ بند کرنا ۔
یَمُنا ۔ (جَمُنا) ڈیوی ۔ ایک مشہور ندی کا نام ۔

یَنتْ ۔
یَنتا ۔
یَنتار ۔
} رتھ بان ۔

یَنتر ۔ (جَنتر) آلہ ۔ اوزار ۔ ہتھیار ۔ کل مشین ۔ باجہ ۔ گنڈا ۔ تعویذ ۔ ٹوٹکا قفل ۔ نجومیوں کا نقشہ ۔ پیچ ۔

یَنتر آلیہ ۔ چھاپہ خانہ ۔ مطبع ۔
یَنتر پیشنی ۔ چکی ۔ آسیا ۔
یَنترِت ۔ کسی آلہ سے بند کیا ہوا ۔ روکا ہوا قفل ڈالا ہوا ۔
یَنتر ستھ ۔ جو چھپ رہا ہو ۔ زیر طبع ۔
یَنتر شالا ۔ کارخانہ ۔
یَنترک ۔ زخم پر باندھنے کی پٹی ۔ اوزاروں کے ذریعہ کوئی کام کرنے والا ۔
یَنترِکا ۔ زوجہ کی چھوٹی بہن یعنی چھوٹی سالی ۔ چھوٹا تالا ۔ چھوٹا قفل ۔
یَنترَن ۔ حفاظت کرنا ۔ باندھنا ۔ جکڑنا ۔ قبضہ میں رکھنا ۔
یَنترنا ۔ دُکھ ۔ تکلیف ۔ درد ۔ رنج ۔
یَنتر وِدیا ۔ (ودیا) کلوں کے چلانے اور بنانے کا علم ۔
یَنتری ۔ باندھنے والا ۔ باجا بجانیوالا ۔ تنتر منتر کرنیوالا ۔
یَنتی ۔ دبانا ۔ فرو کرنا ۔
یَو ۔ جو ۔ جوار ۔ جواری ۔ تیزی ۔
یُوا ۔ سولہ سال سے (۳۵) سال کی عمر والا مرد ۔ جوان مرد ۔
یُوا گُو ۔ کانجی ۔
یُوپ ۔ کھمبا ۔ کھم ۔ ستون ۔

یُوتک ۔
یُوتَک ۔
} وہ اسباب جو بیٹی کو شادی کے موقع پر دیا جائے جہیز ۔

یُوتھ ۔ جھنڈ ۔ گروہ ۔ گلہ ۔ غول ۔ قافلہ ۔ انبوہ ۔ فوج ۔

یُوتھپ ۔
یُوتھپا ۔
} افسر فوج ۔ سرگروہ ۔

یُوتی ۔ سولہ سال سے (۳۵) سال کی عمر والی عورت ۔ جوان
یُوجَک ۔ ملانے والا ۔

یُوجَن - چار کوس کی مسافت - خداوند تعالیٰ -

یُوجنا - کسی کام میں لگانا - استعمال کرنا - جوڑنا - میل - ملاپ - بناوٹ - اتفاق -

یُودھ - / یُودھا - / یُودھی - } (جودھا) لڑاکا - بہادر - دلیر -

یُودھش - ہتھیار - آلۂ حرب - اسباب جنگ -

یُوراج - راجہ کا سب سے بڑا بیٹا جو تخت و تاج کا مالک ہو -

یُوراجیہ - مرتبۂ ولی عہدی -

یُوشا - / یُوشِت - / یُوشِتا - } عورت - زن - بیوی - زوجہ -

یُوشٹھ - چھوٹا بھائی - آگ -

یُوک - / یُواک - } سولہ سال سے (۵۰) سال کی عمر والا مرد -

یُوگ - (جوگ) دو یا اس سے زیادہ چیزوں کا آپس میں ملنا - میل - ملاپ - ملاؤ - تعلق - لگاؤ - جوڑ - پیوستگی - ملان - ترکیب - دھیان - سلوک - محبت - مبارک وقت - موقع - لائق - زاہد - عبادت - معرفت - مراقبہ - ریاضت - کر - دھوکا - ساعت نیک - فاصلہ نجوم کی رو سے سورج اور چاند کا کسی نیک برج میں منتقل ہونا - ایک قسم کی پرستش جس سے دل کو نامناسب جانب سے روکا جاتا ہے - اس کے آٹھ طریقے ہیں -

یُوگابھیاس - (جوگ) یوگ شاستر کے مطابق آٹھ عضو پر عمل کرنا -

یُوگ آسَن - (جوگ آسن) ایک قسم کی نشست جو پرستش کے وقت ہوتی ہے -

یُوگ شاستر - کیفیات نفس کو روک کر ذات اصلی سے منکشف کرنے کا علم - علم اشراق -

یُوگ مایا - قدرت خداوند تعالیٰ -

یُوگ نِدرا - (جوگ نِدرا) خواب بیدار -

یُوگِن - / یُوگنی - } (جوگن) جوگ ابھیاس کرنے والی عورت - شکتی - پاربتی وغیرہ جو تعداد میں (۶۴) ہیں - جیوتش میں نیک و بد ظاہر کرنے والی -

یُوگ وِدیا - (بدیا) علم طریقت -

یُوگی - (جوگی) یوگ کرنیوالا یکسوئی قلب کے ساتھ تصور کرنے والا - یوگ شاستر کے مطابق چلنے والا - زاہد - عابد - مرتاض -

یُوگیشور - / یُوگیندر - } عارف کامل - لقب مہادیو جی کا -

یُوگیہ - (جوگیہ) لائق - قابل - کامل - ٹھیک - اچھا - مناسب - کار آمد - ممکن - سزاوار - تیز - چالاک - چاہئے -

یُوگیہ تا - لیاقت - قابلیت - استعداد - قدرت - مناسبت - مطابقت - عقلمندی -

یُوگیہ سَمبھو - (جوگیہ) جہاں تک ہو سکے -

یُوگیہ شکتی - (جوگیہ) قوت کے موافق -

یُوگیہ وِدھی - (جوگیہ پدھی)

یُوَن - (جون) جوانی - برنائی - شباب -

یُوَن - اگلے زمانے میں باشندگان یونان کو کہتے تھے - مگر اس وقت

اہل اسلام اور عیسائیوں وغیرہ کو کہتے ہیں۔

یُوں ۔ (جُوں) پیدائش۔ جسم۔ کالبد۔ قالب۔

یُونَانی ۔ یونان کا باشندہ۔

یُوَن وَرْپ ۔ غرور شباب۔

یُوَن وَشَا ۔ عالم شباب۔ عالم جوانی۔

یُونِکَا ۔ پردہ۔ قنات۔

یُوَن وَان ۔ نوجوان مرد۔

یُوَن وَتی ۔ نوجوان عورت۔

یَوْوَن ۔ جوانی جو (۱۶) سال سے (۷۰) سال تک مانی جاتی ہے۔

یُونی ۔ جائے تولد۔ رحم۔ بچہ دان۔ ف۔ ر۔ ج۔

یُوَہ ۔ جَو جو مشہور اناج ہے۔ شعیر۔

یُوہَا ۔ جماعت۔ جھُنڈ۔ گروہ۔ بھیڑ۔ غول۔

تمت

بقلم محمد شفیع الدین کاتب کوریا

صحتِ نامہ

(امید کہ قبل از مطالعہ ذیل کے الفاظ کی صحت فرمائینگے)

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۴	۲	۱	آوانٹ	آوینٹ
۱۳	۲	۲۲	آمریڈن	آمریڈٹ
۱۶	۲	۹	آپڈھیہ	آپڈھیہ
۱۷	۱	۲۵	اَبدھ	اَبدھیہ
۱۹	۲	۱۰	آبھنگو	اَبھنگر
۲۰	۱	۵	آبھوگ	اَبھوگیہ
۲۳	۱	۵	اُپیت	اُپہیتی
۲۵	۱	۲۵	اَپرپنچ	اَپرپنچہ
۲۷	۱	۱۵	اَپشیا	اَپنشپو
۳۰	۲	۵	اُپیکشا	اَپیکشا
۳۱	۲	۷	اَتت	اَتپت
۳۹	۱	۹	اَچپلی	اَچپلتا
۴۰	۲	۱۶	اَچیت	اُچیت
۴۳	۲	۶	اَدوند	اَدوندوہ
۵۶	۱	۱۱	اَشھن	اَشتن
۵۷	۲	۴	اَسنکھ	اَشنک
۶۵	۱	۱۳	اَگدکار	اَگدنکار
۶۵	۱	۲۰	اَگراش	اَگراشن
۷۶	۱	۱۳	اَناوشک	اَناوشیک
۷۶	۱	۱۸	اَن اَہت	اَن ہت
۷۹	۱	۲	اَنت شریر	اَنتش شریر

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۸۱	۱	۱۳	اِندوکا	اِندوکلا
۸۲	۲	۲۵	اُنشتان	اُلشتھان
۸۷	۲	۲۵	اَنوپیک	اَنوپیکٹ
۹۱	۱	۶	اَنوہاریہ	اَنواہاریہ
۹۲	۲	۵	اَنی لاپی	اَنی لاشی
۹۳	۲	۲۰	اُوٹ کرشیہ	اُنکرش
۹۴	۱	۱۹	اَووٹ	اَوواٹ
۹۵	۱	۳	اَودھیریہ	اَودھاریہ
۹۵	۲	۶	اُوردھوہ پنڈ	اُوردھوہ پنڈرہ
۹۵	۲	۷	اُوردھہ ویہک	اُوردھوہ دیہک
۹۵	۲	۸	اُوردھہ سواش	اُوردھوہ سواس
۹۷	۱	۱۳	اَوکت گنت	اَوکیت گنت
۹۹	۱	۱۹	اَوند	اَوندو
۹۹	۱	۲۴	اَونیرن	اَوتیرن
۱۰۰	۲	۲۱	اَہم برہم	اَہم برہمہ
۱۰۱	۲	۲۵	اَیشدارتھ	اَیتدرتھ
۱۰۴	۲	۲۱	اَیوا	اَیو
۱۱۳	۲	۶	بردھ	برو
۱۲۹	۲	۸	اقساط حمل	اسقاط حمل
۱۳۳	۲	۲	بھوگنتویہ	بھوکتتویہ
۱۳۸	۱	۷	بہاتر	بہاتریہ
۱۴۲	۱	۱۷	پاردزشون	پاردرشن
۱۴۳	۱	۸	پاروتھ	پاروت
۱۷۷	۲	۲۲	پرہرشٹ	پرہرشت

کے عمیق و غائر مطالعے میں صرف کرکے اپنی زبانوں کی اصلاح و ترقی کی جانب برابر توجہ مبذول رکھی اور قوم و مُلک کی خدمت کے لئے اپنے آپ کو وقف کردیا ہے۔ کسی زبان کے مصئون و محفوظ رکھنے کے دو بڑے ذرائع ہیں ایک اس کا مبسوط لُغت اور دُوسرے اس کی جامع اور صحیح قواعد، ظاہر ہے کہ مذکورہ بالا زبانوں میں دونوں عامل مفقود ہیں، مدت ہوئی کہ آپ کو الفاظ کے استشہاد و مراجعہ سے احساس ہوا کہ اُردو وغیرہ کے تمام قدیم و جدید لُغت و قاموس جواب تک لکھے گئے اور لکھے جارہے ہیں ناقص و ناتمام ہونے کے علاوہ اُصولِ انتقاد کے خلاف ہیں۔ فی الواقع یہ اسکول ڈکشنریاں (درسی فرہنگیں) ہیں لیکن افسوس ہے کہ الفاظ ضروریہ بھی ان میں درج نہیں، مباحثِ تحلیل لُغوی اور تخطیطِ لسانی سے قطع نظر کہ یہ متخصص مستغربین و مستشرقین معاصر کا ایجاد ہیں۔ ان میں الفاظ کا املاء و تلفّظ تک صحیح نہیں، لہٰذا آپ نے اس شدید اور اہم ضرورت کو پورا کرنے کے لیے یہ لُغت کما ینبغی تحقیق و تدقیق سے تالیف کیا۔ یہ لُغت مفصلۂ ذیل زبانوں پر مشتمل ہے۔ الفاظ اور مرکّبات کی تعداد تقریبی و تخمینی ہے۔

الف ـ ہندوستان کی مشترک و عام زبان اُردو کے ڈیڑھ لاکھ الفاظ جو اُردو نثر و نظم میں مستعمل ہیں۔

ب ـ اَسّی ہزار عربی و فارسی الفاظ جو اُردو اور فارسی ادب میں رائج ہیں۔

ج ـ پندرہ ہزار جدید عربی الفاظ جو تمدّنِ جدید کے اختراعات و انکشافات اور عام ضروریات نے بہم پہنچائے ہیں۔

د ـ پندرہ ہزار جدید فارسی الفاظ، جو تیرہویں صدی ہجری میں مُولّدیا مفرّس ہو کر فارسی زبان میں رائج ہوگئے ہیں۔

ہ ـ دس ہزار سنسکرت الفاظ جو اُردو میں عموماً مروج ہیں۔

و ـ پانچ ہزار انگریزی، تُرکی اور دُوسری زبانوں کے الفاظ جو اُردو میں لکھے اور کہے جاتے ہیں۔

ز ـ پندرہ ہزار مثلیں، کہاوتیں اور مقولے جو فارسی اور اُردو میں مستعمل ہیں۔

ح ـ بیس ہزار اعلام (تاریخی، جغرافی اور دیگر اشیاء کے نام)

اِس حساب سے یہ عدیم النظیر دائرۂ علمی و محیط ادبی قاموس الہند تین لاکھ دس ہزار الفاظ سے زیادہ پر مشتمل ہے۔

اِس تحریر کا ملخص یہ ہے کہ قدیم الایّام سے اب تک ہندوستان میں جس قدر کُتبِ لُغت تالیف ہوئے ہیں اُن میں سب سے عظیم الشان جامع و مستند اور بہتر و مفید **قاموس الہند** تسلیم کیا گیا ہے۔

اِس لُغت کے مسلسل حصص بہ ترتیب ہجائی، خوش کتابت، عمدہ طباعت، صحیح اعراب و تشکیل کے ساتھ نفیس کاغذ پر عن قریب شائع کرنے کا انتظام کیا گیا ہے ۔

بنا کر فقیروں کا ہم بھیس غالبؔ
تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں

مہتمم دفتر قاموس الہند اوما باغ اسٹیشن روڈ حیدرآباد دکن

نغمۂ عنادل

(یعنی)

چار سو سے زائد متقدمین و متاخرین شعرائے اردو کے کلّیات و دواوین کے ادبی، علمی، تمدنی، اخلاقی، روحانی ملکی، قومی اور نیچرل اشعار کا بیش بہا اور نادر ذخیرہ اور اُن کے کلام کے انتخاب کا بے نظیر اور کار آمد گنجینہ

(جسمیں)

تقریباً پچیس ہزار دلچسپ اور منتخب اشعار نہایت خوبی اور طرز جدید کے ساتھ درج کئے گئے ہیں جسکی قیمت (ہے)

کشکول

اردو اور فارسی کے مفید اور نصیحت خیز مصاریع از صفحہ ۲ تا ۲۶ ابیات افراد از صفحہ ۲۷ تا ۳۶۰ قطعات و رباعیات از صفحہ ۳۶۱ تا ۴۱۵ ردیف وار درج ہیں جو روزمرہ (بول چال) اور علم و ادب میں بکار آمد ہوتے ہیں قیمت عہ

(ملنے کا پتہ)

یہ ہر دو کتابیں جملہ کتب فروشان عابد روڈ حیدر آباد دکن سے مل سکتے ہیں